المستدرك

على الصحيحين

للإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

ترجمہ

الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي

شبیر برادرز
اردو بازار ۰ لاہور

المستدرك

على الصحيحين

جلد 1

تصنیف

الإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

ترجمہ

الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

ھو القادر

نام کتاب ——— المستدرک

تصنیف ——— الامام الحافظ ابی عبد اللہ محمد بن عبد اللہ الحاکم النیسابوری

مترجم ——— الشیخ الحافظ ابی الفضل محمد شفیق الرحمٰن القادری الرضوی

پروف ریڈنگ ——— ملک محمد یونس رضوی

باہتمام ——— ملک شبیر حسین

کمپوزنگ ——— ورڈز میکر

سن اشاعت ——— فروری 2010ء

سرورق ——— باھو گرافکس

طباعت ——— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ ——— روپے

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰، اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

شبیر برادرز

اردو بازار لاہور

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار رہوگا۔

شرفِ انتساب

میں اپنی اس کاوش کو منسوب کرتا ہوں

والدِ محترم صوفیٔ کامل فنافی الشیخ

قبلہ صوفی محمد رفیق قادری دامت برکاتہم العالیہ

کے نام

جن کے التزامِ کسبِ حلال' آہِ سحرگاہی اور دعائے نیم شب کی بدولت

بندہ حدیث شریف کی خدمت کے قابل ہوا

اللہ تعالیٰ ان کو صحت' تندرستی اور درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

نیازمند

محمد شفیق الرحمٰن

ناظمِ اعلیٰ جامعہ غوثیہ رضویہ ایبک روڈ میاں چنوں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علم حدیث کی ترویج واشاعت اور درس وتدریس کرنے والوں کے لیے

دعاءِ نبوی

اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش رکھے جو مجھ سے کوئی بات سن کر اسی طرح آگے پہنچا دے جیسے سنی تھی

الحدیث

نضر اللہ امرأ سمع منا شیئا فبلغہ کما سمعہ

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ

(۹۳۳ء/۳۲۱ھ — ۱۰۱۴ء/۴۰۵ھ)

آپ کا نام محمد بن عبداللہ بن محمد بن حمدویہ بن نعیم بن حاکم ہے اور آپ کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے۔

پیدائش:

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ پیر کے دن ۱۳ ربیع الاول ۳۲۱ ہجری میں ''نیشاپور'' میں پیدا ہوئے۔

۳۳۰ ہجری میں انہوں نے اپنے والد اور ماموں کی خاص توجہ اور تربیت کے نتیجے میں احادیث کے سماع کا آغاز کیا۔

۳۳۴ ہجری میں جب ان کی عمر صرف ۱۳ برس تھی اس وقت کے شیخ ابوحاتم بن حبان کی احادیث کو املاء کرنا شروع کیا۔

انہوں نے خراسان عراق اور ماوراء النہر کی بلند مرتبہ اسانید کا علم حاصل کیا۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے ۲۰۰۰ کے قریب مشائخ سے احادیث کا سماع کیا تھا۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے صرف نیشاپور میں ایک ہزار مشائخ سے احادیث کا سماع کیا تھا۔

جب امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ ۲۰ برس کے ہوئے تو انہوں نے علم حدیث کے حصول کیلئے عراق کا سفر اختیار کیا۔

جب امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ عراق پہنچے تو اس وقت وہاں کے سب سے جلیل القدر محدث ''اسماعیل صفار'' کا انتقال ہوئے زیادہ عرصہ نہیں ہوا تھا۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے درج ذیل حضرات سے احادیث کا سماع کیا ہے۔

آپ کے والد عبداللہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ (انہوں نے ''صحیح مسلم'' کے مولف امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت کی ہے)۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کو اکابر اہل علم نے زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔

☆ شیخ ابوعبدالرحمٰن سلمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا۔ شیخ ابن مندہ رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ ابن بیع رحمۃ اللہ علیہ (یعنی امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں میں سے کون بڑا حافظ ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: ابن البیع رحمۃ اللہ علیہ (یعنی امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ) مستند حافظ ہیں۔

☆ شیخ ابوحازم رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں میں ۳۰ برس تک شیخ ابوعبداللہ عصمی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس رہا ہوں۔ میں نے اپنے مشائخ میں ان سے زیادہ پایہ کا عالم نہیں دیکھا لیکن جب انہیں بھی کوئی مشکل درپیش ہوتی تھی تو وہ مجھے یہ ہدایت کرتے تھے کہ میں اس

بارے میں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کو خط لکھوں اور جب امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا جوابی خط آتا تو شیخ عصمی رحمۃ اللہ علیہ اس کے مطابق فتویٰ دیتے اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کی رائے کو درست سمجھتے تھے۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے درج ذیل کتب یادگار چھوڑی ہیں:

☆ المستدرک علی الصحیحین (جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے):

☆ تاریخ نیشاپور

☆ الاکلیل

☆ المدخل الی علم الصحیح

☆ تراجم الشیوخ

☆ فضائل الشافعی

☆ فوائد

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال بدھ کے دن ۳ صفر المظفر ۴۰۵ ہجری میں ہوا۔

قاضی ابوبکر الحیدی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔

شیخ حسن بن اشعث قرشی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کے بعد) میں نے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں گھوڑے پر سوار دیکھا۔ ان کی حالت بہت اچھی تھی اور وہ یہ فرما رہے تھے: مجھے نجات نصیب ہوگئی۔

قرشی کہتے ہیں، میں نے دریافت کیا:

اے حاکم! وہ کس وجہ سے؟ تو انہوں نے جواب دیا: احادیث لکھنے کی وجہ سے۔

....

عرضِ ناشر

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے جس نے ہمیں اپنے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی امت میں پیدا کیا اور ہمیں یہ توفیق وسعادت عطا کی کہ ہم اس کے پیارے دین کی تعلیمات کی نشر واشاعت کے حوالے سے خدمت کر سکیں۔

حضرت محمد ﷺ پر بے حد وشمار درود سلام نازل ہو۔ جو اللہ تعالیٰ کے سب سے برگزیدہ، محبوب اور مقدس پیغمبر ہیں جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے انبیاء کی آمد کے سلسلہ کو ختم کیا۔

آپ کے ہمراہ آپ کے اصحاب، آپ کی امت کے علماء وصلحاء اور عام افراد پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کے تحت آپ کا ادارہ ''شبیر برادرز'' ایک طویل عرصے سے مختلف اسلامی موضوعات سے متعلق کتب تصانیف، تراجم کی شکل میں شائع کر رہا ہے۔ چند برس پیشتر آپ کے ادارے کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ علم الحدیث سے متعلق کتب کے تراجم وتحقیق، تخریج، تشریح کی شکل میں خدمت کے کام کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کروا کے برادرانِ اسلام کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ اس کے نتیجے میں ایک مختصر عرصے میں کئی کتب شائع ہو کر منصۂ شہود پر آ گئیں۔ ان میں بعض وہ کتب بھی ہیں جن کے تراجم پہلے بھی شائع ہو چکے ہیں اگرچہ عام شخص کے نزدیک ایسی کتابوں کا دوبارہ ترجمہ کروا کے انہیں شائع کرنا کوئی بڑا کام نہیں ہے لیکن اہل علم اور باذوق قارئین اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ پہلے سے ترجمہ شدہ کتاب کے مقابلے میں اسی کتاب کا دوبارہ ترجمہ پیش کرنا تکنیکی اعتبار سے زیادہ مشکل ہے۔ کیونکہ ہر شخص یہ سوال کرتا ہے آپ کے شائع کردہ ترجمے میں کیا خصوصیت ہے؟

آپ کے ادارہ شبیر برادرز نے اس نوعیت کے جو تراجم شائع کئے ہیں بلاشبہ وہ دیگر تراجم کے درمیان اپنی مثال آپ ہیں۔ ان کے ہمراہ آپ کے ادارے شبیر برادرز نے ایسی کتب شائع کرنے کی سعادت بھی حاصل کی ہے جن کا پہلے کبھی اُردو زبان میں ترجمہ نہیں ہوا۔ جن میں سنن دارمی شریف، مسند امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ، مسند امام زید رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کے نام مثال کے طور پر پیش کئے جا سکتے ہیں۔

اپنی اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے آپ کا ادارہ علم الحدیث کی ایک اور بڑی کتاب ''مستدرک حاکم'' کا ترجمہ آپ کے سامنے پیش کر رہا ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب میں وہ تمام احادیث نقل کی ہیں جو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی شرائط پر پوری اترتی ہیں لیکن ان دونوں حضرات نے انہیں نقل نہیں کیا۔ اس اعتبار سے یہ کتاب مستند احادیث کا اہم ماخذ ہے۔ ترجمے کی خدمت حضرت علامہ ابوالفضل محمد شفیق الرحمان قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ نے سرانجام دی ہے۔ آپ پاکستان کی

مشہور دینی درس گاہ جامعہ نظامیہ لاہور کے فارغ التحصیل ہیں اور درسِ نظامی کے کہنہ مشق استاد ہیں۔ہم اس سے پہلے آپ کی مشہور تصنیف ''شرح سراجی'' شائع کر چکے ہیں۔

''مستدرک حاکم'' کیونکہ اُردو زبان میں پہلی مرتبہ شائع ہو رہی ہے اور یہ علم الحدیث کے بڑے مآخذ میں سے ایک ہے اس لئے اس کی اہمیت کے پیشِ نظر ہم نے استادِ زمن واقف اسرارِ آیات وسنن حضرت ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر دامت برکاتہم العالیہ سے یہ فرمائش کی کہ وہ اس کی احادیث کی تخریج کر دیں۔ حضرت جہانگیر اگرچہ دیگر اہم معاملات میں مشغول تھے لیکن اس کے باوجود انہیں نے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر ان احادیث کے دیگر مآخذ کی نشان دہی کی ہے اور کیا خوب کی ہے۔ ہم بحمد تعالیٰ کہہ سکتے ہیں کہ ''مستدرک حاکم'' کے دنیا میں کسی بھی مطبوعہ نسخے میں اتنی تحقیق موجود نہیں ہے۔اس کے علاوہ آپ کے ادارے نے احادیث کے متن پر اعراب لگانے کا اہتمام کیا ہے جو کسی عربی نسخہ میں بھی موجود نہیں ہیں۔ یوں یہ کتاب ایک نعمتِ غیر مترقبہ کے طور پر آپ کے سامنے ہے۔

ہم سے جو خدمت ہو سکتی تھی وہ ہم نے کر دی ہے' آپ اس سے اخذ فیض کریں' اسے دوسروں تک پہنچائیں اور اپنی نیک دعاؤں میں کتاب کے مصنف اور مترجم کے ہمراہ' ادارے کی انتظامیہ اور اس کے کارکنان کو بھی یاد رکھیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے دین کی زیادہ سے زیادہ اور بہتر سے بہتر خدمت کرنے کی توفیق اور سعادت عطا کرے (آمین)

ملک شبیر حسین

تقریظ

حضرت ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر دامت برکاتہم العالیہ

اللہ تعالیٰ کے لئے تمام تر حمد مخصوص ہے جو ہمارا مالک اور ''حاکم'' ہے۔ جو ''ارحم الراحمین'' اور ''احکم الحاکمین'' ہے۔
حضرت محمد ﷺ پر بے حد وشمار درود نازل ہو۔ جن کو مخاطب کر کے ان کا پروردگار یہ فرماتا ہے:
''تمہارے رب کی قسم! یہ لوگ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک اپنے آپس کے اختلافی معاملات میں تمہیں ''حکم'' تسلیم نہ کریں''۔
اعلیٰ حضرت رضا بریلوی نے کیا خوب کہا ہے:

چور ''حاکم'' سے چھپا کرتے ہیں یاں اس کے خلاف
تیرے دامن میں چھپے چور انوکھا تیرا

نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ آپ کے اہل بیت، اصحاب و تابعین و تبع تابعین' آپ کی امت کے تمام افراد پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔

نبی اکرم ﷺ نے احادیث کی تبلیغ واشاعت کرنے والوں کو یہ دعا دی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں خوش رکھے۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرام نے احادیث کی تبلیغ کی' جس مقدس مذہبی روایت کا آغاز کیا تھا وہ کسی نہ کسی شکل میں آج تک باقی ہے اور اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو قیامت تک باقی رہے گی۔

احادیث کی خدمت کے سلسلے میں کی ایک کڑی علم الحدیث کی مشہور کتاب ''المستدرك على الصحيحين'' کا یہ ترجمہ ہے جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ترجمے کی خدمت استاد العلماء حضرت الشیخ ابوالفضل محمد شفیق الرحمان القادری الرضوی دامت برکاتہم العالیہ نے سرانجام دی ہے اور بلاشبہ بہت بڑی خدمت کی ہے۔ کیونکہ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب میں ان احادیث کو جمع کرنے کا اہتمام کیا ہے جو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں' یا دونوں میں سے کسی ایک کی شرط پر پوری اترتی ہوں' اور ان حضرات نے کسی وجہ سے انہیں نقل نہ کیا ہو۔ اس لئے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ حدیث نقل کرنے کے بعد اس کی سند اور رواۃ پر تبصرہ بھی کرتے ہیں اور یہ تبصرہ اُردو میں منتقل کرنا بہت مشکل تھا۔ لیکن ہمارے فاضل مترجم نے نہایت خوبی کے ساتھ اس منزل کو سر کیا ہے جس پر وہ بجا طور پر خصوصی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ آپ عالم اسلام کی مشہور دینی درس گاہ جامعہ نظامیہ لاہور کے فارغ


التحصیل ہیں آپ نے شرفِ ملت حضرت علامہ عبدالحکیم شرف قادری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ مفتی عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ جیسے اکابرین سے اخذ و استفادہ کیا ہے۔علم وفضل اور اخلاق میں آپ اپنے اساتذہ کا پرتو جمیل ہیں۔آپ طویل عرصے سے درسِ نظامی کی تدریس سے وابستہ ہیں اور اس کے ساتھ تقریر و خطبات کی شکل میں دین متین کی خدمت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔جب آپ نے تحریر و تصنیف کی طرف توجہ کی تو درسِ نظامی میں شامل علم المیراث کی مشہور کتاب ''سراجی'' کی بہترین شرح تحریر کر دی اس کے بعد ''مستدرک حاکم'' کا یہ ترجمہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔فقیر نے بعض مقامات پر اس کا مطالعہ کیا ہے' بلاشبہ یہ ایک بہترین خدمت ہے۔خداوند کریم مولانا موصوف کے علم و عمل میں برکتیں عطا کرے اور وہ آئندہ بھی علومِ اسلامیہ کی اس نوعیت کی تحریری خدمت کے کام کو برقرار رکھیں۔(آمین)

عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ کسی بھی حدیث کی ''تصحیح'' کے بارے میں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ تساہل سے کام لیتے ہیں۔اس لئے اس فقیر نے ''مستدرک حاکم'' کی بعض احادیث کے دیگر مآخذ کی نشان دہی کر دی ہے۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہماری خدمت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے (آمین)

محمد محی الدین

(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

فہرست


محمد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كِتَابُ الْإِيْمَانِ

ایمان کا بیان

1- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْخُزَاعِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَيْسَرَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنِى ابْنُ عَجْلانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کامل ترین مومن وہ شخص ہے جس کے اخلاق سب سے زیادہ اچھے ہوں۔

حدیث 1:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4682 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 1162 اخرجه ابومحمد الدارمى فى "سننه" طبع دارالكتاب العربى بيروت لبنان 1407ه 1987ء رقم الحديث: 2792 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم حديث: 7396 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 10110 اخرجه ابو عبدالله شيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 10829 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه رساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 479 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 4176 اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/1990ء رقم الحديث: 2 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 20572 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 4166 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 4240 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامى دارعمار بيروت لبنان عمان 1405ه 1985ء رقم الحديث: 605 اخرجه ابن راهويه الحنظلى فى "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره (طبع اول) 1412ه/1991ء رقم الحديث: 522 اخرجه ابن ابى اسامه فى "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ه/1992ء رقم الحديث: 848

2۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ، فَقَدِ اسْتَشْهَدَ بِاَحَادِيْثَ لِلْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، وَقَدِ احْتَجَّ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَجْلانَ

وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ اَيْضًا، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَشُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ اَنَسٍ، وَرَوَاهُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِيْ قِلابَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ، وَاَنَا اَخْشٰى اَنَّ اَبَا قِلابَةَ لَمْ يَسْمَعْهُ، عَنْ عَآئِشَةَ

✧✧ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تم میں سب سے زیادہ کامل ایمان اس شخص کا ہے، جس کے اخلاق سب سے زیادہ اچھے ہوں۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے البتہ اسے ''صحیحین'' میں نقل نہیں کیا گیا۔ تاہم یہ امام مسلم بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ کی شرط کے مطابق ''صحیح'' ہے کیونکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے قعقاع کی ابوصالح کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کردہ روایات کو اور محمد بن عمرو نامی راوی کی روایات کو شاہد کے طور پر نقل کیا ہے۔ اسی طرح انہوں نے محمد بن عجلان نامی راوی سے بھی احادیث روایت کی ہیں۔

یہی روایت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور شعیب بن حبحاب کے حوالے سے' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے۔

اسے ابن علیہ نے خالد الحذاء کے حوالے سے' ابوقلابہ کے حوالے سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے۔

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مجھے یہ اندیشہ ہے کہ ابوقلابہ نے یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نہیں سنی۔

3۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ بَلْجٍ وَّاَخْبَرَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ سُلَيْمٍ وَّهُوَ اَبُوْ بَلْجٍ وَّهٰذَا لَفْظُ حَدِيْثِ اَبِيْ دَاوُدَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُوْنٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّجِدَ حَلاوَةَ الاِيْمَانِ، فَلْيُحِبَّ

حدیث 3:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 7954 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 10749 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 7312 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2495 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع عه 1412ھ/1991ء رقم الحديث: 366 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بيروت' لبنان 407 ھ 1986ء رقم الحديث: 440 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 1708

نَمْرءَ لا يُحِبُّهُ اِلَّا لِلّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِعَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِاَبِيْ بَلْجٍ، وَهُوَ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّا يُحْفَظُ لَهُ عِلَّةٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد: جوشخص ایمان کی حلاوت محسوس کرنا چاہے اس کو چاہئے کہ لوگوں سے محض اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر محبت کرے۔

❖❖ اس حدیث کو ''صحیحین'' میں نقل نہیں کیا گیا حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے (اس کے راوی) عمرو بن میمون کی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوبلج (جو کہ مذکورہ حدیث کے راوی ہیں) سے روایات نقل کی ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے اور اس میں کوئی علت نہیں ہے۔

4۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ عُمَرَ، خَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ يَوْمًا فَوَجَدَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ عِنْدَ قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيْكَ يَا مُعَاذُ ؟ قَالَ: يُبْكِيْنِيْ حَدِيْثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: الْيَسِيْرُ مِنَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ، وَمَنْ عَادٰى اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ فَقَدْ بَارَزَ اللّٰهَ بِالْمُحَارَبَةِ، اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْاَبْرَارَ الْاَتْقِيَاءَ الْاَخْفِيَاءَ، الَّذِيْنَ اِنْ غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا، وَاِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُعْرَفُوا، قُلُوْبُهُمْ مَصَابِيْحُ الْهُدٰى، يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِزَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الصَّحَابَةِ، وَاتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلَى الاحْتِجَاجِ بِحَدِيْثِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيِّ وَهٰذَا اِسْنَادٌ مِصْرِيٌّ صَحِيْحٌ وَّلا يُحْفَظُ لَهُ عِلَّةٌ

✧✧ حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک دن مسجد نبوی میں آئے تو دیکھا کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیمزارِاقدس کے پاس بیٹھے رو رہے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے معاذ! کیوں رو رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث سن رکھی ہے (اسے یاد کر کے) رو رہا ہوں (وہ حدیث یہ ہے) آپ نے فرمایا: ذرا سی ریا کاری بھی شرک ہے اور جس نے اللہ کے دوستوں سے دشمنی رکھی، اس نے اللہ تعالیٰ کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ان چھپے ہوئے، پرہیزگار، نیک لوگوں سے محبت کرتا ہے، اگر کسی محفل میں وہ نہ آئیں تو کوئی ان کی غیر موجودگی کو محسوس نہ کرے اور اگر کسی مجلس میں موجود ہوں تو ان کو کوئی پہچانتا نہ ہو، ان کے دل ہدایت کے روشن چراغ ہوتے ہیں وہ (عموماً) گرد و غبار والے اور تاریک مقامات پر ملتے ہیں۔

حدیث 4:

خرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 7933 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 321

✣✣ یہ حدیث ''صحیح'' ہے لیکن ''صحیحین'' میں اسے نقل نہیں کیا گیا۔ حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے (اس حدیث کے راوی) ''زید بن اسلم'' کی وہ روایات نقل کی ہیں جن کی سند ان کے والد سے ہوتی ہوئی متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تک پہنچتی ہے اور دونوں نے (اسی حدیث کے راوی) لیث بن سعد کی عیاش بن صالح القتبانی کی روایات نقل کی ہیں۔ یہ سند مصری ہے اور صحیح ہے، اس سند میں کوئی علت موجود نہیں۔

5۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ اَبِيْ هَانِءٍ الْخَوْلَانِيِّ حُمَيْدِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْاِيْمَانَ لَيَخْلَقُ فِيْ جَوْفِ اَحَدِكُمْ كَمَا يَخْلَقُ الثَّوْبُ الْخَلِقُ، فَاسْاَلُوا اللّٰهَ اَنْ يُجَدِّدَ الْاِيْمَانَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ لَمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَرُوَاتُهُ مِصْرِيُّوْنَ ثِقَاتٌ

وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ فِي الصَّحِيْحِ بِالْحَدِيْثِ الَّذِيْ، رَوَاهُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ عُمَرَ، عَنِ الْمُقْرِءِ، عَنْ حَيْوَةَ، عَنْ اَبِيْ هَانِءٍ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى ذِكْرُهُ كَتَبَ مَقَادِيرَ الْخَلَائِقِ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ الْحَدِيْثَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے اندر ایمان پرانے کپڑے کی طرح بوسیدہ ہوتا رہتا ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ سے اپنے دلوں میں ایمان تازہ رہنے کی دعا کیا کرو۔

✣✣ اس حدیث کو صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا جبکہ اس کے تمام راوی مصری ہیں اور ثقہ ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں وہ حدیث شریف نقل کی ہے جس کی سند ابن ابی عمر، المقری، حیوۃ، ابوہانی، ابوعبدالرحمٰن الحبلی اور عبداللہ بن عمرو کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے (حدیث یہ ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کی تخلیق سے پہلے مخلوقات کی تقدیریں لکھی ہیں (اور اس میں مذکورہ حدیث کے راوی ابوہانی، ابوعبدالرحمٰن، الحبلی اور عبداللہ بن عمرو موجود ہیں)

6۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا

حدیث 6:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 3334 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4244 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 7939 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 930 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2787 اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 3908 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 10251 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 11658 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 20552

اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ عَجْلانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَذْنَبَ الْعَبْدُ نُكِتَ فِىْ قَلْبِهٖ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ، فَاِنْ تَابَ صُقِلَ مِنْهَا، فَاِنْ عَادَ زَادَتْ حَتّٰى تَعْظُمَ فِىْ قَلْبِهٖ، فَذٰلِكَ الرَّانُ الَّذِىْ ذَكَرَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِى الصَّحِيْحَيْنِ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِاَحَادِيْثِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جب بندہ کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سیاہ نقطہ لگ جاتا ہے پھراگر بندہ توبہ کرلے تو وہ مٹ جاتا ہےاوراگر بار بار گناہ کرے تو وہ سیاہ نقطہ اتنا بڑھ جاتا ہے کہ پورادل سیاہ ہوجاتا ہے۔ یہی وہ ''ران'' ہے جس کاذکر اللہ تعالیٰ نے كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (مطففين:۱۶) ''کوئی نہیں بلکہ ان کے دلوں پر زنگ چڑھادیا ہے'' میں کیا ہے۔

یہ حدیث صحیح ہے لیکن صحیحین میں اسے درج نہیں کیا گیا حالانکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے قعقاع بن حکیم کی ابوصالح سے روایات نقل کی ہیں۔

7۔حَدَّثَنَا الْاِمَامُ اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: لَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْاَلُ عَنِ السَّاعَةِ حَتّٰى نَزَلَتْ: فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهَاهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِى الصَّحِيْحَيْنِ وَهُوَ مَحْفُوْظٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا مَعًا، وَقَدِ احْتَجَّا مَعًا بِاَحَادِيْثِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کے متعلق مسلسل سوالات کئے جاتے رہے یہاں تک کہ آیت فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا (تمہیں اس کے بیان سے کیا تعلق تمہارے رب ہی تک اس کی انتہا ہے) نازل ہوئی۔

❖❖ اس حدیث کو صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا حالانکہ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق محفوظ صحیح ہےاور دونوں نے ایسی احادیث نقل کی ہیں جن کی سند ابن عیینہ، زہری، عروہ سے ہوتی ہوئی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک پہنچتی ہیں۔

8۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِىُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وأبى سعيد أنهما شهدا على رَسُوْلِ اللّٰهِ

حديث: 7

اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء رقم الحديث: 777

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا قَالَ الْعَبْدُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ صَدَّقَهُ رَبُّهُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِيْ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَاَنَا وَحْدِيْ، وَاِذَا قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ صَدَّقَهُ رَبُّهُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَلَاشَرِيكَ لِيْ، وَاِذَا قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِيْ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا لِيَ الْمُلْكُ وَلِيَ الْحَمْدُ، وَاِذَا قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِيْ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِي

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِحَدِيْثِ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَاَبِيْ سَعِيْدٍ، وَقَدِ اتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلَى الْحُجَّةِ بِاَحَادِيْثِ اِسْرَائِيْلَ بْنِ يُوْنُسَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان دونوں نے گواہی دیتے ہوئے یہ بات کہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے" اللہ تعالیٰ اس کی تصدیق کرتے ہوئے یوں فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں اکیلا ہوں"۔ جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں" اللہ تعالیٰ اس کی تصدیق کرتے ہوئے فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور نہ ہی میرا کوئی شریک ہے"۔ جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کے لئے حمد وثناء" اللہ تعالیٰ کی تصدیق کرتے ہوئے فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں میری ہی حکومت ہے اور میرے لئے ہی حمد وثناء"۔ جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اس کے سوا کسی کی طاقت اور ہمت نہیں" اللہ تعالیٰ اس کی تصدیق کرتے ہوئے فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کسی کی طاقت اور ہمت نہیں"۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو درج نہیں کیا گیا۔ حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اپنی اپنی صحیح میں) ایسی روایات نقل کی ہیں جن کی سند "اسحاق" کے ذریعے "اغر" سے ہوتی ہوئی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے۔ اور دونوں نے اسرائیل بن یونس کی ابواسحاق سے روایت کردہ احادیث بھی نقل کی ہیں۔

9۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ،

حدیث 8:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث:3430 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث:3794 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحدیث: 851 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ه/ 1991ء رقم الحدیث: 9858 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحدیث: 1258 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحدیث:6154 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ه/1988ء رقم الحدیث:943 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ه/1988ء رقم الحدیث:944

حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ يَحْيٰى، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَعَافِرِيِّ الْحُبُلِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ يَسْتَخْلِصُ رَجُلاً مِّنْ اُمَّتِي عَلٰى رُؤُوسِ الْخَلائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَنْشُرُ عَلَيْهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ سِجِلا، كُلُّ سِجِلٍّ مِثْلُ هٰذَا، ثُمَّ يَقُوْلُ: اَتُنْكِرُ مِنْ هٰذَا شَيْئًا ؟ اَظَلَمَكَ كَتَبَتِيَ الْحَافِظُوْنَ ؟ فَيَقُوْلُ: لا يَا رَبِّ، فَيَقُوْلُ: اَفَلَكَ عُذْرٌ ؟ فَيَقُوْلُ: لا يَا رَبِّ، فَيَقُوْلُ: بَلٰى، اِنَّ لَكَ عِنْدَنَا حَسَنَةً، وَاِنَّهُ لا ظُلْمَ عَلَيْكَ الْيَوْمَ، فَيُخْرِجُ بِطَاقَةً فِيْهَا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، مَا هٰذِهِ الْبِطَاقَةُ مَعَ هٰذِهِ السِّجِلاتِ ؟ فَقَالَ: اِنَّكَ لا تُظْلَمُ، قَالَ: فَتُوضَعُ السِّجِلاتُ فِيْ كِفَّةٍ، وَالْبِطَاقَةُ فِيْ كِفَّةٍ فَطَاشَتِ السِّجِلاتُ وَثَقُلَتِ الْبِطَاقَةُ، وَلَا يَثْقُلُ مَعَ اسْمِ اللّٰهِ شَيْءٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِاَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، وَعَامِرِ بْنِ يَحْيٰى مِصْرِيٍّ ثِقَةٍ، وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، اِمَامٌ، وَيُوْنُسُ الْمُؤَدِّبُ: ثِقَةٌ، مُتَّفَقٌ عَلٰى اِخْرَاجِهِ فِي الصَّحِيْحَيْنِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ میرے ایک امتی کو مخلوق کے سامنے پیش کرے گا، اس کے آگے نامہ اعمال کے ۹۹ رجسٹر رکھے جائیں گے (نبی پاک ﷺ نے ہاتھ کے اشارے سے سمجھاتے ہوئے فرمایا) ہر رجسٹر اتنا بڑا ہوگا، پھر فرمائے گا: کیا تجھے ان میں سے کسی چیز کا انکار ہے؟ کیا میرے کراماً کاتبین نے تجھ پر ظلم تو نہیں کیا؟ وہ جواب دے گا: اے میرے رب نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا (ان سے متعلق) تیرے پاس کوئی عذر ہے؟ وہ جواب دے گا: یا اللہ نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہمارے پاس تیری ایک نیکی موجود ہے اور آج تجھ پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ چنانچہ ایک پرچہ نکالا جائے گا، جس میں (لکھا ہوگا) اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۔ وہ کہے گا: یا اللہ اتنے بھاری رجسٹروں کے مقابلے میں اس پرچے کی کیا حیثیت ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: آج تجھ پر ظلم نہیں ہوگا۔ (نبی اکرم ﷺ نے) فرمایا: پھر یہ سارے رجسٹر (میزان کے) ایک پلڑے میں اور وہ ایک پرچہ دوسرے پلڑے میں رکھا جائے گا تو سارے رجسٹر ہلکے ہو نگے اور وہ ایک پرچہ بھاری ہوگا کیونکہ اللہ کے نام کے مقابلے میں کوئی چیز بھاری نہیں ہو سکتی۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن صحیحین میں اسے نقل نہیں کیا گیا حالانکہ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح

حدیث 9:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 2639 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4300 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 6994 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 225 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/1990ء رقم الحديث: 1937 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ه رقم الحديث: 4725 اخرجه ابومحمد الكسی فی "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ه/1988ء رقم الحديث: 339

ہے کیونکہ (انہوں نے اپنی صحیح میں) ابوعبدالرحمٰن الحبلی کی حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث نقل کی ہیں (اور اس حدیث کے راوی) عامر بن یحییٰ مصری ہیں، ثقہ ہیں اور لیث بن سعد امام ہیں اور یونس المؤدب ثقہ ہیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ان کی روایات نقل کی ہیں۔

10۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ قَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: افْتَرَقَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً اَوِ اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً، وَالنَّصَارٰى مِثْلُ ذٰلِكَ، وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِىْ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ فِرْقَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ كَثُرَ فِى الْاُصُوْلِ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَعَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلُهُ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلَى الْاِحْتِجَاجِ بِالْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰى وَهُوَ ثِقَةٌ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہودی ۷۱ فرقوں میں یا (شاید فرمایا) ۷۲ فرقوں میں تقسیم ہو گئے تھے، اسی طرح عیسائی بھی (۷۲ یا ۷۳ فرقوں میں بٹ گئے) اور میری امت ۷۳ فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی۔

❖❖ یہ حدیث کتب اصول میں کثرت سے موجود ہے اور حضرت سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اور حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا اسی سے ملتا جلتا فرمان منقول ہے۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن عمرو کی ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایات نقل کی ہیں جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے فضل بن موسیٰ کی روایات نقل کی ہیں اور یہ راوی بھی ثقہ ہیں۔

11۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ

حديث 10:

اخرجه ابو داؤد السجستانى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4569 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 2640 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3991 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3992 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 8377 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 6247 اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/1990ء رقم الحديث: 441 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 20690 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 5910 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 5978 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث:6117

الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ سَعِيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَهْدُ الَّذِیْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلٰوةُ، فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ لَا تُعْرَفُ لَهُ عِلَّةٌ بِوَجْهٍ مِّنَ الْوُجُوهِ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِالْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ وَّلَمْ يُخْرِجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ہمارے اور کفار کے درمیان نماز کا فرق ہے جس نے نماز کو (ہلکا جانتے ہوئے) چھوڑا، اس نے کفر کیا۔

✣✣ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ ہمیں اس میں کسی بھی اعتبار سے علت معلوم نہیں ہو سکی جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اپنی صحیح میں عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ کی ان کے والد کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے (اس حدیث کے راوی) حسین بن واقد کی روایات بھی نقل کی ہیں اور دونوں نے (معنوی طور پر اس جیسی حدیثیں اگرچہ نقل کی ہیں لیکن) بعینہ انہی لفظوں کے ہمراہ یہ حدیث نقل نہیں کی۔

اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ شیخین کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

12- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ بِبُخَارٰی، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ أُنَيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنِ الْجُرَيْرِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرَوْنَ شَيْئاً مِّنَ الْأَعْمَالِ تَرْكُهُ كُفْراً غَيْرَ الصَّلَاةِ.

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اصحاب رسول نماز کے علاوہ کسی عمل کے ترک کو کفر نہیں سمجھتے تھے۔

13- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّغَانِیُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَصَابَ حَدًّا فَعَجَّلَ اللّٰهُ لَهُ عُقُوْبَتَهُ فِي الدُّنْيَا فَاللّٰهُ أَعْدَلُ مِنْ أَنْ يُّثَنِّیَ عَلٰى عَبْدِهِ الْعُقُوْبَةَ فِی الْآخِرَةِ، وَمَنْ أَصَابَ حَدًّا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَفَا عَنْهُ فَاللّٰهُ أَكْرَمُ مِنْ أَنْ يَّعُوْدَ فِیْ شَیْءٍ قَدْ عَفَا عَنْهُ

حدیث 11:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2621 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1079 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 22987 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودى عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 6291 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 462

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِیْعًا بِاَبِیْ جُحَیْفَةَ، عَنْ عَلِیٍّ، وَاتَّفَقَا عَلٰی اَبِیْ اِسْحَاقَ، وَاحْتَجَّا جَمِیْعًا بِالْحَجَّاجِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِیُوْنُسَ بْنِ اَبِیْ اِسْحَاقَ

✧✧ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ کسی شخص کو اس کے گناہ کی سزا دنیا میں دیدے تو اس کے عدل سے یہ قوی امید ہے کہ آخرت میں اس کو دوبارہ سزا نہیں دے گا اور جس شخص کے گناہ کی اللہ تعالیٰ نے دنیا میں پردہ پوشی کی اور سزا نہ دی تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ قوی امید ہے کہ جس گناہ کو وہ معاف کر چکا ہے آخرت میں اس کی سزا دوبارہ نہیں دے گا۔

❖❖ اس حدیث کی سند صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو نقل نہیں کیا گیا حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے اس حدیث کے راوی ابوجحیفہ کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایات نقل کی ہیں۔ ابواسحاق سے روایت لینے میں بھی دونوں متفق ہیں اور (اس حدیث کے راوی) حجاج بن محمد کی روایات بھی دونوں نے نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے (اس حدیث کے راوی) یونس بن ابواسحاق کی روایات بھی نقل کی ہیں۔

14- اَخْبَرَنِیْ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَوْهَرِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْسُفَ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عِکْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا اِیَاسُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، اَنَّهٗ کَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَائَهٗ رَجُلٌ بِفَرَسٍ لَّهٗ یَقُوْدُهٗ عَقُوْقٍ وَّمَعَهَا مُهْرَةٌ لَّهَا یَتْبَعُهَا، فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ؟ فَقَالَ: اَنَا نَبِیٌّ، قَالَ: مَا نَبِیٌّ؟ قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالَ: مَتٰی تَقُوْمُ السَّاعَةُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: غَیْبٌ وَّلَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: اَرِنِیْ سَیْفَكَ، فَاَعْطَاهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَیْفَهٗ، فَهَزَّهُ الرَّجُلُ، ثُمَّ رَدَّهٗ عَلَیْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اِنَّكَ لَمْ تَکُنْ تَسْتَطِیْعُ الَّذِیْ اَرَدْتَّ،

حدیث 13:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث:2626 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 2604 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 775 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 1365 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث:3664 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث:7678 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث:8165 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 17371 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی دارعمار بیروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحدیث: 46 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بیروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحدیث:503

حدیث 14:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث:6245

قَالَ . . . .: وَقَدْ كَانَ، قَالَ: اذْهَبْ اِلَيْهِ فَسَلْهُ عَنْ هٰذِهِ الْخِصَالِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ اتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلَى الْحُجَّةِ بِاِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ بِعَيْنِهِ فَحَدَّثَ، عَنْ اَحْمَدَ بْنِ يُوْسُفَ بِغَيْرِ حَدِيْثٍ

✧✧ ایاس بن سلمہ اپنے والد کا یہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے کہ ایک شخص گھوڑی پر سوار ہو کر آیا (گھوڑی کے ساتھ اس کا ایک بچہ بھی تھا) کہنے لگا: آپ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے جواباً فرمایا: میں نبی ہوں۔ اس نے پوچھا: نبی کیا ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا رسول۔ اس نے پوچھا: قیامت کب آئیگی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (قیامت واقع ہونے کا معین وقت) غیب ہے اور غیب اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔ اس نے کہا: اپنی تلوار مجھے دیجیے۔ نبی پاک ﷺ نے اپنی تلوار اسے تھما دی (اس نے تلوار پکڑ کر) ہلائی پھر آپ کو واپس دے دی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تو جو کچھ کرنا چاہتا تھا وہ نہیں کرسکا (۔۔۔۔۔۔۔اس مقام پر مستدرک کے نسخہ میں جگہ خالی ہے۔۔۔۔۔۔۔) اس نے کہا: اس کے پاس جاؤ اور ان خصلتوں کے بارے میں اس سے سوال کرو۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو نقل نہیں کیا گیا حالانکہ ایاس بن سلمہ کی ان کے والد کے حوالے سے روایت کردہ احادیث دونوں نے نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے تو بعینہ اسی سند کے ہمراہ حدیث نقل کی ہے اور احمد بن یوسف کی اس حدیث کے علاوہ دیگر روایات نقل کی ہیں۔

15۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مِهْرَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عَوْفُ بْنُ اَبِيْ جَمِيلَةَ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ خِلَاسٍ، وَمُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتٰى عَرَّافًا اَوْ كَاهِنًا فَصَدَّقَهُ فِيْمَا يَقُوْلُ، فَقَدْ كَفَرَ بِمَا اُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

حدیث 15:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 9532 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 16273 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ه-1984ء' رقم الحديث: 5408 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ه' رقم الحديث: 1453 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 1005 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 382 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع اول) 1412ه/1991ء' رقم الحديث: 503 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ه/1990ء' رقم الحديث: 425 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ه/1990ء' رقم الحديث: 1941 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ه/1990ء' رقم الحديث: 1950 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ه/1990ء' رقم الحديث: 1953

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا مِّنْ حَدِيْثِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَحَدَّثَ الْبُخَارِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ، عَنْ رَّوْحٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ خِلاسٍ، وَمُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قِصَّةَ مُوْسٰى اَنَّهُ اٰدَرُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص نجومی یا کاہن کے پاس آئے اور ان کی پیشین گوئی کو سچا جانے، اس نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کا انکار کیا۔

✣✣ یہ حدیث (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں کے معیار کے مطابق ابن سیرین کی سند کے لحاظ سے صحیح ہے، لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بالترتیب اسحاق، روح، عوف، خلاس اور محمد کے بعد ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے موسیٰ علیہ السلام کے آدر (آماس خصیہ والا) ہونے کا قصہ بیان کیا ہے۔

16- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنَا قُرَيْشُ بْنُ اَنَسٍ، حَدَّثَنَا حَبِيْبُ بْنُ الشَّهِيْدِ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلالٍ، حَدَّثَنَا هِصَّانُ بْنُ كَاهِلٍ، وَفِيْ حَدِيْثِ ابْنِ اَبِيْ عَدِيٍّ كَاهِنٌ، قَالَ: جَلَسْتُ مَجْلِسًا فِيْهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ وَلَا اَعْرِفُهُ، فَقَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا عَلَى الْاَرْضِ نَفْسٌ تَمُوْتُ لَا تُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا تَشْهَدُ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، يَرْجِعُ ذٰلِكَ اِلٰى قَلْبٍ مُوْقِنٍ اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ، قَالَ: فَقُلْتُ: اَاَنْتَ سَمِعْتَ مِنْ مُّعَاذٍ؟ فَعَنَّفَنِيَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: دَعُوْهُ فَاِنَّهُ لَمْ يُسِءِ الْقَوْلَ، نَعَمْ، اَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَزَعَمَ مُعَاذٌ اَنَّهُ سَمِعَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّقَدْ تَدَاوَلَهُ الثِّقَاتُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ جَمِيْعًا بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَالَّذِيْ عِنْدِيْ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اَنَّهُمَا اَهْمَلاهُ لِهِصَّانِ بْنِ كَاهِلٍ، وَيُقَالُ: ابْنُ كَاهِنٍ، فَاِنَّ الْمَعْرُوْفَ بِالرِّوَايَةِ عَنْهُ حُمَيْدُ بْنُ هِلالٍ الْعَدَوِيُّ فَقَطْ وَقَدْ ذَكَرَ ابْنُ اَبِيْ حَاتِمٍ، اَنَّهُ رَوٰى عَنْهُ قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ اَيْضًا، وَقَدْ اَخْرَجَا جَمِيْعًا عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الثِّقَاتِ لَا رَاوِيَ

حدیث 16:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:22053 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 203 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 10977 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 219 اخرجه ابو عيسى الترمذي' في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2027 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 2366 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 170 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 2949 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث:30428

لَهُمْ اِلَّا وَاحِدٌ، فَيَلْزَمُهُمَا بِذٰلِكَ اِخْرَاجُ مِثْلِهٖ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

✧✧ حصان بن کاہل بیان کرتے ہیں: میں ایک ایسی محفل میں گیا جس میں حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ بھی موجود تھے لیکن میں انہیں پہچانتا نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث شریف سنائی ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مرتے وقت مشرک نہ ہو اور سچے دل سے میرے رسول اللہ ہونے کی گواہی دیتا ہو، اللہ تعالیٰ اسے بخش دے گا (حصان بن کاہل کہتے ہیں: میں نے عبدالرحمٰن بن سمرہ سے) کہا: کیا آپ نے یہ حدیث حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے سنی ہے؟ (میرے یہ کہنے پر) سارے لوگ میرے اوپر پل پڑے۔ اس پر عبدالرحمٰن نے لوگوں کو سمجھایا کہ اس کو چھوڑ دو کیونکہ اس نے کوئی بری بات نہیں کی (حصان کہتے ہیں: پھر عبدالرحمٰن نے میری طرف متوجہ ہو کر) کہا: جی ہاں! میں نے یہ حدیث حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے سنی ہے اور معاذ کا یہ خیال تھا کہ انہوں نے یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے اور ثقہ راوی اسے عموماً روایت کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ میں سے) کسی نے بھی اسے ان لفظوں کے ساتھ نقل نہیں کیا۔ حقیقت حال تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اس حدیث کو حصان بن کاہل کی وجہ سے چھوڑ دیا ہے (حصان بن کاہل کو حصان بن کاہن بھی کہا جاتا ہے) (ان کی روایت چھوڑنے کی وجہ شاید یہ ہے کہ) ان کے مشہور شاگرد صرف حمید بن ہلال العدوی ہی ہیں جبکہ ابن ابی حاتم نے لکھا ہے کہ ان سے قرہ بن خالد نے بھی روایت لی ہے (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے ایسے کتنے ہی ثقہ راویوں کی حدیثیں نقل کی ہیں جن سے روایت لینے والوں کی تعداد ایک سے زیادہ نہیں۔ اسی طرح ان کو حصان بن کاہل کی روایت بھی نقل کرنی چاہیے تھی۔

17- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ دَاوُدَ الْمُنَادِيْ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ غَسَّانٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ حَسَّانِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَيَاءُ وَالْعِيُّ شُعْبَتَانِ مِنَ الْاِيْمَانِ، وَالْبَذَاءُ وَالْبَيَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا بِرُوَاتِهٖ عَنْ اٰخِرِهِمْ

✧✧ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیا اور خاموشی ایمان کی دو شاخیں ہیں۔ بے حیائی اور یاوہ گوئی نفاق کی دو شاخیں ہیں۔

❖❖ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو نقل نہیں کیا گیا۔ حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔

41۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اَيُّوْبَ النَّصِيْبِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيْدِ الْكَرَابِيسِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ الدِّمَشْقِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اسْمًا مِئَةً اِلَّا وَاحِدَةٍ، مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ، اِنَّهُ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ، الرَّحِيْمُ، الْمَلِكُ، الْقُدُّوْسُ، السَّلَامُ، الْمُؤْمِنُ، الْمُهَيْمِنُ، الْعَزِيْزُ، الْجَبَّارُ، الْمُتَكَبِّرُ، الْخَالِقُ، الْبَارِءُ، الْمُصَوِّرُ، الْغَفَّارُ، الْقَهَّارُ، الْوَهَّابُ، الرَّزَّاقُ، الْفَتَّاحُ، الْعَلِيْمُ، الْقَابِضُ، الْبَاسِطُ، الْخَافِضُ، الرَّافِعُ، الْمُعِزُّ، الْمُذِلُّ، السَّمِيْعُ، الْبَصِيْرُ، الْحَكَمُ، الْعَدْلُ، اللَّطِيْفُ، الْخَبِيْرُ، الْحَلِيْمُ، الْعَظِيْمُ، الْغَفُوْرُ، الشَّكُوْرُ، الْعَلِيُّ، الْكَبِيْرُ، الْحَفِيْظُ، الْمُغِيْثُ، الْمُقِيْتُ، وَاِلَيْهِ ذَهَبَ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ فِيْ مُخْتَصَرِ الصَّحِيْحِ، الْحَسِيْبُ، الْجَلِيْلُ، الْكَرِيْمُ، الرَّقِيْبُ، الْمُجِيْبُ، الْوَاسِعُ، الْحَكِيْمُ، الْوَدُوْدُ، الْمَجِيْدُ، الْبَاعِثُ، الشَّهِيْدُ، الْحَقُّ، الْوَكِيْلُ، الْقَوِيُّ، الْمَتِيْنُ، الْوَلِيُّ، الْحَمِيْدُ، الْمُحْصِي، الْمُبْدِءُ، الْمُعِيْدُ، الْمُحْيِي، الْمُمِيْتُ، الْحَيُّ، الْقَيُّوْمُ، الْوَاجِدُ، الْمَاجِدُ، الْوَاحِدُ، الصَّمَدُ، الْقَادِرُ، الْمُقْتَدِرُ، الْمُقَدِّمُ، الْمُؤَخِّرُ، الْاَوَّلُ، الْاٰخِرُ، الظَّاهِرُ، الْبَاطِنُ، الْوَالِيْ، الْمُتَعَالِيْ، الْبَرُّ، التَّوَّابُ، الْمُنْتَقِمُ، الْعَفُوُّ، الرَّءُوْفُ، مَالِكُ الْمُلْكِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، الْمُقْسِطُ، الْجَامِعُ، الْغَنِيُّ، الْمُغْنِيْ، الْمَانِعُ، الضَّارُّ، النَّافِعُ، النُّوْرُ، الْهَادِيْ، الْبَدِيْعُ، الْبَاقِي، الْوَارِثُ، الرَّشِيْدُ، الصَّبُوْرُ

هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ خَرَّجَاهُ فِي الصَّحِيْحَيْنِ بِاَسَانِيْدَ صَحِيْحَةٍ دُوْنَ ذِكْرِ الْاَسَامِيَ فِيْهِ، وَالْعِلَّةُ فِيْهِ عِنْدَهُمَا اَنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ مُسْلِمٍ تَفَرَّدَ بِسِيَاقَتِهِ بِطُوْلِهِ، وَذَكَرَ الْاَسَامِيَ فِيْهِ وَلَمْ يَذْكُرْهَا غَيْرُهُ، وَلَيْسَ هٰذَا بِعِلَّةٍ فَاِنِّيْ لَا اَعْلَمُ اخْتِلَافًا بَيْنَ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ اَنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ مُسْلِمٍ اَوْثَقُ وَاَحْفَظُ وَاَعْلَمُ وَاَجَلُّ مِنْ اَبِي الْيَمَانِ وَبِشْرِ بْنِ شُعَيْبٍ وَّعَلِيِّ بْنِ عَيَّاشٍ وَّاَقْرَانِهِمْ مِنْ اَصْحَابِ شُعَيْبٍ، ثُمَّ نَظَرْنَا فَوَجَدْنَا الْحَدِيْثَ قَدْ رَوَاهُ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، وَهِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ جَمِيْعًا، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطُوْلِهِ

حدیث 41:

اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 808 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 42

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ۹۹ نام ہیں، جوان کو یاد کرے گا، جنتی ہے، اللہ تعالیٰ تنہا ہے اور تنہائی کو ہی پسند کرتا ہے۔ (اللہ تعالیٰ کے نام بمعہ ترجمہ درج ذیل ہیں)

اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ (مہربان)، الرَّحِیْمُ (رحم کرنے والا)، الْمَلِكُ (بادشاہ)، الْقُدُّوسُ (پاک)، السَّلَامُ (سلامتی والا)، الْمُؤْمِنُ (امن دینے والا)، الْمُهَیْمِنُ (نگہبان)، الْعَزِیْزُ (غالب)، الْجَبَّارُ (زبردست)، الْمُتَكَبِّرُ (بڑائی والا)، الْخَالِقُ (پیدا کرنے والا)، الْبَارِیءُ (عالم بنانے والا)، الْمُصَوِّرُ (صورت بنانے والا)، الْغَفَّارُ (بخشنے والا)، الْقَهَّارُ (زبردست)، الْوَهَّابُ (بہت دینے والا) الرَّزَّاقُ (رزق دینے والا)، الْفَتَّاحُ (کھولنے والا)، الْعَلِیْمُ (جاننے والا)، الْقَابِضُ (بند کرنے والا)، الْبَاسِطُ (کھولنے والا)، الْخَافِضُ (جھکانے والا)، الرَّافِعُ (بلند کرنے والا)، الْمُعِزُّ (عزت دینے والا)، الْمُذِلُّ (ذلت دینے والا)، السَّمِیْعُ (سننے والا)، الْبَصِیْرُ (دیکھنے والا)، الْحَكَمُ (حاکم)، الْعَدْلُ (انصاف کرنے والا)، اللَّطِیْفُ (باریک بین)، الْخَبِیْرُ (خبردار)، الْحَلِیْمُ (بردبار)، الْعَظِیْمُ (بزرگ)، الْغَفُوْرُ (بخشنے والا)، الشَّكُوْرُ (شکر کرنے والا)، الْعَلِیُّ (بلند)، الْكَبِیْرُ (بڑا)، الْحَفِیظُ (نگہبان)، الْمُغِیْثُ (مدد کرنے والا)، الْمُقِیتُ (قوت دینے والا)، الْحَسِیْبُ (کافی)، الْجَلِیْلُ (بزرگ)، الْكَرِیْمُ (سخی)، الرَّقِیْبُ (نگہبان)، الْمُجِیْبُ (قبول کرنے والا)، الْوَاسِعُ (فراخی والا)، الْحَكِیْمُ (حکمت والا)، الْوَدُوْدُ (محبت کرنے والا)، الْمَجِیْدُ (بزرگ)، الْبَاعِثُ (اٹھانے والا)، الشَّهِیْدُ (گواہ)، الْحَقُّ (سچا)، الْوَكِیْلُ (کارساز)، الْقَوِیُّ (طاقت والا)، الْمَتِیْنُ (مضبوط)، الْوَلِیُّ (دوست)، الْحَمِیْدُ (قابل تعریف)، الْمُحْصِی (گھیرنے والا)، الْمُبْدِیءُ (ابتدا کرنے والا)، الْمُعِیْدُ (لوٹانے والا)، الْمُحْیِي (زندگی دینے والا)، الْمُمِیتُ (موت دینے والا)، الْحَیُّ (زندہ)، الْقَیُّومُ (ہمیشہ رہنے والا)، الْوَاجِدُ (پانے والا)، الْمَاجِدُ (بزرگی والا)، الْوَاحِدُ (اکیلا)، الصَّمَدُ (بے نیاز)، الْقَادِرُ (قدرت والا)، الْمُقْتَدِرُ (اقتدار والا)، الْمُقَدِّمُ (پہلا)، الْمُؤَخِّرُ (پچھلا)، الْاَوَّلُ (پہلا)، الْاٰخِرُ (آخری)، الظَّاهِرُ (آشکار)، الْبَاطِنُ (پوشیدہ)، الْوَالِیُ (کارساز)، الْمُتَعَالِیُ (برتر)، الْبَرُّ (احسان کرنے والا)، التَّوَّابُ (توبہ قبول کرنے والا)، الْمُنْتَقِمُ (بدلہ لینے والا)، الْعَفُوُّ (معاف کرنے والا)، الرَّءُوفُ (بہت مہربان)، مَالِكُ الْمُلْكِ (ملک کا مالک) ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (بزرگی اور بخشش والا)، الْمُقْسِطُ (عدل کرنے والا)، الْجَامِعُ (جمع کرنے والا)، الْغَنِیُّ (بے پرواہ)، الْمُغْنِیْ (دولت مند کرنے والا)، الْمَانِعُ (منع کرنے والا)، الضَّارُّ (ضرر دینے والا)، النَّافِعُ (نفع دینے والا)، النُّوْرُ (روشنی والا)، الْهَادِیْ (راہ دکھانے والا)، الْبَدِیْعُ (نیا پیدا کرنے والا)، الْبَاقِی (ہمیشہ رہنے والا)، الْوَارِثُ (مالک)، الرَّشِیْدُ (راہنما)، الصَّبُوْرُ (بڑا تحمل والا)

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے دیگر صحیح سندوں کے ساتھ اس حدیث کو نقل کیا ہے، البتہ ان میں اللہ تعالیٰ کے اسماء گرامی مذکور نہیں ہیں۔ اس حدیث میں شیخین رحمۃ اللہ علیہما کو جو نقص نظر آیا ہے وہ یہ ہے کہ اس حدیث میں تمام اسماء الحسنیٰ کا ذکر صرف ولید بن مسلم نے کیا ہے ان کے علاوہ اور کسی راوی نے ''اسماء الحسنیٰ'' کا ذکر نہیں کیا ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) یہ کوئی نقص

نہیں ہے کیونکہ ائمہ حدیث کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ولید بن مسلم ابو ہمان، بشر بن شعیب، علی بن عباس رضی اللہ عنہما اور ان کے دیگر معاصرین سے زیادہ ثقہ ہیں۔ ان سے زیادہ مضبوط حافظے کے مالک، ان سے زیادہ علم حدیث رکھنے والے اور ان سب سے زیادہ بزرگ ہیں۔ مزید غور و فکر کرنے سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اس پوری حدیث کو عبدالعزیز بن الحصین نے ابوایوب السختیانی کے ذریعے اور ہشام بن حسان نے محمد بن سیرین کے واسطے سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

42- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ حِمْدَانَ الْحَلابُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا الْاَمِيْرُ اَبُو الْهَيْثَمِ خَالِدُ بْنُ اَحْمَدَ الذُّهْلِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اَسَدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْقَطَوَانِيُّ، حَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُفْيَانَ النَّسَائِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ حُصَيْنِ بْنِ التَّرْجُمَانِ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ، وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اسْمًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ: اَللّٰهُ، الرَّحْمٰنُ، الرَّحِيْمُ، الاِلٰهُ، الرَّبُّ، الْمَلِكُ، الْقُدُّوْسُ، السَّلَامُ، الْمُؤْمِنُ، الْمُهَيْمِنُ، الْعَزِيْزُ، الْجَبَّارُ، الْمُتَكَبِّرُ، الْخَالِقُ، الْبَارِءُ، الْمُصَوِّرُ، الْحَلِيْمُ، الْعَلِيْمُ، السَّمِيْعُ، الْبَصِيْرُ، الْحَيُّ، الْقَيُّوْمُ، الْوَاسِعُ، اللَّطِيْفُ، الْخَبِيْرُ، الْحَنَّانُ، الْمَنَّانُ، الْبَدِيْعُ، الْوَدُوْدُ، الْغَفُوْرُ، الشَّكُوْرُ، الْمَجِيْدُ، الْمُبْدِءُ، الْمُعِيْدُ، النُّوْرُ، الْاَوَّلُ، الاٰخِرُ، الظَّاهِرُ، الْبَاطِنُ، الْغَفَّارُ، الْوَهَّابُ، الْقَادِرُ، الْاَحَدُ، الصَّمَدُ، الْكَافِيْ، الْبَاقِيْ، الْوَكِيْلُ، الْمَجِيْدُ، الْمُغِيْثُ، الدَّائِمُ، الْمُتَعَالِ، ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ، الْمَوْلٰى، النَّصِيْرُ، الْحَقُّ، الْمُبِيْنُ، الْبَاعِثُ، الْمُجِيْبُ، الْمُحْيِيْ، الْمُمِيْتُ، الْجَمِيْلُ، الصَّادِقُ، الْحَفِيْظُ، الْكَبِيْرُ، الْقَرِيْبُ، الرَّقِيْبُ، الْفَتَّاحُ، التَّوَّابُ، الْقَدِيْمُ، الْوِتْرُ، الْفَاطِرُ، الرَّزَّاقُ، الْعَلَامُ، الْعَلِيُّ، الْعَظِيْمُ، الْغَنِيُّ، الْمَلِيْكُ، الْمُقْتَدِرُ، الْاَكْرَمُ، الرَّءُوْفُ، الْمُدَبِّرُ، الْمَالِكُ، الْقَدِيْرُ، الْهَادِيْ، الشَّاكِرُ، الرَّفِيْعُ، الشَّهِيْدُ، الْوَاحِدُ، ذُو الطَّوْلِ، ذُو الْمَعَارِجِ، ذُو الْفَضْلِ، الْخَلَّاقُ، الْكَفِيْلُ، الْجَلِيْلُ، الْكَرِيْمُ

هٰذَا حَدِيْثٌ مَّحْفُوْظٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ وَهِشَامٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مُخْتَصَرًا دُوْنَ ذِكْرِ الْاَسَامِيِ الزَّائِدَةِ فِيْهَا، كُلُّهَا فِي الْقُرْاٰنِ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْحُصَيْنِ بْنِ التَّرْجُمَانِ ثِقَةٌ، وَاِنْ لَمْ يُخَرِّجَاهُ،

حديث 43:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3910 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 4194 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/1990ء رقم الحديث: 44 اخرجه ابويعلي الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 5092 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ه/1990ء رقم الحديث: 488

وَاِنَّمَا جَعَلْتَهُ شَاهِدًا لِلْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے ''اللہ تعالیٰ کے ۹۹ اسمائے گرامی ہیں جوان کو یاد کرے گا وہ جنتی ہے۔

❖❖ یہ حدیث ابوسختیانی اور ہشام کی اس سند کے لحاظ سے ''محفوظ'' ہے جوانہوں نے محمد بن سیرین سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ''اسمائے الحسنٰی'' کا ذکر کئے بغیر مختصر طور پر نقل کی ہے اور جن اسمائے حسنٰی کا اضافہ ہے وہ قرآن سے ثابت ہیں اور عبدالعزیز بن الحصین بن الترجمان ثقہ راوی ہیں۔ اگرچہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی روایت نہیں لی تاہم میں نے اس کو گزشتہ حدیث کے شاہد کے طور پر پیش کیا ہے۔

43- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِىْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، وَاَبُوْ عَمْرٍو الْحَوْضِيُّ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِىْ سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عِيْسٰى، رَجُلاً مِّنْ بَنِىْ اَسَدٍ يُحَدِّثُ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطِّيَرَةُ شِرْكٌ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ وَعِيْسٰى هٰذَا هُوَ: ابْنُ عَاصِمٍ الْاَسَدِيُّ كُوفِيٌّ ثِقَةٌ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بدشگونی شرک ہے، اللہ تعالیٰ پر توکل کر کے اس کو ختم کیا جا سکتا ہے۔

❖❖ اس کی سند میں جو عیسیٰ (راوی) ہیں وہ عیسیٰ بن عاصم الاسدی ہیں، یہ کوفہ کے رہنے والے تھے، ثقہ راوی تھے۔

44- حَدَّثَنَا بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَىٰ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، وَاَخْبَرَنِىْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَادٍ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عِيْسٰى بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطِّيَرَةُ مِنَ الشِّرْكِ وَمَامِنَّا، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ سَنَدُهُ، ثِقَاتٌ رُوَاتُهُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَعِيْسٰى بْنُ عَاصِمٍ الْاَسَدِيُّ قَدْ رَوٰى اَيْضًا، عَنْ

حديث 43:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3910 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 4194 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 44 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 5092 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 488

عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ، وَغَيْرِهِ، وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ شُعْبَةُ، وَجَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، وَمُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، وَغَيْرُهُمْ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا: بدشگونی کا تعلق شرک سے ہے اور ذہنی الجھاؤ کا باعث ہے لیکن اللہ تعالیٰ اسے توکل کی برکت سے ختم فرمادیتا ہے۔

❖❖ اس حدیث کی سند ''صحیح'' ہے، اس کے راوی ثقہ ہیں لیکن اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا ہے اور عیسیٰ بن عاصم الاسدی نے عدی بن ثابت وغیرہ سے بھی روایت کی ہے اور ان سے روایت لینے والوں میں شعبہ، جریر بن حازم، معاویہ بن صالح اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کے نام شامل ہیں۔

45۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، وَاَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيِّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ كَفَرَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا بِمِثْلِ هٰذَا الْاِسْنَادِ وَخَرَّجَاهُ فِي الْكِتَابِ، وَلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِشَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيِّ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا: جس نے اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی قسم کھائی اس نے کفر کیا۔

❖❖ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے کیونکہ دونوں نے اس قسم کی سند اپنی کتابوں میں ذکر کی ہیں اور اس حدیث میں کوئی نقص نہیں ہے لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا ہے۔ اس حدیث کی شاہد ایک دوسری حدیث ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے اور اس میں کوئی نقص نہیں ہے (حدیث درج ذیل ہے)

46۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَعَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ الْعَدْلُ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَفْصٍ السَّدُوْسِيُّ، اَنْبَاَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: كُلُّ يَمِيْنٍ يُحْلَفُ بِهَا دُوْنَ اللّٰهِ شِرْكٌ

✧✧ حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: جو ''قسم'' غیراللہ کے نام سے کھائی جائے وہ شرک ہے۔

حديث 45:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3251 اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1535 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 6072 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 4358 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 169

47۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوْبَ التُّوقَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ مَيْسَرَةَ الْمَكِّيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، قَالَا: اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: اَتَانِيْ اَبُو الْعَالِيَةِ اَنَا وَصَاحِبًا لِيْ، فَقَالَ: هَلُمَّا فَاَنْتُمَا اَشَبُّ وَاَوْعٰى لِلْحَدِيْثِ مِنِّيْ، فَانْطَلَقَ بِنَا حَتّٰى اَتَيْنَا نَصْرَ بْنَ عَاصِمٍ اللَّيْثِيَّ، فَقَالَ حَدِّثْ هٰذَيْنِ حَدِيْثَكَ، قَالَ: نَصْرٌ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مَالِكٍ، وَكَانَ مِنْ رَّهْطِهٖ، قَالَ: بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَاَغَارُوْا عَلٰى قَوْمٍ فَشَذَّ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَاتَّبَعَهٗ رَجُلٌ مِّنَ السَّرِيَّةِ مَعَهُ السَّيْفُ شَاهِرٌ، فَقَالَ الشَّاذُّ مِنَ الْقَوْمِ: اِنِّيْ مُسْلِمٌ، فَلَمْ يَنْظُرْ فِيْهَا، فَضَرَبَهٗ فَقَتَلَهٗ، فَنَمَى الْحَدِيْثُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ قَوْلًا شَدِيْدًا فَبَلَغَ الْقَاتِلَ، فَبَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ اِذْ قَالَ الْقَاتِلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا قَالَ الَّذِيْ قَالَ اِلَّا تَعَوُّذًا مِّنَ الْقَتْلِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَنْ مَّنْ قِبَلَهٗ مِنَ النَّاسِ وَاَخَذَ فِيْ خُطْبَتِهٖ، ثُمَّ قَالَ الثَّانِيَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا قَالَ الَّذِيْ قَالَهٗ اِلَّا تَعَوُّذًا مِّنَ الْقَتْلِ. فَاَعْرَضَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنْ مَّنْ قِبَلَهٗ مِنَ النَّاسِ وَاَخَذَ فِيْ خُطْبَتِهٖ، ثُمَّ لَمْ يَصْبِرْ اَنْ قَالَ الثَّالِثَةَ: وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا قَالَ الَّذِيْ قَالَ اِلَّا تَعَوُّذًا مِّنَ الْقَتْلِ، فَاَقْبَلَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعْرَفُ الْمَسَائَةُ فِيْ وَجْهِهٖ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَبٰى عَلٰى مَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا قَالَهَا ثَلَاثًا

هٰذَا حَدِيْثٌ مُّخَرَّجٌ مِثْلُهٗ فِي الْمُسْنَدِ الصَّحِيْحِ لِمُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِنَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ اللَّيْثِيِّ وَسُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، فَاَمَّا عُقْبَةُ بْنُ مَالِكٍ اللَّيْثِيُّ، فَاِنَّهٗ صَحَابِيٌّ مُّخَرَّجٌ حَدِيْثُهٗ فِيْ كُتُبِ الْاَئِمَّةِ فِي الْوِجْدَانِ، وَقَدْ بَيَّنْتُ شَرْطِيْ فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ بِاَنِّيْ اُخَرِّجُ حَدِيْثَ الصَّحَابَةِ عَنْ اٰخِرِهِمْ، اِذَا صَحَّ الطَّرِيْقُ اِلَيْهِمْ، وَقَدْ تَابَعَ يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ سُلَيْمَانَ بْنَ الْمُغِيْرَةِ عَلٰى رِوَايَتِهٖ عَنْ حُمَيْدٍ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت عتبہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاہدین کا ایک لشکر روانہ کیا، لشکر نے جا کر حملہ کر دیا (جنگ کے دوران مخالف قبیلے کا) ایک شخص میدان جنگ سے بھاگ نکلا، ایک مسلم مجاہد تلوار سونتے ہوئے اس کے تعاقب میں نکلا (جب یہ مجاہد اس مفرور کے سر پر جا پہنچا تو) اس نے کہا: میں مسلمان ہوں لیکن مسلم مجاہد نے آؤ دیکھا نہ تاؤ، تلوار ماری اور اسے قتل کر

حدیث: 47

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت ' لبنان' 1414ھ / 1993ء' رقم الحدیث: 5972 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 6829 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحادوالمثانی" طبع دارالرایة' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ / 1991ء' رقم الحدیث: 942 اخرجه ابوبکر الکوفی ' فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحدیث: 28944 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ / 1991ء' رقم الحدیث: 8593 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم و الحکم' موصل' 1404ھ / 1983ء' رقم الحدیث: 980

ڈالا۔ یہ بات رسول اللہ ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے ناراضگی کا اظہار فرمایا اور اس ناراضگی کی خبر اس مجاہد تک بھی پہنچ گئی۔ پھر ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ دوران خطبہ وہ مجاہد کھڑا ہو کر کہنے لگا: خدا کی قسم! اس نے اپنے مسلمان ہونے کا اقرار فقط اپنی جان بچانے کے لئے کیا تھا۔ آپ ﷺ نے اس کی طرف سے توجہ ہٹائی اور خطبہ جاری رکھا۔ اس نے دوبارہ کہا: حضور! خدا کی قسم! اس نے صرف اپنے بچاؤ کی خاطر اپنے مسلمان ہونے کا اقرار کیا تھا۔ آپ ﷺ نے اس مرتبہ بھی اس سے توجہ ہٹائی اور خطبہ جاری رکھا۔ اس نے تیسری مرتبہ پھر وہی الفاظ دہرائے تو آپ ﷺ نے اس کی طرف توجہ فرمائی (اس وقت آپ کے چہرہ اقدس پر ناراضگی کے آثار نمایاں تھے) آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی مسلمان کو قتل کرے اللہ تعالیٰ اسے پسند نہیں کرتا۔ آپ نے تین مرتبہ یہی الفاظ دہرائے۔

❖❖ اس جیسی کئی احادیث صحیح مسلم میں مذکور ہیں۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نصر بن عاصم لیثی اور سلیمان بن مغیرہ کی روایات نقل کی ہیں اور عقبہ بن عامر لیثی کی احادیث آئمہ کی کتابوں میں موجود ہیں جبکہ میں نے اپنا معیار کتاب کے آغاز میں بیان کر دیا تھا کہ میں ہر اس صحابی کی روایت نقل کروں گا جس تک سند درست طریقے سے پہنچتی ہو۔ جس طرح سلیمان بن مغیرہ نے حمید سے روایت لی ہے اسی طرح یونس بن عبید نے بھی حمید سے روایت لی ہے اور وہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے (وہ حدیث درج ذیل ہے)

48- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبِ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، فَمَا بَالُ الرَّجُلِ يَقْتُلُ الرَّجُلَ وَهُوَ يَقُوْلُ: اَنَا مُسْلِمٌ ؟ فَقَالَ الْقَاتِلُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّمَا قَالَهَا مُتَعَوِّذًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا وَكَرِهَ مَقَالَتَهُ، وَحَوَّلَ وَجْهَهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اَبَى اللّٰهُ عَلٰى مَنْ قَتَلَ مُسْلِمًا، اَبَى اللّٰهُ عَلٰى مَنْ قَتَلَ مُسْلِمًا

❖❖ حضرت عقبہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضور ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کے بعد ارشاد فرمایا: اس شخص کا کیا حشر ہو گا جو ایسے شخص کو قتل کر ڈالے جو اپنے مسلمان ہونے کا اقرار کر رہا ہو۔ وہ قاتل کہنے لگا: یا رسول اللہ ﷺ اس نے صرف اپنے بچاؤ کی خاطر اسلام کا اقرار کیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ایسے ہی! آپ ﷺ کو اس کی بات انتہائی ناپسند لگی۔ آپ ﷺ نے اپنا چہرہ اس سے دوسری طرف پھیر لیا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو پسند نہیں کرتا جو کسی مسلمان کو قتل کرے۔ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو پسند نہیں کرتا جو کسی مسلمان کو قتل کرے۔

49- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ يَحْيَى الْآدَمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي الْعَوَّامِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا هَمَّامٌ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا

حدیث 49:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 25164 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 4566

مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبَّانَ الْاَنْصَارِيُّ، اَنْبَاَ اَبُو الْوَلِيْدِ، وَمُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَا: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ شَيْبَةُ الْحُضَرِمِيُّ، اَنَّهٗ شَهِدَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، يُحَدِّثُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ عَآئِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ اَحْلِفُ عَلَيْهِنَّ: لَا يَجْعَلُ اللّٰهُ مَنْ لَهٗ سَهْمٌ فِی الْاِسْلَامِ كَمَنْ لَّا سَهْمَ لَهٗ وَسِهَامُ الْاِسْلَامِ الصَّوْمُ وَالصَّلٰوةُ وَالصَّدَقَةُ، وَلَا يَتَوَلّٰى اللّٰهُ عَبْدًا فَيُوَلِّيهِ غَيْرَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا يُحِبُّ رَجُلٌ قَوْمًا اِلَّا جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعَهُمْ، وَالرَّابِعَةُ اِنْ حَلَفْتُ عَلَيْهَا رَجَوْتُ اَنْ لَّا اٰثَمَ: مَا يَسْتُرُ اللّٰهُ عَلٰى عَبْدٍ فِی الدُّنْيَا اِلَّا سَتَرَ عَلَيْهِ فِی الْاٰخِرَةِ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ: اِذَا سَمِعْتُمْ مِثْلَ هٰذَا الْحَدِيْثِ يُحَدِّثُ عُرْوَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ فَاحْفَظُوْهُ شَيْبَةُ الْحَضْرَمِيُّ قَدْ خَرَّجَهُ الْبُخَارِيُّ، وَقَالَ فِی التَّارِيْخِ: وَيُقَالُ الْحُضَرِيُّ سَمِعَ عُرْوَةَ وَعُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: میں تین چیزوں کے حق ہونے پر قسم کھاسکتا ہوں۔(۱) جس شخص کا اسلام میں کوئی حصہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اس شخص کی طرح نہ کرے گا جس کا کوئی حصہ نہیں ہے۔اور اعمالِ صالحہ، روزہ، نماز اور صدقہ سب اسلام کا حصہ ہیں۔(۲) جس شخص سے اللہ تعالیٰ دنیا میں دوستی رکھے گا، قیامت کے دن بھی اس سے دوستی نبھائے گا۔(۳) جو شخص جس قوم سے محبت رکھے گا اللہ تعالیٰ اس کا حشر اسی کے ساتھ کرے گا اور چوتھی بات ایسی ہے کہ اگر میں اس پر بھی قسم کھاؤں تو کوئی حرج نہیں (وہ یہ ہے) اللہ تعالیٰ جس کی دنیا میں پردہ پوشی کرتا ہے قیامت کے دن بھی اس کے گناہوں کو چھپائے گا۔عمر بن عبدالعزیز کہتے ہیں: اس طرح کی کوئی بھی حدیث جب عروہ، عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے روایت کریں تو اسے یاد کرلیا کرو۔

❖❖ (اس حدیث کے ایک راوی) شیبہ حضرمی کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں۔تاریخ بغداد میں ہے کہ خضری نے عروہ اور عمر بن عبدالعزیز سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

50- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اَيُّوْبَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ، عَنْ اَبِیْ حَرْبِ بْنِ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ فَضَالَةَ اللَّيْثِيِّ، قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اِنِّیْ اُرِيْدُ الْاِسْلَامَ فَعَلِّمْنِیْ شَرَائِعَ مِنْ شَرَائِعِ الْاِسْلَامِ، فَذَكَرَ الصَّلٰوةَ وَشَهْرَ رَمَضَانَ وَمَوَاقِيْتَ الصَّلٰوةِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ تَذْكُرُ سَاعَاتٍ اَنَا فِيْهِنَّ مَشْغُوْلٌ، وَلٰكِنْ عَلِّمْنِیْ جِمَاعًا مِّنَ الْكَلَامِ، قَالَ: اِنْ شُغِلْتَ

حدیث 50:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:19046 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء رقم الحديث:1741

فَلَا تَشْغَلْ عَنِ الْعَصْرَيْنِ، قُلْتُ: وَمَا الْعَصْرَانِ ؟ وَلَمْ تَكُنْ لُغَةَ قَوْمِي، قَالَ: الْفَجْرُ وَالْعَصْرُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَفِيْهِ اَلْفَاظٌ لَّمْ يُخَرِّجَاهَا بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ، وَاَكْثَرُهَا فَائِدَةً ذِكْرُ شَرَائِعِ الْاِسْلَامِ، فَاِنَّهُ فِيْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ دَاوُدَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا، وَقَدْ خُوْلِفَ هُشَيْمُ بْنُ بَشِيْرٍ فِيْ هٰذَا الْاِسْنَادِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ خِلَافًا لَا يَضُرُّ الْحَدِيْثَ بَلْ يَزِيْدُهُ تَاْكِيْدًا

✧✧ حضرت فضالہ لیثی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اسلامی تعلیمات سیکھنے کی خواہش کا اظہار کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھنے اور روزہ رکھنے کی تلقین فرمائی اور نمازوں کے اوقات بھی بتائے۔ میں نے عرض کی: حضور! آپ نے نمازوں کے لئے جو وقت بتائے ہیں، میں ان اوقات میں بہت مصروف ہوتا ہوں، اس لئے آپ مجھ کو مختصر اور جامع سا حکم ارشاد فرما دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مصروفیت کتنی بھی ہو ''عصرین'' کو نہیں چھوڑنا۔ چونکہ یہ لفظ ہماری زبان میں استعمال نہیں ہوتا تھا (اس لئے مجھے سمجھ نہیں آئی، میں نے سمجھنے کے لئے عرض کیا) ''عصران'' کا کیا مطلب؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''فجر اور عصر''۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے لیکن اس کو صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا جبکہ اس میں (شرائع اسلام کے متعلق) کچھ الفاظ ایسے ہیں جنہیں شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے کسی دوسری سند کے ساتھ بھی روایت نہیں کیا حالانکہ (اگر دیکھا جائے تو) اس کا ذکر کرنے میں فائدہ زیادہ ہے کیونکہ شرائع اسلام کا ذکر عبدالعزیز بن ابوداؤد کی اس روایت میں موجود ہے جس کی سند علقمہ بن مرثد، پھر یحییٰ بن یعمر سے ہوتی ہوئی ابن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچتی ہے۔ اور یہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں میں سے کسی کے بھی معیار پر ''صحیح'' نہیں ہے تاہم اس کی سند میں داؤد بن ابوہند کی طرف سے ہشیم بن بشیر کی کچھ مخالفت ضرور کی گئی ہے لیکن اس طرح کی مخالفت سے حدیث کو نقصان نہیں پہنچتا بلکہ اس کی پختگی میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔

51- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ شَاهِيْنَ، قَالَا: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ دَاوُدَ، عَنْ اَبِيْ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث 51:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 428 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1742 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 717 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 6637 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 826 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 939

وَسَلَّمَ فَكَانَ فِيمَا عَلَّمَنِيْ اَنْ قَالَ: حَافِظْ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، فَقُلْتُ: هٰذِهِ سَاعَاتٌ لِّيْ فِيْهَا اشْتِغَالٌ، فَحَدِّثْنِيْ بِاَمْرٍ جَامِعٍ اِذَا اَنَا فَعَلْتُهُ اَجْزَاَ عَنِّيْ، قَالَ: حَافِظْ عَلَى الْعَصْرَيْنِ، قَالَ: وَمَا كَانَتْ مِنْ لُغَتِنَا قُلْتُ: وَمَا الْعَصْرَانِ ؟ قَالَ: صَلٰوةٌ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَصَلٰوةٌ قَبْلَ غُرُوبِهَا وَاَبُوْ حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ الدِّيلِيُّ تَابِعِيٌّ كَبِيْرٌ عِنْدَهُ مِنْ اَكَابِرِ الصَّحَابَةِ لَا يُقْصَرُ سَمَاعُهُ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اللَّيْثِيِّ، فَاِنَّ هُشَيْمَ بْنَ بَشِيْرٍ حَافِظٌ مَّعْرُوْفٌ بِالْحِفْظِ، وَخَالِدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيَّ صَاحِبُ كِتَابٍ، وَهٰذَا فِي الْجُمْلَةِ كَمَا خَرَّجَ مُسْلِمٌ فِيْ كِتَابِ الْاِيْمَانِ حَدِيْثَ شُعْبَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، وَبَعْدَهُ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن فضالہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو تعلیمات دی ہیں ان میں یہ بھی تھا کہ نمازِ پنجگانہ پابندی سے ادا کرو (فضالہ کہتے ہیں) میں نے عرض کی: یہ اوقات تو میری مصروفیت کے ہیں، اس لئے مجھے کوئی ایسا جامع عمل بتا دیجیے جو کہ میرے لئے کافی ہو، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''عصرین'' کی حفاظت کرو (فضالہ کہتے ہیں) چونکہ ''عصرین'' ہماری زبان کا لفظ نہیں تھا اس لئے میں نے پوچھ لیا: حضور! ''عصرین'' کا کیا مطلب ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورج کے طلوع اور غروب ہونے سے پہلے کی نمازیں۔

❖❖ اس کی سند میں ابوحرب بن ابوالاسود الدیلی کبیر تابعی ہیں۔ ان کا سماع صرف فضالہ بن عبید لیثی تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ ان کے پاس دیگر اکابر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایات بھی موجود ہیں۔ سابقہ حدیث میں ہشیم بن بشیر حافظ الحدیث ہیں اور آئمہ حدیث میں معروف بالحفظ ہیں اور خالد بن عبداللہ الواسطی خود صاحب کتاب ہیں۔ المختصر یہ سند شعبہ کی اس روایت کی طرح ہے جو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الایمان میں نقل کی ہے، جس کی حدیث عثمان بن عبداللہ بن موہب، ان کے بعد محمد بن عثمان سے ہوتی ہوئی ان کے والد تک پہنچتی ہے۔

52- حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، وَاَخْبَرَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِلْاِسْلَامِ صُوًى وَمَنَارًا كَمَنَارِ الطَّرِيْقِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، فَقَدْ رَوٰى عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ خَلَفٍ الْعَسْقَلَانِيِّ وَاحْتَجَّ بِثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ الشَّامِيِّ، فَاَمَّا سَمَاعُ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَغَيْرُ مُسْتَبْعَدٍ، فَقَدْ حَكَى الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْهُ، اَنَّهُ قَالَ: لَقِيتُ سَبْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَعَلَّ مُتَوَهِّمًا يَتَوَهَّمُ اَنَّ هٰذَا مَتْنٌ شَاذٌّ، فَلْيَنْظُرْ فِي الْكِتَابَيْنِ لِيَجِدَ مِنَ الْمُتُوْنِ الشَّاذَّةِ الَّتِيْ لَيْسَ لَهَا اِلَّا اِسْنَادٌ وَّاحِدٌ مَّا يُتَعَجَّبُ مِنْهُ، ثُمَّ لِيَقِسْ هٰذَا عَلَيْهَا حَدِيْثٌ اٰخَرُ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام راستے کے سنگ میل کی طرح ہدایت کا

ایک مینارۂ نور ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے کیونکہ انہوں نے محمد بن خلف عسقلانی کی روایات نقل کی ہیں نیز ثور بن یزید (بن زیاد) شامی کی احادیث بھی نقل کی ہیں اور خالد بن معدان کا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع بھی کوئی بعید بات نہیں ہے۔ ولید بن مسلم کا کہنا ہے کہ ثور بن یزید خود اپنے متعلق بیان کرتے ہیں کہ میں سترہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ملاقات کر چکا ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ کسی کو یہ وہم پیدا ہو کہ یہ متن چونکہ شاذ ہے اس لئے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا تو پھر بخاری و مسلم اٹھا کر دیکھیں آپ کو ایسی کتنی روایات ملیں گی جن کے متن شاذ ہیں اور ان کی سند صرف ایک ہی ہے (اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل کیا ہے) اسی سند کے ساتھ ایک اور حدیث بھی درج ذیل ہے۔

53۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْاِسْلَامُ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ لَا تُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا، وَتُقِيْمَ الصَّلٰوةَ، وَتُؤْتِيَ الزَّكٰوةَ، وَتَصُومَ رَمَضَانَ، وَتَحُجَّ الْبَيْتَ، وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَتَسْلِيْمُكَ عَلٰى اَهْلِكَ، فَمَنِ انْتَقَصَ شَيْئًا مِّنْهُنَّ فَهُوَ سَهْمٌ مِّنَ الْاِسْلَامِ يَدَعُهُ، وَمَنْ تَرَكَهُنَّ كُلَّهُنَّ فَقَدْ وَلَّى الْاِسْلَامَ ظَهْرَهُ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِثْلُ الْاَوَّلِ فِى الْاِسْتِقَامَةِ

❖❖ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ صرف اسی کی عبادت کرو، نماز و روزہ کی پابندی کرو، زکوٰۃ ادا کرو، حج ادا کرو، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرو، اپنے اہل و عیال کو سلام کرو، جس نے ان میں سے کسی بھی عمل کو چھوڑا، اس نے اسلام کا ایک حصہ (اچھا عمل) چھوڑا اور جس نے سب کو چھوڑ دیا، اس نے اسلام سے ہی منہ پھیر لیا۔

❖❖ یہ حدیث بھی گزشتہ حدیث کی طرح ''صحیح'' ہے۔

54۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِىُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِىْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِى الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُوْنٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُعَلِّمُكَ، اَوْ قَالَ: اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى كَلِمَةٍ مِّنْ تَحْتِ الْعَرْشِ مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ؟ تَقُوْلُ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَسْلَمَ عَبْدِىْ وَاسْتَسْلَمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَا يُحْفَظُ لَهٗ عِلَّةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِيَحْيَى بْنِ اَبِىْ سُلَيْمٍ

❖❖ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایک کلمہ سکھاؤں یا (شاید یہ)

حدیث: 54

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 8407 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 1707

کہ ایک کلمہ پر راہنمائی کروں جوعرش کے نیچے جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے؟ (فرمایا) تم پڑھو لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ (اس کے جواب میں) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے بندے نے اقرار کیا اور مان لیا، دل سے تسلیم کرلیا۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے اور ہمیں اس میں کوئی نقص بھی نظر نہیں آیا، اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔ حالانکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یحییٰ بن ابوسلیم کی روایات نقل کی ہیں۔

55- حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ بْنِ حَرْبٍ، وَاَخْبَرَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَجَلِيُّ، قَالَ: ذَكَرَ عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنَّ رَجُلَيْنِ دَخَلَا فِي الْاِسْلَامِ فَاهْتَجَرَا كَانَ اَحَدُهُمَا خَارِجًا مِنَ الْاِسْلَامِ حَتّٰى يَرْجِعَ الظَّالِمُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ جَمِيْعًا، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَعَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ بْنِ سَعِيْدٍ ثِقَةٌ مَاْمُوْنٌ، وَقَدْ خَرَّجَا جَمِيْعًا لَهُ غَيْرَ حَدِيْثٍ تَفَرَّدَ بِهِ، عَنْ اَبِيْهِ، وَشُعْبَةَ، وَغَيْرِهِمَا

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر دو آدمی داخل اسلام ہوں اور وہ آپس میں قطع تعلقی کرلیں تو ان میں سے ایک اسلام سے خارج ہوگا جب تک کہ جس کی جانب سے زیادتی ہے وہ اپنی غلطی سے رجوع نہ کرلے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق "صحیح" ہے لیکن دونوں نے ہی اس کو نقل کرنے سے گریز کیا ہے، حالانکہ (اس کے راوی) عبدالصمد بن عبدالوارث بن سعید ثقہ ہیں اور جرح سے بھی بچے ہوئے ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ان کی چند (ایسی) روایات (جن کو اپنے والد، شعبہ اور دیگر راویوں سے روایت کرنے میں یہ تنہا ہیں) کے علاوہ باقی تمام روایات نقل کی ہیں۔

56- حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ، وَاَبُو الْحُسَيْنِ الْحِيْرِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْهَادِ، اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ اَبِي سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا زَنَى الْعَبْدُ خَرَجَ مِنْهُ الْاِيْمَانُ، وَكَانَ كَالظُّلَّةِ، فَاِذَا انْقَلَعَ مِنْهَا رَجَعَ اِلَيْهِ الْاِيْمَانُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فَقَدِ احْتَجَّا بِرُوَاتِهِ وَلَهُ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

حدیث 56:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4690

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بندہ زنا میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کے دل سے ایمان نکل کر اس کے اوپر سائبان کی طرح ہو جاتا ہے۔ پھر جب بندہ گناہ سے فارغ ہو جاتا ہے تو دوبارہ ایمان اس میں داخل ہو جاتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے کیونکہ دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور اس حدیث کی شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی شرائط کے مطابق ''صحیح'' ہے۔

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

57- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حِمْدَانَ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ، وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ زَنٰى وَشَرِبَ الْخَمْرَ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْهُ الْاِيْمَانَ كَمَا يَخْلَعُ الْاِنْسَانُ الْقَمِيصَ مِنْ رَاْسِهٖ قَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُجَيْرَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيْدِ وَهُمَا شَامِيَّانِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص زنا کرتا ہے یا شراب پیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے ایمان اس طرح نکال لیتا ہے جیسے انسان قمیص اتار دیتا ہے۔

❖❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمٰن بن حجیرہ شامی اور عبداللہ بن ولید شامی کی روایات نقل کی ہیں۔

58- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، اَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ يَعْلٰى بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَيَاءُ وَالْاِيْمَانُ قُرِنَا جَمِيْعًا، فَاِذَا رُفِعَ اَحَدُهُمَا رُفِعَ الْاٰخَرُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا، فَقَدِ احْتَجَّا بِرُوَاتِهٖ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیاء اور ایمان دو گہرے دوست ہیں، جب ان میں سے کوئی ایک اٹھ جائے تو دوسرا خود بخود اٹھ جاتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے، دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں لیکن ان الفاظ کے ساتھ حدیث نقل نہیں کی۔

59- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ رَزِيْنٍ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِىْ اَبُوْ صَخْرٍ، عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَاْلَفُ، وَلَا خَيْرَ فِيْمَنْ لَّا يَاْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ

حدیث 58:

اخرجه ابو عبدالله البخارى فى "الادب المفرد" طبع دار البشائر الاسلامية بيروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحديث: 1313

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَا اَعْلَمُ لَهٗ عِلَّةً وَّلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن محبت کرنے والا ہوتا ہے اور وہ شخص اچھا نہیں ہے جو نہ خود محبت کرتا ہو اور نہ اس سے کوئی محبت کرتا ہو۔

✤✤ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا اور ہمارے علم میں اس حدیث میں کوئی نقص نہیں ہے۔

60۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ، حَدَّثَنَا فُضَیْلُ بْنُ سُلَیْمَانَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ عُقْبَةَ، سَمِعَ عُبَیْدَ اللّٰهِ بْنَ سُلَیْمَانَ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ یَّعْبُدُ اللّٰهَ وَلَا یُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا، وَیُقِیْمُ الصَّلٰوةَ، وَیُؤْتِی الزَّكٰوةَ، وَیَجْتَنِبُ الْكَبَائِرَ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَسَاَلُوْهُ مَا الْكَبَائِرُ ؟ قَالَ: الْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَالْفِرَارُ مِنَ الزَّحْفِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَا اَعْرِفُ لَهٗ عِلَّةً وَّلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص صرف اللہ کی عبادت کرے، شرک سے بچتا رہے، نماز کی پابندی کرے، زکوٰۃ ادا کرتا رہے اور کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے، وہ جنتی ہے (ابوایوب) کہتے ہیں: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا: کبائر کون کون سے گناہ ہیں؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، میدان جنگ سے بھاگنا اور ناحق قتل کرنا۔

حدیث59:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 22891 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء' رقم الحدیث: 5744 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء' رقم الحدیث:8976

حدیث 60:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 4009 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 23549 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 23553 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء' رقم الحدیث: 3247 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 3472 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 11100 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء' رقم الحدیث: 3885 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء' رقم الحدیث: 3880 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث:8655

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے لیکن دونوں نے اسے روایت نہیں کیا اور اس میں کوئی ضعف بھی نہیں ہے۔

61۔ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عِصْمَةَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنَا يَزِيْدُ بْنُ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ هَانِئٍ، اَنَّهُ لَمَّا وَفَدَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ شَيْءٍ يُوجِبُ الْجَنَّةَ ؟ قَالَ: عَلَيْكَ بِحُسْنِ الْكَلامِ، وَبَذْلِ الطَّعَامِ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُسْتَقِيْمٌ وَّلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالْعِلَّةُ عِنْدَهُمَا فِيْهِ اَنَّ هَانِءَ بْنَ يَزِيْدَ لَيْسَ لَهُ رَاوٍ غَيْرُ ابْنِهِ شُرَيْحٍ، وَقَدْ قَدَّمْتُ الشَّرْطَ فِيْ اَوَّلِ هٰذَا الْكِتَابِ اَنَّ الصَّحَابِيَّ الْمَعْرُوفَ اِذَا لَمْ نَجِدْ لَهُ رَاوِيًا غَيْرَ تَابِعِيٍّ وَّاحِدٍ مَعْرُوفٍ احْتَجَجْنَا بِهِ، وَصَحَّحْنَا حَدِيْثَهُ اِذْ هُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا، فَاِنَّ الْبُخَارِيَّ قَدِ احْتَجَّ بِحَدِيْثِ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ مِرْدَاسٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ وَاحْتَجَّ بِحَدِيْثِ قَيْسٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَمِيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ عَلٰى عَمَلٍ وَّلَيْسَ لَهُمَا رَاوٍ غَيْرُ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، وَكَذٰلِكَ مُسْلِمٌ قَدِ احْتَجَّ بِاَحَادِيْثِ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ وَاَحَادِيْثِ مَجْزَاَةَ بْنِ زَاهِرٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ فَلَزِمَهُمَا جَمِيْعًا عَلٰى شَرْطِهِمَا الاحْتِجَاجُ بِحَدِيْثِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، فَاِنَّ الْمِقْدَامَ وَاَبَاهُ شُرَيْحًا مِّنْ اَكَابِرِ التَّابِعِيْنَ، وَقَدْ كَانَ هَانِءُ بْنُ يَزِيْدَ وَفَدَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

◇◇ حضرت ہانی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب وہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو دریافت کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کون سا عمل ہے جو جنت میں جانے کا باعث بنتا ہے؟ فرمایا: اچھی گفتگو اور کھانا کھلانا۔

❖❖ یہ حدیث ''صحیح'' ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا حالانکہ اس میں کوئی نقص بھی نہیں ہے۔ ہوسکتا ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک اس حدیث میں یہ نقص ہو کہ اس کی سند میں ہانی بن یزید کا اس کے بیٹے ''شریح'' کے علاوہ دوسرا کوئی راوی نہیں ہے اور اس کتاب کے آغاز میں یہ بات گزر چکی ہے کہ جب کسی معروف صحابی سے ایک بھی معروف تابعی روایت کرنے والا ہوگا ہم وہ حدیث نقل کریں گے اور اسے ''صحیح'' قرار دیں گے کیونکہ وہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے قیس بن ابوحازم کی وہ روایت جس میں مرداس اسلمی کے حوالے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ''يَذْهَبُ الصَّالِحُونَ'' (والا) فرمان (موجود ہے) نقل کیا ہے، یونہی قیس کی وہ روایت جس میں عدی بن عمیرہ کے حوالے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ''مَنِ اسْتَعْمَلْنَا عَلٰى عَمَلٍ'' ہے، نقل کیا ہے حالانکہ پہلی حدیث میں مرداس اسلمی اور دوسری میں عدی بن

حدیث 61:

اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 470 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة، بيروت، لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحديث: 1140 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 25332 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 490

عمیرہ کا قیس بن ابوحازم کے علاوہ اور کوئی راوی نہیں ہے۔ یونہی امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابو مالک اشجعی کی روایات ان کے والد کے حوالے سے اور مجزاۃ بن زاہر اسلمی کی ان کے والد کے حوالے روایات نقل کی ہیں تو ان کو "شریح" کی اپنے والد سے روایت کردہ احادیث بھی نقل کرنی چاہئے تھیں کیونکہ مقدام اور اس کے والد شریح اکابر تابعین میں سے ہیں۔ اس کی دلیل ہانی بن یزید کا رسول پاک کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا درج ذیل واقعہ بھی ہے۔

62- كَمَا حَدَّثَنَاهُ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ نُصَيْرٍ الْخُلْدِيِّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ هَانِءِ بْنِ يَزِيْدَ، اَنَّهُ وَفَدَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَنُّوْنَهُ بِاَبِي الْحَكَمِ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَكَمُ لِمَ تُكَنّٰى بِاَبِي الْحَكَمِ ؟ قَالَ: اِنَّ قَوْمِي اِذَا اخْتَلَفُوا حَكَمْتُ بَيْنَهُمْ فَرَضِيَ الْفَرِيقَانِ، قَالَ: هَلْ لَكَ وَلَدٌ ؟ قَالَ: شُرَيْحٌ وَّعَبْدُ اللّٰهِ وَمُسْلِمٌ بَنُو هَانِءٍ، قَالَ: فَمَنْ اَكْبَرُهُمْ ؟ قَالَ: شُرَيْحٌ، قَالَ: فَاَنْتَ اَبُوْ شُرَيْحٍ فَدَعَا لَهُ وَلِوَلَدِهِ وَقَدْ ذَكَرْتُ فِيْ كِتَابِ الْمَعْرِفَةِ فِيْ ذِكْرِ الْمُخَضْرَمِيْنَ شُرَيْحَ بْنَ هَانِءٍ فَاِنَّهُ اَدْرَكَ الْجَاهِلِيَّةَ وَالْاِسْلَامَ، وَلَمْ يَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَارَ عِدَادُهُ فِي التَّابِعِيْنَ

✧✧ حضرت ہانی بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے، آپ کو پتہ چلا کہ میری کنیت "ابوالحکم" ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "حکم" تو اللہ تعالیٰ ہے تم نے اپنی کنیت "ابوحکم" کیوں رکھی ہوئی ہے؟ (شریح کہتے ہیں میرے والد نے) جواب دیا: ہمارے قبیلے میں جب لوگوں کا آپس میں کسی بات پر جھگڑا ہو جاتا ہے تو میں ان میں فیصلہ کرتا ہوں (اس لئے لوگ مجھے ابوالحکم کہتے ہیں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیری اولاد ہے؟ میں نے عرض کیا: میرے تین بیٹے شریح، عبداللہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: ان میں بڑا کون ہے؟ میں نے عرض کی "شریح" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (آج کے بعد تیری کنیت) ابوشریح ہے، اس کے بعد آپ نے میرے لئے اور میری اولاد کے لئے دعا فرمائی اور میں نے اپنی کتاب "المعرفۃ" کے اندر مخضرمین کے ذکر میں شریح بن ہانی کا بھی تذکرہ کیا ہے کیونکہ انہوں نے زمانہ جاہلیت بھی پایا ہے اور اسلام کا زمانہ بھی لیکن رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نہ کر سکے۔ اس لئے ان کا شمار تابعین میں ہوتا ہے۔

حدیث: 62

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4955 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 5387 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 504 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 5940 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 811 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبیر" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 464 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبیر" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 466 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 4955

63- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا خَشْنَامُ بْنُ الصِّدِّيقِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ التُّجِيْبِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْنُسَ سُلَيْمُ بْنُ جُبَيْرٍ مَوْلٰى اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا فَوَضَعَ اِصْبَعَهُ الدُّعَاءِ عَلٰى عَيْنَيْهِ وَاِبْهَامَيْهِ عَلٰى اُذُنَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِحَرْمَلَةَ بْنِ عِمْرَانَ وَاَبِيْ يُوْنُسَ، وَالْبَاقُوْنَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِمْ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت "اِنَّهُ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا" پڑھی اور شہادت کی انگلی آنکھوں پر اور اپنے انگوٹھے کانوں پر رکھ لئے۔

✧✧ یہ حدیث "صحیح" ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا حالانکہ (اس کی سند کے راوی) حرملہ بن عمران اور ابویونس کی روایات امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں اور ان کے علاوہ اس سند کے بقیہ تمام راوی متفق علیہ ہیں۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

64- حَدَّثَنَاهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ، حَدَّثَنِيْ هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كَانَتْ مِنْ فِتْنَةٍ وَّلَا تَكُوْنُ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ اَعْظَمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا وَقَدْ حَذَّرَ قَوْمَهُ، وَلَا اُخْبِرُكُمْ مِنْهُ بِشَيْءٍ مَا اَخْبَرَ بِهِ نَبِيٌّ قَبْلِيْ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى عَيْنِهِ، ثُمَّ قَالَ: اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَيْسَ بِاَعْوَرَ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت تک فتنۂ دجال سے بڑا فتنہ نہ پیدا ہوا ہے، نہ ہوگا اور جو نبی بھی کسی قوم کی طرف آیا، اس نے ان کو متنبہ کیا اور میں بھی تمہیں وہی باتیں بتا رہا ہوں جو مجھ سے پہلے انبیاء بتاتے رہے۔ اس کے بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک آنکھوں پر رکھ کر فرمایا: اللہ تعالیٰ "نابینا" نہیں ہے۔

65- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَهْدِيِّ بْنِ رُسْتُمَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ

حدیث 65:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث: 5223 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 15929 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 5416 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالكتب العلمیه، بیروت، لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 7364 اخرجه ابوبكر الشیبانی فی "الآحاد والمثانی" طبع دارالرایة، ریاض، سعودی عرب، 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 1263

عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، وَمُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا قَشِفُ الْهَيْئَةِ، قَالَ: هَلْ لَكَ مِنْ مَّالٍ ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: مِنْ اَيِّ الْمَالِ ؟ قُلْتُ: مِنْ كُلٍّ مِّنَ الاِبِلِ وَالْخَيْلِ وَالرَّقِيْقِ وَالْغَنَمِ، قَالَ: فَاِذَا اٰتَاكَ اللّٰهُ مَالا فَلْيُرَ عَلَيْكَ، قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تُنْتَجُ اِبِلُ قَوْمِكَ صِحَاحٌ اٰذَانُهَا فَتَعْمَدُ اِلَى الْمُوْسٰى فَتَقْطَعُ اٰذَانَهَا، وَتَقُوْلُ: هِيَ بُحُرٌ، وَتَشُقُّهَا اَوْ تَشُقُّ جُلُوْدَهَا، وَتَقُوْلُ: هِيَ حَرَمٌ فَتُحَرِّمَهَا عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِكَ ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَكُلُّ مَا اٰتَاكَ اللّٰهُ لَكَ حِلٌّ، وَسَاعِدُ اللّٰهِ اَشَدُّ مِنْ سَاعِدِكَ، وَمُوْسَى اللّٰهِ اَحَدُّ مِنْ مُّوْسِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الاِسْنَادِ، وَقَدْ رَوَاهُ جَمَاعَةٌ مِّنْ اَئِمَّةِ الْكُوفِيِّيْنَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، وَقَدْ تَابَعَ اَبُو الزَّعْرَاءِ عَمْرُو بْنُ عَمْرٍو اَبَا اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيَّ فِيْ رِوَايَتِهٖ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لاَنَّ مَالِكَ بْنَ نَضْلَةَ الْجُشَمِيَّ لَيْسَ لَهٗ رَاوٍ غَيْرُ ابْنِهٖ اَبِي الْاَحْوَصِ وَقَدْخَرَّجَ الْمُسْلِمُ عَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ بْنِ اُسَامَةَ، عَنْ اَبِيْهِ وَلَيْسَ لَهٗ رَاوٍ غَيْرُ ابْنِهٖ وَكَذٰلِكَ، عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ وَهٰذَا اَوْلٰى مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ

✧✧ حضرت ابوالاحوص رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں' میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا، اس وقت میری حالت بہت پراگندہ تھی۔ آپ ﷺ نے (میری ناگفتہ بہ حالت دیکھ کر) فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی مال ہے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کس نوعیت کا مال ہے؟ میں نے عرض کی: حضور! اونٹ، گھوڑے، بھیڑ، بکریاں، اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا سب کچھ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں مال دیا ہے تو وہ تمہارے اوپر نظر بھی آنا چاہئے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا ایسا نہیں ہوتا کہ تمہارے قبیلے کی اونٹنیاں جب بچہ پیدا کرتی ہیں تو اس کے کان سلامت ہوتے ہیں لیکن تم کٹوا کر اس کا نام ''بحیرہ'' رکھ دیتے ہو اور ان کے کان یا کھال پھاڑ کر کہتے ہو''یہ حرام ہے'' پھر اس کو اپنے اوپر اور اپنے اہل وعیال پر حرام سمجھنے لگ جاتے ہو (ابوالاحوص کے والد کہتے ہیں) میں نے کہا: جی ہاں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جو حلال رزق تمہیں دیا ہے، اسے کھاؤ (اور یاد رکھو) اللہ تعالیٰ کا بازو تمہارے بازو سے زیادہ مضبوط ہے اور اس کی تلوار تمہاری تلوار سے زیادہ تیز ہے۔

❖•❖ یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے، اسے کوفی آئمہ حدیث کی ایک جماعت نے ابواسحاق کے حوالے سے نقل کیا ہے اور جس طرح ابواسحاق السبیعی نے یہ روایت ابوالاحوص سے لی ہے، اسی طرح ابوالزعراء عمرو بن عمرو نے بھی ابوالاحوص سے یہ روایت لی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ مالک بن نضلہ جشمی کا ان کے بیٹے ابوالاحوص کے سوا دوسرا کوئی راوی نہیں ہے جبکہ خود امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوالملیح بن اسامہ کی ان کے والد کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں حالانکہ اسامہ کا اپنے بیٹے ابوالملیح کے علاوہ دوسرا کوئی راوی نہیں ہے۔ یونہی ابو مالک اشجعی کی ان کے والد کے حوالے سے بھی روایات موجود ہیں حالانکہ یہاں پر بھی والد کا راوی صرف بیٹا ہی ہے اور مالک بن نضلہ جشمی کی سند دیگر سب سے بہتر ہے۔

66۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِيْ عُثْمَانَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا

عَفَّانُ، وَاَبُوْ سَلَمَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، وَاَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْبَانَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ: فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ بَدَا مِنْهُ قَدْرُ هٰذَا

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ (الاعراف ۱۴۳) (پھر جب اس کے رب نے پہاڑ پر اپنا نور چمکایا تو اسے پاش پاش کر دیا) کے متعلق فرمایا: اس سے اس پہاڑ کی عظمت ظاہر ہوتی ہے۔

67۔ وَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى بْنِ السَّكَنِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَيْكَ، قَالَ: فَاَخْرَجَ مِنَ النُّورِ مِثْلَ هٰذَا، وَاَشَارَ بِيَدِهٖ اِلٰى نِصْفِ اُنْمُلَةِ الْخِنْصَرِ، فَضَرَبَ بِهَا صَدْرَ حَمَّادٍ، قَالَ: فَسَاخَ الْجَبَلُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قَالَ: رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَيْكَ (عرض کی: اے میرے رب مجھے اپنا دیدار دکھا کہ میں تجھے دیکھوں) آیت پڑھی اور فرمایا: (اس موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چھنگلیا کے آدھے پورے کی طرف اشارہ کیا پھر حماد کے سینے پر مار کر فرمایا) نور کی اتنی سی کرن نکلی، جس سے پہاڑ دھنس گیا۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

68۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلْمَانَ الْاَغَرُّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ وَيَضْحَكُ اِلَيْهِمُ: الَّذِیْ اِذَا تَكَشَّفَ فِئَةً قَاتَلَ وَرَائَهَا بِنَفْسِهٖ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ اِنَّمَا خَرَّجَا فِیْ هٰذَا الْبَابِ حَدِيْثَ اَبِیْ

حدیث: 66

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 3074 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 12282 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 13201 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 3249 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 4104 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 4105 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 1836

الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ اللّٰهُ إِلٰى رَجُلَيْنِ الْحَدِيْثُ فِي الْجِهَادِ

✧✧ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تین اشخاص ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے اوران کی طرف دیکھ کرمسکراتا ہے (ان میں ایک وہ شخص بھی ہے) جودشمن سے مڈبھیڑ کے وقت محض رضائے الٰہی کی خاطر اپنی جان کانذرانہ پیش کردیتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں لیکن اس حدیث کونقل نہیں کیا۔ البتہ اس باب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا {يَضْحَكُ اللّٰهُ إِلٰى رَجُلَيْنِ " اللہ تعالیٰ دوآدمیوں کی طرف دیکھ کرمسکراتا ہے''} والا جہاد سے متعلق پورا فرمان ابوالزناد پھراعرج اورپھرابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا گیا ہے۔

69۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُوْدٍ الْبُنَانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ حَبَّةٌ مِّنْ كِبْرٍ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهُ لَيُعْجِبُنِيْ اَنْ يَّكُوْنَ ثَوْبِيْ جَدِيْدًا، وَرَاْسِي دَهِينًا، وَشِرَاكُ نَعْلِيْ جَدِيْدًا، قَالَ: وَذَكَرَ اَشْيَاءَ حَتّٰى ذَكَرَ عَلَاقَةَ سَوْطِهِ، فَقَالَ: ذَاكَ جَمَالٌ، وَاللّٰهُ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ، وَلٰكِنَّ الْكِبْرَ مَنْ بَطِرَ الْحَقَّ وَازْدَرَى النَّاسَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِرُوَاتِهِ وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جس شخص کے دل میں ذراسا بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں نہیں جائے گا۔ ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہرشخص یہ چاہتا ہے کہ صاف ستھرے کپڑے پہنے، سرمیں تیل لگاکررکھے (نئے جوتے پہنے) جوتوں کے تسمے تک نئے ہوں (ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں)اس نے متعدد چیزیں گنوائیں حتی کہ چابک کے دستے تک کا بھی ذکرکیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ توجمال ہے اوراللہ تعالیٰ جمال کوپسند کرتا ہے۔ تکبر سے مراد اترانا اورلوگوں کوحقیر جاننا ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اورامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کونقل نہیں کیا، حالانکہ دونوں نے اس کے

حدیث 69:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 91 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4091 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي' في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1999 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 3789 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 5466 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 10533

تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور اس کی شاہد ایک اور حدیث بھی ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

70- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمِنَ الْكِبْرِ اَنْ اَلْبِسَ الْحُلَّةَ الْحَسَنَةَ؟ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا صاف ستھرا اور اچھا لباس پہننا بھی تکبر میں شامل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ خود صاحب جمال ہے اور وہ جمال کو پسند کرتا ہے۔

71- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اِمْلَاءً، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَعَا اللّٰهُ جِبْرَائِيلَ فَاَرْسَلَهُ اِلَى الْجَنَّةِ، فَقَالَ: اُنْظُرْ اِلَيْهَا وَمَا اَعْدَدْنَا فِيهَا لِاَهْلِهَا، فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ لَا يَسْمَعُ بِهَا اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَهَا، فَحُفَّتْ بِالْمَكَارِهِ، قَالَ: ارْجِعْ اِلَيْهَا فَانْظُرْ اِلَيْهَا فَرَجَعَ، فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ لَّا يَدْخُلَهَا اَحَدٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ رَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو بِزِيَادَةِ اَلْفَاظٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جبرائیل علیہ السلام کو جنت کی طرف بھیجا اور فرمایا جنت کا بھی مشاہدہ کرو اور اس میں جنتیوں کے لئے ہم نے جو نعمتیں تیار کر رکھی ہیں ان کو بھی دیکھو (جبرئیل علیہ السلام یہ تمام مشاہدہ کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں) عرض کرتے ہیں: یا اللہ! مجھے تیری عزت وجلال کی قسم ہے جو شخص بھی یہ سن لے وہ جنت میں لازمی جائے گا۔ پھر جنت کو تکلیفوں سے ڈھانپ دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے جبرائیل علیہ السلام سے پھر فرمایا کہ

حدیث 71:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4744 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2560 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 3763 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 8379 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 8633 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 8848 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 7394 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 72 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 4702 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 5940

اب جا کر دیکھو (جبرئیل علیہ السلام نے دوبارہ جنت کا مشاہدہ کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آ کر) عرض کی: یا اللہ! تیری عزت کی قسم ہے، مجھے اس بات کا خدشہ ہے کہ اس میں کوئی بھی نہیں جا سکے گا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ جبکہ اسی حدیث کو حماد بن سلمہ نے محمد بن عمرو کے حوالے سے کچھ الفاظ کے اضافے کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(الفاظ کے اضافہ کے ساتھ حدیث درج ذیل ہے)

72۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَا جَبْرَائِيْلُ اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا، فَقَالَ: لاَ يَسْمَعُ بِهَا اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَهَا، ثُمَّ حَفَّهَا بِالْمَكَارِهِ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا، قَالَ: فَذَهَبَ فَنَظَرَ اِلَيْهَا، فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ لَّا يَدْخُلَهَا اَحَدٌ، ثُمَّ خَلَقَ النَّارَ، فَقَالَ: يَا جَبْرَائِيْلُ اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا، قَالَ: فَذَهَبَ فَنَظَرَ اِلَيْهَا، فَقَالَ: لاَ يَسْمَعُ بِهَا اَحَدٌ فَيَدْخُلَهَا، قَالَ: فَحَفَّهَا بِالشَّهَوَاتِ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا، قَالَ: فَذَهَبَ فَنَظَرَ اِلَيْهَا، فَقَالَ: يَا رَبِّ وَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ لَّا يَبْقٰى اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَهَا

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا تو حضرت جبرئیل علیہ السام سے فرمایا: جاؤ جنت کا مشاہدہ کرو (رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم) فرماتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام گئے اور جنت کا مشاہدہ کیا اور کہنے لگے: اس میں ہر کوئی داخل ہوگا۔ پھر جنت کو مصیبتوں میں لپیٹ دیا گیا۔ پھر فرمایا: جاؤ اور جنت کا مشاہدہ کرو۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام پھر گئے، جنت کا مشاہدہ کیا، پھر عرض کی: اے اللہ! تیری عزت کی قسم ہے، مجھے یوں لگتا ہے کہ اس میں کوئی بھی داخل نہیں ہو پائے گا۔ پھر دوزخ پیدا کی گئی تو ارشاد فرمایا: جبرائیل علیہ السلام! جاؤ، دوزخ کا مشاہدہ کرو، حضرت جبرائیل علیہ السلام گئے اور دوزخ کا مشاہدہ کرنے کے بعد عرض کی: اس میں کوئی نہیں آئے گا۔ پھر اس کو نفسانی خواہشات میں لپیٹ دیا گیا پھر فرمایا: اب جاؤ اور دوزخ کا مشاہدہ کرو۔ جبرائیل نے پھر جا کر اس کو دیکھا اور عرض کی: یا اللہ مجھے تیری عزت اور جلال کی قسم ہے، مجھے لگتا ہے کہ اس سے کوئی شخص نہیں بچ سکتا۔

73۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِیءٍ، وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَصْمَةَ الْعَدْلُ، قَالَا: حَدَّثَنَا السِّرِی بْنُ خُزَيْمَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْاَصْبَهَانِی، حَدَّثَنَا يَحْيٰی بْنُ يَمَانَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَ لِلسَّمَاءِ اَخْرِجِی شَمْسَكِ وَقَمَرَكِ وَنُجُوْمَكِ وَقَالَ لِلْاَرْضِ شَقِّقِیْ اَنْهَارَكِ وَاَخْرِجِی ثِمَارَكِ فَقَالَتَا اَتَيْنَا طَائِعِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَتَفْسِيْرُ الصَّحَابِی عِنْدَهُمَا مُسْنَدٌ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا (کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں) کہ اللہ تعالیٰ آسمان سے فرمائے گا: اپنے سورج، چاند اور ستارے نکال دے اور زمین سے کہے گا: اپنے دریاؤں کو توڑ دے اور اپنے پھول ...

نکال دے، تو زمین وآسمان عرض کریں گے: ہم نے اطاعت کرتے ہوئے یہ کام کر دیئے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ جبکہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک صحابی کی تفسیر مستند ہے۔

74- حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حِمْدَانَ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِي اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، وَاَخْبَرَنِي اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي نَصْرٍ الدَّرَابَرْدِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِي، وَاَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، فِيْمَا قُرِءَ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، سُئِلَ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ: وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ، قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْاَلُ عَنْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهُ بِيَمِيْنِهِ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً، فَقَالَ: خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلْجَنَّةِ وَبِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ يَعْمَلُوْنَ، ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهُ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً، فَقَالَ: خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلنَّارِ وَبِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ يَعْمَلُوْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت مسلم بن یسار جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے اس آیت: وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ سے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی یہی سوال کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا، پھر اپنا دست قدرت ان کی پشت مبارک پر پھیرا تو ان کی کچھ اولاد باہر نکل آئی، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ان لوگوں کو میں نے جنت کے لئے پیدا کیا ہے اور یہ جنتیوں والے کام کریں گے پھر آدم علیہ السلام کی پیٹھ پر دوبارہ ہاتھ پھیرا تو باقی اولاد بھی نکل آئی، اللہ تعالیٰ نے ان سے متعلق فرمایا: ان کو میں نے جہنم کے لئے پیدا کیا ہے اور یہ جہنمیوں والے ہی کام کریں گے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

حدیث 74:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4703 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3075 اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي) رقم الحديث: 1593 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 6166 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 3256 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 4001 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 11190

75۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ الْبَصْرِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ كُلْثُوْمِ بْنِ جَبْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَخَذَ اللّٰهُ الْمِيثَاقَ مِنْ ظَهْرِ اٰدَمَ فَاَخْرَجَ مِنْ صُلْبِهٖ ذُرِّيَّةً ذَرَاهَا فَنَثَرَهُمْ نَثْرًا بَيْنَ يَدَيْهِ كَالذَّرِّ، ثُمَّ كَلَّمَهُمْ، فَقَالَ: اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؟ قَالُوْا: بَلٰى، شَهِدْنَا اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غَافِلِيْنَ، اَوْ تَقُوْلُوْا اِنَّمَا اَشْرَكَ اٰبَاؤُنَا مِنْ قَبْلُ، وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْ بَعْدِهِمْ، اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِكُلْثُوْمِ بْنِ جَبْرٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما (مذکورہ آیت کی تفسیر کرتے ہوئے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے (لوگوں سے اپنی ربوبیت کا جو اقرار کروایا تھا وہ اس طرح تھا کہ) آدم علیہ السلام کی پشت مبارک سے تمام اولاد کو چھوٹی چھوٹی چیونٹیوں کی مانند نکال کر یوں بکھیر دیا جیسے کھیت میں بیج بکھیرا جاتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ نے ان تمام سے فرمایا: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے عرض کی: کیوں نہیں۔ ہم گواہ ہوئے کہ کہیں قیامت کے دن کہو کہ ہمیں اس کی خبر نہ تھی یا کہو کہ شرک تو پہلے ہمارے باپ دادا نے کیا اور ہم ان کے بعد بچے ہوئے تو کیا تو ہمیں اس پر ہلاک فرمائے گا جو اہل باطل نے کیا۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، حالانکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے کلثوم بن جبر کی روایات نقل کی ہیں۔

76۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيْفَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَوْمَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى كَانَ عَلَيْهِ جُبَّةُ صُوْفٍ، وَسَرَاوِيلُ صُوفٍ، وَكُمَّةُ صُوفٍ، وَكِسَاءُ صُوفٍ، وَنَعْلَانِ مِنْ جِلْدِ حِمَارٍ غَيْرِ ذَكِيٍّ قَدِ اتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلَى الْاِحْتِجَاجِ بِحَدِيْثِ سَعِيْدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ، وَحُمَيْدٌ هٰذَا لَيْسَ بِابْنِ قَيْسٍ الْاَعْرَجِ، قَالَ الْبُخَارِيُّ فِي التَّارِيخِ: حُمَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَعْرَجُ الْكُوفِيُّ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ النَّجْرَانِيُّ مُحْتَجٌّ بِهٖ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ وَّحْدَهُ بِخَلَفِ بْنِ خَلِيْفَةَ،

وَهٰذَا حَدِيْثٌ كَبِيْرٌ فِي التَّصَوُّفِ وَالتَّكَلُّمِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَيَّاشٍ

✧✧ حضرت (عبداللہ) ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس دن اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو ہمکلامی کا شرف بخشا، اس دن موسیٰ علیہ السلام نے اونی لباس پہنا ہوا تھا، جبہ اور چادر بھی اون ہی کی تھی اور چمڑے کے جوتے پہنے ہوئے تھے۔

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے (اس حدیث کے ایک راوی) سعید بن منصور کی روایات نقل کی ہیں اور

حديث 76:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث:1734 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث:4986

(اس سند میں مذکور) ''حمید اعرج'' قیس اعرج کے بیٹے نہیں ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے التاریخ میں لکھا ہے کہ حمید بن علی الاعرج کوفی منکر حدیث تھا اور عبداللہ بن حارث کی روایات شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے خلف بن خلیفہ کی روایات نقل کی ہیں۔ تصوف کے حوالے سے یہ حدیث بہت عظیم الشان ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔ اسماعیل بن عیاش کی ایک روایت اس حدیث کی شاہد ہے (وہ روایت درج ذیل ہے)

77- حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَادَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ التَّمَّارُ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِلِبَاسِ الصُّوفِ تَجِدُوْنَ حَلَاوَةَ الْاِيْمَانِ فِيْ قُلُوبِكُمْ

✧✧ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اونی لباس پہنا کرو، اس سے تم اپنے دلوں میں ایمان کی چاشنی پاؤ گے۔

78- اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرْبِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسَى الْاَشْيَبُ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ وَقَدْ قَارَبَ بَيْنَ اَصْحَابِهِ السَّيْرُ فَرَفَعَ بِهَاتَيْنِ الْاٰيَتَيْنِ صَوْتَهٗ: يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارٰى وَمَا هُمْ بِسُكَارٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ فَلَمَّا سَمِعَ اَصْحَابُهٗ ذٰلِكَ، حَثُّوا الْمَطِيَّ وَعَرَفُوْا اَنَّهٗ عِنْدَ قَوْلٍ يَّقُوْلُهٗ، فَلَمَّا تَاَشَّبُوْا عِنْدَهٗ حَوْلَهٗ، قَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ اَيُّ يَوْمٍ ذَاكُمْ؟ قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: ذَاكَ يَوْمٌ يُنَادِيْ اٰدَمُ فَيُنَادِيهِ رَبُّهٗ فَيَقُوْلُ: يَا اٰدَمُ، ابْعَثْ بَعْثَ النَّارِ، فَيَقُوْلُ: وَمَا بَعْثُ النَّارِ؟ فَيَقُوْلُ: مِنْ كُلِّ اَلْفٍ تِسْعُ مِائَةٍ وَّتِسْعَةٌ وَّتِسْعُونَ اِلَى النَّارِ وَوَاحِدٌ اِلَى الْجَنَّةِ، قَالَ: فَاُبْلِسُوْا حَتّٰى مَا اَوْضَحُوا بِضَاحِكَةٍ، فَلَمَّا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ قَالَ: اعْلَمُوا وَاَبْشِرُوْا، فَوَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ، اِنَّكُمْ مَعَ خَلِيقَتَيْنِ مَا كَانَتَا مَعَ شَيْءٍ اِلَّا كَثَّرَتَاهُ يَاْجُوجُ وَمَاْجُوجُ وَمَنْ هَلَكَ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ وَبَنِيْ اِبْلِيسَ، قَالَ: فَسَرّٰى ذٰلِكَ عَنِ الْقَوْمِ، قَالَ: اعْلَمُوا وَاَبْشِرُوْا، فَوَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ، مَا اَنْتُمْ فِي النَّاسِ اِلَّا كَالرَّقْمَةِ فِيْ ذِرَاعِ الدَّابَّةِ اَوْ كَالشَّامَةِ فِيْ جَنْبِ الْبَعِيْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِطُوْلِهٖ، وَالَّذِيْ عِنْدِيْ اَنَّهُمَا قَدْ تَحَرَّجَا مِنْ ذٰلِكَ خَشْيَةَ الْاِرْسَالِ، وَقَدْ سَمِعَ الْحَسَنُ مِنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَّهٰذِهِ الزِّيَادَاتُ الَّتِيْ فِيْ هٰذَا الْمَتْنِ اَكْثَرُهَا عِنْدَ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ وَّهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَا وَاحِدٌ مِّنْهُمَا

✧✧ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک مرتبہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوران سفر اپنے قافلے کے ساتھیوں کو

قریب کیا اور بلند آواز سے یہ آیتیں تلاوت کیں۔ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ یَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّاۤ اَرْضَعَتْ وَ تَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَ تَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَ مَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَ لٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِیْدٌ (سورۃ الحج:۱،۲) ''اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو بے شک قیامت کا زلزلہ بڑی سخت چیز ہے جس دن تم اسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے کو بھول جائے گی اور حمل والی اپنے حمل گرا دے گی اور تو لوگوں کو دیکھے گا جیسے نشہ میں ہیں حالانکہ وہ نشہ میں نہ ہوں گے بلکہ اللہ کا عذاب بہت سخت ہوگا'' جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ آیات سنی تو اپنی سواریاں بھگا کر فوراً رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ارد گرد جمع ہو گئے کیونکہ وہ سمجھے کہ شاید یہ سب کچھ ابھی رسول پاک کے گفتگو ختم کرتے ہی ہو جائے گا۔ جب تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ارد گرد اکٹھے ہو گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جانتے ہو وہ دن کون سا دن ہوگا؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: اللہ عزوجل اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ دن ہوگا جس دن آدم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کو پکاریں گے، اللہ تعالیٰ آدم سے فرمائے گا: تم جہنمی لوگوں کو جہنم میں بھیج دو۔ آدم علیہ السلام عرض کریں گے: الٰہی جہنمی لوگ کتنے ہیں؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہزار میں سے ۹۹۹ جہنم میں اور ایک جنت میں (عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) یہ سن کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس قدر غمزدہ ہوئے کہ ان کے چہروں پر ہلکی سی بھی مسکراہٹ نہ رہی۔ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی یہ کیفیت دیکھی تو فرمایا: جان لو! تمہیں خوشخبری ہو، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے تمہارے اندر دو ایسی مخلوقیں ہیں کہ کسی بھی زیادہ سے زیادہ کثرت والی چیز سے ان کا تقابل کرو تو ہر ایک کے مقابلہ میں وہی زیادہ ہوں گے حتیٰ کہ جتنے انسان اور شیاطین مر چکے ہیں ان سے بھی زیادہ۔ وہ مخلوقیں یاجوج اور ماجوج ہیں (عمران کہتے ہیں) یہ بات سن کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے وہ غم اور حزن دور ہو گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزید فرمایا: جان لو! تمہارے لئے خوشخبری ہے، اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، پوری انسانیت میں تمہاری حیثیت اتنی ہی ہے جتنی کسی چوپائے کے پاؤں کے نیچے زمین آتی ہے (یا یوں سمجھو کہ) جس طرح اونٹ کے پہلو میں چھوٹا سا تل ہو (سارا اونٹ انسان کی مانند اور تم اس کے پہلو میں تل کی مانند ہو)

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے اس قدر تفصیل سے روایت نہیں کیا اور میرا خیال ہے کہ شیخین علیہما الرحمۃ نے اسے ارسال کے خوف کی وجہ سے نقل نہیں کیا حالانکہ حسن نے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے حدیث کا سماع کیا ہے (اور ذیل میں ہم ایک حدیث پیش کر رہے ہیں) اس کے متن میں جو اضافے ہیں وہ مذکورہ حدیث سے بھی زیادہ ہیں اور اس کی سند معمر سے پھر قتادہ سے ہوتی ہوئی حضرت انس رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق ''صحیح'' بھی ہے لیکن دونوں میں سے کسی ایک نے کسی بھی حدیث کو نقل نہیں کیا۔

79۔ اَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ: یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ اِلٰی قَوْلِهٖ تَعَالٰی: وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِیْدٌ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِیْ مَسِیْرٍ لَّهٗ فَذَكَرَ الْحَدِیْثَ بِنَحْوِهٖ وَقَدِ اتَّفَقَا جَمِیْعًا عَلٰی اِخْرَاجِ حَدِیْثِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ بَعْضَ

هٰذَا الْمَتْنِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، جب یہ آیت: یٰاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ اِلٰی قَوْلِهٖ تَعَالٰی: وَلٰکِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِیْدٌ تک حالت سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی (اس کے بعد تفصیلی حدیث ذکر کی ہے)

✧✧ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اعمش کی روایت ابوصالح پھر ابوسعید کے حوالے سے نقل کی ہے اور اس میں اس متن کا کچھ حصہ نقل کیا ہے (حدیث درج ذیل ہے)

80۔ کَمَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَتَّابٍ الْعَبْدِیُّ بِبَغْدَادَ، وَاَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ دُحَیْمٍ الشَّیْبَانِیُّ بِالْکُوْفَةِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَبْسِیُّ، حَدَّثَنَا وَکِیْعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: یَقُوْلُ اللّٰهُ: یَا اٰدَمُ، فَیَقُوْلُ: لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ فِیْ یَدَیْكَ، قَالَ: یَقُوْلُ: اَخْرِجْ بَعْثَ النَّارِ فَذَکَرَ الْحَدِیْثَ مُخْتَصَرًا دُوْنَ ذِکْرِ النُّزُوْلِ وَغَیْرِهٖ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ، عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ، عَنْ وَکِیْعٍ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم! آدم علیہ السلام عرض کریں گے: اے میرے مولیٰ! میں حاضر ہوں (کیا حکم ہے؟) اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جہنمی گروہ کو الگ کرلو۔ اس کے بعد ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے نزول وغیرہ کا ذکر کئے بغیر اختصار کے ساتھ حدیث مکمل کی۔ جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عمر بن حفص پھر ان کے والد پھر اعمش کے حوالے سے یہ حدیث نقل کی ہے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوبکر کی روایت وکیع کے حوالے سے نقل کی ہے۔

81۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ، حَدَّثَنَا حُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ کُلَیْبٍ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اتَّقُوْا دَعَوَاتِ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهَا تَصْعَدُ اِلَی السَّمَآءِ کَاَنَّهَا شَرَارٌ قَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَاصِمِ بْنِ کُلَیْبٍ وَّالْبَاقُوْنَ مِنْ رُوَاةِ هٰذَا الْحَدِیْثِ مُتَّفَقٌ عَلَی الْاِحْتِجَاجِ بِهِمْ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مظلوم کی بددعا سے بچو کیونکہ مظلوم کی بددعا آسمان کی طرف شعلوں کی طرح بلند ہوتی ہے۔

✧✧ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عاصم بن کلیب کی روایات نقل کی ہیں جبکہ ان کے علاوہ اس سند کے تمام راوی متفق علیہ ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ان کی روایات کو نقل کیا ہے لیکن مذکورہ حدیث کو نقل نہیں کیا۔

82۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ، حَدَّثَنَا فُضَیْلُ بْنُ سُلَیْمَانَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنِیْ اِسْحَاقُ بْنُ یَحْیٰی،

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَهُوَ تَحْتَ لِوَائِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَنْتَظِرُ الْفَرَجَ، وَاِنَّ مَعِي لِوَاءَ الْحَمْدِ، اَنَا اَمْشِي وَيَمْشِي النَّاسُ مَعِي حَتّٰى اٰتِيَ بَابَ الْجَنَّةِ فَاَسْتَفْتِحُ، فَيُقَالُ: مَنْ هٰذَا ؟ فَاَقُوْلُ: مُحَمَّدٌ، فَيُقَالُ: مَرْحَبًا بِمُحَمَّدٍ، فَاِذَا رَاَيْتُ رَبِّي خَرَرْتُ لَهُ سَاجِدًا اَنْظُرُ اِلَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ كَبِيْرٌ فِي الصِّفَاتِ وَالرُّؤْيَةِ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں قیامت کے دن سب لوگوں کا سردار ہوں گا لیکن مجھے اس پر فخر نہیں ہے اور قیامت کے دن ہر شخص میرے لواء الحمد کے نیچے کھڑا حساب کتاب شروع ہونے کا انتظار کر رہا ہوگا۔ لواء الحمد میرے پاس ہوگا، میں چلوں گا اور سب لوگ میرے ساتھ چلیں گے، میں چلتے چلتے جنت کے دروازے تک پہنچ جاؤں گا، میں دروازے پر دستک دوں گا، اندر سے پوچھا جائے گا: کون؟ میں کہوں گا: محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ تو مجھے خوش آمدید کہا جائے گا۔ پھر جب میں اپنے رب کا دیدار کروں گا تو اس کا دیدار کرتے کرتے سجدے میں گر جاؤں گا۔

✥✥ یہ حدیث اللہ تعالیٰ کی صفات اور رویۃ باری تعالیٰ کے سلسلے میں بڑی عظیم الشان حدیث ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے اسے نقل کرنے سے گریز کیا ہے۔

83۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مَخْلَدٍ الْجَوْهَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْبَلَدِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْمِصِّيْصِيُّ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، وَهٰذَا لَفْظُ حَدِيْثِ اَبِي الْعَبَّاسِ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ، وَيَحْيَى بْنُ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ فَيْرُوزَ الدَّيْلَمِيُّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَهُوَ فِي حَائِطٍ لَّهُ بِالطَّائِفِ يُقَالُ لَهُ الْوَهْطُ، وَهُوَ مُخَاصِرٌ فَتًى مِنْ قُرَيْشٍ، وَذٰلِكَ الْفَتٰى يُزَنُّ بِشُرْبِ الْخَمْرِ، فَقُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: خِصَالٌ تَبْلُغُنِي عَنْكَ تُحَدِّثُ بِهَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّهُ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ شَرْبَةً لَمْ تُقْبَلْ تَوْبَتُهُ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاخْتَلَجَ الْفَتٰى يَدَهُ مِنْ يَّدِ عَبْدِ اللّٰهِ، ثُمَّ وَلّٰى، فَاِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ، وَاَنَّهُ مَنْ خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ لَا يُرِيْدُ اِلَّا الصَّلٰوةَ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ خَرَجَ مِنْ خَطِيئَتِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: اللّٰهُمَّ اِنِّي لَا اُحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَّقُوْلَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ، اِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ شَرْبَةً لَمْ تُقْبَلْ تَوْبَتُهُ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا، فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَاِنْ عَادَ لَمْ تُقْبَلْ تَوْبَتُهُ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَلَا اَدْرِي فِي الثَّالِثَةِ اَوْ فِي الرَّابِعَةِ، قَالَ: فَاِنْ عَادَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَّسْقِيَهُ مِنْ رَّدْغَةِ الْخَبَالِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ: وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ خَلْقَهُ فِي ظُلْمَةٍ، ثُمَّ اَلْقٰى عَلَيْهِمْ مِنْ نُوْرِهِ، فَمَنْ اَصَابَهُ

مِنْ ذٰلِكَ النُّورِ يَوْمَئِذٍ شَيْءٌ فَقَدِ اهْتَدٰى، وَمَنْ أَخْطَأَهُ ضَلَّ فَلِذٰلِكَ أَقُوْلُ جَفَّ الْقَلَمُ عَلٰى عِلْمِ اللّٰهِ قَالَ: وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُدَ سَأَلَ رَبَّهُ ثَلَاثًا فَأَعْطَاهُ اثْنَيْنِ، وَنَحْنُ نَرْجُوْ أَنْ يَكُوْنَ قَدْ أَعْطَاهُ الثَّالِثَةَ، سَأَلَهُ حُكْمًا يُصَادِفُ حُكْمَهُ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ، وَسَأَلَهُ مُلْكًا لَا يَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ بَعْدَهُ فَأَعْطَاهُ، وَسَأَلَهُ أَيُّمَا رَجُلٍ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ لَا يُرِيْدُ إِلَّا الصَّلٰوةَ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ أَنْ يَخْرُجَ مِنْ خَطِيْئَتِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ، نَحْنُ نَرْجُوْ أَنْ يَكُوْنَ اللّٰهُ قَدْ أَعْطَاهُ إِيَّاهُ، قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ: حَدَّثَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ فِيْمَا بَيْنَ الْمِقْسَلَاطِ وَالْجَاصِعِيْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ قَدْ تَدَاوَلَهُ الْأَئِمَّةُ، وَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهِ، ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَا أَعْلَمُ لَهُ عِلَّةً

✧✧ حضرت عبداللہ بن فیروز الدیلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ طائف کے علاقہ میں موجود اپنے ''وھط'' نامی باغ میں ایک قریشی نوجوان کے ساتھ بیٹھے محوِ گفتگو تھے کہ میں بھی وہاں پر جا پہنچا۔ اس نوجوان پر شراب خوری اور زناکاری کا الزام تھا۔ میں نے عبداللہ بن عمر بن العاص سے کہا: مجھے چند خصلتوں کے بارے میں پتہ چلا ہے جن کے متعلق آپ، رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان بیان کرتے ہیں: جس نے ایک گھونٹ شراب پی، چالیس دن تک اس کی توبہ قبول نہیں کی جاتی۔ اس پر اس نوجوان نے ایک جھٹکے سے اپنا ہاتھ عبداللہ کے ہاتھ سے چھڑایا اور یہ کہتا ہوا اٹھ کر چلا گیا کہ: جو بدبخت ہوتا ہے وہ ماں کے پیٹ سے ہی بدبخت پیدا ہوتا ہے اور جو شخص بیت المقدس میں نماز پڑھنے کی نیت سے گھر سے نکلے وہ گھر سے نکلتے ہی گناہوں سے ایسا پاک صاف ہو جاتا ہے گویا کہ آج ہی ماں کے پیٹ سے باہر آیا ہے۔ عبداللہ بن عمرو نے کہا: میں کسی کو یہ حق نہیں دیتا کہ وہ میرے حوالے سے ایسی بات کہے جو میں نے نہیں کہی۔ میں نے رسول اکرم ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ: جو شخص ایک گھونٹ شراب پیے، اس کی چالیس دن تک توبہ قبول نہیں ہوتی پھر اگر وہ توبہ کر لے تو اللہ تعالیٰ اسے معاف کر دیتا ہے لیکن دوبارہ پیے تو پھر چالیس دن تک اس کی توبہ قبول نہیں کی جاتی (عبداللہ بن عمرو کہتے ہیں: آپ یہ جملہ دھراتے رہے حتیٰ کہ) تیسری یا چوتھی مرتبہ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر پھر شراب نوشی کرے تو اس کو قیامت کے دن مہلک زہر پلایا جائے گا (عبداللہ مزید فرماتے ہیں) میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو اندھیرے میں پیدا کیا۔ پھر ان پر اپنا مخصوص نور ڈالا، اس دن جس جس پر ذرا سا بھی نور پڑ گیا وہ دنیا میں ہدایت پائے گا اور جو شخص اس دن نور سے محروم رہا وہ (دنیا میں) گمراہ ہوگا، اسی لئے میں کہتا ہوں کہ جو کچھ ہے، اللہ کے علم میں ہے اور اس کے علاوہ سے قلم خشک ہو چکا ہے۔ اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے بھی سنا ہے کہ حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام نے اللہ تعالیٰ سے تین چیزیں مانگی تھیں، اللہ تعالیٰ نے دو چیزیں انہیں دے دی ہیں (یہ بات تو پکی ہے) جبکہ ہم یہ بھی امید رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ نے تیسری بھی ان کو دے دی ہوگی۔ (۱) اللہ تعالیٰ سے اس کی خاص حکمت مانگی۔ اللہ تعالیٰ نے عطا کر دی (۲) اور ایسی بادشاہی مانگی کہ ان کے بعد کسی کو ایسی بادشاہی نہ مل سکے، اللہ تعالیٰ نے وہ بھی عطا کر دی (۳) انہوں نے یہ دعا مانگی کہ اگر کوئی شخص اپنے گھر سے اس مسجد میں نماز پڑھنے کی نیت سے نکلے تو اس کو ایسا پاک و صاف کر دے جیسا کہ ماں کے پیٹ سے آج ہی نکلا ہو (حضور ﷺ فرماتے ہیں) ہمیں امید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ فضیلت

بھی عطا کر دی ہوگی۔

❖❖ امام اوزاعی نے کہا: یہی حدیث مجھے ربیعہ بن یزید نے ''مقسلاط'' اور ''جاصیر'' کے درمیان ایک مقام پر سنائی تھی۔
یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا حالانکہ اس میں کوئی نقص نہیں ہے اور یہ حدیث آئمہ حدیث میں مشہور و معروف ہے اس کے تمام راویوں کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں۔

84- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَّاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ قَتَادَةَ السُّلَمِيِّ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ ثُمَّ خَلَقَ الْخَلْقَ مِنْ ظَهْرِهٖ، ثُمَّ قَالَ: هٰؤُلَاءِ لِلْجَنَّةِ وَلَا اُبَالِيْ، وَهٰؤُلَاءِ لِلنَّارِ وَلَا اُبَالِيْ، قَالَ: فَقِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَعَلٰى مَاذَا نَعْمَلُ، قَالَ: عَلٰى مُوَافَقَةِ الْقَدَرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ قَدِ اتَّفَقَا عَلَى الاحْتِجَاجِ بِرُوَاتِهٖ، عَنْ اٰخِرِهِمْ اِلَى الصَّحَابَةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ قَتَادَةَ مِنْ بَنِيْ سَلَمَةَ مِنَ الصَّحَابَةِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِزُهَيْرِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَيْسَ لَهٗ رَاوٍ غَيْرُ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، وَكَذٰلِكَ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِحَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُعَلّٰى، وَلَيْسَ لَهٗ رَاوٍ غَيْرُ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ

❖❖ حضرت عبدالرحمٰن بن ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا پھر ان کی پشت میں سے اس کی تمام اولاد کو نکالا پھر (بعض کے متعلق) فرمایا: یہ جنتی ہیں اور مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے اور بعض کے متعلق فرمایا: یہ جہنمی ہیں اور مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر ہمارے اعمال کی کیا حیثیت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے اعمال بھی تمہاری تقدیر کے مطابق سرانجام پاتے ہیں۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کے اول تا آخر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تک تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور عبدالرحمٰن بن قتادہ جن کا تعلق بنوسلمہ سے ہے، صحابی ہیں اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے زہیر بن عمرو کے حوالے سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کئی احادیث نقل کی ہیں، حالانکہ ابوعثمان النہدی کے سوا کوئی دوسرا شخص ان سے روایت نہیں لیتا۔ یونہی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ابوسعید بن المعلی کی روایات بھی نقل کی ہیں حالانکہ ان سے روایت لینے والوں میں بھی حفص بن عاصم کے سوا کسی اور کا نام نہیں ہے۔

85- حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ خَالِقُ كُلِّ صَانِعٍ وَّصَنْعَتِهٖ

❖❖ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر صانع اور اس کی صنعت کا خالق صرف اللہ تعالیٰ

ہے۔

86۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ خَالِقُ كُلِّ صَانِعٍ وَّصَنْعَتِهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر صانع اور اس کی صنعت کا خالق صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

87۔ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ رُقًى كُنَّا نَسْتَرْقِي بِهَا، وَاَدْوِيَةٌ كُنَّا نَتَدَاوٰى بِهَا هَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ تَعَالٰى ؟ قَالَ: هُوَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَالَ مُسْلِمٌ فِي تَصْنِيفِهِ فِيمَا اَخْطَاَ مَعْمَرٌ بِالْبَصْرَةِ اَنَّ مَعْمَرًا حَدَّثَ بِهِ مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ مَرَّةً: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي خُزَامَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ الْحَاكِمُ: وَعِنْدِي اَنَّ هٰذَا لَا يُعَلِّلُهُ، فَقَدْ تَابَعَ صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ مَعْمَرَ بْنَ رَاشِدٍ فِي حَدِيثِهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ وَصَالِحٍ، وَاِنْ كَانَ فِي الطَّبَقَةِ الثَّالِثَةِ مِنْ اَصْحَابِ الزُّهْرِيِّ، فَقَدْ يُسْتَشْهَدُ بِمِثْلِهِ

✧✧ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا ہماری دواؤں اور تعویذات اور دم وغیرہ سے تقدیر بدل جاتی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ (دعائیں اور دم وغیرہ بھی) تقدیر میں لکھے ہوتے ہیں۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف میں معمر کی ایک خطا کی نشاندہی کی ہے۔ فرماتے ہیں: معمر نے یہ حدیث دو مرتبہ روایت کی ہے، ایک مرتبہ روایت کی تو اس کی سند زہری، پھر ابن ابی حزامہ پھر ان کے والد تک پہنچائی (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میرے نزدیک سند میں اس طرح کی تبدیلی سے حدیث کی صحت پر کوئی فرق نہیں پڑتا اور یہ حدیث جس طرح معمر بن راشد نے زہری کے واسطے سے عروہ

حدیث 87:

اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 3090 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2065 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3437 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 15510 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 5468

سے روایت ہے اسی طرح صالح بن ابوالاخضر نے بھی زہری کے واسطے سے عروہ سے روایت کی ہے اور صالح اگرچہ زہری کے اصحاب میں تیسرے درجے کے راوی ہیں لیکن ان جیسے راویوں کی روایت کو بطور شاہد پیش کیا جاسکتا ہے (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

✧✧ حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے صراط مستقیم کی مثال یوں بیان کی ہے، ایک پل ہے، اس کی دونوں جانب دو دیواریں ہیں، ان دیواروں میں دروازے کھلے ہوئے ہیں اور دروازوں پر پردے لٹک رہے ہیں۔ پل پر ایک منادی ندا دیتا ہے، کہتا ہے: اے لوگو! سب مل کر پل سے گزر وا اور ادھر ادھر مت بھٹکو، جب کوئی شخص ان دروازوں میں سے کوئی دروازہ کھلوانا چاہتا ہے تو وہ منادی کہتا ہے: تو ہلاک ہو جائے، اس کو مت کھولو کیونکہ اگر تو نے اسے کھولا تو اس میں گر جائے گا (اس مثال میں) پل ''اسلام'' ہے اور پردے ''حدود اللہ'' ہیں۔ کھلے ہوئے دروازے ''محارم اللہ'' اور پل پر ندا دینے والا ''قرآن'' ہے اور دوسرا ''داعی'' اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نیک سوچ ہے جو ہر مسلمان کے دل میں اللہ کی یاد تازہ رکھتی ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور مجھے اس میں کوئی علت نہیں مل سکی۔

246۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، قَالَا: اَنْبَاَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَخْبَرَنِيْ نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ السَّائِبِ، اَنَّ عَبْدَ الْحَمِيْدِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ حَدَّثَهٗ، عَنْ اَبِيْهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّمَا مَثَلُ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ حِيْنَ يُصِيْبُهُ الرَّعْدُ وَالْحُمّٰى، كَمَثَلِ حَدِيْدَةٍ تَدْخُلُ النَّارَ فَيَذْهَبُ خَبَثُهَا وَيَبْقٰى طِيْبُهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَالَّذِيْ عِنْدِيْ اَنَّهُمَا تَرَكَاهُ لِتَفَرُّدِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ اَبِيْهِ

حدیث 245:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 17673 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 11233 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/ 1984ء' رقم الحديث: 1147

بِالرِّوَايَةِ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی بندۂ مومن کو بخار یا کوئی تکلیف آتی ہے تو اس کی مثال ایسے ہے جیسے لوہے کو بھٹی میں ڈال دیا گیا ہو کہ اس سے لوہے کا زنگ دور ہو جاتا ہے اور خالص لوہا باقی بچ جاتا ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا ہے اور جہاں تک میرا خیال ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اس لئے ترک کیا ہے کہ حمید اپنے والد سے روایت کرنے میں متفرد ہیں۔

247۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا الزُّبَيْرِ الْمَكِّيَّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَعْضِ اَهْلِهِ وَهُوَ وَجِعٌ بِهِ الْحُمّٰى، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمُّ مِلْدَمٍ، قَالَتِ امْرَاَةٌ: نَعَمْ، فَلَعَنَهَا اللّٰهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلْعَنِيْهَا فَاِنَّهَا تَغْسِلُ، اَوْ تُذْهِبُ ذُنُوبَ بَنِيْ اٰدَمَ كَمَا يُذْهِبُ الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک خاتون کے پاس تشریف لائے، اس وقت اس کو شدید بخار ہو رہا تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ام ملدم'' (یعنی بخار) ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ پھر وہ بخار کو لعنتیں دینے لگی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیماری کو لعنت مت کرو کیونکہ یہ انسان کے گناہ اس طرح مٹا دیتی ہے جیسے بھٹی، لوہے کے زنگ کو دور کر دیتی ہے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور مجھے اس میں کوئی علت بھی نہیں مل سکی۔

248۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، وَاَبُو الْحَسَنِ بْنُ اَبِي الْقَاسِمِ العدوى، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْاَخِلَاءُ

حديث 247:

اخرجه ابو عبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 10902

حديث 248:

اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 3108 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 2013 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 2518

ثَلاثَةٌ: فَإِمَّا خَلِيْلٌ فَيَقُوْلُ لَكَ: مَا اَعْطَيْتَ، وَمَا اَمْسَكْتَ فَلَيْسَ لَكَ فَذٰلِكَ مَالُكَ، وَإِمَّا خَلِيْلٌ، فَيَقُوْلُ: اَنَا مَعَكَ حَتّٰى تَاْتِيَ بَابَ الْمَلِكِ، ثُمَّ اَرْجِعُ وَاَتْرُكُكَ، فَذٰلِكَ اَهْلُكَ وَعَشِيْرَتُكَ يُشَيِّعُوْنَكَ حَتّٰى تَاْتِيَ قَبْرَكَ، ثُمَّ يَرْجِعُوْنَ فَيَتْرُكُوْنَكَ، وَإِمَّا خَلِيْلٌ، فَيَقُوْلُ: اَنَا مَعَكَ حَيْثُ دَخَلْتَ وَحَيْثُ خَرَجْتَ فَذٰلِكَ عَمَلُكَ، فَيَقُوْلُ: وَاللّٰهِ لَقَدْ كُنْتَ مِنْ اَهْوَنِ الثَّلاثَةِ عَلَيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِالْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ عَلٰى هٰذِهِ السِّيَاقَةِ وَلَهُ شَاهِدٌ قَدْ خَرَّجَاهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دوست تین ہیں۔ایک دوست تجھے کہتا ہے: میں نے جو کچھ تجھے دیا ہے اور جو اپنے پاس روک رکھا ہے، اس میں سے کچھ بھی تیرا نہیں ہے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ تیرا مال ہے۔دوسرا دوست کہتا ہے: ملک کے دروازے پر پہنچنے تک میں تیرے ساتھ ہوں پھر میں تجھے چھوڑ کر واپس آجاؤں گا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ تیرے اہل وعیال اور تیرا خاندان ہے، جو تجھے قبر میں اتارنے تک تیرے ساتھ رہیں گے پھر تجھے اکیلا چھوڑ کر واپس چلے آئیں گے اور تیسرا دوست کہتا ہے: تو جہاں بھی رہے میں ہر قدم تیرے ساتھ ہوں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ تیرا عمل ہے۔پھر بندہ کہے گا: (اے میرے عمل) تو ان تینوں کی بہ نسبت میرے لئے زیادہ آسان تھا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے حجاج بن حجاج کی روایات نقل کی ہیں۔مجھے اس حدیث میں کوئی علت نہیں مل سکی اور نہ ہی شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو اس انداز میں بیان کیا ہے۔

249- حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَتْبَعُ الْمُؤْمِنَ بَعْدَ مَوْتِهِ ثَلاثَةٌ: اَهْلُهُ، وَمَالُهُ، وَعَمَلُهُ، فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقٰى وَاحِدٌ يَرْجِعُ اَهْلُهُ وَمَالُهُ، وَيَبْقٰى عَمَلُهُ وَقَدْ تَابَعَ عِمْرَانُ الْقَطَّانُ الْحَجَّاجَ فَسَاقَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ

حدیث: 249

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامه' بیروت' لبنان' 1407ھ1987ء' رقم الحدیث: 6149 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2960 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2379 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 1937 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 12101 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 3107 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 2064 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه' مکتبه المتنبی' بیروت' قاهره' رقم الحدیث: 1183

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان کے مرنے کے بعد تین چیزیں اس کے پیچھے پیچھے آتی ہیں۔اہل وعیال، مال اور عمل۔ان میں سے ۲(اہل وعیال اور مال) واپس چلے جاتے ہیں اور ''عمل'' انسان کے پاس رہ جاتا ہے۔

❖•❖ حجاج سے عمران القطان نے بھی یہ حدیث روایت کی ہے (ان کی حدیث درج ذیل ہے)

250۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوْقٍ، اَنْبَاَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ اِلَّا وَلَهُ ثَلَاثَةُ اَخِلاءَ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ نَحْوَ حَدِيْثِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ طَهْمَانَ، وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی بھی انسان کے تین دوست ہوتے ہیں (اس کے بعد ابراہیم بن طہمان کی طرح پوری حدیث بیان کی ہے۔اس حدیث کی ایک اور بھی شاہد حدیث موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے (وہ شاہد حدیث درج ذیل ہے)

251۔ اَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ وَمَثَلُ الْاَجَلِ مَثَلُ رَجُلٍ لَّهُ ثَلَاثَةُ اَخِلاءَ قَالَ لَهُ مَالُهُ: اَنَا مَالُكَ خُذْ مِنِّيْ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ: اَنَا مَعَكَ اَحْمِلُكَ وَاَضَعُكَ فَاِذَا مِتَّ تَرَكْتُكَ، قَالَ: هٰذَا عَشِيْرَتُهُ، وَقَالَ الثَّالِثُ: اَنَا مَعَكَ اَدْخُلُ مَعَكَ وَاَخْرُجُ مَعَكَ مِتَّ اَوْ حَيِيْتَ، قَالَ: هٰذَا عَمَلُهُ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی اور اس کی موت کی مثال ایسے ہے جیسے کسی شخص کے تین دوست ہوں۔اس کا مال اس سے کہے گا: تو جو چاہتا ہے لے لے اور جو چاہتا ہے چھوڑ دے۔دوسرا دوست کہے گا: میں تیرے ساتھ ساتھ ہوں تیری خدمت کرتا رہوں گا لیکن جب تو مر جائے گا تو میں تجھے چھوڑ دوں گا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ اس کا خاندان ہے اور تیسرا کہے گا: تو زندہ رہے یا مر جائے، میں ہر لمحہ اور ہر قدم تیرے ساتھ ہوں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ اس کا عمل ہے۔

252۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَعَلَّمْتُ لَهُ كِتَابَةَ الْيَهُوْدِ، وَقَالَ: اِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا اٰمَنُ يَهُوْدَ

حدیث 252:

اخرجه ابو داؤد السجستانی فی "سننه" طبع دار الفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3645 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2715 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 4857

عَلٰى كِتَابِيْ فَتَعَلَّمْتُهُ، فَلَمْ يَمُرَّ بِيْ نِصْفُ شَهْرٍ حَتّٰى حَذَقْتُهُ، قَالَ: اِنِّيْ كُنْتُ اَكْتُبُ لَهُ اِذَا كَتَبَ، وَاَقْرَاُ لَهُ اِذَا كُتِبَ اِلَيْهِ قَدِ اسْتَشْهَدَ جَمِيْعًا بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِى الزِّنَادِ، وَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَا اَعْرِفُ فِي الرُّخْصَةِ لِتَعَلُّمِ كِتَابَةِ اَهْلِ الْكِتَابِ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ

✧✧ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر یہودیوں کی تحریر سیکھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: ''مجھے اپنے خطوط کے حوالے سے یہودیوں پر اعتماد نہیں ہے'' اس لئے میں نے ان کی تحریر سیکھ لی۔ ابھی پندرہ دن بھی نہیں گزرے تھے کہ مجھے اس میں اچھی خاصی مہارت حاصل ہوگئی (حضرت زید) فرماتے ہیں: جب کچھ لکھوایا جاتا تو میں لکھ دیا کرتا تھا اور جب آپ کی طرف کوئی مکتوب آتا تو وہ بھی میں ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھ کر سنایا کرتا تھا۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمٰن بن ابی زیاد کی روایات نقل کی ہیں۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میری نظر میں صرف یہی ایک حدیث ہے جس سے اہل کتاب کی تحریر سیکھنے کی رخصت ثابت ہوتی ہے۔

253- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْبَخْتَرِيِّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنِى الْحُسَيْنُ الْمُعَلِّمُ، وَاَخْبَرَنَا وَاللَّفْظُ لَهُ، اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، قَالَ: ذُكِرَ لِيْ اَنَّ اَبَا سَبْرَةَ بْنَ سَلَمَةَ الْهُذَلِيَّ، سَمِعَ ابْنَ زِيَادٍ، يَسْاَلُ عَنِ الْحَوْضِ حَوْضِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا اُرَاهُ حَقًّا بَعْدَمَا سَاَلَ اَبَا بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيَّ وَالْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ وَّعَائِذَ بْنَ عَمْرٍو، فَقَالَ: مَا اُصَدِّقُ هٰؤُلَاءِ، فَقَالَ اَبُوْ سَبْرَةَ: اَلَا اُحَدِّثُكَ بِحَدِيْثٍ شِفَاءٍ؟ بَعَثَنِيْ اَبُوكَ بِمَالٍ اِلٰى مُعَاوِيَةَ فَلَقِيتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو فَحَدَّثَنِيْ بِفِيْهِ وَكَتَبْتُهُ بِقَلَمِي مَا سَمِعَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ اَزِدْ حَرْفًا وَلَمْ اَنْقُصْ، حَدَّثَنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَاحِشَ وَلَا الْمُتَفَحِّشَ، وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ وَالتَّفَحُّشُ وَقَطِيْعَةُ الرَّحِمِ وَسُوْءُ الْمُجَاوَرَةِ، وَيُخَوَّنُ الْاَمِيْنُ وَيُؤْتَمَنُ الْخَائِنُ، وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ النَّحْلَةِ اَكَلَتْ طَيِّبًا وَوَضَعَتْ طَيِّبًا وَوَقَعَتْ طَيِّبًا، فَلَمْ تَفْسُدْ وَلَمْ تُكْسَرْ، وَمَثَلُ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ الْقِطْعَةِ الْجَيِّدَةِ مِنَ الذَّهَبِ نُفِخَ عَلَيْهَا فَخَرَجَتْ طَيِّبَةً وَّوُزِنَتْ فَلَمْ تَنْقُصْ، وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوْعِدُكُمْ حَوْضِيْ عَرْضُهُ مِثْلُ طُوْلِهِ، وَهُوَ اَبْعَدُ مِمَّا بَيْنَ اَيْلَةَ اِلٰى مَكَّةَ، وَذٰلِكَ مَسِيْرَةُ شَهْرٍ، فِيْهِ اَمْثَالُ الْكَوَاكِبِ اَبَارِيقُ، مَاؤُهُ اَشَدُّ بَيَاضًا مِّنَ الْفِضَّةِ مَنْ وَرَدَهُ، وَشَرِبَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَاْ بَعْدَهُ اَبَدًا، فَقَالَ ابْنُ زِيَادٍ: مَا حَدَّثَنِيْ اَحَدٌ بِحَدِيْثٍ مِثْلِ هٰذَا، اَشْهَدُ اَنَّ الْحَوْضَ حَقٌّ وَّاجِبٌ، وَاَخَذَ الصَّحِيفَةَ الَّتِيْ جَآءَ بِهَا اَبُوْ سَبْرَةَ، وَفِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ اُسَامَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْ سَبْرَةَ

حديث: 253

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 6514

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ فَقَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلَى الاحْتِجَاجِ بِجَمِيْعِ رُوَاتِهِ غَيْرِ اَبِيْ سَبْرَةَ الْهُذَلِيِّ وَهُوَ تَابِعِيٌّ كَبِيْرٌ مُّبَيَّنٌ ذِكْرُهُ فِي الْمَسَانِيْدِ وَالتَّوَارِيْخِ غَيْرُ مَطْعُوْنٍ فِيْهِ وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْ بُرَيْدَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، مجھے ابوسبرہ بن سلمہ الھذلی نے بتایا کہ انہوں نے حوض سے متعلق ابن زیاد کا یہ موقف سنا ہے کہ "حوض سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا حوض ہے"۔ ابوسبرہ نے کہا: میں اس کو حق نہیں سمجھتا کیونکہ ان سے پہلے یہی بات میں ابوبرزہ اسلمی، براء بن عازب اور عائذ سے پوچھ چکا ہوں۔ ابن زیاد نے کہا: انہوں نے سچ نہیں کہا۔ اس پر ابوسبرہ بولے: میں تمہیں حدیث شفا بیان کروں؟ مجھے تمہارے والد نے کچھ مال دے کر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا تو میری ملاقات عبداللہ بن عمرو سے ہوگئی انہوں نے خود مجھے یہ حدیث سنائی اور میں نے خود اپنے قلم سے لکھی (انہوں نے کہا) میں نے جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے بغیر کمی زیادتی کے حرف بہ حرف بیان کروں گا۔ پھر انہوں نے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا: اللہ تعالیٰ کسی بے حیاء، بدکار کو پسند نہیں کرتا، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، اس وقت تک قیامت نہیں آئے گی جب تک یہ علامات ظاہر نہ ہو جائیں۔ فحاشی اور بے حیائی عام ہوگی، رشتہ داری کا لحاظ ختم ہو جائے گا، پڑوسیوں کے آپس میں تعلقات ٹھیک نہیں ہوں گے، امانت داروں کو خائن سمجھا جائے گا اور خائن کو امانت دار سمجھا جائے گا۔ مومن کی مثال اس درخت کی سی ہے جس کا پھل بھی اچھا ہو، بیج بھی اچھا ہو اور اس کا تنا بھی اچھا ہو، اس کی حفاظت کی جاتی ہے اور توڑا نہیں جاتا اور مومن بندے کی مثال اس خالص سونے جیسی ہے جس میں پھونک ماریں تو اچھی ہوا آئے، اس کا وزن کریں تو کم نہ ہو۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن میرے ساتھ تمہاری ملاقات میرے حوض پر ہوگی، جس کی چوڑائی اور لمبائی برابر ہے اور یہ ایلہ سے لیکر مکہ تک کی درمیانی مسافت سے بھی زیادہ ہے۔ یہ کم وبیش ایک مہینے کی مسافت ہے اس کے پیالوں کی تعداد ستاروں سے زیادہ ہے، اس کا پانی چاندی سے زیادہ سفید ہے۔ جو شخص ایک مرتبہ وہاں سے پی لے گا اس کو کبھی پیاس نہیں لگے گی۔ اس پر ابن زیاد نے کہا: مجھے آج تک کسی نے حوض سے متعلق ایسی حدیث نہیں سنائی۔ میں گواہی دیتا ہوں "حوض حق ہے، سچ ہے" (یہ کہتے ہوئے) ابن زیاد نے ابوسبرہ سے وہ صحیفہ پکڑ لیا۔

❖•❖ اور ابواسامہ کی حدیث کی سند عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ کے ذریعے ابوسبرہ تک پہنچتی ہے، یہ حدیث صحیح ہے۔ ابوسبرہ ہزلی کے علاوہ اس کے تمام راویوں کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہیں اور ابوسبرہ کبیر تابعی ہیں۔ ان کا ذکر تاریخ کی کتابوں میں اور مسانید میں موجود ہے اور کسی طرف سے ان پر طعن ثابت نہیں۔ اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ قتادہ نے ابن بریدہ سے روایت کی ہے (حدیث درج ذیل ہے)

254۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا هِشَامُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْ سَبْرَةَ الْهُذَلِيِّ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ

❖•❖ ابن بریدہ نے ابوسبرہ ہذلی کے حوالے سے یہ حدیث طوالت کے ہمراہ نقل کی ہے۔

255۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ

الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ، حَدَّثَنَا شَدَّادٌ اَبُوْ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَازِعِ جَابِرُ بْنُ عَمْرٍو الرَّاسِبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَرْزَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: حَوْضِىْ مِنْ اَيْلَةَ اِلٰى صَنْعَاءَ عَرْضُهُ كَطُوْلِهٖ، فِيْهِ مِيزَابَانِ يَصُبَّانِ مِنَ الْجَنَّةِ، اَحَدُهُمَا وَرِقٌ وَّالْاٰخَرُ ذَهَبٌ اَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَاَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ وَاَشَدُّ بَيَاضًا مِّنَ اللَّبَنِ، وَاَلْيَنُ مِنَ الزُّبْدِ، فِيْهِ اَبَارِيقُ عَدَدَ نُجُومِ السَّمَآءِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَأْ حَتّٰى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: وَزَادَ فِيْهِ اَيُّوْبُ، عَنْ اَبِى الْوَازِعِ، عَنْ اَبِىْ بَرْزَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: يَنْزُو فِيْ اَيْدِى الْمُؤْمِنِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِحَدِيْثَيْنِ عَنْ اَبِىْ طَلْحَةَ الرَّاسِبِيِّ، عَنْ اَبِى الْوَازِعِ، عَنْ اَبِىْ بَرْزَةَ وَهُوَ غَرِيبٌ صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ اَبِى الْوَازِعِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرا حوض ایلہ سے صنعاء تک چوڑا ہے اور اس کی چوڑائی اور لمبائی برابر ہے، اس میں جنت سے دو پرنالے گرتے ہیں، ان میں سے ایک سونے کا ہے اور ایک چاندی کا ہے (حوض کا پانی) شہد سے زیادہ میٹھا، برف سے زیادہ ٹھنڈا، دودھ سے زیادہ سفید اور مکھن سے زیادہ ملائم ہے۔ اس کے پیالوں کی تعداد ستاروں کے برابر ہے جو اس سے ایک مرتبہ پی لے گا اس کو کبھی پیاس نہیں لگے گی حتیٰ کہ وہ جنت میں چلا جائے گا۔

✣✣ اس حدیث کو ایوب نے بھی روایت کیا ہے جس کی سند ابوالوازع کے ذریعے ابوبرزہ تک پہنچتی ہے۔ اس نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان میں يَنْزُو فِيْ اَيْدِى الْمُؤْمِنِيْنَ کا اضافہ ہے۔ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے دونوں حدیثیں ابوطلحہ کے ذریعے ابوالوازع کی سند سے ابوبرزہ کے حوالے سے روایت کی ہیں اور یہ حدیث اس سند کے لحاظ سے غریب صحیح ہے جو ایوب سختیانی نے ابوالوازع کے حوالے سے روایت کی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

256- اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِىْ حَمْزَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنْتُمْ جُزْءٌ مِّنْ مِئَةِ اَلْفِ جُزْءٍ مِمَّنْ يَرِدُ عَلَى الْحَوْضِ، فَسَاَلُوْهُ: كَمْ كُنْتُمْ، قَالَ:

حدیث 256:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4746 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 19287 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 4999 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 677 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 266 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 85 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 31687

ثَمَانَ مِئَةٍ اَوْ تِسْعَ مِئَةٍ، اَبُوْ حَمْزَةَ الْاَنْصَارِيُّ هٰذَا هُوَ طَلْحَةُ بْنُ يَزِيْدَ، وَقَدِ احْتَجَّ بِهِ الْبُخَارِيُّ

✧✧ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن جتنے لوگ میرے حوض پر آئیں گے تم اس وقت ان کے مقابلے میں لاکھواں حصہ بھی نہیں ہو۔ لوگوں نے زید بن ارقم سے پوچھا: (جس دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تم سے یہ کہا تھا اس دن) تمہاری تعداد کتنی تھی؟ زید بن ارقم نے کہا: ہم ۸۰۰ یا ۹۰۰ تھے۔

❖❖ یہ ابوحمزہ انصاری طلحہ بن زید ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات نقل کی ہیں۔

257- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنْتُمْ بِجُزْءٍ مِّنْ اَلْفِ جُزْءٍ مِمَّنْ يَّرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَقُلْنَا لِزَيْدٍ: كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ، قَالَ: مَا بَيْنَ السِّتِّمِئَةِ اِلٰى التِّسْعِمِئَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلٰكِنَّهُمَا تَرَكَاهُ لِلْخِلَافِ الَّذِيْ فِيْ مَتْنِهِ مِنَ الْعَدَدِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ وَلَهُ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ فِيْ ذِكْرِ الْحَوْضِ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو لوگ میرے حوض پر آئیں گے ان کے مقابلے میں (اس وقت) تمہاری تعداد ہزارویں حصے کے برابر بھی نہیں ہے۔ ابوحمزہ کہتے ہیں: ہم نے زید بن ارقم سے پوچھا: تم اس دن کتنے تھے؟ انہوں نے جواب دیا ۶۰۰ سو اور ۹۰۰ کے درمیان تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ شاید امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اس لئے چھوڑ دیا ہے کہ اس کے متن میں اختلاف ہے (ایک روایت میں لاکھویں حصہ کا ذکر ہے اور دوسری میں ہزارویں حصہ کا) اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ زید بن ارقم سے مروی ہے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے۔ البتہ اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

258- اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْحُسَيْنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ حَيَّانَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ بْنِ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ تَيْمُ الرَّبَابِ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ حَيَّانَ، قَالَ: شَهِدْتُّ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ وَبَعَثَ اِلَيْهِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ، فَقَالَ: مَا اَحَادِيْثُ بَلَغَنِيْ عَنْكَ تُحَدِّثُ بِهَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزْعُمُ اَنَّ لَهُ حَوْضًا فِي الْجَنَّةِ، فَقَالَ: حَدَّثَنَا ذَاكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَعَدَنَاهُ، فَقَالَ: كَذَبْتَ، وَلٰكِنَّكَ شَيْخٌ قَدْ خَرِفْتَ، قَالَ: اَمَا اِنَّهُ سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِيْ وَسَمِعْتُهُ، يَقُوْلُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ وَمَا كَذَبْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ یزید بن حیان بیان کرتے ہیں' میں زید بن ارقم کی خدمت میں موجود تھا، وہاں پر عبیداللہ بن زیاد کا ایک قاصد آیا اس نے (ابن زیاد کا پیغام دیتے ہوئے کہا) ہمیں اطلاع ملی ہے کہ تم کچھ احادیث رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے بیان کرتے ہو، جن کی بناء پر تم یہ عقیدہ رکھتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ کا جنت میں کوئی حوض ہے۔ وہ احادیث کیا ہیں؟ زید بن ارقم نے جواباً فرمایا: وہ احادیث ہمیں رسول اللہ ﷺ نے بیان کی ہیں اور ہم سے حوض کوثر کا وعدہ بھی کیا ہے (ابن زیاد کے قاصد نے کہا) تم جھوٹ بول رہے ہو یہ تمہاری اپنی خرافات ہیں۔ زید بن ارقم نے فرمایا: کیا میں نے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان نہیں سن رکھا ''جس نے مجھ پر جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے'' (یعنی ان کے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان میں نے بھی سنا ہوا ہے اور میں نے رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ نہیں باندھا ہے)

259- حَدَّثَنِیْ اَبُوْ مَنْصُورٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْعَتَكِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ حَسَنُ بْنُ سَهْلٍ النَّبَّادُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ عِمْرَانَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ حَتّٰى يُرَاجِعَهُ، قَالَ: وَمَنْ مَّاتَ وَلَيْسَ عَلَيْهِ اِمَامُ جَمَاعَةٍ، فَاِنَّ مَوْتَتَهُ مَوْتَةٌ جَاهِلِيَّةٌ وَّخَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّيْ فَرَطٌ لَّكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَاِنَّ سَعَتَهُ مَا بَيْنَ الْكُوفَةِ اِلَى الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ، وَآنِيَتُهُ كَعَدَدِ النُّجُومِ، وَاِنِّيْ رَاَيْتُ اُنَاسًا مِّنْ اُمَّتِيْ لَمَّا دَنَوْا مِنِّيْ خَرَجَ عَلَيْهِمْ رَجُلٌ، قَالَ: بِهِمْ عَنِّيْ، ثُمَّ اَقْبَلَتْ زُمْرَةٌ اُخْرٰى فَفَعَلَ بِهِمْ كَذٰلِكَ، فَلَمْ يَفْلِتْ مِنْهُمْ اِلَّا كَمَثَلِ النَّعَمِ، فَقَالَ: اَبُوْ بَكْرٍ لَعَلِّيْ مِنْهُمْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، قَالَ: لَا وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَخْرُجُوْنَ بَعْدَكُمْ وَيَمْشُوْنَ الْقَهْقَرٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَقَدْ حَدَّثَ بِهِ الْحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَيْضًا، عَنِ اللَّيْثِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو (مسلمانوں کی بڑی) جماعت سے بالشت بھر بھی الگ ہوا، اس نے اپنے گلے سے اسلام کا پٹا اتار دیا جب تک وہ واپس نہ لوٹ آئے۔ اور فرمایا: جو شخص اس حالت میں مرے کہ وہ کسی امامِ جماعت کی پیروی میں نہ ہو تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔ رسول اللہ ﷺ نے مزید خطبہ ارشاد فرمایا: اے لوگو! میں حوض کوثر پر تمہارا انتظار کروں گا۔ میرے حوض کی (چوڑائی اتنی ہے جتنی) مسافت کوفہ سے حجر اسود تک ہے، اس کے پیالے ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں۔ میں اپنے کچھ امتیوں کو وہاں پر دیکھوں گا، جب وہ میرے قریب آئیں گے تو ایک شخص ان کے پاس آ کر میرے متعلق ان سے کچھ کہے گا، پھر دوسری جماعت آئے گی ان کے ساتھ بھی اسی طرح معاملہ ہوگا۔ وہ لوگ جانوروں کی طرح کودتے ہوئے وہاں سے چلے جائیں گے۔ اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ کہیں میں تو ان میں سے نہیں ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جو تمہارے بعد دین سے نکل جائیں گے اور الٹے قدموں پلٹ جائیں گے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم عَلَیْہِمَا الرَّحْمَۃ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور یہ روایت حجاج بن محمد نے بھی لیث سے روایت کی ہے۔

260۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ قَالَا حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ وَهُمْ يَتَرَاجَعُوْنَ فِي ذِكْرِ الْحَوْضِ قَالَ فَقَالَ جَاءَ كُمْ اَنَسٌ قَالَ يَا أَنَسُ مَا تَقُوْلُ فِي الْحَوْضِ قَالَ قُلْتُ مَا حَسِبْتُ آنِّي اَعِيْشُ حَتّٰى أَرٰى مِثْلَكُمْ يَمْتَرُوْنَ فِي الْحَوْضِ لَقَدْ تَرَكْتُ بَعْدِيْ عَجَائِزَ مَا تُصَلِّي وَاحِدَةٌ مِّنْهُنَّ صَلَاةً إِلَّا سَأَلْتُ رَبَّهَا أَنْ يُّورِدَهَا حَوْضَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ عَنْ حُمَيْدٍ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

❖❖ حضرت انس رَضِیَ اللہُ عَنْہُ بیان کرتے ہیں' میں عبیداللہ بن زیاد کے پاس گیا تو وہاں پر ''حوض'' کے متعلق بحث ہو رہی تھی (حضرت انس رَضِیَ اللہُ عَنْہُ) کہتے ہیں (عبیداللہ بن زیاد نے میرے آنے پر) کہا (لیجیے) تمہارے پاس انس (بھی) آ گئے۔ پھر (ابن زیاد نے) کہا: اے انس! آپ کا حوض کے سلسلے میں کیا نظریہ ہے؟ (انس) کہتے ہیں: میں نے ان سے کہا: میں نے اپنی پوری زندگی میں تم جیسے لوگ نہیں دیکھے (بڑے افسوس کی بات ہے) تم لوگ حوض کے بارے میں شکوک وشبہات میں مبتلا ہو۔ (حوض کی بات تو اتنی واضح، مشہور اور یقینی ہے کہ مرد تو مرد) ایسی کتنی عورتیں ہیں جو ہر نماز میں حوض کوثر کی دعا مانگا کرتی تھیں۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم عَلَیْہِمَا الرَّحْمَۃ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ حمید سے مروی ہے اور شیخین رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِمَا کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

261۔ أَخْبَرَنَاهُ أَبُوْ الْعَبَّاسِ السِّيَارِي بِمَرْوَ حَدَّثَنَا أَبُو الْمَوَجِّهِ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ حَدَّثَنَا حَمِيْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ وَهُمْ يَتَرَاجَعُوْنَ فِي ذِكْرِ الْحَوْضِ ثُمَّ ذَكَرَهُ بِمِثْلِهِ

❖❖ حمید کے حوالے سے بھی حضرت انس رَضِیَ اللہُ عَنْہُ کا مذکورہ بیان منقول ہے۔

262۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اَبِيْ صَغِيْرَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ خَبَّابٍ اَخْبَرَهُمْ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ خَبَّابٌ، اَنَّهُ كَانَ قَاعِدًا عَلٰى بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَخَرَجَ وَنَحْنُ قُعُوْدٌ، فَقَالَ: اسْمَعُوْا، قُلْنَا: سَمِعْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اِنَّهُ سَيَكُوْنُ اُمَرَاءُ مِنْ بَعْدِيْ فَلَا تُصَدِّقُوْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَا تُعِيْنُوْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَإِنَّهُ مَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَنْ يَّرِدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَشَاهِدُهُ الْحَدِيْثُ الْمَشْهُوْرُ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ كَعْبِ

بْنِ عُجْرَةَ مَعَ الْخِلافِ عَلَيْهِ فِيْهِ

✧✧ حضرت خباب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے کے باہر بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اپنے کاشانہ اقدس سے) باہر تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غور سے سنو! ہم نے عرض کیا: جو حکم ہو ہمارے آقا! ارشاد فرمایا: میرے بعد امراء ہونگے (جوجھوٹے اور ظالم ہونگے) تم ان کے کذب کی تصدیق نہ کرنا اور ان کے ظلم میں معاونت بھی نہ کرنا کیونکہ جو شخص ان کے کذب کی تصدیق کرے گا اور جو ان کے ظلم کا معاون ہوگا وہ میرے حوض پر نہیں آ سکتا۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ شعبی نے کعب بن عجرہ سے روایت کی ہے۔ تاہم اس کے الفاظ میں کچھ تبدیلی ہے۔ (حدیث درج ذیل ہے)

263- اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّارُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَّنَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ خَمْسَةٌ مِّنَ الْعَرَبِ وَاَرْبَعَةٌ مِّنَ الْعَجَمِ، فَقَالَ: اَتَسْمَعُوْنَ ؟ قُلْنَا: سَمِعْنَا، مَرَّتَيْنِ، قَالَ: اسْمَعُوْا، اِنَّهُ سَيَكُوْنُ بَعْدِيْ اُمَرَاءُ فَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَيْسَ بِوَارِدٍ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُ وَسَيَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ رَوَاهُ مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ

اَمَا حَدِيْثُ الثَّوْرِيِّ

✧✧ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک دن ہم مسجد نبوی شریف میں بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے (اس دن ہم ۵ عربی اور ۴ عجمی لوگ تھے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ فرمایا: کیا تم سن رہے ہو؟ ہم نے (دونوں بار) عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سنو! میرے بعد کچھ حکمران ہونگے، جو شخص ان کی حمایت کرے، ان کے جھوٹ کو سچ ثابت کرنے کی کوشش کرے اور ان کے ظلم پر ان کی معاونت کرے، اس کا میرے ساتھ اور میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی وہ میرے حوض پر آ سکے گا اور جو شخص نہ ان کی حمایت کرے، نہ ان کے جھوٹ کو سچ ثابت کرے اور نہ ہی ظلم میں ان کی معاونت کرے، وہ میری جماعت سے ہے اور میں اس کا ذمہ دار ہوں اور وہ میرے حوض کوثر پر آئے گا۔

✣✣ اس حدیث کو مسعر بن کدام اور سفیان ثوری رضی اللہ عنہ نے بھی روایت کیا ہے، جس کی سند ابوحصین سے، پھر شعبی سے پھر عاصم عدوی سے ہوتی ہوئی کعب بن عجرہ تک پہنچتی ہے۔

(ثوری کی روایت درج ذیل ہے)

264- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيُّ،

حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَاَمَّا حَدِيْثُ مِسْعَرٍ

مسعر کی روایت یہ ہے۔

264۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْاِسْفَرَائِنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْقَنَّادُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ تِسْعَةٌ وَّبَيْنَنَا وَسَائِدُ مِنْ اَدَمٍ اَحْمَرَ، فَقَالَ: اِنَّهُ سَيَكُوْنُ بَعْدِيْ اُمَرَاءُ فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَنْ يَّرِدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُ وَسَيَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ وَقَدْ شَهِدَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بھی کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کی تصدیق کی ہے۔

265۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: اَعَاذَكَ اللّٰهُ يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ مِنْ اِمَارَةِ السُّفَهَاءِ، قَالَ: وَمَا اِمَارَةُ السُّفَهَاءِ؟ قَالَ: اُمَرَاءُ يَكُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ لَا يَهْتَدُوْنَ بِهَدْيِيْ وَلَا يَسْتَنُّوْنَ بِسُنَّتِيْ، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَاُولٰئِكَ لَيْسُوْا مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُمْ وَلَا يَرِدُوْنَ عَلَيَّ حَوْضِيْ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَاُولٰئِكَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُمْ وَسَيَرِدُوْنَ عَلَيَّ حَوْضِيْ، يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ الصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِيْئَةَ، وَالصَّلٰوةُ قُرْبَانٌ، اَوْ قَالَ: بُرْهَانٌ

❖❖ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کعب بن عجرہ کو دعا دیتے ہوئے فرمایا: اے کعب! اللہ تعالیٰ تجھے بے وقوفوں کی امارت سے بچائے۔ کعب بن عجرہ نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بے وقوفوں کی امارت کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (بے وقوف) میرے بعد آنے والے وہ امراء ہوں گے جو میری تعلیمات پر عمل نہیں کریں گے، میری سنت کو سنت نہیں سمجھیں گے۔ جو شخص ان کے جھوٹ کو سچ قرار دے گا اور ان کے ظلم پر ان کی معاونت کرے گا، اس کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوگا، نہ میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق ہوگا، نہ ہی یہ شخص میرے حوض کوثر پر آ سکے گا اور جو شخص ان کے جھوٹ کی تصدیق نہیں کرے گا، ان کے ظلم پر ان کی معاونت نہیں کرے گا، وہ میری جماعت میں سے ہے اور میں اس کا ذمہ دار ہوں اور وہ میرے حوض پر آئے گا (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) اے کعب بن عجرہ! روزہ ڈھال ہے اور صدقہ گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور نماز قرب الٰہی کا ذریعہ ہے یا (شاید یہ) فرمایا: دلیل ہے۔

266۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ

الرَّقَّامُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَاِذَا اَنَا بِنَهْرٍ يَجْرِي حَافَّتَاهُ خِيَامُ اللُّؤْلُؤِ، فَضَرَبْتُ بِيَدِيْ اِلٰى مَجْرَى الْمَاءِ، فَاِذَا مِسْكٌ اَذْفَرُ فَقُلْتُ لِجَبْرَائِيْلَ: مَا هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِيْ اَعْطَاكَهُ رَبُّكَ عَزَّ وَجَلَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو مجھے ایک جاری نہر نظر آئی۔ اس کے دونوں کنارے موتیوں کے بنے ہوئے تھے اور جہاں سے پانی گزر رہا تھا وہاں پر میں نے ہاتھ لگا کر دیکھا تو اس سے مشک کی لپٹیں آ رہی تھیں۔ میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے کہا: یہ کیا ہے؟ انہوں نے بتایا: یہ وہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کیا ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے لیکن دونوں نے اس حدیث کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

267۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْجَنَّةُ مِائَةُ دَرَجَةٍ بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، وَالْفِرْدَوْسُ مِنْ اَعْلَاهَا دَرَجَةً، وَمِنْهَا تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ، فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْاَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ بِمِثْلِ هٰذَا الْاِسْنَادِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَاَبِيْ سَعِيْدٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جنت کے ۱۰۰ درجے ہیں، ان میں سے ایک درجے سے دوسرے تک کا فاصلہ اتنا ہے جتنا زمین اور آسمان کے درمیان فاصلہ ہے۔ اور "فردوس" جنت کا سب سے اونچا درجہ ہے، اسی سے جنت کی نہریں نکلتی ہیں، اس لئے جب بھی اللہ تعالیٰ سے مانگو تو "جنت الفردوس" مانگا کرو۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث اسی جیسی سند کے ہمراہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابوسعید سے بھی منقول ہے (حدیث درج ذیل ہے)

268۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَاجِيَةَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ

حديث 267:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2531 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4331 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 22790 اخرجه ابو محمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ه/1988ء رقم الحديث: 182

مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَكَذٰلِكَ رُوِيَ بِاِسْنَادٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ

❖❖ یہی حدیث سند صحیح کے ہمراہ حضرت عبادہ بن صامت سے بھی مروی ہے۔ (حدیث درج ذیل ہے)

269۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَاَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْجَنَّةُ مِئَةُ دَرَجَةٍ مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، وَالْفِرْدَوْسُ مِنْ اَعْلَاهَا دَرَجَةً وَّمِنْهَا تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ، فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْاَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ

❖❖ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی مذکورہ حدیث مروی ہے۔

270۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِيْ حُيَيٌّ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يُّرٰى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا، فَقَالَ اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ: لِمَنْ يَّا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِمَنْ اَطَابَ الْكَلَامَ، وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَبَاتَ قَائِمًا وَالنَّاسُ نِيَامٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِحُيَيٍّ وَّهُوَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَذْحِجِيُّ صَاحِبُ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، وَيُقَالُ مَوْلَاهُ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں کچھ محل (اتنے لطیف اور نفیس ہیں کہ) ان میں اندر سے باہر اور باہر سے اندر دکھائی دیتا ہے۔ ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کن لوگوں کے لئے ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کے لئے جو اچھی گفتگو کریں، لوگوں کو کھانا کھلائیں اور رات کے وقت جب ساری دنیا سوتی ہو، یہ عبادت کرتے ہوں۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ کیونکہ

حدیث 270:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1984 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 1337 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 509 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 2137 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 428 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 3467 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 1247

امام بخاری اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں نے سلیمان بن عبدالملک کے ساتھی، یحییٰ ابوعبدالرحمٰن المذحجی کی روایات نقل کی ہیں ایک قول کے مطابق یحییٰ، سلیمان کے غلام تھے۔

271۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَانَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ: عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُفِعَتْ لِيْ سِدْرَةٌ مُّنْتَهَاهَا فِي السَّمَآءِ السَّابِعَةِ، نَبْقُهَا مِثْلُ قِلَالِ هَجَرَ، وَرَقُهَا مِثْلُ اٰذَانِ الْفِيلِ، يَخْرُجُ مِنْ سَاقِهَا نَهْرَانِ ظَاهِرَانِ، وَنَهْرَانِ بَاطِنَانِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ مَا هٰذَانِ ؟ قَالَ: اَمَّا الْبَاطِنَانِ فَفِي الْجَنَّةِ، وَاَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيلُ وَالْفُرَاتُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ، وَلَهٗ شَاهِدٌ غَرِيبٌ مِّنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے سورۂ نجم کی اس آیت "عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى" کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے لئے ایک بیری کو بلند کیا گیا کہ جس کی انتہاء ساتویں آسمان پر ہوتی ہے، اس کے پھل مٹکوں کے برابر اور اس کے پتے ہاتھی کے کانوں کی طرح بڑے بڑے تھے، اس کے تنے سے چار نہریں نکلتی ہیں، جن میں سے دو ظاہر ہیں اور دو پوشیدہ ہیں۔ (حضرت انس رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں: میں نے پوچھا: یہ کون سی نہریں ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو ۲ نہریں پوشیدہ ہیں، وہ جنت میں بہتی ہیں اور جو ۲ ظاہر ہیں وہ نیل اور فرات ہیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے۔ صحیح الاسناد ہے، شعبہ نے قتادہ کے ذریعے انس کے حوالے سے روایت کی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

272۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَنَسٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَسْلَمِيُّ، حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ شُعْبَةَ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهٗ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُفِعَتْ لِيَ السِّدْرَةُ فَاِذَا اَرْبَعَةُ اَنْهَارٍ: نَهْرَانِ ظَاهِرَانِ، وَنَهْرَانِ بَاطِنَانِ، فَاَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيلُ وَالْفُرَاتُ، وَاَمَّا الْبَاطِنَانِ فَنَهَرَانِ فِي الْجَنَّةِ، وَاُتِيتُ بِثَلَاثَةِ اَقْدَاحٍ قَدَحٍ فِيْهِ لَبَنٌ، وَقَدَحٍ فِيْهِ عَسَلٌ، وَقَدَحٍ فِيْهِ خَمْرٌ فَاَخَذْتُ الَّذِيْ فِيْهِ اللَّبَنُ فَشَرِبْتُ فَقِيْلَ لِيْ، اَصَبْتَ الْفِطْرَةَ اَنْتَ وَاُمَّتُكَ، قَالَ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ. قُلْتُ لِشَيْخِنَا اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ لِمَ لَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيْثَ ؟ قَالَ: لِاَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ لَّمْ يَسْمَعْهُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سَمِعَهٗ مِنْ مَّالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ، قَالَ الْحَاكِمُ: ثُمَّ نَظَرْتُ فَاِذَا الْاَحْرُفُ الَّتِيْ سَمِعَهَا مِنْ مَّالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ غَيْرُ هٰذِهٖ وَلِيَعْلَمْ طَالِبُ هٰذَا الْعِلْمِ اَنَّ حَدِيْثَ الْمِعْرَاجِ قَدْ سَمِعَ اَنَسٌ بَعْضَهٗ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَعْضَهٗ مِنْ اَبِيْ ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ، وَبَعْضَهٗ مِنْ مَّالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ

غَيْرُ هٰذِهِ، وَبَعْضَهُ مِنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب مجھے سدرۃ المنتہی پر لے جایا گیا تو میں نے اس میں سے چار نہریں نکلتی دیکھیں، ان میں سے دو نہریں ظاہر تھیں اور دو پوشیدہ۔ ظاہر نہریں "نیل" اور "فرات" ہیں اور پوشیدہ نہریں جنت میں بہتی ہیں (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) میرے پاس تین برتن لائے گئے، ایک میں دودھ تھا، دوسرے میں شہد اور تیسرے میں شراب، میں نے دودھ والے برتن کا انتخاب کیا اور وہ دودھ پی لیا، اس پر مجھے کہا گیا: تم نے فطرت کو پالیا ہے، اس لئے تمہاری امت بھی فطرت پر رہے گی۔

❖❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: میں نے اپنے شیخ ابوعبداللہ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل کیوں نہیں کیا؟ تو انہوں نے جواب دیا: اس لئے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ فرمان خود رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنا بلکہ انہوں نے یہ فرمان حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ سے سنا ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: پھر میں نے جب تحقیق کی تو پتہ چلا کہ چند حروف ہیں جو اس روایت کے علاوہ ہیں، وہ انہوں نے مالک بن صعصعہ سے سنے ہیں۔ اور علم حدیث کے طالب کو یہ پتہ ہونا چاہئے کہ معراج والی حدیث کا کچھ حصہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے خود رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے سنا ہے اور کچھ حصہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے اور کچھ حصہ حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور بعض حصہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

273۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سِنَانٍ ضِرَارُ بْنُ مُرَّةَ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِئَةُ صَفٍّ، هٰذِهِ الْاُمَّةُ مِنْهَا ثَمَانُوْنَ صَفًّا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ

حديث 273:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث:2546 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4289 اخرجه ابومحمد الدارمى فى "سننه" طبع دارالكتاب العربى بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 2835 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:22990 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 7459 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامى دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 82 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 1301 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث:10398

✧✧ حضرت ابو بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جنتیوں کی کل ۱۲۰ صفیں ہوں گی ان میں سے ۸۰ صفیں صرف میری امت کی ہوں گی۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جس کی سند سفیان ثوری، پھر علقمہ بن مرثد پھر سلیمان بن بریدہ سے ہوتی ہوئی ان کے والد صاحب تک پہنچتی ہے۔

274۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا لَبِيدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ الْاَهْوَازِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَنْقَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِئَةُ صَفٍّ ثَمَانُونَ مِنْهَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَرْسَلَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ وَّعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنِ الثَّوْرِيِّ

❖❖ اس حدیث میں یحییٰ بن سعید اور عبدالرحمٰن مہدی نے ثوری سے ارسال کیا ہے۔

275۔ وَقَدْ رَوَاهُ الْحَارِثُ بْنُ حَصِيرَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ حَوْلَهُ: كَيْفَ اَنْتُمْ رُبُعُ اَهْلِ الْجَنَّةِ ؟ قُلْنَا: كَثِيرٌ، قَالَ: كَيْفَ اَنْتُمْ وَالثُّلُثُ ؟ قَالَ: قُلْنَا: ذٰلِكَ اَكْثَرُ، قَالَ: كَيْفَ اَنْتُمْ وَالشَّطْرُ ؟ قُلْنَا: ذَاكَ اَكْثَرُ، قَالَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِئَةُ صَفٍّ اَنْتُمْ مِنْهَا ثَمَانُونَ صَفًّا، قَالَ: قُلْنَا: فَذَاكَ الثُّلُثَانِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اَجَلْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ لَّمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيهِ فِيْ اَكْثَرِ الْاَقَاوِيلِ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد حلقہ بنا کر بیٹھے ہوئے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر جنتیوں میں تمہاری تعداد ایک چوتھائی ہو، تو کیسا رہے گا؟ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ ایک اچھی تعداد ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر ایک تہائی ہو تو؟ ہم نے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ بہت زیادہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر نصف ہو تو؟ ہم نے عرض کی: یہ اس سے بھی زیادہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت کی کل ۱۲۰ صفیں ہوں گی، جن میں ۸۰ صفیں صرف تمہاری ہوں گی (عبداللہ بن مسعود) کہتے ہیں: ہم نے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ تعداد تو دو تہائی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔

❖❖ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اکثر واقعات اپنے والد سے نہیں سنے۔

276۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ الْفَضْلِ الْآدَمِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: هَلْ تَشْتَهُوْنَ شَيْئًا فَاَزِيْدُكُمْ ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا وَمَا فَوْقَ مَا اَعْطَيْتَنَا ؟ قَالَ: يَقُوْلُ: رِضْوَانِيْ اَكْبَرُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ تَابَعَ الْاَشْجَعِيُّ مُحَمَّدَ بْنَ يُوْسُفَ الْفِرْيَابِيَّ عَلٰى اِسْنَادِهِ وَمَتْنِهِ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب جنتی لوگ جنت میں چلے جائیں گے تو اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: تمہیں مزید کسی نعمت کی خواہش ہو تو وہ بھی عطا کر دوں؟ جنتی کہیں گے: یا اللہ! جنت تو تو نے ہمیں عطا کر دی ہے، اب اس سے بڑھ کر وہ کون سی چیز ہے جو تو ہمیں عطا کرے گا؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میری خوشنودی سب سے بڑی نعمت ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اشجعی نے اس حدیث کی سند اور متن روایت کرنے میں محمد بن یوسف فریابی کی متابعت کی ہے

(اشجعی حدیث درج ذیل ہے)

277- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِاَكْبَرَ مِنْ هٰذَا ؟ قَالُوْا: بَلٰى، وَمَا اَكْبَرُ مِنْ هٰذَا ؟ قَالَ: الرِّضْوَانُ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب جنتی جنت میں چلے جائیں گے، اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: کیا میں تمہیں اس سے بھی بڑی نعمت نہ بتاؤں؟ جنتی کہیں گے: ہاں۔ لیکن اس جنت سے بڑی نعمت کیا ہوگی؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میری خوشنودی۔

278- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الْعَدْلُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوْحٍ الْمَدَائِنِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُؤْتٰى بِالْمَوْتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْ هَيْئَةِ كَبْشٍ اَمْلَحَ، فَيُقَالُ: يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ، فَيَطَّلِعُوْنَ خَائِفِيْنَ وَجِلِيْنَ مَخَافَةَ اَنْ يَخْرُجُوْا مِمَّا هُمْ فِيْهِ، فَيُقَالُ: تَعْرِفُوْنَ هٰذَا ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، هٰذَا الْمَوْتُ، ثُمَّ يُقَالُ: يَا اَهْلَ النَّارِ، فَيَطَّلِعُوْنَ مُسْتَبْشِرِيْنَ فَرِحِيْنَ اَنْ يَخْرُجُوْا مِمَّا هُمْ فِيْهِ، فَيُقَالُ: اَتَعْرِفُوْنَ هٰذَا ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، هٰذَا الْمَوْتُ، فَيَاْمُرُ بِهٖ فَيُذْبَحُ عَلَى الصِّرَاطِ، فَيُقَالُ لِلْفَرِيْقَيْنِ: خُلُوْدٌ فِيْمَا تَجِدُوْنَ لَا مَوْتَ فِيْهَا اَبَدًا،

حدیث: 276

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دار الحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ ' رقم الحديث:9025

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَإِنَّ يَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ ثَبَتَ وَقَدْ أَسْنَدَهُ فِيْ جَمِيْعِ الرِّوَايَاتِ عَنْهُ، وَوَافَقَهُ الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى السِّيْنَانِيُّ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو،

أَمَّا حَدِيْثُ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰى،

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن موت کو ایک چتکبرے مینڈھے کی صورت میں لایا جائے گا، پھر ندا دی جائے گی: اے جنتیو! جنتی گھبرا کر، اس بات سے ڈرتے ہوئے کہ کہیں ان کو جنت سے نکال نہ دیا جائے، متوجہ ہونگے۔ ان سے کہا جائے گا: اس کو پہچانتے ہو؟ وہ جواب دیں گے: ہاں! یہ موت ہے۔ پھر دوزخیوں کو ندا دی جائے گی، وہ خوشی خوشی متوجہ ہونگے اور یہ سمجھ رہے ہوں گے کہ شاید ان کو دوزخ سے نکالا جا رہا ہے، ان سے بھی کہا جائے گا: تم اس کو پہچانتے ہو؟ وہ کہیں گے: ہاں۔ یہ موت ہے۔ پھر حکم دیا جائے گا تو اس مینڈھے کو صراط پر ذبح کر دیا جائے گا، پھر جنتیوں اور دوزخیوں کو کہا جائے گا: تم جہاں جہاں رہتے ہو، اب وہاں ہمیشہ ہمیشہ رہنا ہے، اب تمہیں کبھی موت نہیں آئے گی۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، اس لئے کہ اس کی سند میں یزید بن ہارون ''ثبت'' ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات کو نقل کیا ہے اور فضل بن موسیٰ السینانی اور عبدالوہاب بن عبدالمجید نے محمد بن عمرو سے روایت کرنے میں یزید بن ہارون کی موافقت کی ہے۔

(فضل بن موسیٰ کی روایت درج ذیل ہے)

279- أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَلِيْمٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: يُؤْتٰى بِالْمَوْتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ مَوْقُوْفًا،

وَأَمَّا حَدِيْثُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ عَبْدِ الْمَجِيْدِ،

حدیث 278:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دارابن کثیر یمامه بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 4453 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2849 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2558 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4327 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 2811 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 9463 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 7450 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 11569 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 2898 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 13346 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 914

عبدالوہاب بن عبدالمجید کی روایت یہ ہے۔

280۔ فَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ زِيَادٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، فَذَكَرَهُ بِاِسْنَادِهِ مَوْقُوفًا، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَقَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ هٰذَا الْحَدِيْثِ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ مِنْ حَدِيْثِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس حدیث کو اعمش پھر ابوصالح پھر ابوسعید کے حوالے سے نقل کیا ہے تاہم الفاظ ذرا مختلف ہیں۔

281۔ أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَاكِهِي بِمَكَّةَ حَدَّثَنَا أَبُوْ يَحْيٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِيْ مَيْسَرَةَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيْدِ الأَزْرَقِي حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ عَنِ ابْنِ سَابِطٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنِ الْأَوْدِيِّ قَالَ قَامَ فِيْنَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ فَقَالَ يَا بَنِي أَوْدٍ إِنِّيْ رَسُوْلُ (رَسُوْلِ) اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعْلَمُوْنَ الْمَعَادَ إِلَى اللّٰهِ ثُمَّ إِلَى الْجَنَّةِ أَوْ إِلَى النَّارِ وَإِقَامَةٍ لَا ظَعْنَ فِيْهِ وَخُلُوْدٌ لَا مَوْتَ فِي أَجْسَادٍ لَا تَمُوْتُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ رُوَاتُهُ مَكِّيُّوْنَ وَمُسْلِمُ بْنُ خَالِدِ الزَّنْجِي إِمَامُ أَهْلِ مَكَّةَ وَمُفْتِيْهِمْ إِلَّا أَنَّ الشَّيْخَيْنِ قَدْ نَسَبَاهُ إِلٰى أَنَّ الْحَدِيْثَ لَيْسَ مِنْ صَنْعَتِهِ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ.

❖❖ حضرت عمر بن میمون اودی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہمارے درمیان معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: اے بنی اود! میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سفیر ہوں، تم جان لو کہ ایک دن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے پھر یا جنت میں جانا ہوگا یا جہنم میں۔ اور وہاں ایسا قیام کرنا ہوگا کہ پھر وہاں سے کبھی کوچ نہیں کرنا ہوگا، ہمیشہ وہیں رہنا ہے، روح کو ایسے جسم دیئے جائیں گے جن کو کبھی موت نہیں آئے گی۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اس کے تمام راوی مکی ہیں اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ بن خالد الزنجی اہل مکہ میں سے ہیں اور مکہ کے مفتی ہیں، تاہم شیخین رحمۃ اللہ علیہما کا موقف یہ ہے کہ روایتِ حدیث ان کا شعبہ نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

282۔ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ يَزِيْدَ الرَّقَّاقَ بِهَمْدَانَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِي وَأَبِي عِمْرَانَ الْجُوْنِي عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَبِي مُوْسَى الأَشْعَرِيِّ عَنْ أَبِيْ مُوْسٰى فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتَانِ قَالَ جَنَّتَانِ مِنْ ذَهَبٍ لِلسَّابِقِيْنَ وَجَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ لِلتَّابِعِيْنَ هٰذا إِسْنَادٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذا إِنَّمَا خَرَّجَاهُ مِنْ حَدِيْثِ الْحَارِثِ بْنِ عُبَيْدٍ وَعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ الْجُوْنِي عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مُوْسٰى عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَنَّتَانِ

حدیث 281:

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 1117 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 1651

مِنْ فِضَّةٍ اَلْحَدِيْثَ وَلَيْسَ فِيْهِ ذِكْرُ السَّابِقِيْنَ وَالتَّابِعِيْنَ سَمِعْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ عُمَرَ الْحَافِظَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ أَبَا الْفَضْلِ الْوَزِيْرَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ مَأْمُوْنَ الْمِصْرِيَّ يَقُوْلُ قُلْتُ لأَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيِّ لِمَ تَرَكَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ حَدِيْثَ حَمَّادِ بْنِ سَلْمَةَ فَقَالَ وَاللّٰهِ إِنَّ حَمَّادَ بْنَ سَلْمَةَ أَخْيَرُ وَأَصْدَقُ مِنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِي أُوَيْسٍ وَذَكَرَ حِكَايَةً طَوِيْلَةً شَبِيْهَةً بِالْإِسْتِبْدَالِ بِالْحَارِثِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ حَمَّادٍ.

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے آیت وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتَانِ (الرحمٰن ۴۶) کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا: دونہریں سونے کی ہیں، یہ پہلے جنت میں جانے والوں کے لئے ہیں اور دونہریں چاندی کی ہیں، یہ ان کے بعد میں جانے والوں کے لئے ہیں۔

❖ یہ اسناد امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس سند کو اس سند کے ہمراہ نقل نہیں کیا بلکہ انہوں نے اس کی سند حارث بن عبید، عبدالعزیز بن عبدالصمد، ابوعمران الجونی، ابوبکر بن ابوموسیٰ پھر ان کے والد تک پہنچا کر رسول پاک کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ ''دونہریں چاندی کی ہیں (پھر پوری حدیث نقل کی ہے) تاہم اس میں ''سابقین اور تابعین'' کا ذکر نہیں ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ ابوالحسن علی بن عمر الحافظ کے واسطے سے ابوالفضل الوزیر کے حوالے سے مامون المصری کا یہ قول نقل کرتے ہیں: میں نے ابوعبدالرحمٰن النسائی سے پوچھا کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حماد بن سلمہ کی حدیث نقل کیوں نہیں کی؟ انہوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم حماد بن سلمہ اسماعیل بن ابواویس سے کہیں زیادہ بہتر اور اصدق ہے۔ پھر حارث بن عبید کے حوالے سے حماد سے متعلق ایک طویل حکایت بیان کی۔

283- حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ الْجَوْهَرِيُّ بِمَرْوَ، مِنْ اَصْلِ كِتَابِهٖ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَاسَوَيْهِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيْمِ، حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَوْمُ الْقِيَامَةِ كَقَدْرِ مَا بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ اِنْ كَانَ سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ حَفِظَهٗ عَلٰى اَنَّهٗ ثِقَةٌ مَأْمُوْنٌ.

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن کا دورانیہ صرف اتنا ہی ہوگا جتنا وقت ظہر اور عصر کے درمیان ہوتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح الاسناد ہے۔ سوید بن نصر حافظ بھی ہے، ثقہ بھی ہے اور جرح سے بھی مامون ہیں۔

284- فقد أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَلِيْمٍ أَنْبَأَ أَبُوْ الْمُوَجِّهِ أَنْبَأَ عَبْدَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفٰى عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كَقَدْرِ مَا بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کا دن مومنوں کے لئے صرف اتنا ہی ہوگا جتنا ظہر اور عصر کے درمیان کا وقت۔

285- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا السَّرِیُّ بْنُ خُزَیْمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ یَزِیْدَ الْمُقْرِءُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیْدَ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ اَیُّوْبَ، اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ صَخْرٍ، عَنْ نَّافِعٍ، قَالَ: کَانَ لابْنِ عُمَرَ صَدِیْقٌ مِّنْ اَهْلِ الشَّامِ یُکَاتِبُهٗ، فَکَتَبَ اِلَیْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، اَنَّهٗ بَلَغَنِیْ اَنَّکَ تَکَلَّمْتَ فِیْ شَیْءٍ مِّنَ الْقَدْرِ فَاِیَّاکَ اَنْ تُکْتَبَ اِلَیَّ، فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ: اِنَّهٗ سَیَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ اَقْوَامٌ یُکَذِّبُوْنَ بِالْقَدَرِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِاَبِیْ صَخْرٍ حُمَیْدِ بْنِ زِیَادٍ وَّلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت نافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ابن عمر رضی اللہ عنہما کا ایک شامی دوست تھا جو اکثر آپ کو خط وغیرہ لکھتا رہتا تھا ایک مرتبہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اس کو مکتوب بھیجا جس میں لکھا تھا ''مجھے معلوم ہوا ہے کہ تجھے قدر پر اعتراض ہے اس لئے آئندہ سے مجھے کوئی خط نہیں لکھنا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امت میں کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو تقدیر کا انکار کریں گے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ کیونکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے صخر حمید بن زیاد کی روایات نقل کی ہیں۔

286- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ بْنِ الْحَسَنِ الْفَقِیْهُ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ سُلَیْمَانُ بْنُ الْاَشْعَثِ، حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلْقَدَرِیَّةُ مَجُوْسُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اِنْ مَّرِضُوْا فَلَا تَعُوْدُوْهُمْ، وَاِنْ مَّاتُوْا فَلَا تَشْهَدُوْهُمْ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، اِنْ صَحَّ سَمَاعُ اَبِیْ حَازِمٍ، مِنِ ابْنِ عُمَرَ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ وَشَاهِدُهٗ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''قدریہ'' اس امت کے مجوسی ہیں اگر یہ بیمار پڑ جائیں تو ان کی عیادت نہ کرو اور مر جائیں تو ان کے جنازہ میں شرکت نہ کرو۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ ابوحازم کا سماع ابن عمر رضی اللہ عنہما سے صحیح ہے۔ اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

287- حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَکْرُ بْنُ مُحَمَّدِ الصَّیْرَفِیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ الْبَلْخِیُّ، حَدَّثَنَا

حدیث 285:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4613 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 5639

حدیث 286:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4691

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنِيْ عَطَاءُ بْنُ دِيْنَارٍ، حَدَّثَنِيْ حَكِيْمُ بْنُ شَرِيْكٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ مَيْمُوْنِ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ رَّبِيْعَةَ الْجُرَشِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تُجَالِسُوا اَهْلَ الْقَدَرِ، وَلَا تُفَاتِحُوهُمْ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ 'عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اہل قدر کے ساتھ نہ بیٹھو اور نہ ان کے ساتھ راز و نیاز کی باتیں کرو۔

حدیث 287:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4710 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 206 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 79 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 245

كِتَابُ الْعِلْمِ

علم کا بیان

288- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ الْمِصْرِيُّ، اَنْبَانَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ يَحْيٰى فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخُزَاعِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا مِمَّا يُبْتَغٰى بِهٖ وَجْهُ اللّٰهِ لَا يَتَعَلَّمُهٗ اِلَّا لِيُصِيبَ بِهٖ غَرَضًا مِّنَ الدُّنْيَا لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ سَنَدُهٗ، ثِقَاتٌ رُوَاتُهٗ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ اَسْنَدَهٗ وَوَصَلَهٗ عَنْ فُلَيْحٍ جَمَاعَةٌ غَيْرُ ابْنِ وَهْبٍ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے علم جو کہ محض رضائے الٰہی کی خاطر حاصل کرنا چاہیئے کسی دنیاوی مقصد کی خاطر حاصل کیا، وہ قیامت کے دن جنت کی خوشبو بھی نہ پا سکے گا۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے اس کے تمام راوی ثقہ ہیں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہیں لیکن اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔ حالانکہ اسی حدیث کو ابن وہب کے علاوہ محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی ایک جماعت نے فلیح تک اس کی سند کو متصل کیا ہے۔ حدیث درج ذیل ہے۔

289- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ السَّرِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَوْهَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْبَلَدِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ السَّيَّارِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ حَلِيمٍ بِمَرْوَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ اَبِيْ طُوَالَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا يُبْتَغٰى بِهٖ وَجْهُ اللّٰهِ لَا يَتَعَلَّمُهٗ اِلَّا لِيُصِيبَ بِهٖ غَرَضًا مِّنَ الدُّنْيَا لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ، قَالَ فُلَيْحٌ: وَعَرْفُهَا رِيحُهَا، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ بِاِسْنَادَيْنِ صَحِيْحَيْنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَكَعْبِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَمَّا حَدِيْثُ

حدیث 288:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 78 اخرجه ابویعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث:6373

جَابِرٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے علم (جو کہ محض اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی خاطر حاصل کرنا چاہئے) کسی دنیاوی مقصد کے پیش نظر حاصل کیا، وہ جنت کی خوشبو بھی نہ پا سکے گا۔ فلیح نے (اس حدیث میں استعمال ہونے والے لفظ) عرفها (کی وضاحت کرتے ہوئے اس) کے بارے میں کہا (اس سے مراد) ریحھا (یعنی اس کی خوشبو) ہے۔

✣✣ یہی حدیث حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما اور حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی دو صحیح سندوں کے ساتھ بھی مروی ہے۔ ان میں سے جابر کی حدیث درج ذیل ہے۔

290- فَاَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيمٍ الْقَنْطَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ السُّلَمِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ لِتُبَاهُوا بِهِ الْعُلَمَاءَ اَوْ تُمَارُوا بِهِ السُّفَهَاءَ، وَلَا لِتَحِيزُوا بِهِ الْمَجْلِسَ، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَالنَّارُ النَّارُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم اس لئے نہ سیکھو کہ علماء سے مناظرے کرو گے اور سادہ لوگوں سے بحث کرو گے اور مجلس کو اپنی طرف متوجہ کرو گے جو شخص ایسا کرے گا وہ جہنم کا مستحق ہے۔

291- حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ الشَّيْبَانِيُّ، مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادٍ التُّجِيبِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، سَمِعْتُ ابْنَ جُرَيْجٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، فَذَكَرَهُ بِمِثْلِهِ هٰذَا اِسْنَادُ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ الْمِصْرِيِّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، فَوَصَلَهُ وَيَحْيٰى مُتَّفَقٌ عَلٰى اِخْرَاجِهِ فِي الصَّحِيحَيْنِ، وَقَدْ اَرْسَلَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، فَاَنَا عَلَى الْاَصْلِ الَّذِي اَصَّلْتُهُ فِي قَبُولِ الزِّيَادَةِ مِنَ الثِّقَةِ فِي الْاَسَانِيدِ وَالْمُتُونِ

✧✧ یہی حدیث مذکورہ سند کے ہمراہ ابوالزبیر کے حوالے سے بھی مروی ہے۔

✣✣ یہ یحییٰ بن ایوب المصری کی ابن جریج سے اسناد ہے۔ یحییٰ نے اسے متصل کیا ہے اور یحییٰ کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے نقل کی ہیں جبکہ عبداللہ بن وہب نے اس حدیث میں ارسال کیا ہے اور میں اسی قانون پر عمل پیرا ہوں جس کو میں نے بیان کر دیا تھا کہ اسانید اور متون میں ثقہ کی زیادتی قبول ہے۔

حدیث: 290

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 254 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 77 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 259

ابن وہب کی روایت درج ذیل ہے۔

292۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَانَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: وَسَمِعْتُ ابْنَ جُرَيْجٍ، يُحَدِّثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لاَ تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ لِتُبَاهُوا بِهِ الْعُلَمَاءَ، وَلاَ لِتُمَارُوْا بِهِ السُّفَهَاءَ، وَلاَ لِتُحَدِّثُوا بِهِ فِي الْمَجَالِسِ، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَالنَّارُ النَّارُ "وَاَمَّا حَدِيْثُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ

✧✧ حضرت ابن وہب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی یہ حدیث منقول ہے۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث درج ذیل ہے۔

293۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِيْ اَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلاَلٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنِ ابْتَغَى الْعِلْمَ لِيُبَاهِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ، اَوْ يُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ، اَوْ يَقْبَلَ اِفَادَةَ النَّاسِ اِلَيْهِ فَاِلَى النَّارِ لَمْ يُخَرِّجِ الشَّيْخَانِ لاِسْحَاقَ بْنِ يَحْيٰى شَيْئًا، وَاِنَّمَا جَعَلْتَهُ شَاهِدًا لِمَا قَدَّمْتُ مِنْ شَرْطِهِمَا وَاِسْحَاقُ بْنُ يَحْيٰى مِنْ اَشْرَافِ قُرَيْشٍ

✧✧ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جس نے علماء سے مناظرے کرنے، سادہ لوگوں سے جھگڑنے یا لوگوں سے فائدہ حاصل کرنے کیلئے علم حاصل کیا، وہ جہنمی ہے۔

✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسحاق بن یحییٰ کی کوئی روایت نقل نہیں کی۔ تاہم میں نے اس حدیث کو گزشتہ حدیث کے شاہد کے طور پر نقل کیا ہے۔ کیونکہ یہ دونوں کے معیار پر ہے اور اسحاق بن یحییٰ قریش کے باعزت لوگوں میں سے ہیں۔

294۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْعَدْلُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْقَاضِيْ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، وَسَاَلَهُ عَنْهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، قَالاَ: حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث 294:

اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" 3056 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 229 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ه' 1987ء' رقم الحديث: 229 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 67 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 4890 اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 5292

الْخَيْفِ. فَقَالَ: نَضَّرَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِيْ فَوَعَاهَا، ثُمَّ اَدَّاهَا اِلٰى مَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَا فِقْهَ لَهُ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ، ثَلَاثٌ لَّا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ، وَالطَّاعَةُ لِذَوِي الْاَمْرِ، وَلُزُوْمُ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ تُحِيطُ مِنْ وَرَائِهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، قَاعِدَةٌ مِّنْ قَوَاعِدِ اَصْحَابِ الرِّوَايَاتِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاَمَّا الْبُخَارِيُّ فَقَدْ رَوٰى فِي الْجَامِعِ الصَّحِيْحِ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ حَمَّادٍ وَّهُوَ اَحَدُ اَئِمَّةِ الْاِسْلَامِ وَلَهُ اَصْلٌ مِّنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ مِنْ غَيْرِ حَدِيْثِ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، فَقَدْ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ مِّنْ اَوْجُهٍ صَحِيْحَةٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ

✧✧ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ اپنے والد جبیر کے حوالے سے بیان کرتے ہیں، ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ (مقام) خیف میں کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش وخرم رکھے جو میری گفتگو سن کر یاد کرلے اور ان لوگوں تک پہنچا دے جنہوں نے اسے نہیں سنا کیونکہ کئی مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ (میری گفتگو کو یاد کر کے آگے) پہنچانے والا خود اتنا سمجھدار نہیں ہوتا اور آگے جس تک وہ میری بات پہنچاتا ہے وہ اس سے زیادہ سمجھدار ہوتا ہے۔ (پھر آپ ﷺ نے فرمایا) تین چیزیں ایسی ہیں جن سے متعلق بندۂ مومن کا دل دھوکہ نہیں کھاتا (۱) وہ عمل جو خالصتاً اللہ تعالیٰ کے لیے ہو (۲) ذوی الامر کی اطاعت (۳) مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ رہنا کیونکہ مومنوں کی دعوت ان کے بعد والوں تک بھی پہنچے گی۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی جامع صحیح میں نعیم بن حماد کی روایات نقل کی ہیں۔ نعیم بن حماد اسلام کے ائمہ میں سے ایک ہیں۔ اس حدیث کی اصل بھی موجود ہے جو کہ زہری کی سند سے ہے، یہ حدیث صالح بن کیسان والی نہیں ہے، اس حدیث کو محمد بن اسحاق بن یسار زہری سے متعدد اسنادِ صحیحہ کے ساتھ روایت کیا ہے۔ وہ جمیع اسناد بمعہ حدیث درج ذیل ہے۔

295- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اِسْحَاقَ، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْخَیْفِ مِنْ مِنًی، فَقَالَ: نَضَّرَ اللّٰہُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِیْ فَوَعَاھَا ثُمَّ اَدَّاھَا اِلٰی مَنْ لَمْ یَسْمَعْھَا فَرُبَّ حَامِلِ فِقْہٍ لَا فِقْہَ لَہٗ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْہٍ اِلٰی مَنْ ھُوَ اَفْقَہُ مِنْہُ، ثَلَاثٌ لَّا یُغِلُّ عَلَیْھِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰہِ، وَالنَّصِیحَۃُ لِاُولِی الْاَمْرِ، وَلُزُوْمُ الْجَمَاعَۃِ، فَاِنَّ دَعْوَتَھُمْ تَکُوْنُ مِنْ وَّرَائِھِمْ قَدِ اتَّفَقَ ھٰؤُلَاءِ الثِّقَاتُ عَلٰی رِوَایَۃِ ھٰذَا الْحَدِیْثِ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّھْرِیِّ، وَخَالَفَھُمْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ نُمَیْرٍ وَّحْدَہٗ، فَقَالَ: عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ وَھُوَ ابْنُ اَبِی الْجَنُوبِ، عَنِ الزُّھْرِیِّ، وَابْنُ نُمَیْرٍ ثِقَۃٌ وَّاللّٰہُ اَعْلَمُ، ثُمَّ نَظَرْنَاہُ فَوَجَدْنَا لِلزُّھْرِیِّ فِیْہِ مُتَابِعًا، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جُبَیْرٍ

◇◇ محمد بن اسحاق کی زہری سے محمد بن جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کے والد کے حوالے سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں (مقام) خیف پہ کھڑے ہوکر فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص کو ہمیشہ خوش وخرم رکھے جو میری گفتگو سن کر یاد کرے پھران لوگوں تک پہنچا دے جنہوں نے اسے نہیں سنا کیونکہ کئی مرتبہ یوں بھی ہوتا ہے کہ ایک شخص حدیث یاد کرلیتا ہے لیکن اس کی اسے کوئی سمجھ بوجھ نہیں ہوتی بلکہ کئی مرتبہ میری گفتگو سنانے والے کی بہ نسبت وہ شخص زیادہ سمجھ دار ہوتا ہے جس کو حدیث سنائی جاتی ہے۔ (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) تین چیزیں ایسی ہیں جن کے متعلق بندۂ مومن کا دل دھوکے میں نہیں رہتا (۱) اللہ کے لئے کیا ہوا خالص عمل (۲) اولی الامر کی نصیحت (۳) جماعت کے ساتھ رہنا۔ کیونکہ ان کی دعوت ان سے بعدوالوں کیلئے ہوگی۔

❖❖ مذکورہ حدیث کی سند کے تمام ثقہ راوی اس کو محمد بن اسحاق کے ذریعے زہری سے روایت کرنے میں متفق ہیں۔ صرف عبداللہ ابن نمیر نے ان سے اختلاف کرتے ہوئے اس کی سند محمد بن اسحاق کے بعد عبدالسلام تک پہنچائی ہے پھر زہری تک گئے ہیں (ان کی سند میں محمد بن اسحاق اور زہری کے درمیان عبدالسلام موجود ہیں) یہ عبدالسلام، ابن ابی الجنوب ہیں اور ابن نمیر ثقہ ہیں۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) پھر جب ہم نے غور وفکر کیا اور تحقیق کی تو زہری کی ایک متابع بھی مل گئی جو محمد بن جبیر سے مروی ہے (حدیث درج ذیل ہے)۔

296- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِیْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ اَبِیْ عَمْرٍو مَوْلَی الْمُطَّلِبِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحُوَیْرِثِ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِیْہِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ وَھُوَ بِالْخَیْفِ مِنْ مِنًی: رَحِمَ اللّٰہُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِیْ فَوَعَاھَا ثُمَّ اَدَّاھَا اِلٰی مَنْ لَمْ یَسْمَعْھَا فَرُبَّ حَامِلِ فِقْہٍ لَا فِقْہَ لَہٗ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْہٍ اِلٰی مَنْ ھُوَ اَفْقَہُ مِنْہُ ثَلَاثٌ لَّا یُغِلُّ عَلَیْھِنَّ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ، وَمُنَاصَحَۃُ ذَوِی الْاَمْرِ، وَلُزُوْمُ الْجَمَاعَۃِ فَاِنَّ دَعْوَتَھُمْ تَکُوْنُ مِنْ وَّرَائِھِمْ وَفِی الْبَابِ عَنْ جَمَاعَۃٍ مِّنَ الصَّحَابَۃِ مِنْھُمْ عُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِیٌّ، وَعَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَابْنُ عُمَرَ، وَابْنُ عَبَّاسٍ، وَاَبُوْ ھُرَیْرَۃَ، وَاَنَسٌ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ، وَغَیْرُھُمْ عِدَّۃٌ وَّحَدِیْثُ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ مِّنْ شَرْطِ الصَّحِیْحِ

◇◇ مذکورہ سند کے ساتھ بھی یہ حدیث منقول ہے تاہم چند الفاظ مختلف ہیں۔

❖❖ اس موضوع پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت سے روایات منقول ہیں جن میں حضرت عمر، عثمان، علی، عبداللہ بن مسعود، معاذ بن جبل، ابن عمر، ابن عباس، ابو ہریرہ اور انس رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے اسمائے گرامی شامل ہیں اور اسی سلسلہ میں نعمان بن بشیر کی روایت "صحیح" کے معیار پر ہے (نعمان بن بشیر کی روایت درج ذیل ہے)

297- سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ مُحَمَّدَ بْنَ يَعْقُوْبَ غَيْرَ مَرَّةٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَكْرٍ الْمَرْوَزِيُّ، بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اَبِيْ صَغِيْرَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: نَضَّرَ اللّٰهُ وَجْهَ امْرِءٍ سَمِعَ مَقَالَتِيْ فَحَمَلَهَا، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ غَيْرُ فَقِيْهٍ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ ثَلَاثٌ لَّا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ تَعَالٰى، وَمُنَاصَحَةُ وُلَاةِ الْاَمْرِ، وَلُزُوْمُ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِيْنَ قَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ فِي الْمُسْنَدِ الصَّحِيْحِ بِحَدِيْثِ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، اَنَّهُ قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُ نَبِيَّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا يَّمْلَاُ بَطْنَهُ مِنَ الدَّقَلِ، وَعَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَوِّي صُفُوفَنَا، الْحَدِيْثَ وَحَاتِمُ بْنُ اَبِيْ صَغِيْرَةَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِي مُتَّفَقٌ عَلٰى اِخْرَاجِهِمَا وَقَدْ رُوِيَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، وَمُجَاهِدٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❖❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "المسند الصحیح" میں سماک بن حرب کے حوالے سے نعمان بن بشیر کی یہ حدیث شریف نقل کی ہے (نعمان بن بشیر کہتے ہیں) میں نے ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ردی کھجوریں کھا کر گزارا کرتے دیکھا اور سماک کی نعمان سے ہی یہ حدیث بھی منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری صفوں کو درست کروایا کرتے تھے (پوری حدیث منقول ہے) حاتم بن ابی صغیرہ اور عبداللہ بن بکر السھمی کی روایات نقل کرنے میں ائمہ حدیث کا اتفاق ہے۔ یونہی شعبی اور مجاہد نے بھی نعمان بن بشیر کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث روایت کی ہیں۔

298- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ النَّحْوِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ الْجَوْهَرِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيْبٍ الْحَافِظُ، قَالَا: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّهُ قَالَ: مَرْحَبًا بِوَصِيَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْصِيْنَا بِكُمْ

حدیث: 298

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2651 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2191 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة سرسالة' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 405 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهرة' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 7059 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 247

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ ثَابِتٌ لاتِّفَاقِ الشَّيْخَيْنِ عَلٰى الاحْتِجَاجِ بِسَعِيْدِ بْنِ سُلَيْمَانَ وَعَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ وَالْجُرَيْرِيِّ، ثُمَّ احْتِجَاجِ مُسْلِمٍ بِحَدِيْثِ اَبِيْ نَضْرَةَ فَقَدْ عَدَدْتُّ لَهُ فِي الْمُسْنَدِ الصَّحِيْحِ اَحَدَ عَشَرَ اَصْلا لِلْجُرَيْرِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيْثَ الَّذِيْ هُوَ اَوَّلُ حَدِيْثٍ فِيْ فَضْلِ طُلابِ الْحَدِيْثِ وَلَا يُعْلَمُ لَهُ عِلَّةٌ، فَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ طُرُقٌ يَجْمَعُهَا اَهْلُ الْحَدِيْثِ، عَنْ اَبِيْ هَارُوْنَ الْعَبْدِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ، وَاَبُوْ هَارُوْنَ مِمَّنْ سَكَتُوْا عَنْهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا: تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت مبارک ہو۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تمہارے حوالے سے وصیت فرمایا کرتے تھے۔

✥✥ یہ حدیث ''صحیح'' ہے، ثابت ہے، کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے سعید بن سلیمان، عباد بن العوام اور جریری کی روایات نقل کی ہیں اور جہاں تک تعلق ہے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے ابونضرۃ کی حدیث روایت کرنے کا تو (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی ''المسند الصحیح'' میں ایسی گیارہ حدیثیں نوٹ کی ہیں جو انہوں نے جریری کے حوالے سے نقل کی ہیں۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے یہ حدیث نقل نہیں کی، حالانکہ طالبِ حدیث کی فضیلت میں یہ پہلی حدیث ہے۔ مزید برآں یہ کہ اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔ اس حدیث کے کافی طرق ہیں جنہیں محدثین کرام رحمۃ اللہ علیہم نے ابوہارون کے واسطے سے ابوسعید کے حوالے سے بیان کیا ہے اور ابوہارون کے متعلق اہل جرح ونقد علماء خاموش ہیں۔

299۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَّجُلٍ سَلَكَ طَرِيقًا يَّطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا، اِلَّا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ بِهٖ طَرِيقَ الْجَنَّةِ، وَمَنْ اَبْطَاَ بِهٖ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهُ تَابَعَهُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص علم (دین) کی طلب میں نکلا، اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے اور جو شخص اپنے اعمال کی وجہ سے سست رو ہوگا وہ نسب کی بناء پر تیز نہیں ہوسکتا۔ اس حدیث کی ابومعاویہ نے متابعت کی ہے۔ عبداللہ ابن نمیر کی حدیث درج ذیل ہے۔

حدیث 299:

اخرجه ابو داؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3646 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2945 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 225 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 7421 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 344 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 84 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 3780 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بیروت لبنان 1407ھ/1986ء رقم الحدیث: 394

300- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَلَكَ طَرِيقًا فِيْهِ يَلْتَمِسُ عِلْمًا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ طَرِيقًا اِلَى الْجَنَّةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاللَّفْظَةُ الَّتِيْ اَسْنَدَهَا زَائِدَةُ قَدْ وَقَفَهَا غَيْرُهُ، فَاَمَّا طَلَبُ الْعِلْمِ فَلَمْ يُخْتَلَفْ عَلَى الْاَعْمَشِ فِيْ سَنَدِهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص علم کی تلاش میں نکلتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کی راہ آسان کر دیتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث میں زائدہ (نامی راوی) نے مَنْ اَبْطَاَ بِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ يُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ کے الفاظ بیان کئے ہیں، ان کے علاوہ اور کسی بھی محدث نے یہ الفاظ ذکر نہیں کئے۔ تاہم طلب علم کے حوالے سے اعمش کی سند میں کسی کو اختلاف نہیں ہے۔

301- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ بْنِ بَكَّارٍ الْقَاضِيْ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَمَتَّ اِلَيْهِ بِرَحِمٍ بَعِيْدَةٍ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اعْرِفُوا اَنْسَابَكُمْ تَصِلُوْا اَرْحَامَكُمْ، فَاِنَّهُ لَا قُرْبَ لِرَحِمٍ اِذَا قُطِعَتْ، وَاِنْ كَانَتْ قَرِيبَةً، وَلَا بُعْدَ لَهَا اِذَا وُصِلَتْ وَاِنْ كَانَتْ بَعِيْدَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجْهُ وَاحِدٌ مِّنْهُمَا، وَاِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدٍ هُوَ ابْنُ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ قَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِاَكْثَرِ رِوَايَاتِهِ عَنْ اَبِيْهِ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ مُّخَرَّجٌ مِثْلُهُ فِي الشَّوَاهِدِ

✧✧ اسحاق بن سعید اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں موجود تھا، ان کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے بڑے دُور کے تعلقات سے ان کے ساتھ رشتہ داری جوڑنے کی کوشش کی تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نسبوں کو پہچانو! اور صلہ رحمی کرو کیونکہ جب رحم ختم ہو جائے تو چاہے رشتہ دار کتنا ہی قریبی ہو، کوئی قرب نہیں رہتا اور جب ان سے ملاقات رہے تو کوئی بعد نہیں رہتا اگر چہ کتنی ہی دوری ہو۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ (اس کی سند میں جو) اسحاق بن سعید (ہیں) وہ عمرو بن سعید بن العاص کے بیٹے ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات ان کے والد کے حوالے سے نقل کی ہیں۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی ہے اور اس طرح کی احادیث شواہد میں پیش کی جا سکتی ہیں۔

حدیث 301:

اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث:2757

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

302- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَلْمَانَ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَسْبَاطِ الْحَارِثِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمُوا اَنْسَابَكُمْ تَصِلُوْا اَرْحَامَكُمْ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسَى الْحِيْرِيُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ يَحْيٰى، يَقُوْلُ: اَبُو الْاَسْبَاطِ الْحَارِثِيُّ هُوَ بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نسب کو جانو اور صلہ رحمی کرو۔

❖❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ علی بن عیسیٰ الحیری پھر حسین بن محمد بن زیاد پھر محمد بن یحییٰ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ اس کی سند میں ابوالباسط الحارثی ''بشر بن رافع'' ہیں۔

303- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ الرَّقِّيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبَّادٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَجُلا اَتٰى اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ فَقَالَ: لَا اَدْرِي فَلَمَّا اَتَاهُ جِبْرَائِيْلُ، قَالَ: يَا جِبْرَائِيْلُ اَيُّ الْبُلْدَانِ شَرٌّ؟ قَالَ: لَا اَدْرِي حَتّٰى اَسْاَلَ رَبِّي، فَانْطَلَقَ جِبْرَائِيْلُ فَمَكَثَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّمْكُثَ، ثُمَّ جَآءَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنَّكَ سَاَلْتَنِيْ اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ وَاِنِّيْ قُلْتُ لَا اَدْرِي وَاِنِّيْ سَاَلْتُ رَبِّي، فَقُلْتُ: اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ، فَقَالَ: اَسْوَاقُهَا قَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِرُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ اِلَّا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ وَّقَدْ تَفَرَّدَ الْبُخَارِيُّ بِالْاحْتِجَاجِ بِاَبِيْ حُذَيْفَةَ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ اَصْلٌ فِيْ قَوْلِ الْعَالِمِ: لَا اَدْرِي، وَلَهُ شَاهِدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ

✧✧ حضرت محمد بن جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کون سی جگہ سب سے زیادہ بری ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نہیں جانتا۔ جب حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا: اے جبرائیل علیہ السلام: کون سی جگہ سب سے زیادہ بری ہے؟ انہوں نے بھی عرض کی: میں نہیں جانتا۔ میں اللہ تعالیٰ سے پوچھ کر بتاؤں گا (یہ کہہ کر) حضرت جبرائیل

حدیث 303:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:16790 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث:1599 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 7403 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 1545 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحديث:420

علیہ السلام چلے گئے۔ ایک عرصہ کے بعد جب جبرائیل علیہ السلام آئے تو کہنے لگے: آپ نے مجھ سے پوچھا تھا کہ کون سی جگہ سب سے زیادہ بری ہے، اس پر میں نے کہا تھا کہ مجھے معلوم نہیں، البتہ میں اللہ تعالیٰ سے پوچھ کر بتاؤں گا۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے پوچھ لیا ہے، اس نے فرمایا: ''بازار'' (سب سے بری جگہ ہے)

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔ البتہ عبداللہ بن محمد بن عقیل کی روایات نقل نہیں کی جبکہ ابوحذیفہ کی روایات صرف امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں اور یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ کوئی عالم ''میں نہیں جانتا'' کہہ سکتا ہے۔ اس کی ایک شاہد حدیث موجود ہے جو کہ عبداللہ بن محمد بن عقیل سے مروی ہے حدیث درج ذیل ہے۔

304- حَدَّثَنَا اَبُو الطَّيِّبِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ الْجَبْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ، وَسَعْدُ بْنُ يَزِيْدَ الْفَرَّاءُ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَجُلا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ الْبِلادِ شَرٌّ؟ قَالَ: لا اَدْرِي فَلَمَّا اَتٰى جَبْرَائِيْلُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَا جَبْرَائِيْلُ اَيُّ الْبِلادِ شَرٌّ؟ قَالَ: لا اَدْرِي حَتّٰى اَسْاَلَ رَبِّي، فَانْطَلَقَ جَبْرَائِيْلُ فَمَكَثَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّمْكُثَ ثُمَّ جَآءَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، سَاَلْتَنِيْ اَيُّ الْبِلادِ شَرٌّ؟ وَاِنِّيْ قُلْتُ: لا اَدْرِي، وَاِنِّيْ سَاَلْتُ رَبِّي اَيُّ الْبِلادِ شَرٌّ؟ فَقَالَ: اَسْوَاقُهَا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ هٰذَا هُوَ ابْنُ اَبِي الْمِقْدَامِ الْكُوفِيُّ، وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَاِنَّمَا ذَكَرْتُهُ شَاهِدًا، وَرِوَايَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ عَنْهُ حَتّٰى حَثَّنِيْ عَلٰى اِخْرَاجِهِ فَاِنِّيْ قَدْ عَلَوْتُ فِيْهِ مِنْ وَجْهٍ لا يُعْتَمَدُ،

❖❖ یہ عمرو بن ثابت ابومقدام کوفی کے بیٹے ہیں۔ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر نہیں ہے، میں نے اسے مذکورہ حدیث کے شاہد کے طور پر ذکر کیا ہے اور عبداللہ بن مبارک نے بھی اس حدیث کو عمرو بن ثابت سے روایت کیا ہے، اسی بناء پر میں نے یہ حدیث ذکر کی ہے کیونکہ اس میں میری سند ایک اعتبار سے عالی بھی ہے لیکن اس پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

عبدالصمد بن نعمان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے۔

305- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهِ، وَعَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ لَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ اٰخَرُ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ

❖❖ یہ مذکورہ حدیث عبدالصمد بن نعمان کے حوالے سے عمرو بن ثابت سے مروی ہے اور عبدالصمد بن نعمان اس کتاب کے معیار کے راوی نہیں ہیں جبکہ اس حدیث کی اور بھی شاہد حدیث ہے جو کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

306۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ بِمَكَّةَ، فِيْ دَارِ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ الْبِقَاعِ خَيْرٌ؟ فَقَالَ: لَا اَدْرِي، فَقَالَ: اَيُّ الْبِقَاعِ شَرٌّ؟ فَقَالَ: لَا اَدْرِي، فَقَالَ: سَلْ رَبَّكَ، قَالَ: فَلَمَّا نَزَلَ جِبْرَائِيْلُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ سُئِلْتُ اَيُّ الْبِقَاعِ خَيْرٌ وَّاَيُّ الْبِقَاعِ شَرٌّ؟ فَقُلْتُ: لَا اَدْرِي، فَقَالَ: جِبْرَائِيْلُ: وَاَنَا لَا اَدْرِي حَتّٰى اَسْاَلَ رَبِّي، قَالَ: فَانْتَفَضَ جِبْرَائِيْلُ انْتِفَاضَةً كَادَ اَنْ يُصْعَقَ مِنْهَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اللّٰهُ: يَا جِبْرَائِيْلُ يَسْاَلُكَ مُحَمَّدٌ اَيُّ الْبِقَاعِ خَيْرٌ؟ فَقُلْتَ: لَا اَدْرِي، فَسَاَلَكَ اَيُّ الْبِقَاعِ شَرٌّ، فَقُلْتَ: لَا اَدْرِي، وَاِنَّ خَيْرَ الْبِقَاعِ الْمَسَاجِدُ، وَشَرَّ الْبِقَاعِ الْاَسْوَاقُ "

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس روایت میں بقیہ تمام مفہوم سابقہ حدیث والا ہے البتہ اس کے آخر میں یہ بھی ہے کہ ''بہترین جگہ مسجد اور بدترین جگہ بازار ہے''۔

307۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، قَالَا: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوْشِكُ النَّاسُ اَنْ يَّضْرِبُوْا اَكْبَادَ الْاِبِلِ فَلَا يَجِدُوْنَ عَالِمًا اَعْلَمَ مِنْ عَالِمِ الْمَدِيْنَةِ

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ (اور اس کی سند میں جو) یونس بن یوسف ہیں وہ اس ''عمرو بن حماس'' کے بیٹے ہیں، جن کی روایات مالک بن انس رضی اللہ عنہ نے اپنی موطا میں نقل کی ہیں تو پھر ان لوگوں کے بارے میں کیا خیال ہے جن سے یونس نے روایات نقل کی ہیں اور ان کی روایات امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی نقل کی ہیں۔

365۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، مِنْ اَصْلِ كِتَابِهٖ، اَنْبَانَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الْحَافِظُ الْمَعْرُوْفُ بِالْعِجْلِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ زِيَادٍ سَبَلانُ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ وَهُوَ ابْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ يَهْلِكُوْنَ عِنْدَ الْحِسَابِ: جَوَادٌ، وَشُجَاعٌ، وَعَالِمٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِهِمَا وَهُوَ غَرِيْبٌ شَاذٌّ اِلَّا اَنَّهٗ مُخْتَصَرٌ مِّنَ الْحَدِيْثِ الْاَوَّلِ شَاهِدٌ لَّهٗ.

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تین لوگ حساب کے وقت ہلاک ہوں گے۔

(۱) سخی (۲) بہادر (۳) عالم۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح الاسناد'' ہے اور یہ حدیث ''غریب شاذ'' ہے البتہ یہ گزشتہ حدیث سے ذرا مختصر ہے اور اس کی شاہد ہے۔

366۔ أَخْبَرَنَا أَبُوْ بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِي حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ قَالَ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ لَوْلَا مَا أَخَذَ اللّٰهُ عَلٰى أَهْلِ الْكِتَابِ مَا حَدَّثْتُكُمْ بِشَيْءٍ ثُمَّ تَلَا وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهُ!

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَا أَعْلَمُ لَهُ عِلَّةً وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ.

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے: اگر اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب سے عہد نہ لیا ہوتا تو میں تمہیں کچھ نہ بتاتا، پھر اس کے بعد حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهُ (آل عمران ۱۸۷)۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور مجھے اس میں کوئی علت نہیں ملی۔

367۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ يَقُوْمُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِلٰى جَانِبِ الْمِنْبَرِ فَيَطْرَحُ أَعْقَابَ نَعْلَيْهِ فِيْ ذِرَاعَيْهِ ثُمَّ يَقْبِضُ عَلٰى رُمَّانَةِ الْمِنْبَرِ، يَقُوْلُ: قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَقُوْلُ فِيْ بَعْضِ ذٰلِكَ: وَيْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فَإِذَا سَمِعَ حَرَكَةَ بَابِ الْمَقْصُوْرَةِ بِخُرُوْجِ الإِمَامِ جَلَسَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، هٰكَذَا وَلَيْسَ الْغَرَضُ فِيْ تَصْحِيْحِ حَدِيْثِ وَيْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فَقَدْ أَخْرَجَاهُ، إِنَّمَا الْغَرَضُ فِيْهِ اسْتِحْبَابُ رِوَايَةِ الْحَدِيْثِ عَلَى الْمِنْبَرِ قَبْلَ خُرُوْجِ الإِمَامِ

❖❖ عاصم بن محمد بن زید اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن اپنی جوتیوں کو بغل میں دبائے ہوئے، منبر کی جانب کھڑے ہو جاتے، پھر وہ سکڑ کر منبر پر بیٹھ جاتے اور کہتے، ابوالقاسم نے فرمایا، محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ صادق و مصدوق نے فرمایا پھر کچھ احادیث سناتے کہ ہلاکت ہے، اہل عرب کے لئے اس فتنہ کی وجہ سے جو عنقریب رونما ہونے والا ہے۔ پھر جب امام کے آنے سے پیدا ہونے والی دروازے کی حرکت سنتے تو پیچھے بیٹھ جاتے (اور امام کے لئے منبر خالی کر دیتے)

✤✤ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔حدیث کی تصحیح میں مقصود وَيْـلٌ لِّلْعَـرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ کے الفاظ ثابت کرنا نہیں ہے بلکہ اس روایت کو پیش کرنے کا مقصد یہ ثابت کرنا ہے کہ امام کے نکلنے سے پہلے منبر پر بیٹھ کر حدیث شریف سنانا مستحب ہے۔

368۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَنْبَاَنَا الشَّافِعِيُّ، اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِي اَبُو النَّضْرِ سَالِمٌ مَّوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْمَرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ مُتَّكِئًا عَلٰى اَرِيكَتِهِ يَاْتِيهِ الْاَمْرُ مِنْ اَمْرِي مِمَّا اَمَرْتُ بِهِ اَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ، فَيَقُوْلُ: مَا اَدْرِي، مَا وَجَدْنَا فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ اتَّبَعْنَاهُ قَدْ اَقَامَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ هٰذَا الْاِسْنَادَ وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالَّذِيْ عِنْدِيْ اَنَّهُمَا تَرَكَاهُ لِاخْتِلَافِ الْمِصْرِيِّيْنَ فِيْ هٰذَا الْاِسْنَادِ

✧✧ عبیداللہ ابن ابی رافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں کسی کو ایسا ہرگز نہ پاؤں کہ تم اپنی چارپائی پر تکیہ لگائے بیٹھے ہو،تمہارے پاس میری طرف سے کوئی حکم یا ممانعت پہنچے،تو آگے سے تم جواب دو کہ نہیں،ہم اس حکم کو نہیں جانتے،ہمیں تو جو کچھ کتاب اللہ میں ملے گا ہم صرف اسی کی اتباع کریں گے۔

✤✤ اس اسناد کو سفیان ابن عیینہ نے ثابت رکھا ہے اور یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اور جہاں تک میرا خیال ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اس لئے ترک کر دیا ہے کہ اس اسناد میں مصری راویوں کا اختلاف ہے۔

369۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَاَعْرِفَنَّ الرَّجُلَ مُتَّكِئًا يَاْتِيهِ الْاَمْرُ مِنْ اَمْرِي مِمَّا اَمَرْتُ بِهِ اَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ، فَيَقُوْلُ: مَا نَدْرِي، هٰذَا هُوَ كِتَابُ اللّٰهِ، وَلَيْسَ هٰذَا فِيْهِ

✧✧ عبیداللہ بن ابی رافع کے حوالے سے بھی اسی سے ملتا جلتا فرمان منقول ہے۔

370۔ قَالَ: وَأَخْبَرَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ ,عَنْ أَبِي النَّضْرِ ,عَنْ مُّوْسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ,عَنْ اَبِيْ

حدیث 368:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4605 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2663 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 13 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 934 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبي بيروت قاهره رقم الحديث: 551 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 8671

رَافِعٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ وَالنَّاسُ حَوْلَهُ: لَا اَعْرِفَنَّ اَحَدَكُمْ يَاْتِيهِ اَمْرٌ مِّنْ اَمْرِى قَدْ اَمَرْتُ بِهٖ، اَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلٰى اَرِيكَتِهٖ، فَيَقُوْلُ: مَا وَجَدْنَا فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ عَمِلْنَا بِهٖ وَاِلَّا فَلَا، قَالَ الْحَاكِمُ: اَنَا عَلٰى اَصْلِى الَّذِىْ اَصَّلْتُهُ فِىْ خِطْبَةِ هٰذَا الْكِتَابِ اَنَّ الزِّيَادَةَ مِنَ الثِّقَةِ مَقْبُوْلَةٌ، وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَافِظٌ ثِقَةٌ ثَبْتٌ، وَقَدْ خَبَّرَ وَحَفِظَ وَاعْتَمَدْنَا عَلٰى حِفْظِهٖ بَعْدَ اَنْ وَجَدْنَا لِلْحَدِيْثِ شَاهِدَيْنِ بِاِسْنَادَيْنِ صَحِيْحَيْنِ، اَمَّا اَحَدُهُمَا

❖❖ حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی اسی جیسا ایک فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم منقول ہے۔

•:• امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: میں اپنے اسی قانون پر عمل پیرا ہوں، جو میں نے خطبۃ الکتاب میں ذکر کیا تھا کہ ثقہ کی زیادتی قبول ہے اور سفیان بن عیینہ حافظ ہیں، ثقہ ہیں، قابل اعتماد ہیں اور چونکہ دو صحیح اسنادوں کے ساتھ ہمیں اس حدیث کی دو شاہد حدیثیں مل گئی ہیں، اس لئے ہم نے ان کے حافظہ پر اعتماد کیا ہے۔

ان میں سے ایک حدیث یہ ہے۔

371- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُوسٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِىُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، اَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ صَالِحٍ اَخْبَرَهُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِىُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَهُوَ ابْنُ مَهْدِىٍّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِى الْحَسَنُ بْنُ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ الْمِقْدَامَ بْنَ مَعْدِىْ كَرِبَ الْكِنْدِىَّ، صَاحِبَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: حَرَّمَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْيَاءَ يَوْمَ خَيْبَرَ مِنْهَا الْحِمَارُ الْاَهْلِىُّ وَغَيْرُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوْشِكُ اَنْ يَّقْعُدَ الرَّجُلُ مِنْكُمْ عَلٰى اَرِيكَتِهٖ يُحَدَّثُ بِحَدِيْثِى، فَيَقُوْلُ: بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللّٰهِ، فَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ حَلَالًا اسْتَحْلَلْنَاهُ، وَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ حَرَامًا حَرَّمْنَاهُ، وَاِنَّمَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا حَرَّمَ اللّٰهُ

❖❖ حضرت مقدام ابن معدیکرب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن کچھ چیزیں حرام قرار دیں، ان میں "حمار اھلی" وغیرہ شامل ہیں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب ایک وقت آنے والا ہے کہ تم میں سے کوئی شخص اپنی چارپائی پر بیٹھا ہوگا، اس کو میری کوئی حدیث سنائی جائے گی تو وہ کہے گا: ہمارے پاس کتاب اللہ موجود ہے جو کچھ اس میں حلال قرار دیا گیا ہے، ہم اس کو حلال اور جو کچھ اس میں حرام قرار دیا گیا ہے ہم اس کو حرام سمجھتے ہیں۔ حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حرام کردہ اللہ ہی کے حرام کردہ کی طرح ہے۔

دوسری حدیث یہ ہے:

372- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَتَّابٍ الْعَبْدِىُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلِيْفَةَ الدَّيْرَعَاقُوْلِىُّ عَنْبَرٌ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الشَّنِّىُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، قَالَ: بَيْنَمَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ يُحَدِّثُ، عَنْ سُنَّةِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ قَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا اَبَا نُجَيْدٍ، حَدِّثْنَا بِالْقُرْاٰنِ، فَقَالَ لَهُ

عِمْرَانُ: أَنْتَ وَأَصْحَابُكَ يَقْرَؤُونَ الْقُرْآنَ، أَكُنْتَ مُحَدِّثِي عَنِ الصَّلٰوةِ وَمَا فِيهَا وَحُدُودِهَا ؟ أَكُنْتَ مُحَدِّثِي عَنِ الزَّكٰوةِ فِي الذَّهَبِ وَالإِبِلِ وَالْبَقَرِ وَأَصْنَافِ الْمَالِ ؟ وَلٰكِنْ قَدْ شَهِدْتُّ وَغِبْتَ أَنْتَ، ثُمَّ قَالَ: فَرَضَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الزَّكٰوةِ كَذَا وَكَذَا، وَقَالَ الرَّجُلُ: أَحْيَيْتَنِي أَحْيَاكَ اللّٰهُ، قَالَ الْحَسَنُ: فَمَا مَاتَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ حَتّٰى صَارَ مِنْ فُقَهَاءِ الْمُسْلِمِينَ، عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الشَّنِّيُّ مِنْ ثِقَاتِ الْبَصْرِيِّينَ وَعُبَّادِهِمْ، وَهُوَ عَزِيزُ الْحَدِيثِ، يُجْمَعُ حَدِيثُهُ فَلَا يَبْلُغُ تَمَامَ الْعَشَرَةِ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ اَجْمَعِينَ

✧✧ حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ہمارے درمیان احادیث نبویہ سنا رہے تھے کہ درمیان میں سے ایک شخص بولا: اے ابونجید! ہمیں قرآن سناؤ۔ عمران نے اس کو جواب دیا: تم اور تمہارے ساتھی قرآن پڑھتے ہیں، کیا تم مجھے قرآن میں نماز کا طریقہ اور اس کی حدود وغیرہ دکھا سکتے ہو؟ کیا تم مجھے قرآن سے سونے، اونٹ، گائے اور مختلف اموال کی زکوٰۃ کے احکام دکھا سکتے ہو؟ (پھر کہنے لگے) میں دکھا سکتا ہوں، تم نہیں دکھا سکتے۔ پھر اسکے بعد حدیث سے ثابت شدہ زکوٰۃ کے تفصیلی احکام سنانے لگے۔ اس شخص نے کہا: اللہ تعالیٰ تمہیں سلامت رکھے تم نے تو مجھے نئی زندگی دے دی ہے۔ حسن کہتے ہیں: وہ اپنی زندگی میں فقہاء اسلام میں شمار ہونے لگا تھا۔

✤✤ (اس کی سند میں ایک راوی) عقبہ بن خالد الشنی ثقہ بصری راویوں میں سے ہیں اور یہ عزیز الحدیث ہیں، ان کی مرویات کو جمع کیا گیا تو دس تک نہیں پہنچ پائیں۔

373۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، أَنْبَأَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، أَنْبَأَنَا الشَّافِعِيُّ، أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ، قَالَ: كَانَ طَاوُسٌ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ: اتْرُكْهَا، فَقَالَ: إِنَّمَا نُهِيَ عَنْهُمَا أَنْ تَتَّخِذَ سُلَّمًا أَنْ يُوصَلَ ذٰلِكَ إِلَى الْغُرُوبِ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَهٰى عَنْ صَلٰوةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ، وَمَا أَدْرِي أَيُعَذَّبُ عَلَيْهِ أَمْ يُؤْجَرُ لِأَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُولُ: وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهٗ أَمْرًا أَنْ يَّكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، مُوَافِقٌ لِمَا قَدَّمْنَا ذِكْرَهٗ مِنَ الْحَثِّ عَلَى اتِّبَاعِ السُّنَّةِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ.

✧✧ حضرت ہشام بن حجیر کہتے ہیں طاؤس عصر کے بعد دو رکعت نوافل ادا کیا کرتے تھے۔ ان سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: اس وقت نوافل مت پڑھا کرو، انہوں نے جواب دیا: اس وقت نوافل سے ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ اس کو دیکھنے والا مسلمان بدگمانی کا شکار ہو سکتا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کے بعد نوافل سے منع فرمایا ہے اور مجھے نہیں معلوم کہ (ان دو رکعتوں کی ادائیگی پر) اس کو ثواب ملے گا یا (رسول اللہ کے حکم کی نافرمانی کرنے پر) گناہ ملے گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جب اللہ اور اس کا رسول کوئی فیصلہ فرما دیں تو پھر لوگوں کو کوئی اختیار نہیں رہتا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور یہ

حدیث اتباع سنت کی ترغیب دلانے کے لئے بہت مفید ہے۔

374- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ وَأَخْبَرَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوْبَ أَنْبَأَ أَبُوْ عَمْرٍو الْحَوْضِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ لِابْنِ مَسْعُوْدٍ وَّلِأَبِي الدَّرْدَاءِ وَلِأَبِي ذَرٍّ مَا هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَحْسِبُهُ حَبَسَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ حَتّٰى أُصِيْبَ.

✧✧ سعید بن ابراہیم اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ، ابوالدرداء رضی اللہ عنہ اور ابوذر رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کے بارے میں پوچھا کرتے تھے؟ (اور فرمایا کرتے تھے کہ) میں ان کو اپنی وفات تک مدینہ میں روکنا چاہتا ہوں۔

375- حَدَّثَنَا أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ الْبَرِّيِّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرَ الْبَرْمَكِيُّ حَدَّثَنَا مَعَنِ ابْنِ عِيْسٰى حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ إِدْرِيْسَ عَنْ شُعْبَةَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَإِنْكَارُ عُمَرَ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الصَّحَابَةِ كَثْرَةَ الرِّوَايَةِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ سُنَّةٌ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ.

✧✧ شعبہ رضی اللہ عنہ کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث مروی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن انہوں نے اس کو نقل نہیں کیا۔

376- حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ حَدَّثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ عَنْ أَبِيْ حُصَيْنٍ عَنْ يَحْيٰى بْنِ وَثَّابٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ حَدَّثَ يَوْمًا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَارْتَعَدَ وَارْتَعَدَتْ ثِيَابُهُ ثُمَّ قَالَ أَوْ نَحْوَ هٰذَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَوَاهِدُ فِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ.

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، ایک دن وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بیان کر رہے تھے کہ ان کے جسم پر لرزہ طاری ہو گیا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ عبداللہ کی روایت کردہ اس حدیث کی شاہد احادیث بھی موجود ہیں۔

377- حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَكِيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ وَأَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَلِيْمِي حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ الدُّوْرِيُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِيُّ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ مِنْ أُصُوْلِ التَّوَقِّي عَنْ كَثْرَةِ الرِّوَايَةِ وَالْحَثُّ عَلَى الْإِتْقَانِ فِيْهِ وَقَدْ اتَّفَقَا عَلٰى إِسْرَائِيْلُ عَنْ أَبِيْ حُصَيْنٍ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِشَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ أَنْ يَّحْتَجَّ بِهِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَلٰى شَرْطِهِمَا.

✧✧ مذکورہ سند کے ساتھ شریک کے حوالے سے بھی یہ روایت منقول ہے۔

✧✧ یہ حدیث کثرت روایت سے گریز کرنے کی دلیل ہے اور حدیث کے معاملہ میں پختگی حاصل کرنے پر ابھارنے کی دلیل ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اسرائیل کی ابوحصین سے روایات نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شریک بن عبداللہ کی روایات نقل کی ہیں اور ان کی روایات نقل کرنی بھی چاہئیں۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا۔ اس حدیث کی اور بھی شاہد حدیث موجود ہے جو کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار پر ہے۔

378- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسَى الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، اَخْبَرَنِيْ مُسْلِمُ بْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: مَا اَخْطَانِيْ، وَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ، قَلَّ مَا اَخْطَانِيْ عَشِيَّةَ خَمِيسٍ اِلَّا اَتَيْتُ فِيْهَا ابْنَ مَسْعُوْدٍ فَمَا سَمِعْتُهُ لِشَيْءٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كَانَ ذَاتَ عَشِيَّةٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ فَاِذَا هُوَ مَحْلُوْلٌ اَزْرَارُ قَمِيصِهِ، مُنْتَفِخٌ اَوْدَاجُهُ، مُغْرَوْرِقَةٌ عَيْنَاهُ، ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا اَوْ فَوْقَ ذَا اَوْ قَرِيبٌ مِّنْ ذَا، كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت عمرو بن میمون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، میں نے جمعرات کی شب، ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہونے میں بہت کم ناغہ کیا ہے (ان کی عادت تھی کہ) صرف شام کے وقت درس دیا کرتے تھے، ایک مرتبہ میں نے درس حدیث کے دوران ان کی طرف دیکھا تو ان کا گریبان کھلا ہوا تھا، رگیں پھول رہی تھیں، آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں، پھر انہوں نے گزشتہ حدیث جیسی یا اس سے ملتی جلتی حدیث سنائی۔

379- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَهُمْ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ السُّوسِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْعَوْذِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا قَتَادَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: اِيَّاكُمْ وَكَثْرَةَ الْحَدِيْثِ عَنِّيْ، فَمَنْ قَالَ عَنِّيْ فَلَا يَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا، وَمَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ

مِنَ النَّارِ وَفِیْ حَدِیْثِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَیْدٍ، حَدَّثَنِی ابْنُ کَعْبٍ وَّغَیْرُہٗ، عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ

هٰذَا حَدِیْثٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَفِیْهِ اَلْفَاظٌ صَعْبَۃٌ شَدِیْدَۃٌ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ وَلَهٗ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ

❖❖ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: میرے متعلق بہت زیادہ حدیثیں بیان کرنے سے گریز کرو، اور جو شخص میرے حوالے سے کچھ بیان کرے، وہ صرف حق ہی بیان کرے اور جس نے میرے حوالے سے ایسی بات بیان کی جو حقیقت میں، میں نے نہیں کی، اس کو چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنالے۔

❖❖ اور محمد بن عبید کی روایت میں اس کی سند ابن کعب اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کے ذریعے ابوقتادہ تک پہنچتی ہے۔ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے تاہم اس میں الفاظ کافی مشکل ہیں۔ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔ ایک دوسری سند کے ساتھ ابوقتادہ کے حوالے سے بھی اس کی ایک شاہد حدیث موجود ہے۔

380- حَدَّثَنِیْهِ عَلِیُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مُوْسٰی خت، حَدَّثَنَا عَتَّابُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَوْذَبٍ، حَدَّثَنَا کَعْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ کَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِیْهِ، قَالَ: قُلْتُ لِاَبِیْ قَتَادَۃَ حَدِّثْنِیْ بِشَیْءٍ سَمِعْتَهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَخْشٰی اَنْ یَّزِلَّ لِسَانِیْ بِشَیْءٍ لَّمْ یَقُلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ: اِیَّاکُمْ وَکَثْرَۃَ الْحَدِیْثِ عَنِّیْ، مَنْ کَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ

❖❖ حضرت کعب بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: (وہ کہتے ہیں) میں نے قتادہ سے کہا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی ارشاد سنائیے! انہوں نے جواب دیا: مجھے خدشہ ہے کہ کہیں میری زبان خطا کھا جائے اور زبان سے وہ کچھ نکل جائے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا (انہوں نے فرمایا) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: میرے حوالے سے زیادہ حدیثیں بیان کرنے سے گریز کرو کیونکہ جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

381- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَیْمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِیُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ، عَنْ خُبَیْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: کَفٰی بِالْمَرْءِ اِثْمًا اَنْ یُحَدِّثَ بِکُلِّ مَا سَمِعَ قَدْ ذَکَرَ مُسْلِمٌ هٰذَا الْحَدِیْثَ فِیْ اَوْسَاطِ الْحِکَایَاتِ الَّتِیْ ذَکَرَهَا فِیْ خُطْبَۃِ الْکِتَابِ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ رَافِعٍ وَّلَمْ یُخَرِّجْهُ مُحْتَجًّا

حدیث 380:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 35 اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 237 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 22591 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 26244

بِـهٖ فِيْ مَوْضِعِهٖ مِنَ الْكِتَابِ، وَعَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيُّ ثِقَةٌ وَّقَدْ نَبَّهْنَا فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ عَلٰى الاحْتِجَاجِ بِزِيَادَاتِ الثِّقَاتِ، وَقَدْ اَرْسَلَهُ جَمَاعَةٌ مِّنْ اَصْحَابِ شُعْبَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ ہر سنی سنائی بات آگے بیان کردے۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث خطبۂ کتاب میں حکایات کے ضمن میں محمد بن رافع کے حوالے سے بیان کی ہے لیکن کتاب کے جس باب کے تحت اس کولانا چاہئے تھا وہاں ذکر نہیں کی (اوراس کی سند میں) علی بن جعفرالمدائنی ثقہ ہیں اورہم نے کتاب کے آغاز میں ذکر کردیا تھا کہ ثقات کی زیادتی مقبول ہوگی۔شعبہ کے اصحاب میں سے ایک جماعت نے اس میں ارسال کیا ہے۔(ان تمام کی سند کے ہمراہ حدیث درج ذیل ہے)

382- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَفٰى بِالْمَرْءِ اِثْمًا اَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ

آدم ابن ابی ایاس، سلمان بن حرب اورحفص بن عمر نے شعبہ کے واسطے سے خبیب بن عبدالرحمٰن کے ذریعے حفص بن عاصم کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ ہرسنی سنائی بات آگے بیان کردے۔

383- اَخْبَرَنِي أَبُو عَمْرٍو إِسْمَاعِيْلُ بْنُ نُجَيْدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يُوْسُفَ السَّلَمِي رَحِمَهُ اللّٰهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوْبَ أَنْبَأَ مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانِ الْعَوَقِيُّ أَنْبَأَ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ قَرَأَ بْنُ عَبَّاسٍ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيْلَهُ إِلَّا اللّٰهُ وَالرَّاسِخُوْنَ فِيْ الْعِلْمِ فَقَالَ كُنَّا نَحْفَظُ الْحَدِيْثَ وَالْحَدِيْثُ يُحْفَظُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى رَكِبْتُمُ الصَّعْبَ وَالذَّلُوْلَ هٰذَا إِسْنَادٌ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ مِثْلُهُ.

حضرت ابن طاؤس رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ آیت وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيْلَهُ إِلَّا اللّٰهُ وَالرَّاسِخُوْنَ فِيْ الْعِلْمِ (آل عمران) پڑھی پھرفرمایا: ہم رسول اللہ ﷺ کی احادیث یاد کیا کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ کی احادیث یادکی جاتی رہیں گی۔

یہ اسنادشیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے،اس کی ایک اور بھی شاہد حدیث موجود ہے(جوکہ درج ذیل ہے)

حدیث 381:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4992 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحديث: 1416

384ـ حَدَّثَنَاهُ أَبُو عَلِيٍّ حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ أَنْبَأَ أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّا نُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا لَمْ يُكْذَبْ عَلَيْهِ فَلَمَّا رَكِبَ النَّاسُ الصَّعْبَ وَالذَّلُوْلَ تَرَكْنَا الْحَدِيْثَ عَنْهُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ وَسَلَّمَ.

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب تک لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے جھوٹ نہیں بولتے تھے تب تک ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بیان کیا کرتے تھے پھر لوگوں نے سچ اور جھوٹ کو ملانا شروع کر دیا تو ہم نے آپ کی احادیث بیان کرنا بھی چھوڑ دیں۔

385ـ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، أَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، أَنْبَأَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنْ يَّحْيَى بْنَ مَيْمُوْنِ الْحَضْرَمِيَّ، أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْغَافِقِيِّ، قَالَ: آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَسَتَرْجِعُوْنَ إِلٰى قَوْمٍ يُحِبُّوْنَ الْحَدِيْثَ عَنِّيْ، أَوْ كَلِمَةٌ تُشْبِهُهَا فَمَنْ حَفِظَ شَيْئًا فَلْيُحَدِّثْ بِهٖ، وَمَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ أَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

رُوَاةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ آخِرِهِمْ يُحْتَجُّ بِهِمْ، فَأَمَّا أَبُوْ مُوْسٰى مَالِكُ بْنُ عُبَادَةَ الْغَافِقِيُّ فَإِنَّهُ صَحَابِيٌّ سَكَنَ مِصْرَ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ جُمْلَةِ مَا خَرَّجْنَاهُ عَنِ الصَّحَابِيِّ إِذَا صَحَّ إِلَيْهِ الطَّرِيْقُ، عَلٰى أَنَّ وَدَاعَةَ الْجُهَنِيَّ، قَدْ رَوٰى أَيْضًا عَنْ مَّالِكِ بْنِ عُبَادَةَ الْغَافِقِيِّ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ قَدْ جَمَعَ لَفْظَتَيْنِ غَرِيْبَتَيْنِ: إِحْدَاهُمَا قَوْلُهُ: سَتَرْجِعُوْنَ إِلٰى قَوْمٍ يُحِبُّوْنَ الْحَدِيْثَ عَنِّيْ وَالْأُخْرٰى: فَمَنْ حَفِظَ شَيْئًا فَلْيُحَدِّثْ بِهٖ وَقَدْ ذَهَبَ جَمَاعَةٌ مِّنْ أَئِمَّةِ الْإِسْلَامِ إِلٰى أَنْ لَيْسَ لِلْمُحَدِّثِ أَنْ يُحَدِّثَ بِمَا لَا يَحْفَظُهُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ غافقی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے جو آخری عہد لیا وہ یہ تھا "تم کتاب اللہ کی پیروی کو اپنے اوپر لازم کرلو اور عنقریب تمہاری ملاقات ایک ایسی قوم سے ہوگی جو میری احادیث سے بہت زیادہ محبت کرتے ہوں گے (یا شاید اسی سے ملتا جلتا کوئی دوسرا جملہ بولا) چنانچہ جس شخص کو میرے حوالے سے جو کچھ معلوم ہو، اس کو چاہئے کہ وہ آگے بیان کر دے اور جس نے میرے حوالے سے ایسی بات بیان کی، جو میں نے نہیں کہی، وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

✤✤ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات محدثین کرام رحمۃ اللہ علیہم عموماً نقل کرتے ہیں اور اس کی سند میں ابوموسیٰ مالک غافقی، صحابی رسول ہیں، مصر کے باشندے ہیں اور یہ حدیث بھی ہم نے اس لئے نقل کر دی ہے کہ یہ روایت صحابی سے منقول ہے اور ان تک طریق "صحیح" ہے، مزید برآں یہ کہ "وداعہ جہنی" نے بھی "مالک بن عبادہ الغافقی" سے روایت کی ہے، اس حدیث میں دو غیر معروف لفظ بھی ہیں (۱): سَتَرْجِعُوْنَ إِلٰى قَوْمٍ يُحِبُّوْنَ الْحَدِيْثَ عَنِّيْ (2): فَمَنْ حَفِظَ شَيْئًا فَلْيُحَدِّثْ بِهٖ (حالانکہ

حدیث 385

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 18966

بظاہر اس بات کی کوئی ضرورت نہ تھی کیونکہ) ائمہ حدیث کی جماعت کا یہ فیصلہ ہے، محدث صرف وہی احادیث بیان کرے، جو اس کو یاد ہے۔ اور اس حدیث کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے روایت نہیں کیا۔

386- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُوْرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ جَابِرٍ، حَدَّثَنِيْ بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيُّ، اَنَّهُ سَمِعَ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، يَقُوْلُ: كَانَ النَّاسُ يَسْاَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ، وَكُنْتُ اَسْاَلُهُ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ اَنْ يُدْرِكَنِيْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا كُنَّا فِيْ جَاهِلِيَّةٍ وَّشَرٍّ، فَجَآءَ اللّٰهُ بِهٰذَا الْخَيْرِ، فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَفِيْهِ دَخَنٌ، قُلْتُ: وَمَا دَخَنُهُ؟ قَالَ: قَوْمٌ يَهْدُوْنَ بِغَيْرِ هَدْيِيْ يُعْرَفُ مِنْهُمْ وَيُنْكَرُ، قُلْتُ: وَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: نَعَمْ، دُعَاةٌ عَلٰى اَبْوَابِ جَهَنَّمَ مَنْ اَجَابَهُمْ اِلَيْهِ قَذَفُوْهُ فِيْهَا، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، صِفْهُمْ لَنَا، قَالَ: هُمْ مِنْ جِلْدَتِنَا وَيَتَكَلَّمُوْنَ بِاَلْسِنَتِنَا، قُلْتُ: فَمَا تَاْمُرُنِيْ اِنْ اَدْرَكْتُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاِمَامَهُمْ، قُلْتُ: فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُمْ اِمَامٌ وَّلَا جَمَاعَةٌ؟ قَالَ: فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا، وَلَوْ اَنْ تَعَضَّ بِاَصْلِ شَجَرَةٍ حَتّٰى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ وَاَنْتَ كَذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُخَرَّجٌ فِي الصَّحِيْحَيْنِ هٰكَذَا، وَقَدْ خَرَّجَاهُ اَيْضًا مُخْتَصَرًا مِّنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ وَاِنَّمَا خَرَّجْتُهُ فِيْ كِتَابِ الْعِلْمِ لِاَنِّيْ لَمْ اَجِدْ لِلشَّيْخَيْنِ حَدِيْثًا يَّدُلُّ عَلٰى اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ غَيْرَ هٰذَا، وَقَدْ خَرَّجْتُ فِيْ هٰذِهِ الْمَوَاضِعِ مِنْ اَحَادِيْثِ هٰذَا الْبَابِ مَا لَمْ يُخَرِّجَاهُ،

الْحَدِيْثُ الْاَوَّلُ مِنْهَا

✧✧ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے "خیر" کے بارے میں سوالات کیا کرتے تھے اور میں آپ سے "شر" کے بارے میں پوچھا کرتا تھا (تا کہ مجھے اس کی پہچان ہو جائے) اور میں اس میں مبتلا ہونے سے بچ جاؤں۔ چنانچہ میں نے ایک دفعہ عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم نے جاہلیت اور "شر" کا زمانہ گزارا ہے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہمیں دین

حدیث 386:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامه بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 3411 اخرجه ابو الحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 1847 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 23438 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 117 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 8032 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 442

کی ہدایت عطا فرمائی، کیا اس کے بعد کوئی شر بھی آئے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ اور اس شر میں لوگوں کے ایمان کمزور ہو جائیں گے۔ میں نے عرض کی: حضور! لوگوں کے ایمان کون کمزور کرے گا؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: ایسے لوگ ہونگے جو میری تعلیمات سے ہٹ کر لوگوں کی راہنمائی کریں گے۔ ان میں کئی جان پہچان والے ہوں گے اور کئی اجنبی۔ میں نے عرض کی: کیا اس خیر کے بعد بھی کوئی شر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں کچھ واعظین جہنم کے دروازے پر کھڑے لوگوں کو بلا رہے ہوں گے، جو ان کی دعوت قبول کر لے گا، اس کو جہنم میں ڈلوا دیں گے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! ان لوگوں کی کچھ علامات بتا دیجئے! آپ ﷺ نے فرمایا: وہ ہمارے ہی طرح کے لوگ ہونگے، ہماری زبان بولیں گے۔ میں نے عرض کی: اگر اس فتنہ کو میں پاؤں تو آپ کا میرے لئے کیا حکم ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام کے ساتھ ساتھ رہنا۔ میں نے عرض کی: اگر مسلمانوں کی کوئی بڑی جماعت نہ رہے اور نہ ان کا کوئی امام ہو تو میں کیا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر ان تمام فرقوں سے الگ رہنا حتیٰ کہ کسی درخت کے تنے سے لگ کر بیٹھے رہنا اور اسی حالت میں تو اپنی زندگی گزار دینا۔

❖❖ یہ حدیث اسی انداز میں صحیحین میں موجود ہے، یونہی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث زہری کی سند کے ہمراہ ابوادریس خولانی کے حوالے سے مختصر طور پر نقل کی ہے اور میں نے یہ حدیث کتاب العلم میں اس لئے نقل کی ہے کہ مجھے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی اس کے علاوہ اور کوئی حدیث نہیں ملی جو اجماع کی حجیت پر دلیل کے طور پر پیش کی جا سکے۔ علاوہ ازیں میں نے اس مقام پر کچھ دیگر احادیث بھی نقل کی ہیں جن کو شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے روایت نہیں کیا ہے۔

ان میں سے پہلی حدیث یہ ہے۔

387 - حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْدَانَ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هِلَالٍ الْبُوزَنْجِرْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْفَقِيْهُ الْبُخَارِيُّ بِنَيْسَابُوْرَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّوفِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْمَعْمَرِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عِيْسٰى، اَنْبَاَنَا

حدیث 387:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 9223 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی' فی "جامعه"' طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2165 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 4576 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 9221 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی' دارعمار' بیروت' لبنان/عمان' 1405ھ 1985ء' رقم الحدیث: 245 اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه' مدینه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحدیث: 607 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث: 2929 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه' مکتبه المتنبی' بیروت' قاهره' رقم الحدیث: 32

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَحَدَّثَنِيْ اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْقَارِءُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، اَنْبَاَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: اِنِّيْ قُمْتُ فِيكُمْ كَمَقَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِينَا، فَقَالَ: اُوصِيكُمْ بِاَصْحَابِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ حَتّٰى يَحْلِفَ الرَّجُلُ وَلَا يُسْتَحْلَفُ، وَيَشْهَدَ وَلَا يُسْتَشْهَدُ، فَمَنْ اَرَادَ مِنْكُمْ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الاثْنَيْنِ اَبْعَدُ، اَلَا لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ اِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ قَالَهَا ثَلَاثًا وَعَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الاثْنَيْنِ اَبْعَدُ، اَلَا وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَائَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَاِنِّيْ لَا اَعْلَمُ خِلَافًا بَيْنَ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ فِيْ اِقَامَةِ هٰذَا الْاِسْنَادِ عَنْهُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ .وَلَهُ شَاهِدَانِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ قَدْ يُسْتَشْهَدُ بِمِثْلِهِمَا فِيْ مِثْلِ هٰذِهِ الْمَوَاضِعِ اَمَّا الشَّاهِدُ الْاَوَّلُ.

◇◇ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے جابیہ کے مقام پر خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: میں آج تمہارے درمیان اس مقام پر کھڑا ہوں، جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوکر خطبہ دیا کرتے تھے (پھرانہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سنایا) میں تمہیں اپنے اصحاب کی اتباع کرنے کی تلقین کرتا ہوں، پھران لوگوں کی جوان کے بعد آئیں گے، پھران لوگوں کی جوان کے بعد آئیں گے، پھران کے بعد جھوٹ عام ہوجائے گا (اور حالت یہ ہوجائے گی کہ) بغیر قسم کا مطالبہ کئے لوگ قسمیں کھائیں گے، بغیر گواہی مانگے، گواہی دیں گے، جوشخص جنت کا طلبگار ہو، اس پر لازم ہے کہ مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ ساتھ رہے کیونکہ اکیلے شخص کے ہمراہ شیطان ہوتا ہے جبکہ دو سے وہ دور بھاگتا ہے۔ خبردار! جب کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں ہوتا ہے تو ان کے ساتھ تیسرا شیطان ہوتا ہے۔ یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ دہرائی ''تم پر جماعت کے ہمراہ رہنا ضروری ہے'' کیونکہ اکیلے شخص کے ساتھ شیطان ہوتا ہے جبکہ زیادہ سے وہ دور بھاگتا ہے اور جس شخص کو نیکی پر خوشی محسوس ہو اور گناہ پر تشویش ہو وہ مومن ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور عبداللہ بن مبارک کے اصحاب میں اس سند کو ان کے ساتھ قائم کرنے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اس کی دو شاہد حدیثیں بھی موجود ہیں جو کہ محمد بن سوقہ سے مروی ہیں اور اس طرح کے مقامات پر محمد بن سوقہ کی احادیث سے استشہاد کیا جاتا ہے۔

ان میں سے پہلی شاہد حدیث یہ ہے۔

388- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ اَحْمَدَ اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الْهَاشِمِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَلَوِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَطَبَ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: قَامَ فِينَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَامِي فِيكُمْ، فَقَالَ: اسْتَوْصُوا بِاَصْحَابِيْ خَيْرًا، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِهِ وَاَمَّا الشَّاهِدُ الثَّانِيْ

دوسری شاہد حدیث یہ ہے۔

389۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُلَيْمَانَ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: اِنِّيْ قُمْتُ فِيكُمْ كَمَقَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِينَا، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِهِ فَاَمَّا الْخِلَافُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ فَاِنَّهُ مَجْمُوعٌ لِّيْ فِيْ جُزْءٍ، وَالَّذِيْ عِنْدِيْ اَنَّ الْاِمَامَيْنِ يَرْوِيَانِ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنْ ذٰلِكَ الْخِلَافِ بَيْنَ الْاَئِمَّةِ عَلٰى عَبْدِ الْمَلِكِ فِيْهِ، وَتِلْكَ الْاَسَانِيْدُ لَا تُعَلَّلُ بِهٰذِهِ الْاَسَانِيْدِ الْخَارِجَةِ مِنْهَا وَقَدْ رَوَيْنَاهُ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

❖❖ اس حدیث کے حوالے سے "عبدالملک بن عمیر" کا جو اختلاف ہے وہ صرف ایک حصے میں ہے اور میرا مؤقف یہ ہے کہ عبدالملک کے اختلاف کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل کیا ہے اور یہ اسانید ان سندوں کی وجہ سے معلل قرار نہیں دی جاسکتیں اور یہ حدیث ہم نے سند "صحیح" کے ساتھ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے ذریعے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی نقل کی ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

390۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَعِيْدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ الْمُؤَذِّنُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ هَارُوْنَ الْقَزَّازُ بِمَكَّةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: وَقَفَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلًا سَمِعَ مَقَالَتِيْ فَوَعَاهَا، اِنِّيْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ فِينَا كَمَقَامِي فِيكُمْ، ثُمَّ قَالَ: احْفَظُوْنِيْ فِيْ اَصْحَابِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثَلَاثًا ثُمَّ يَكْثُرُ الْهَرْجُ، وَيَظْهَرُ الْكَذِبُ، وَيَشْهَدُ الرَّجُلُ وَلَا يُسْتَشْهَدُ، وَيَحْلِفُ وَلَا يُسْتَحْلَفُ، مَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَعَلَيْهِ بِالْجَمَاعَةِ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ، وَهُوَ مِنَ الْاِثْنَيْنِ اَبْعَدُ، اَلَا لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ ثَالِثُهُمَا، مَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ الْحَدِيْثُ الثَّانِيْ فِيْمَا احْتَجَّ بِهِ الْعُلَمَاءُ اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ حَدِيْثٌ مُّخْتَلَفٌ فِيْهِ عَنِ الْمُعْتَمِرِ بْنِ سُلَيْمَانَ مِنْ سَبْعَةِ اَوْجُهٍ: فَالْوَجْهُ الْاَوَّلُ مِنْهَا

❖❖ اور دوسری حدیث جس سے علماء اسلام اجماع کی حجیت پر دلیل لاتے ہیں اس کے حوالے سے معتمر بن سلیمان پر سات جہات سے اختلاف ہے۔

پہلا اختلاف:

391۔ مَا حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيْمٍ الْاَصَمُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ الْقَرَنِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ هٰذِهِ الْاُمَّةَ عَلَى الضَّلَالَةِ اَبَدًا، وَقَالَ: يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ فَاتَّبِعُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ، فَاِنَّهُ مَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ الْقَرَنِيُّ هٰذَا شَيْخٌ قَدِيْمٌ لِّلْبَغْدَادِيِّيْنَ، وَلَوْ حَفِظَ هٰذَا الْحَدِيْثَ لَحَكَمْنَا لَهُ بِالصِّحَّةِ، وَالْخِلَافُ الثَّانِيْ فِيْهِ عَنِ الْمُعْتَمِرِ

✧✧ خالد بن یزید قرنی، معتمر سے وہ اپنے والد سے وہ عبداللہ بن دینار اور وہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس امت کو اللہ تعالیٰ کبھی گمراہی پر جمع نہیں کرے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزید فرمایا: اللہ تعالیٰ کی حمایت جماعت کے ساتھ ہے، اس لئے بڑی جماعت کی پیروی کرو کیونکہ جو ان سے الگ رہے گا جہنم میں جائے گا۔

✧✧ (معتمر سے روایت کرنے والے) خالد بن یزید القرنی اہل بغداد کے پرانے شیخ ہیں، اگر ان کو یہ حدیث یاد ہوتی تو لازماً اس کے صحیح ہونے کا فیصلہ کرتے۔

اس حدیث کے سلسلے میں معتمر پر دوسرا اختلاف:

392۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سُفْيَانَ الْمَدِيْنِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ هٰذِهِ الْاُمَّةَ عَلَى الضَّلَالَةِ اَبَدًا، وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ فَمَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ وَالْخِلَافُ الثَّالِثُ فِيْهِ عَلَى الْمُعْتَمِرِ

✧✧ اس حدیث میں معتمر نے اپنے والد کے بجائے ابوسفیان کی سند بیان کی ہے۔

تیسرا اختلاف:

393۔ مَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ الْمَدَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ اُمَّتِيْ عَلَى الضَّلَالَةِ اَبَدًا وَالْخِلَافُ الرَّابِعُ عَلَى الْمُعْتَمِرِ فِيْهِ

✧✧ اس کی سند میں معتمر نے اپنے بعد ''سلیمان المدنی'' کا نام لیا ہے۔

چوتھا اختلاف:

394۔ مَا اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعُمَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سُفْيَانَ، اَوْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ يَّجْمَعَ اللّٰهُ اُمَّتِيْ عَلٰى ضَلَالَةٍ اَبَدًا، وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ هٰكَذَا

حدیث 391:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2167

وَرَفَعَ يَدَيْهِ، فَإِنَّهُ مَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ، قَالَ الإِمَامُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ: لَسْتُ اَعْرِفُ سُفْيَانَ وَاَبَا سُفْيَانَ هٰذَا . وَالْخِلافُ الْخَامِسُ عَلٰى الْمُعْتَمِرِ فِيْهِ

❖ اس حدیث میں معتمر کو اپنی سند میں شک ہے کہ انہوں نے سفیان سے روایت کی ہے یا ابوسفیان سے۔امام ابوبکر محمد بن اسحاق کہتے ہیں: میں اس ''سفیان'' اور ''ابوسفیان'' کے بارے میں کچھ نہیں جانتا۔

پانچواں اختلاف:

395۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحُسَيْنِ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّازُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، عَنْ سَلْمِ بْنِ اَبِي الذَّيَّالِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ يَجْمَعُ اللّٰهُ هٰذِهِ الاُمَّةَ، اَوْ قَالَ اُمَّتِيْ عَلٰى الضَّلالَةِ اَبَدًا، وَاتَّبِعُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ فَاِنَّهُ مَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ، قَالَ لَنَا عُمَرُ بْنُ جَعْفَرٍ الْبَصْرِيُّ: هٰكَذَا فِيْ كِتَابِ اَبِي الْحُسَيْنِ، عَنْ سَلْمِ بْنِ اَبِي الذَّيَّالِ، قَالَ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: وَهٰذَا لَوْ كَانَ مَحْفُوْظًا مِّنَ الرَّاوِيْ لَكَانَ مِنْ شَرْطِ الصَّحِيْحِ، وَالْخِلافُ السَّادِسُ عَلٰى الْمُعْتَمِرِ فِيْهِ

◇◇ اس کو معتمر نے ''مسلم بن ابی الذیال'' کے واسطے سے ''عبداللہ بن دینار'' سے روایت کیا ہے۔

❖ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) ہمیں عمر بن جعفر بصری نے بتایا کہ ابوالحسین کی سلم بن ابی الزیال سے روایت اسی طرح ہے، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: یہ اگر کسی راوی کے اعتبار سے محفوظ ہے تو یہ ''صحیح'' کے معیار کی حدیث ہوگی۔

چھٹا اختلاف:

396۔ مَا اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا سَهْلُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُثْمَانَ الْوَاسِطِيُّ مِنْ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: قَالَ اَبُوْ سُفْيَانَ سُلَيْمَانُ بْنُ سُفْيَانَ الْمَدَنِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لاَ يَجْمَعُ اللّٰهُ اُمَّتِيْ عَلٰى ضَلالَةٍ اَبَدًا، وَيَدُ اللّٰهِ عَلٰى الْجَمَاعَةِ هٰكَذَا، فَاتَّبِعُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ، فَاِنَّهُ مَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ وَالْخِلافُ السَّابِعُ عَلٰى الْمُعْتَمِرِ فِيْهِ

◇◇ اس روایت میں معتمر نے ''ابوسفیان سلیمان بن سفیان المدنی'' کا نام لیا ہے۔

ساتواں اختلاف:

397۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يُوْنُسَ [illegible]، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لاَ يَجْمَعُ اُمَّتِيْ، اَوْ قَالَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى ضَلالَةٍ اَبَدًا، وَيَدُ اللّٰهِ عَلٰى الْجَمَاعَةِ، وَقَالَ بِيَدِهِ يَبْسُطُهَا: اِنَّهُ مَنْ شَذَّ شَذَّ فِي النَّارِ،

قَالَ الْحَاكِمُ: فَقَدِ اسْتَقَرَّ الْخِلافُ فِي إِسْنَادِ هٰذَا الْحَدِيثِ عَلَى الْمُعْتَمِرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، وَهُوَ اَحَدُ اَرْكَانِ الْحَدِيثِ مِنْ سَبْعَةِ اَوْجُهٍ لا يَسَعُنَا اَنْ نَحْكُمَ اَنَّ كُلَّهَا مَحْمُولَةٌ عَلَى الْخَطَإِ بِحُكْمِ الصَّوَابِ لِقَوْلِ مَنْ قَالَ عَنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سُفْيَانَ الْمَدَنِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، وَنَحْنُ إِذَا قُلْنَا هٰذَا الْقَوْلَ نَسَبْنَا الرَّاوِيَ إِلَى الْجَهَالَةِ فَوَهَّنَّا بِهِ الْحَدِيثَ، وَلٰكِنَّا نَقُولُ: إِنَّ الْمُعْتَمِرَ بْنَ سُلَيْمَانَ اَحَدُ اَئِمَّةِ الْحَدِيثِ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ هٰذَا الْحَدِيثُ بِاَسَانِيدَ يَصِحُّ بِمِثْلِهَا الْحَدِيثُ فَلَا بُدَّ مِنْ اَنْ يَكُونَ لَهُ اَصْلٌ بِاَحَدِ هٰذِهِ الْاَسَانِيدِ، ثُمَّ وَجَدْنَا لِلْحَدِيثِ شَوَاهِدَ مِنْ غَيْرِ حَدِيثِ الْمُعْتَمِرِ لا اَدَّعِي صِحَّتَهَا وَلَا اَحْكُمُ بِتَوْهِينِهَا بَلْ يَلْزَمُنِي ذِكْرُهَا لِاِجْمَاعِ اَهْلِ السُّنَّةِ عَلَى هٰذِهِ الْقَاعِدَةِ مِنْ قَوَاعِدِ الْاِسْلَامِ،

فَمِمَّنْ رَوَى عَنْهُ هٰذَا الْحَدِيثَ مِنَ الصَّحَابَةِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ

✧✧ اس سند میں معتمر نے ''سلیمان ابوعبداللہ المدنی'' کہا ہے۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اس حدیث میں سات اعتبار سے معتمر کا اختلاف ثابت ہو گیا ہے جبکہ یہ چیز ارکان حدیث میں شامل ہے اور ہم ان میں سے صرف ایک سند جو کہ عن المعتمر عن سلیمان بن سفیان المدنی عن عبداللہ بن دینار کے طور پر منقول ہے، کو مدنظر رکھتے ہوئے بقیہ تمام کو خطاء قرار نہیں دے سکتے اور ہمارے اس طرح کہنے سے راوی میں جہالت ثابت ہوئی، جس سے حدیث میں ضعف پیدا ہوا، لیکن ہم یہ بھی کہتے ہیں کہ معتمر بن سلیمان ائمہ حدیث میں سے ہیں اور ان سے یہی حدیث دیگر ایسی صحیح اسنادوں کے ہمراہ منقول ہے کہ ایسی اسناد سے مروی حدیث کو ''صحیح'' قرار دیا جاتا ہے۔ اس لئے اس حدیث کی سند ان اسانید میں سے ہونی چاہئے۔ پھر معتمر کے علاوہ بھی کئی راویوں کے حوالے سے اس حدیث کے شواہد مل گئے جن کی نہ تو ہمیں صحت کا دعویٰ ہے اور نہ ہی ہم نے اس کے ضعیف ہونے کا قول کیا ہے۔ بلکہ ہم نے تو اپنی ذمہ داری نبھائی ہے، کیونکہ یہ اسلام کے بنیادی اصولوں میں سے ایک ہے اور اہلسنت کا اس پر اجماع ہے۔ معتمر کے علاوہ جن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے یہ حدیث منقول ہے ان میں سے بعض کی مرویات درج ذیل ہیں۔

398ـ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَسَّانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِيهُ، إِمْلاءً وَّقِرَاءَةً، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْمُونٍ، اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ طَاوُسٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَاهُ، يُحَدِّثُ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يُحَدِّثُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لا يَجْمَعُ اللّٰهُ اُمَّتِي، اَوْ قَالَ هٰذِهِ الْاُمَّةَ عَلَى الضَّلَالَةِ اَبَدًا وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت یا (شاید یہ فرمایا) یہ امت کبھی گمراہی پر جمع نہیں ہو گی اور اللہ کی حمایت جماعت کے ساتھ ہے۔

399ـ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، حَدَّثَنَا وَكَانَ يُسَمَّى قُرَيْشَ الْيَمَنِ وَكَانَ مِنَ الْعَابِدِينَ الْمُجْتَهِدِينَ، إِبْرَاهِيمُ بْنُ

مَيْمُوْنَ الْعَدَنِيُّ قَالَ: قُلْتُ لِاَبِيْ جَعْفَرٍ: وَاللّٰهِ لَقَدْ حَدَّثَنِي ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْمَعُ اللّٰهُ اُمَّتِيْ عَلٰى ضَلَالَةٍ اَبَدًا وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ، قَالَ الْحَاكِمُ: فَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَيْمُوْنٍ الْعَدَنِيُّ هٰذَا قَدْ عَدَّلَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ اِمَامُ اَهْلِ الْيَمَنِ وَتَعْدِيْلُهُ حُجَّةٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اس کی سند میں ابراہیم بن میمون العدنی کو عبدالرزاق نے عادل قرار دیا ہے اور ان کی بہت تعریف کی ہے اور عبدالرزاق اہل یمن کے امام ہیں، ان کا کسی کو عادل قرار دینا قابل حجت ہے۔ یہی حدیث انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے بھی منقول ہے۔

400۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى بْنِ السَّكَنِ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ اَبُوْ سُحَيْمٍ، مَوْلٰى عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سَاَلَ رَبَّهُ اَرْبَعًا: سَاَلَ رَبَّهُ اَنْ لَّا يَمُوْتَ جُوْعًا فَاُعْطِيَ ذٰلِكَ، وَسَاَلَ رَبَّهُ اَنْ لَّا يَجْتَمِعُوْا عَلٰى ضَلَالَةٍ فَاُعْطِيَ ذٰلِكَ، وَسَاَلَ رَبَّهُ اَنْ لَّا يَرْتَدُّوا كُفَّارًا فَاُعْطِيَ ذٰلِكَ، وَسَاَلَ رَبَّهُ اَنْ لَّا يَغْلِبَهُمْ عَدُوٌّ لَّهُمْ فَيَسْتَبِيْحَ بَاْسَهُمْ فَاُعْطِيَ ذٰلِكَ، وَسَاَلَ رَبَّهُ اَنْ لَّا يَكُوْنَ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ فَلَمْ يُعْطَ ذٰلِكَ اَمَّا مُبَارَكُ بْنُ سُحَيْمٍ فَاِنَّهُ مِمَّنْ لَّا يَمْشِي فِيْ مِثْلِ هٰذَا الْكِتَابِ، لٰكِنِّيْ ذَكَرْتُهُ اضْطِرَارًا الْحَدِيْثُ الثَّالِثُ فِيْ حُجَّةِ الْعُلَمَآءِ بِاَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے چار چیزیں مانگی تھیں (۱) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ سے دعا مانگی کہ کسی کو اتنی بھوک نہ دے کہ وہ بھوک کی شدت کی تاب نہ لاتے ہوئے مر ہی جائے۔ یہ دعا قبول کر لی گئی (۲) اللہ سے دعا مانگی کہ یہ لوگ کبھی گمراہی پر جمع نہ ہوں، یہ دعا بھی قبول کر لی گئی (۳) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ سے دعا مانگی کہ دشمن ان پر غلبہ کر کے ان کو نقصان نہ پہنچا سکے، یہ بھی قبول کر لی گئی (۴) یہ دعا مانگی کہ ان کے آپس میں اختلافات نہ ہوں، یہ قبول نہیں کی گئی۔

اس کی سند میں ایک راوی مبارک بن سحیم ہیں، اس طرح کے راویوں کی احادیث میں نے اس کتاب میں درج تو نہیں کی، البتہ یہ حدیث مجبوراً ذکر کر دی ہے۔

اجماع کے حجت ہونے پر ہمارے علماء کی دلیل میں تیسری حدیث درج ذیل ہے۔

401۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ،

حدیث 401:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4758 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 21600 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 10687 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بيروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحديث:448

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُّطَرِّفٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ وُهْبَانَ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قِيدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ

✧✧ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جوشخص جماعت سے ایک بالشت بھر بھی الگ ہوا، اس نے اسلام کا پٹا اپنے گلے سے اتار دیا۔

402۔ تَابَعَهٗ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الضَّبِّيُّ، عَنْ مُّطَرِّفٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ وُهْبَانَ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ خَالَفَ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِيْنَ شِبْرًا، فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ خَالِدُ بْنُ وُهْبَانَ لَمْ يُجْرَحْ فِیْ رِوَايَاتِهٖ وَهُوَ تَابِعِیٌّ مَّعْرُوْفٌ اِلَّا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْمَتْنُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت خالد بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی یہ حدیث حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے، تاہم اس میں چند لفظوں کا تغیر ہے۔

✧✧ خالد بن وہبان معروف تابعی ہیں۔ روایات کے حوالے سے ان پر کسی نے جرح نہیں کی، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا اور یہی متن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے سند صحیح کے ساتھ منقول ہے جو کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے۔

403۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ، حَدَّثَنِی اللَّيْثُ، حَدَّثَنِیْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: كَتَبَ اِلَیَّ خَالِدُ بْنُ اَبِیْ عِمْرَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيدَ شِبْرٍ، فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ حَتّٰى يُرَاجِعَهٗ، وَقَالَ: مَنْ مَّاتَ وَلَيْسَ عَلَيْهِ اِمَامُ جَمَاعَةٍ، فَاِنَّ مَوْتَتَهٗ مَوْتَةٌ جَاهِلِيَّةٌ

الْحَدِيْثُ الرَّابِعُ فِيْمَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ اِجْمَاعَ الْعُلَمَآءِ حُجَّةٌ

✧✧ اس سند کے ساتھ بھی یہ حدیث عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے تاہم اس کے آخر میں یہ حرف زائد ہیں "جوشخص اس حالت میں مرا کہ اس کا کوئی امام جماعت نہ تھا وہ جاہلیت کی موت مرا"

چوتھی حدیث اس بارے میں کہ علماء کا اجماع حجت ہے۔

404۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ الْقَاضِیْ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ الطَّيَالِسِیُّ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهٖ،

حدیث: 404

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 22961 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 3431 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1162

قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَارِثُ الْاَشْعَرِيُّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمُرُكُمْ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَمَرَنِي اللّٰهُ بِهِنَّ: الْجَمَاعَةُ، وَالسَّمْعُ، وَالطَّاعَةُ، وَالْهِجْرَةُ، وَالْجِهَادُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَمَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيْدَ شِبْرٍ، فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ رَّاْسِهِ اِلَّا اَنْ يَّرْجِعَ رَوَاهُ بِطُوْلِهٖ مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَامٍ، وَاَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ الْعَطَّارُ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ

اَمَا حَدِيْثُ مُعَاوِيَةَ،

❖❖ حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں پانچ چیزوں کا حکم دیتا ہوں جن کا حکم مجھے اللہ تعالیٰ نے دیا ہے۔(۱) جماعت (۲) احکام غور سے سننا (۳) اطاعت کرنا (۴) ہجرت (۵) اور جہاد فی سبیل اللہ۔ جو شخص جماعت سے بالشت بھر بھی الگ ہوا، اس نے اسلام کا پٹا اپنے گلے سے اتار دیا جب تک کہ وہ جماعت میں لوٹ کر نہ آ جائے۔

❖❖ اسی تفصیل کے ساتھ اس حدیث کو معاویہ بن سلام اور ابان بن یزید العطار نے یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت کیا ہے۔

معاویہ کی حدیث درج ذیل ہے۔

405۔ فَحَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، اَنَّ حَفْصَ بْنَ عُمَرَ الْعُمَرِيَّ، حَدَّثَهُمْ قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَامٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، وَحَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ سَلَامٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا سَلَامٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِي الْحَارِثُ الْاَشْعَرِيُّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ بِخَمْسٍ اَعْمَلُ بِهِنَّ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ،

وَاَمَّا حَدِيْثُ اَبَانَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ،

ابان بن یزید کی یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت درج ذیل ہے۔

406۔ فَحَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا تَمِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، اَنَّ زَيْدًا، حَدَّثَهٗ اَنَّ اَبَا سَلَامٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ الْحَارِثَ الْاَشْعَرِيَّ، حَدَّثَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسٍ يَّعْمَلُ بِهِنَّ، وَاَمَرَ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ اَنْ يَّعْمَلُوْا بِهِنَّ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، وَقَالَ فِيْهِ: اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُنِيْ بِخَمْسٍ فَذَكَرَهٗ بِطُوْلِهٖ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى مَا اَصَّلْنَاهُ فِي الصَّحَابَةِ، اِذَا لَمْ نَجِدْ لَهُمْ اِلَّا رَاوِيًا وَاحِدًا، فَاِنَّ الْحَارِثَ الْاَشْعَرِيَّ صَحَابِيٌّ مَّعْرُوْفٌ، سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدَ بْنَ يَعْقُوْبَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الدُّوْرِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِيْنٍ، يَقُوْلُ: الْحَارِثُ الْاَشْعَرِيُّ لَهٗ صُحْبَةٌ، وَلِهٰذِهِ اللَّفْظَةِ مِنَ الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❖❖ حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے یحییٰ بن زکریا کو پانچ

چیزوں پر عمل کرنے کا حکم دیا اور بنی اسرائیل کو بھی انہی پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ پھر اس کے بعد پوری حدیث بیان کی جس میں یہ تذکرہ تھا کہ اللہ نے مجھے پانچ چیزوں کا حکم دیا ہے، اس کے بعد گزشتہ حدیث والی تفصیل موجود ہے۔

✣✣ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متعلق ہمارے قانون کے مطابق یہ حدیث صحیح ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے خواہ ایک ہی راوی نے روایت کی ہو، جب ان تک سند صحیح پہنچے گی ہم وہ روایت ذکر کریں گے اور حارث اشعری رضی اللہ عنہ معروف صحابی ہیں

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے ابوالعباس محمد بن یعقوب سے، انہوں نے دوری سے، انہوں نے یحییٰ بن معین سے سنا ہے کہ: حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ کو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل تھی اور حدیث کے ان الفاظ کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک فرمان شاہد موجود ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

407- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ دَارِمٍ الْحَافِظُ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ غَنَّامِ بْنِ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا دَخَلَ النَّارَ اَلْحَدِيْثُ الْخَامِسُ فِيْمَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

✧✧ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے جماعت سے بالشت بھر بھی علیحدگی اختیار کی وہ جہنم میں گیا۔

اجماع کی حجیت پر پانچویں حدیث۔

408- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الدَّارَبَرْدِيّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا الْعَقَبِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ وَاللَّفْظُ لَهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا الْعَقَبِيُّ، حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ فَارَقَ اُمَّةً، اَوْ عَادَ اَعْرَابِيًّا بَعْدَ هِجْرَتِهٖ فَلَا حُجَّةَ لَهٗ قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ رِيَاحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ فَمَاتَ مَاتَ مَوْتَةً جَاهِلِيَّةً وَّهٰذَا الْمَتْنُ غَيْرُ ذَاكَ الْحَدِيْثُ السَّادِسُ فِيْمَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو امت سے الگ ہوا یا ہجرت کے بعد لوٹ کر اپنے وطن آ گیا (قیامت کے دن اللہ کی بارگاہ سے چھوٹنے کیلئے) اس کے پاس کوئی دلیل نہیں ہوگی۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے "غیلان بن جریر" پھر "زیاد بن ریاح" پھر "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ" کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: جو جماعت سے الگ ہوا، وہ جاہلیت کی موت مرا۔ اس کا متن گزشتہ متن سے تھوڑا مختلف ہے۔

اجماع کی حجیت پر چھٹی حدیث۔

409- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ اَبِيْ حَامِدٍ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْقَارِءُ، حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، قَالَ: اَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ لَيَالِيَ سَارَ النَّاسُ اِلٰى عُثْمَانَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ وَاسْتَذَلَّ الْاِمَارَةَ لَقِيَ اللّٰهَ وَلَا حُجَّةَ لَهٗ سَمِعْتُ تَابَعَهٗ اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ كَثِيْرٍ

✧✧ حضرت ربعی بن حراش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس رات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا گھیراؤ کیا گیا، میں اس رات ''حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ'' کے پاس گیا، تو انہوں نے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا: جس نے جماعت سے علیحدگی اختیار کی اور امارت کو برا جانا وہ اللہ کی بارگاہ میں اس حال میں پیش ہوگا کہ اس کے پاس کوئی حجت نہیں ہوگی۔

❖❖ یہ حدیث ''کثیر بن ابی کثیر'' سے روایت کرنے میں ''ابوعاصم'' نے ''اسحاق بن سلیمان'' کی متابعت کی ہے (ان کی متابع حدیث درج ذیل ہے)

410- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنِيْ رِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشٍ، اَنَّهٗ اَتٰى حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ بِبُرُوْدَةَ، وَكَانَتْ اُخْتُهٗ تَحْتَ حُذَيْفَةَ: يَا رِبْعِيُّ، مَا فَعَلَ قَوْمُكَ؟ وَذٰلِكَ زَمَنَ خَرَجَ النَّاسُ اِلٰى عُثْمَانَ، قَالَ: قَدْ خَرَجَ مِنْهُمْ نَاسٌ، قَالَ: فِيْمَنِيْ مِنْهُمْ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ، وَاسْتَذَلَّ الْاِمَارَةَ لَقِيَ اللّٰهَ وَلَا حُجَّةَ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ فَاِنَّ كَثِيْرَ بْنَ اَبِيْ كَثِيْرٍ كُوْفِيٌّ سَكَنَ الْبَصْرَةَ، رَوٰى عَنْهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، وَعِيْسٰى بْنُ يُوْنُسَ وَلَمْ يُذْكَرْ بِجَرْحٍ الْحَدِيْثُ السَّابِعُ فِيْمَا يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

✧✧ ابوعاصم کثیر بن ابی کثیر کے حوالے سے ربعی بن حراش کا یہ قول نقل کرتے ہیں: میں حذیفہ بن الیمان کے پاس گیا (ربعی بن حراش کی بہن حذیفہ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں) حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ربعی! تمہاری قوم نے کیا کیا؟ (یہ زمانہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خلاف بغاوت کا تھا) انہوں نے جواب دیا: میری قوم میں سے کچھ لوگوں نے بغاوت کی ہے لیکن میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ جس نے جماعت سے بالشت بھر علیحدگی اختیار کی اور امارت کو برا جانا وہ اللہ کی بارگاہ میں جب پیش ہوگا تو (اپنے بچاؤ کیلئے) اس کے پاس کوئی حجت نہیں ہوگی۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے کیونکہ ''کثیر بن ابی کثیر'' کوفی، بصرہ میں رہا کرتے تھے، ان سے یحیٰی بن سعید القطان اور عیسیٰ بن یونس نے بھی روایت کی ہے لیکن چونکہ ان پر جرح ثابت ہے، اس لئے میں نے ان کی روایات نقل نہیں کی۔

اجماع کی حجیت پر ساتویں حدیث۔

411- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْفَاكِهِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ مَسَرَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ هَانِءٍ، اَنَّ اَبَا عَلِيٍّ

الْجَنْبِيَّ عَمْرَو بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ثَلَاثَةٌ لَّا تَسْاَلْ عَنْهُمْ: رَجُلٌ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ وَعَصٰى اِمَامَهُ فَمَاتَ عَاصِيًا، وَاَمَةٌ اَوْ عَبْدٌ اَبَقَ مِنْ سَيِّدِهِ فَمَاتَ، وَامْرَاَةٌ غَابَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَقَدْ كَفَاهَا مُؤْنَةَ الدُّنْيَا فَتَبَرَّجَتْ بَعْدَهُ فَلَا تَسْاَلْ عَنْهُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً

الْحَدِيْثُ الثَّامِنُ عَلٰى اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

◈◈ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین لوگوں سے سوال نہیں کیا جائے گا (بلکہ بغیر حساب کے دوزخ میں ڈالا جائے گا) (۱) ایسا شخص جو جماعت سے الگ ہوا اور اپنے امام کی نافرمانی کی اور اسی نافرمانی کی حالت میں مر گیا (۲) ایسا غلام یا لونڈی جو اپنے آقا کو چھوڑ کر بھاگ جائے اور اسی حالت میں مر جائے (۳) ایسی عورت جس کا شوہر اس کی دنیا کی تمام ذمہ داریاں نبھا تا رہا، وہ اس کی غیر موجودگی میں، بن سنور کر غیر مردوں کے سامنے جائے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور اس حدیث میں مجھے کوئی علت نہیں مل سکی۔

اجماع کی حجیت پر آٹھویں حدیث۔

412۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّلٰوةُ الْمَكْتُوبَةُ اِلَى الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوبَةِ الَّتِيْ بَعْدَهَا كَفَّارَةٌ لِّمَا بَيْنَهُمَا، وَالْجُمُعَةُ اِلَى الْجُمُعَةِ، وَالشَّهْرُ اِلَى الشَّهْرِ يَعْنِيْ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ اِلٰى شَهْرِ رَمَضَانَ كَفَّارَةٌ لِّمَا بَيْنَهُمَا، ثُمَّ قَالَ بَعْدَ ذٰلِكَ: اِلَّا مِنْ ثَلَاثٍ فَعَرَفْتُ اَنَّ ذٰلِكَ مِنْ اَمْرٍ حَدَثَ، فَقَالَ: اِلَّا مِنَ الْاِشْرَاكِ بِاللّٰهِ وَنَكْثِ الصَّفْقَةِ وَتَرْكِ السُّنَّةِ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: اَمَّا الْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ، فَمَا نَكْثُ الصَّفْقَةِ وَتَرْكُ السُّنَّةِ؟ قَالَ: اَمَّا نَكْثُ الصَّفْقَةِ: اَنْ تُبَايِعَ رَجُلًا بِيَمِيْنِكَ، ثُمَّ تَخْتَلِفَ اِلَيْهِ فَتُقَاتِلَهُ بِسَيْفِكَ، وَاَمَّا تَرْكُ السُّنَّةِ: فَالْخُرُوْجُ مِنَ الْجَمَاعَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ اَبِي السَّائِبِ الْاَنْصَارِيِّ، وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً الْحَدِيْثُ التَّاسِعُ فِيْ اَنَّ الْاِجْمَاعَ حُجَّةٌ

◈◈ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک فرضی نماز پڑھنے کے بعد دوسری فرضی نماز تک کے گناہوں کے لئے (دوسری نماز کفارہ ہے) اور ایک جمعہ، دوسرے جمعہ تک اور ایک ماہ رمضان دوسرے ماہ رمضان تک کفارہ ہے (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) پھر اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سوائے تین گناہوں کے۔ میں سمجھ

حدیث 412:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 7129 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبوية' مدينه منوره 1413ه/1992ء' رقم الحديث: 605

گیا کہ آج کوئی نیا حکم ارشاد فرمانے لگے ہیں۔ فرمایا: اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا اور ''نکث صفقہ'' اور ''ترک سنت'' (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں نے کہا: حضور! ''اشراک باللہ'' کے بارے میں تو ہم جانتے ہیں لیکن یہ ''نکث صفقہ'' اور ''ترک سنت'' کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''نکث صفقہ'' یہ ہے کہ آدمی کسی شخص کے ہاتھ پر بیعت کرے پھر وہ اختلاف کر کے اس کے خلاف تلوار اٹھالے اور ''ترک سنت'' جماعت سے نکلنا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ''عبداللہ بن السائب بن السائب انصاری رضی اللہ عنہ'' کی روایات نقل کی ہیں اور اس حدیث میں مجھے کوئی علت نہیں ملی۔

اجماع کی حجیت پر نویں حدیث۔

413۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا خَلادُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: وَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ صَفْوَانَ، عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ اَبِىْ زُهَيْرٍ الثَّقَفِيِّ عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّبَاةِ اَوْ بِالنَّبَاوَةِ، يَقُوْلُ: يُوْشِكُ اَنْ تَعْرِفُوا اَهْلَ الْجَنَّةِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، اَوْ قَالَ: خِيَارَكُمْ مِنْ شِرَارِكُمْ، قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، بِمَاذَا ؟ قَالَ: بِالثَّنَاءِ الْحَسَنِ وَالثَّنَاءِ السَّيِّءِ، اَنْتُمْ شُهَدَاءُ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَقَالَ الْبُخَارِيُّ: اَبُوْ زُهَيْرٍ الثَّقَفِيُّ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْمُهُ مُعَاذٌ، فَاَمَّا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ زُهَيْرٍ فَمِنْ كِبَارِ التَّابِعِيْنَ، وَاِسْنَادُ الْحَدِيْثِ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ فَقَدْ ذَكَرْنَا تِسْعَةَ اَحَادِيْثَ بِاَسَانِيْدَ صَحِيْحَةٍ يُسْتَدَلُّ بِهَا عَلَى الْحُجَّةِ بِالْاِجْمَاعِ وَاسْتَقْصَيْتُ فِيْهِ تَحَرِّيًا لِمَذَاهِبِ الْاَئِمَّةِ الْمُتَقَدِّمِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

✧✧ ابوبکر بن ابوزہیر الثقفی اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ مقام ''نباہ'' یا ''نباوہ'' پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عنقریب تم لوگ جنتیوں اور جہنمیوں کی پہچان کر لو گے یا (شاید یہ فرمایا) اچھے اور برے کی پہچان کر لو گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: حضور! یہ پہچان کیسے ہوگی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کے اچھے ذکر یا برے ذکر سے، تم خود ہی ایک دوسرے پر گواہ ہو۔

❖❖ یہ اسناد ''صحیح'' ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں، ابوزہیر الثقفی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سنی ہیں۔ ان کا نام

حدیث 413:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4221 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 7384 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 382 اخرجه ابوبكر الشيبانى فى "الاحاد والمثانى" طبع دارالراية رياض سعودى عرب 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 1601 اخرجه ابومحمد الكسى فى "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 442

معاذ ہے اور ابوبکر بن ابوزہیر کبار تابعین میں سے ہیں اور حدیث کی اسناد "صحیح" ہے، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے روایت نہیں کیا ہے۔ ہم نے حجیت اجماع پر ۱۹ احادیث اسناد صحیح کے ساتھ بطور دلیل پیش کی ہیں اور ائمہ متقدمین کے مذاہب میں تہہ تک پہنچنے کی کوشش کی ہے۔

(فصل فی توقیر العالم)

عالم کا احترام

اس فصل میں عالم کی عزت و توقیر اور اس کے سامنے مؤدب ہو کر بیٹھنے سے متعلق احادیث صحیحہ ذکر کی جائیں گی جن کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل نہیں کیا (اور اس بارے میں اختلاف بھی ہے)

414۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ مَيْمُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَاشِمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْعُطَارِدِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةِ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَبْرِ وَلَمَّا يُلْحَدْ، فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ كَاَنَّ عَلٰى رُءُوْسِنَا الطَّيْرُ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، قَدْ ثَبَتَ صِحَّةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ فِيْ كِتَابِ الْاِيْمَانِ وَاَنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک انصاری رضی اللہ عنہ کے جنازہ میں شرکت کے لئے گئے، ہم قبر پر پہنچ گئے لیکن ابھی تک قبر مکمل تیار نہیں ہوئی تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم وہاں بیٹھ گئے اور ہم لوگ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد بیٹھ گئے (اور یوں دم بخود بیٹھے تھے) گویا کہ ہمارے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہوں، اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی۔

✣✣ کتاب الایمان میں اس حدیث کی صحت ثابت کی جا چکی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا۔

415۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَامِدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْخَطِيْبُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هِلَالٍ الْبُوْزَنْجِرْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: كُنَّا اِذَا قَعَدْنَا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ نَرْفَعْ رُءُوْسَنَا اِلَيْهِ اِعْظَامًا لَّهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَا اَحْفَظُ لَهُ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ جب ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کی خاطر اپنے سروں کو اوپر نہیں اٹھاتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور مجھے اس میں کوئی علت بھی نہیں مل سکی۔

416۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الزَّبِيْدِيُّ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ،

حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاقَةَ، سَمِعَ اُسَامَةَ بْنَ شَرِيكٍ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ عِنْدَهُ كَاَنَّمَا عَلٰى رُءُ وْسِهِمُ الطَّيْرُ فَسَلَّمْتُ وَقَعَدْتُ فَجَآءَ اَعْرَابٌ يَسْاَلُوْنَهُ عَنْ اَشْيَاءَ حَتّٰى قَالُوْا: اَنَتَدَاوٰى، قَالَ: تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَمْ يَضَعْ دَاءً اِلَّا وَضَعَ لَهُ دَوَاءً فَسَاَلُوْهُ عَنْ اَشْيَاءَ، فَقَالَ: عِبَادَ اللّٰهِ وُضِعَ الْحَرَجُ، لاَ امْرَاً اقْتَرَضَ امْرَاً ظُلْمًا فَذٰلِكَ حَرَجٌ وَّهَلَكَ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ النَّاسُ ؟ قَالَ: خُلُقٌ حَسَنٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَالْعِلَّةُ عِنْدَ مُسْلِمٍ فِيْهِ اَنَّ اُسَامَةَ بْنَ شَرِيكٍ مَا رَوٰى عَنْهُ غَيْرُ زِيَادٍ، وَقَدْ رَوٰى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ عَنْهُ عَلٰى اَنِّيْ قَدْ اَصَّلْتُ كِتَابِيْ هٰذَا عَلٰى اِخْرَاجِ الصَّحَابَةِ، وَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَّهُمْ غَيْرُ رَاوٍ وَّاحِدٍ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ طُرُقٌ سَبِيْلُنَا اَنْ نُخَرِّجَهَا بِمَشِيْئَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى فِيْ كِتَابِ الطِّبِّ

✧✧ اسامہ بن شریک کہتے ہیں، میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ کے صحابہ آپ ﷺ کے پاس یوں بیٹھے ہوئے تھے گویا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہوں، میں ان کو سلام کہہ کر بیٹھ گیا، پھر کچھ دیہاتی لوگ آپ ﷺ سے چند باتیں معلوم کرنے کے لئے آئے۔ وہ کہنے لگے: کیا ہم (بیماری کی) دوا لے سکتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، دوا لیا کرو۔ اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری کا علاج رکھا ہے۔ پھر انہوں نے مزید کچھ سوالات کیے۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے اللہ کے بندو! حرج ختم کر دیا گیا ہے (یہ حرج) نہیں ہے بلکہ حرج تو یہ ہے کہ کوئی آدمی دوسرے سے ظلم کے ساتھ قرضہ لے۔ یہ حرج اور ہلاکت ہے۔ پھر انہوں نے پوچھا: یا رسول اللہ ﷺ! لوگوں کو جو کچھ عطا کیا گیا ہے اس میں سے سب سے بہتر کون سی چیز ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اچھے اخلاق۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تو اس حدیث میں کمزوری یہ ہے کہ اسامہ بن شریک سے صرف زیاد ہی نے روایات نقل کی ہیں حالانکہ علی بن الاقمر نے بھی ان سے روایات لی ہیں۔ مزید برآں یہ کہ میں نے اس کتاب میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایات نقل کرنے کے متعلق اپنا قانون بیان کر دیا ہے، اگرچہ ان سے روایت کرنے والا صرف ایک ہی شخص ہو (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) اس حدیث کے اور بھی طرق ہم جانتے ہیں، ان طرق کے ساتھ یہ حدیث ہم ان شاء اللہ ''کتاب الطب'' میں ذکر کریں گے۔

417- اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَتَّابٍ الْعَبْدِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَزِيْدَ الرِّمَاحِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ رُسْتُمٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلالٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ قُرْطٍ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا حَلْقَةٌ كَاَنَّمَا قُطِعَتْ رُؤُوْسُهُمْ، فَاِذَا رَجُلٌ يُحَدِّثُهُمْ فَاِذَا هُوَ حُذَيْفَةُ، قَالَ: كَانَ النَّاسُ يَسْاَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ وَكُنْتُ اَسْاَلُهُ عَنِ الشَّرِّ، وَذَكَرَ

الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ مَتْنُ هٰذَا الْحَدِيْثِ مُخَرَّجٌ فِي الْكِتَابَيْنِ وَاِنَّمَا خَرَّجْتُهُ فِيْ هٰذَا الْمَوْضِعِ لِلْاِصْغَاءِ اِلَى الْمُحَدِّثِ وَكَيْفِيَّةِ التَّوْقِيْرِ لَهٗ، فَاِنَّ هٰذَا اللَّفْظَ لَمْ يُخَرِّجَاهُ فِي الْكِتَابَيْنِ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن قرط رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں مسجد میں گیا تو چند لوگ ایک حلقے میں یوں دم بخود بیٹھے تھے گویا کہ ان کے سر کاٹ دیئے گئے ہوں۔ ان میں ایک شخص حدیث بیان کر رہا تھا، میں نے غور کیا تو وہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ تھے، وہ کہہ رہے تھے کہ دوسرے لوگ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ''خیر'' کے بارے میں سوالات کیا کرتے تھے اور میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ''شر'' کے متعلق پوچھا کرتا تھا۔ اس کے بعد مفصل حدیث بیان کی۔

❖❖ اس حدیث کا متن صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونوں میں نقل کیا گیا ہے میں نے اس مقام پر یہ حدیث اس لئے بیان کی ہے تا کہ محدث کو متوجہ کیا جا سکے اور اس کو توقیر کی کیفیت کا بھی پتہ چل جائے کیونکہ ان لفظوں کے ہمراہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے یہ حدیث نقل نہیں کی۔

418۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، اَنْبَاَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ لَمْ يَرْفَعْ اَحَدٌ مِّنَّا رَاْسَهٗ غَيْرُ اَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ، فَاِنَّهُمَا كَانَا يَتَبَسَّمَانِ اِلَيْهِ وَيَتَبَسَّمُ اِلَيْهِمَا

هٰذَا حَدِيْثٌ تَفَرَّدَ بِهِ الشَّيْخُ الْحَكَمُ بْنُ عَطِيَّةَ وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لاتے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے علاوہ دوسرا کوئی شخص اپنا سر بھی اوپر اٹھا کر نہیں دیکھتا تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ، رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم ان کو دیکھ کر تبسم فرمایا کرتے تھے۔

❖❖ اس حدیث کو صرف شیخ حکم بن عطیہ نے روایت کیا ہے اور یہ حدیث اس کتاب کے معیار کی نہیں ہے۔

419۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْخَضِرُ بْنُ اَبَانَ الْهَاشِمِيُّ، حَدَّثَنَا سَيَّارُ بْنُ حَاتِمٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، قَالَ: كَانَ سَلْمَانُ فِيْ عِصَابَةٍ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ فَمَرَّ بِهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَائَهُمْ قَاصِدًا حَتّٰى دَنَا مِنْهُمْ فَكَفُّوْا عَنِ الْحَدِيْثِ اِعْظَامًا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ ؟ فَاِنِّيْ رَاَيْتُ الرَّحْمَةَ تَنْزِلُ عَلَيْكُمْ، فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُشَارِكَكُمْ فِيْهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا بِجَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، فَاَمَّا اَبُوْ سَلَمَةَ سَيَّارُ بْنُ حَاتِمٍ الزَّاهِدُ، فَاِنَّهٗ عَابِدُ عَصْرِهٖ وَقَدْ اَكْثَرَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ الرِّوَايَةَ عَنْهُ

حديث 418:

اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 3387 اخرجه ابومحمد الكسى فى "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، 1408ھ/1988ء، رقم الحديث:1298

✧✧ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ ایک دفعہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ ایک ایسی جماعت میں بیٹھے ہوئے تھے جو ذکر اللہ میں مشغول تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے تو اس جماعت کے پاس تشریف لے آئے (جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان میں تشریف لے آئے) تو وہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احترام کے پیش نظر خاموش ہو گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سب مل کر کیا پڑھ رہے تھے؟ کیونکہ میں نے تم پر رحمت الٰہی کا نزول دیکھا۔ اس لئے میں نے چاہا کہ میں بھی رحمت باری تعالیٰ میں تمہارے ساتھ شریک ہو جاؤں۔

❖•❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے جعفر بن سلیمان کی روایات نقل کی ہیں اور اس کی سند میں ابوسلمہ رضی اللہ عنہ یسار بن حاتم اپنے زمانے کے عابد و زاہد محدث تھے اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے کثیر روایات نقل کی ہیں۔

420۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، اَنْبَاَنَا الْاَعْمَشُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْجَارُوْدِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَاَلَنِي الْيَوْمَ رَجُلٌ عَنْ شَيْءٍ مَا اَدْرِي مَا اَقُوْلُ لَهُ، قَالَ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا مُؤَدَّبًا نَشِيطًا حَرِيصًا عَلَى الْجِهَادِ، يَقُوْلُ: يَعْزِمُ عَلَيْنَا اُمَرَاؤُنَا اَشْيَاءَ لَا نُحْصِيهَا ؟ قَالَ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا اَدْرِي مَا اَقُوْلُ لَكَ اِلَّا اَنَّا كُنَّا نَكُوْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَعَلَّهُ لَا يَاْمُرُ بِالشَّيْءِ اِلَّا فَعَلْنَاهُ، وَمَا اَشْبَهَ مَا غَبَرَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا كَالثَّغْبِ شُرِبَ صَفْوُهُ وَبَقِيَ كَدَرُهُ، وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَنْ يَزَالَ بِخَيْرٍ مَا اتَّقَى اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَاِذَا حَاكَ فِيْ نَفْسِهِ شَيْءٌ اَتٰى رَجُلًا فَسَاَلَهُ فَشَفَاهُ، وَايْمُ اللّٰهِ لَيُوْشِكَنَّ اَنْ لَّا تَجِدُوْهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَاَظُنُّهُ لِتَوَقُّفٍ فِيْهِ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن ایک شخص نے مجھ سے ایسا سوال کیا کہ مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی کہ میں اسے کیا جواب دوں؟ اس نے پوچھا: آپ کی ایسے شخص کے بارے میں کیا رائے ہے جو دانشمند، ہشاش بشاش اور جہاد پر حریص ہو اور کہے: ہمارے حکمران ہمیں ایسی باتوں کا حکم دیتے ہیں جن پر عمل کرنے کی ہم میں استطاعت نہیں ہے۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: میں نے اس سے کہا: خدا کی قسم! مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ تجھے کیا جواب دوں؟ ہاں اتنا ضرور کہوں گا کہ ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ زندگی گزاردی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں اتنا ہی حکم دیتے تھے جتنا ہم کر سکتے تھے اور دنیا کی مثال تو پانی کے اس تالاب جیسی

حدیث 420:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامه' بیروت' لبنان' 1407ھ1987ء' رقم الحدیث: 2803 اخرجه ابویعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 5114 ... 1410ھ 1990ء رقم الحدیث: 2598

ہے جس کا صاف صاف پانی پی لیا جاتا ہے اور میل کچیل باقی رہ جاتی ہے (پھر فرمایا) تم جب تک اللہ سے ڈرتے رہو گے، ہدایت پر رہو گے اور جب کبھی کوئی عمل دل میں کھٹکے تو کسی سمجھدار آدمی سے پوچھ کر دل کی تسلی کر لینا لیکن عنقریب تم پر ایسا وقت آ سکتا ہے کہ ایک وقت ایسا آجائے کہ تمہیں ایسا کوئی آدمی نہ مل سکے جو تمہارے دل کی تشفی کرا سکے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور میرا خیال یہ ہے کہ اس کی سند کے موقوف ہونے کی وجہ سے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کو ترک کیا ہے۔

421۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مَالِكُ بْنُ خَيْرٍ الزِّيَادِيُّ، عَنْ اَبِيْ قَبِيلٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يُجِلَّ كَبِيْرَنَا، وَيَرْحَمْ صَغِيْرَنَا، وَيَعْرِفْ لِعَالِمِنَا

وَمَالِكُ بْنُ خَيْرٍ الزِّيَادِيُّ مِصْرِيٌّ ثِقَةٌ، وَاَبُوْ قَبِيْلٍ تَابِعِيٌّ كَبِيْرٌ

❖❖ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس شخص کا ہمارے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے جو ہمارے بڑوں کا احترام نہ کرے، بچوں پر شفقت نہ کرے اور ہمارے علماء کا حق نہ پہچانے۔

❖❖ اس کی سند میں مالک بن خیر الزیادی مصری ہیں، ثقہ ہیں اور ابوقبیل کبیر تابعی ہیں۔

422۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ أَنْبَأَ وَكِيْعٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوْا الرَّسُوْلَ وَأُولِي الأَمْرِ مِنْكُمْ قَالَ أُولِي الْفِقْهِ وَالْخَيْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَهُ شَاهِدٌ وَتَفْسِيْرُ الصَّحَابِيِّ عِنْدَهُمَا مُسْنَدٌ

❖❖ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما اس آیت اَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوْا الرَّسُوْلَ وَأُولِي الأَمْرِ مِنْكُمْ (النساء:۵۹) (اولی الامر کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اولی الامر سے یہاں پر مراد) علماء ہیں۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے اس کی ذیل میں شاہد حدیث بھی موجود ہے اور ویسے بھی شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک صحابی کی تفسیر معتبر ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

423۔ أَخْبَرَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنْبَرِيّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى أَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَأُولِي الأَمْرِ مِنْكُمْ يَعْنِي أَهْلَ الْفِقْهِ وَالدِّيْنِ وَأَهْلَ طَاعَةِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ مَعَالِيَ دِيْنِهِمْ وَيَأْمُرُوْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ فَأَوْجَبَ اللّٰهُ طَاعَتَهُمْ وَهٰذِهٖ أَحَادِيْثُ نَاطِقَةٌ بِمَا يَلْزَمُ الْعُلَمَاءَ مِنَ التَّوَاضُعِ لِمَنْ يُعَلِّمُوْنَهُمْ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما أَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَأُولِي الأَمْرِ مِنْكُمْ کی تفسیر بیان کرتے ہوئے

فرماتے ہیں (کہ اولی الامر سے یہاں پر مراد) فقہ اور دین والے لوگ ہیں (یعنی علماء ہیں) اور اللہ تعالیٰ کے وہ اطاعت گزار بندے ہیں جو لوگوں کو دین کے معاملات سکھاتے ہیں، انہیں نیکی کی ترغیب دلاتے اور برائی سے منع کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کی اطاعت واجب کر دی ہے۔

❖❖ ان احادیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جس شخص سے علم سیکھا ہو، اس کے سامنے ادب اور عاجزی کے ساتھ رہنا چاہئے۔

424۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ اَخِيْهِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، اَنَّ حَفْصَةَ، قَالَتْ لِعُمَرَ: اَلا تَلْبَسُ ثَوْبًا اَلْيَنَ مِنْ ثَوْبِكَ، وَتَاْكُلُ مِنْ طَعَامٍ اَطْيَبَ مِنْ طَعَامِكَ هٰذَا، وَقَدْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْاَمْرَ، وَاَوْسَعَ اِلَيْكَ الرِّزْقَ ؟ فَقَالَ: سَاُخَاصِمُكِ اِلٰى نَفْسِكِ، فَذَكَرَ اَمْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا كَانَ يَلْقٰى مِنْ شِدَّةِ الْعَيْشِ، فَلَمْ يَزَلْ يُذَكِّرُ حَتّٰى بَكَتْ، فَقَالَ: اِنِّيْ قَدْ قُلْتُ لَاُشَارِكَنَّهُمَا فِيْ مِثْلِ عَيْشِهِمَا الشَّدِيْدِ لَعَلِّيْ اُدْرِكُ مَعَهُمَا عَيْشَهُمَا الرَّخِيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا، فَاِنَّ مُصْعَبَ بْنَ سَعْدٍ كَانَ يَدْخُلُ عَلٰى اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مِنْ كِبَارِ التَّابِعِيْنَ مِنْ اَوْلَادِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

❖❖ حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ اُمّ المومنین سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ اس سے اچھے کپڑے پہن سکتے ہیں اور اس سے اچھا کھانا کھا سکتے ہیں کیونکہ اب تو اللہ تعالیٰ نے آپ پر فتوحات وسیع کر دی ہیں اور رزق میں وسعت دے دی ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کا فیصلہ میں آپ ہی سے کروانا چاہتا ہوں پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام اور آپ کی زندگی کی ان سختیوں کا ذکر کرنا شروع کیا جن سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوچار رہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اتنی تکالیف کا ذکر کیا، اتنی تکالیف کا ذکر کیا کہ اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا رو پڑیں۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں زندگی میں ان دو تکلیفوں کا ساتھی تو نہیں بن سکا (کیونکہ مجھ پر وہ تکالیف نہیں آئیں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر آئی تھیں) لیکن اب امید رکھتا ہوں کہ ہو سکتا ہے کہ آسودگی کی زندگی (یعنی آخرت) میں ان کی سنگت مجھے مل جائے گی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ اولاد صحابہ میں سے ہیں، کبار تابعین میں سے ہیں، آپ ازواج مطہرات کے ہاں چلے جایا کرتے تھے۔

425۔ وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، قَالَ: قُرِءَ عَلٰى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدٍ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ،

---

425 ــ

اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 6451 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة، بيروت، لبنان، 1407ھ/ 1986ء، رقم الحديث: 297

حَدَّثَنَا اَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَرَمُ الْمُؤْمِنِ دِيْنُهٗ، وَمُرُوْئَتُهٗ عَقْلُهٗ، وَحَسَبُهٗ خُلُقُهٗ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهٗ شَاهِدٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی سخاوت، اس کا دین ہے، اس کی مروت، اس کی عقل ہے اور اس کی شرافت، اس کے اخلاق ہیں۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

426- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَحْمَدَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ جَدِّهٖ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَرَمُ الْمُؤْمِنِ دِيْنُهٗ، وَمُرُوْئَتُهٗ عَقْلُهٗ، وَحَسَبُهٗ خُلُقُهٗ

✧✧ حضرت سعید المقبری رضی اللہ عنہ' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مومن کی عزت اس کا دین، اس کی مروت، اس کی عقل اور اس کی خاندانی شرافت، اس کا خلق ہے۔

427- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكُمْ لَا تَسَعُوْنَ النَّاسَ بِاَمْوَالِكُمْ وَلْيَسَعْهُمْ مِنْكُمْ بَسْطُ الْوَجْهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم لوگوں کی مدد اپنے مال کے ساتھ نہیں کر سکتے تو (کم از کم) کشادہ روئی اور حسن اخلاق کے ساتھ ہی ان کی مدد کر دو۔

❖❖ اسی حدیث کو سفیان الثوری نے عبداللہ بن سعید کے حوالے سے روایت کیا ہے (سفیان الثوری کی روایت درج ذیل ہے)

428- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّغُوْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُشْكَانَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِیْ حَكِيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، رَفَعَهٗ، قَالَ: اِنَّكُمْ لَا تَسَعُوْنَ النَّاسَ بِاَمْوَالِكُمْ وَلْيَسَعْهُمْ مِنْكُمْ بَسْطُ الْوَجْهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مَعْنَاهُ يَقْرُبُ مِنَ الْاَوَّلِ غَيْرَ اَنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَاهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ

حدیث 427:

اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 6550 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره (طبع اول) 1412ھ / 1991ء' رقم الحديث: 536

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے اور معنی و مفہوم کے اعتبار سے گزشتہ حدیث سے ملتی جلتی ہے، تاہم امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو عبداللہ بن سعید کے حوالے سے نقل نہیں فرمایا۔

429۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا سَمْعَانُ بْنُ بَحْرٍ الْعَسْكَرِيُّ اَبُوْ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْعَمِّيُّ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمَعْرُوْفُ اِلَى النَّاسِ يَقِي صَاحِبَهَا مَصَارِعَ السُّوْءِ، وَالْآفَاتِ، وَالْهَلَكَاتِ، وَاَهْلُ الْمَعْرُوْفِ فِي الدُّنْيَا هُمْ اَهْلُ الْمَعْرُوْفِ فِي الْاٰخِرَةِ سَمِعْتُ اَبَا عَلِيٍّ الْحَافِظَ، يَقُوْلُ: هٰذَا الْحَدِيْثُ لَمْ اَكْتُبْهُ اِلَّا عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَابْنُهُ مِنَ الْبَصْرِيِّيْنَ لَمْ نَعْرِفْهُمَا بِجُرْحٍ، وَقَوْلُهُ: اَهْلُ الْمَعْرُوْفِ فِي الدُّنْيَا قَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ الْمُنْكَدِرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ، جَابِرٍ وَّالْمُنْكَدِرِ وَاِنْ لَمْ يُخَرِّجَاهُ فَاِنَّهُ يُذْكَرُ فِي الشَّوَاهِدِ

❖❖ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگ اس شخص کو اچھا جانتے ہیں جو اپنے دوست کو تکالیف، آزمائشوں اور مصیبتوں کے جھمیلوں سے بچالے اور جو شخص دنیا میں اچھا ہے وہی آخرت میں بھی اچھا ہوگا۔

❖❖ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے ابوعلی الحافظ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ یہ حدیث میں نے صرف ابوعبداللہ الصفار سے لکھی ہے اور محمد بن اسحاق اور اس کا بیٹا بصریوں میں سے ہیں، میری معلومات کے مطابق ان پر کسی نے جرح نہیں کی اور اس حدیث میں ایک جملہ (اہل المعروف فی الدنیا) متعدد طرق سے منکدر پھر منکدر بن محمد پھر ان کے والد اور پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے اور منکدر کی روایات اگرچہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل نہیں کی ہیں تاہم ان کی روایات کو شواہد میں پیش کیا جاتا ہے۔

430۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ حَدَّثَنَا عَمْرُوْ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطَّفَاوِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فِيْ قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ خُذِ الْعَفْوَ قَالَ أَمَرَ اللّٰهُ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَّأْخُذَ الْعَفْوَ مِنْ أَخْلَاقِ النَّاسِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَقَدِ احْتَجَّ بِالطَّفَاوِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدْ قِيْلَ فِيْهِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اس آیت أَنْ يَّأْخُذ (الاعراف ۱۹۹) کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ لوگوں کے اخلاقیات کے سلسلے میں درگزر سے کام لیں۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ''صحیح'' ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے روایت نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے طفاوی کی روایات نقل کی ہیں۔ اسی سند کو عروہ کے ذریعے عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ سے بھی بیان کیا گیا ہے، ان کی سند کے ہمراہ حدیث درج ذیل ہے۔

431۔ أَخْبَرَنَاهُ عَبْدَانُ بْنُ يَزِيْدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا عَمْرُوْ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا وَكِيْعُ بْنُ

عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهِ الْآيَةَ إِلَّا فِي أَخْلَاقِ النَّاسِ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَقَدْ قِيْلَ فِيْ هٰذَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِهٖ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن الزبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ لوگوں کے اخلاق کے متعلق نازل ہوئی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور یہی حدیث عبداللہ بن عمرو بن العاص سے بھی منقول ہے لیکن یہ سند ہماری اس کتاب کے معیار کے مطابق نہیں ہے۔

432۔ أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّنْعَانِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبَّادٍ، أَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنْبَأَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَبَسَ رَجُلًا مِّنْ قَوْمِهٖ فِيْ تُهْمَةٍ، فَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ قَوْمِهٖ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، عَلَامَ تَحْبِسُ جِيْرَتِيْ؟ فَصَمَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: إِنَّ أُنَاسًا يَّقُوْلُوْنَ إِنَّكَ تَنْهٰى عَنِ الشَّرِّ وَتَسْتَخْلِيْ بِهٖ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَقُوْلُ؟ فَجَعَلْتُ أُعَرِّضُ بَيْنَهُمَا بِالْكَلَامِ مَخَافَةَ أَنْ يَّفْهَمَهَا فَيَدْعُوْ عَلٰى قَوْمِيْ دَعْوَةً لَا يُفْلِحُوْا بَعْدَهَا، فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى فَهِمَهَا، فَقَالَ: قَدْ قَالُوْا؟ أَوْ قَائِلُهَا مِنْهُمْ؟ وَاللّٰهِ لَوْ فَعَلْتُ لَكَانَ عَلَيَّ مَا كَانَ عَلَيْهِمْ خَلُّوْا عَنْ جِيْرَانِهٖ وَقَدْ تَقَدَّمَ الْقَوْلُ فِيْ صَحِيْفَةِ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ مَا أَغْنٰى عَنْ إِعَادَتِهٖ عَلٰى أَنَّ شَوَاهِدَ هٰذَا الْحَدِيْثِ مُخَرَّجَةٌ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، فَمِنْهَا حَدِيْثُ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسْمًا، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ: إِنَّ هٰذِهٖ قِسْمَةٌ مَّا أُرِيْدَ بِهَا وَجْهُ اللّٰهِ وَمِنْهَا حَدِيْثُ مَالِكٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسٍ: كُنْتُ أَمْشِيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ نَجْرَانِيٌّ غَلِيْظُ الْحَاشِيَةِ فَجَبَذَ أَعْرَابِيٌّ بُرْدَتَهُ الْحَدِيْثَ وَمِنْهَا حَدِيْثُ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ نَمِرٍ، عَنْ أَنَسٍ فِيْ قِصَّةِ حُنَيْنٍ عَلٰى مَا تَضْطَرُّوْنِيْ إِلٰى هٰذِهِ الشَّجَرَةِ وَغَيْرُ هٰذَا مِمَّا يَطُوْلُ ذِكْرُهٗ

✧✧ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کسی تہمت کی وجہ سے قید کروا دیا۔ اس کے قبیلے کے ایک آدمی نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر کہا: اے محمد! تم نے میرے پڑوسی کو قید کیوں کرایا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے، وہ

حدیث 432:

یہ حدیث یحییٰ ابن ابی کثیر کی عیاض بن ہلال رضی اللہ عنہ کی سند کے ہمراہ روایت کی بناء پر درجہ صحت پر فائز ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے (اپنی کتاب) ''تاریخ'' میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ ہلال بن عیاض رضی اللہ عنہ انصاری ہیں، انہوں نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے حدیث کا سماع کیا ہے اور ان سے یحییٰ ابن ابی کثیر نے سماع کیا ہے اور ہشام، معمر، علی بن مبارک اور حرب بن شداد نے اس کو یحییٰ ابن ابی کثیر سے روایت کیا ہے۔

علی بن حمشاد موسیٰ بن ہارون کا یہ قول نقل کرتے ہیں: امام اوزاعی نے اس حدیث کو دو مرتبہ بیان کیا ہے جن میں سے ایک مرتبہ انہوں نے یحییٰ بن ابی کثیر کے بعد ہلال بن عیاض رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ اور ایک مرتبہ انہوں نے اسی حدیث کو محمد بن الصباح پھر ولید پھر اوزاعی اور پھر یحییٰ بن ابی کثیر کے حوالے سے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کیا ہے۔

پہلے تو عبدالرحمٰن بن مہدی اس حدیث کو عیاض بن ہلال کے حوالے سے بیان کیا کرتے تھے۔ پھر ان کو اس بارے میں شک پیدا ہوا تو وہ اس کی سند یوں بیان کیا کرتے تھے۔ اَوْ هِلَالُ بْنُ عِيَاضٍ رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى۔ (اس مذکورہ سند میں عبدالرحمٰن، عبیداللہ اور محمد) سب کی سند عیاض بن ہلال پر جمع ہو جاتی ہے اور یہی صواب بھی ہے۔

✣✣ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ہمارے ائمہ میں سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور موسیٰ بن ہارون جیسے جلیل القدر اماموں نے اس اسناد کے حوالے سے ان لوگوں کی تائید کی ہے اور ان کے موقف کی تائید کی ہے جنہوں نے اس کی سند عیاض بن ہلال سے بیان کی

ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس سلسلے میں کئی شواہد بھی درج کئے ہیں جن سے اس حدیث کا صحیح ہونا ثابت ہے۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کردہ حدیث جو کہ اس کے ہم معنی ہے۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسی حدیث کی ایک ہم معنی حدیث نقل کی ہے جس کی سند ابوکریب، ابوبکر بن ابی شیبہ، زید بن الحباب، ضحاک بن عثمان، زید بن اسلم، عبدالرحمٰن بن ابوسعید اور پھر ابوسعید سے ہوتی ہوئی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے (اس سند کے ہمراہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان منقول ہے) آدمی، دوسرے آدمی کی شرمگاہ کی طرف نہ دیکھے اور نہ ہی عورت، عورت کی شرمگاہ کی طرف دیکھے اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی ہے۔

561- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْخَزَّازُ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اسْتَجْمَرَ اَحَدُكُمْ فَلْيُوتِرْ، فَاِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ، اَمَا تَرَى السَّمٰوَاتِ سَبْعًا، وَالْاَرَضِينَ سَبْعًا، وَالطَّوَافَ وَذَكَرَ اَشْيَاءَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ الْاَلْفَاظِ اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى مَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوتِرْ فَقَطْ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب استنجاء کے لئے ڈھیلے استعمال کرنے ہوں تو طاق عدد میں کرے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ خود اکیلا ہے اور وہ اکیلے ہی کو پسند کرتا ہے کیا تم اس بات پر غور نہیں کرتے کہ آسمان، زمینیں اور طواف کے چکر (طاق ہیں) اس کے علاوہ بھی آپ نے متعدد طاق چیزوں کا ذکر کیا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے صرف "مَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوتِرْ" کے الفاظ نقل کئے ہیں۔

562- اَخْبَرَ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، اَنْبَاَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَسَمِعْتُهَا، تَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ مِنَ الْغَائِطِ، قَالَ: غُفْرَانَكَ

حديث 562:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 30 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 300 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 1444 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 90 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 466 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه بيروت لبنان 1409ه/1989ء رقم الحديث: 693

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء سے نکلتے تو کہتے غُفْرَانَكَ۔

563۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ اَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ مِنَ الْغَائِطِ، قَالَ: غُفْرَانَكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، فَاِنَّ يُوْسُفَ بْنَ اَبِىْ بُرْدَةَ مِنْ ثِقَاتِ اٰلِ اَبِىْ مُوْسٰى وَلَمْ نَجِدْ اَحَدًا يَّطْعُنُ فِيْهِ، وَقَدْ ذَكَرَ سَمَاعَ اَبِيْهِ مِنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

✧✧ مذکورہ سند کے ساتھ بھی یہ حدیث اُمّ المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے، یوسف بن ابوبردہ، ابوموسیٰ کی اولاد امجاد میں سے ہیں، ثقہ ہیں اور ہماری معلومات کے مطابق کسی محدث کی جانب سے ان پر طعن ثابت نہیں ہے اوران کے والد کا اُمّ المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے سماع ثابت ہے۔

564۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ، وَعُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ، حَدَّثَنَا حَنْبَلُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَلِيْمٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةً مِّنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْتَسَلَتْ مِنْ جَنَابَةٍ، فَتَوَضَّاَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوِ اغْتَسَلَ مِنْ فَضْلِهَا تَابَعَهُ شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کے غسل جنابت سے بچے ہوئے پانی کے ساتھ وضو یا غسل کرلیا کرتے تھے۔

یہ حدیث سماک بن حرب سے روایت کرنے میں شعبہ نے سفیان کی متابعت کی ہے (ان کی روایت درج ذیل ہے)

565۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ

حدیث 565:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 68 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 65 اخرجه ابوعبدالرحمٰن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 325 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 370 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 734 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 2101 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1242 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 91 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 858 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 11715 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ رقم الحدیث: 396

اَبِیْ، وَثنا اَبُوْ عَلِیٍّ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی الْقَطِیْعِیُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِیٍّ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْوَلِیْدِ الْبَجَلِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اَرَادَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّتَوَضَّاَ مِنْ اِنَاءٍ، فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِّنْ نِسَائِهٖ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ قَدْ تَوَضَّاْتُ مِنْ هٰذَا، فَتَوَضَّاَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلْمَاءُ لَا یُنَجِّسُهٗ شَیْءٌ" وَّقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِیُّ بِاَحَادِیْثِ عِكْرِمَةَ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِاَحَادِیْثِ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ،

وَهٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ فِی الطَّهَارَةِ، وَلَمْ یُخْرِجَاهُ، وَلَا یُحْفَظُ لَهٗ عِلَّةٌ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے برتن سے (پانی لے کر) وضو کرنے کا ارادہ کیا تو آپ کی زوجہ نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس پانی سے میں نے وضو کیا ہے (لیکن اس کے باوجود) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہتے ہوئے، اس سے وضو کر لیا کہ "پانی کو کوئی (پاک) چیز نجس نہیں کر سکتی"

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عکرمہ کی احادیث نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے سماک بن حرب کی روایات نقل کی ہیں اور یہ حدیث طہارت سے متعلق صحیح حدیث ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا اور اس حدیث میں کسی قسم کا کوئی ضعف بھی نہیں ہے۔

566ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیْدٍ اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اَحْمَدَ الْجُرْجَانِیُّ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَسْقَلَانِیُّ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیٰی، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ هِلَالٍ، عَنْ عُتْبَةَ وَهُوَ ابْنُ اَبِیْ حَكِیْمٍ، عَنْ نَّافِعِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهٗ قِیْلَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، حَدِّثْنَا عَنْ شَاْنِ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ، فَقَالَ عُمَرُ: خَرَجْنَا اِلٰی تَبُوْكَ فِیْ قَیْظٍ شَدِیْدٍ، فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا اَصَابَنَا فِیْهِ عَطَشٌ حَتّٰی ظَنَنَّا اَنَّ رِقَابَنَا سَتَنْقَطِعُ، حَتّٰی اَنَّ الرَّجُلَ لَیَنْحَرُ بَعِیْرَهٗ، فَیَعْصِرُ فَرْثَهٗ فَیَشْرَبُهٗ وَیَجْعَلُ مَا بَقِیَ عَلٰی كَبِدِهٖ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّیْقُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ قَدْ عَوَّدَكَ فِی الدُّعَاءِ خَیْرًا فَادْعُ لَهٗ، فَقَالَ: اَتُحِبُّ ذٰلِكَ ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَرَفَعَ یَدَیْهِ فَلَمْ یُرْجِعْهُمَا حَتّٰی قَالَتِ السَّمَاءُ، فَاَظَلَّتْ ثُمَّ سَكَبَتْ فَمَلَئُوْا مَا مَعَهُمْ، ثُمَّ ذَهَبْنَا نَنْظُرُ فَلَمْ نَجِدْهَا جَازَتِ الْعَسْكَرَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ ضَمَّنَهٗ سُنَّةً غَرِیْبَةً، وَهُوَ اَنَّ الْمَاءَ اِذَا خَالَطَهٗ فَرْثُ مَا یُؤْكَلُ لَحْمُهٗ لَمْ یُنَجِّسْهُ، فَاِنَّهٗ لَوْ كَانَ یُنَجِّسُ الْمَاءَ لَمَا اَجَازَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِمُسْلِمٍ

حدیث 566:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث:1383 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 101 ذکره ابوبکر البیہقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث:19425 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث:3292

نْ يَجْعَلَهُ عَلٰى كَبِدِهٖ حَتّٰى يُنَجِّسَ يَدَيْهِ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کسی نے کہا: "سَاعَةِ الْعُسْرَةِ" (تنگی کے حالات) کے سلسلے میں کوئی واقعہ ہمیں سنائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم شدید گرمی کے موسم میں تبوک کی طرف نکلے۔ ہم ایک مقام پر پہنچے تو بہت شدید پیاس لگ رہی تھی۔ پیاس کی شدت اتنی تھی، لگتا تھا کہ اس کی وجہ سے کئی لوگ مر جائیں گے (اس شدت کا مداوا یوں کیا گیا کہ) لوگوں نے اپنے اونٹ ذبح کر کے ان کے معدے سے گوبر نچوڑ کر پانی نکالا اور پی کر پیٹ کی آگ بجھائی اور جو بچا، اس کو اونٹ کے معدے میں محفوظ کر کے رکھ لیا (اس انتہائی ناگفتہ بہ حالت میں) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بولے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ نے تو آپ کو دعائے خیر کا عادی بنایا ہے، آپ ان کے لئے دعائے خیر فرمادیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں یہ بات پسند ہے؟ عرض کی: جی ہاں (یارسول اللہ) چنانچہ پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھا لئے (دعا مانگنا شروع کی) تو بادل گرجے، پھر پورے آسمان پر چھا گئے اور پھر موسلا دھار بارش ہوگئی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنے تمام برتن وغیرہ بھر لئے پھر وہاں سے چل دیئے تو دیکھا کہ بارش صرف اسی مقام پر ہوئی جہاں لشکر موجود تھا، اس مقام سے آگے نکلے تو بارش کا کوئی نام ونشان تک موجود نہ تھا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس حدیث کے ضمن میں ایک سنت غریبہ بھی ثابت ہوتی ہے وہ یہ کہ پانی میں جب "مَا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ" (وہ جانور جن کا گوشت حلال ہے) کی لید گوبر وغیرہ پانی میں شامل ہو تو پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ اگر ان جانوروں کے گوبر سے پانی ناپاک ہو جاتا ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی مسلمان کو یہ اجازت نہ دیتے کہ وہ پانی جانور کے معدے میں ڈال کر رکھے کیونکہ اس سے تو ہاتھ بھی ناپاک ہو جاتے۔

567- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ حُمَيْدَةَ بِنْتِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ

حدیث 567:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 75 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ه 1986ء رقم الحديث: 68 اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "الموطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي) رقم الحديث: 42 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ه 1987ء رقم الحديث: 736 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 22689 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 1299 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 102 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 1092 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ه رقم الحديث: 353

مَالِكٍ، وَكَانَتْ تَحْتَ ابْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ، اَنَّ اَبَا قَتَادَةَ، دَخَلَ عَلَيْهَا فَسَكَبَتْ لَهُ وَضُوءً ا، فَجَائَتْ هِرَّةٌ لِتَشْرَبَ مِنْهُ فَاَصْغَى لَهَا اَبُوْ قَتَادَةَ الْاِنَاءَ حَتّٰى شَرِبَتْهُ، قَالَتْ كَبْشَةُ: فَرَآنِيْ اَنْظُرُ اِلَيْهِ، فَقَالَ: اَتَعْجَبِينَ يَا بِنْتَ اَخِي ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ، اِنَّهَا مِنَ الطَّوَّافِينَ عَلَيْكُمْ، وَالطَّوَّافَاتِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ عَلٰى اَنَّهُمَا عَلٰى مَا اَصَّلاهُ فِيْ تَرْكِهِ، غَيْرَ اَنَّهُمَا قَدْ شَهِدَا جَمِيْعًا لِمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّهُ الْحَكَمُ فِيْ حَدِيْثِ الْمَدَنِيِّيْنَ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ مِمَّا صَحَّحَهُ مَالِكٌ، وَاحْتَجَّ بِهٖ فِي الْمُوَطَّاِ، وَمَعَ ذٰلِكَ فَاِنَّ لَهُ شَاهِدًا بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ،

✧✧ کبشہ بنت کعب بن مالک، ابن ابی قتادہ کے نکاح میں تھیں۔آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ ابوقتادہ ان کے پاس تشریف لائے، انہوں نے ان کے وضو کے لئے ایک برتن میں پانی بھر کر رکھ دیا، ایک بلی آ کر اس میں سے پینے لگی۔ابوقتادہ نے بلی کے لئے برتن مزید جھکا دیا تو بلی نے اس میں سے خوب سیر ہو کر پانی پیا۔کبشہ کہتی ہیں: ابوقتادہ نے مجھے دیکھ لیا کہ میں انہیں دیکھ رہی ہوں، تو آپ مجھے کہنے لگے: اے میری بھتیجی کیا تمہیں (میرے اس عمل پر) تعجب ہو رہا ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں۔آپ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ (بلی) ناپاک نہیں ہے کیونکہ یہ ان جانوروں میں سے ہے جو عموماً گھروں میں آتے جاتے رہتے ہیں۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس کی وجہ یہ ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما حدیث ترک کرنے میں اپنے قانون اور اصول پر عمل پیرا ہیں۔تاہم ان دونوں نے اس بات کی گواہی دی ہے کہ مدنی راویوں کی روایات میں مالک بن انس رضی اللہ عنہ کی حدیث حرف آخر ہوتی ہے اور اس حدیث کو مالک بن انس رضی اللہ عنہ نے صحیح قرار دیا ہے اور موطا میں اس کو نقل کیا ہے۔

علاوہ ازیں اسنادِ صحیح کے ہمراہ اس مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے (وہ حدیث درج ذیل ہے)

568- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى الْقَاضِيْ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُسَافِعِ بْنِ شَيْبَةَ الْحَجَبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مَنْصُوْرَ بْنَ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ اُمِّهٖ صَفِيَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا ــــــــــ، وَقَدْ صَحَّ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ ضِدُّ هٰذَا، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ اَيْضًا

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......) اس حدیث کی سند بھی شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اس کو بھی دونوں نے روایت نہیں کیا ہے۔

569- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، اِمْلاءً مِّنْ كِتَابِهٖ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَاضِي الْفُسْطَاطِ، حَدَّثَنَا

اَبُوْ عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَطُهُوْرُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ اَنْ يُغْسَلَ سَبْعَ مَرَّاتٍ، الاُوْلٰى بِالتُّرَابِ، وَالْهِرَّةُ مِثْلُ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَاِنَّ اَبَا بَكْرَةَ ثِقَةٌ مَّاْمُوْنٌ، وَمَنْ تَوَهَّمَ اَنَّ اَبَا بَكْرَةَ يَنْفَرِدُ بِهٖ، عَنْ اَبِيْ عَاصِمٍ، وَاِنَّمَا تَفَرَّدَ بِهٖ اَبُوْ عَاصِمٍ وَّهُوَ حُجَّةٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب برتن میں کتا منہ ڈال جائے تو اس کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کو سات مرتبہ دھوئیں ان میں سے پہلی مرتبہ مٹی کے ساتھ صاف کریں اور بلی کے منہ ڈالے کا بھی یہی حکم ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح الاسناد ہے (اس کی سند میں ایک راوی) ابوبکرہ ثقہ اور مامون ہیں اور بعض کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ اس کی سند میں ابوعاصم سے صرف ابوبکرہ ہی روایت کرنے والے ہیں، حالانکہ اس حدیث کی روایت میں منفرد ابوعاصم ہیں اور ان کی روایت قابل حجت ہوتی ہے (جبکہ ابوبکرہ کے ساتھ ابوعاصم سے روایت کرنے والے ایک اور صحابی بھی ہیں ان کی حدیث درج ذیل ہے)

570- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ، وَحَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَنْبَسَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طُهُوْرُ الْاِنَاءِ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ اَنْ يُغْسَلَ سَبْعَ مَرَّاتٍ، الْاُوْلٰى بِالتُّرَابِ، وَالْهِرَّةُ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ قُرَّةُ يَشُكُّ

✧✧ بکار بن قتیبہ اور حماد بن الحسن بن عبسہ نے ابوعاصم کی سند سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: برتن میں جب کتا منہ ڈال جائے تو اس کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ برتن کو سات مرتبہ دھویا جائے سب سے پہلے مٹی سے (بعد میں چھ مرتبہ پانی سے) اور بلی کا ایک یا دو مرتبہ دھولیں۔

(قرۃ بن خالد سے بھی مذکورہ مفہوم والی ایک حدیث منقول ہے لیکن ان کے الفاظ میں تردد پایا جاتا ہے ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

571- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْهِرَّةِ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ يَعْنِيْ غَسْلَ الْاِنَاءِ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْهِرَّةُ، وَقَدْ شُفِيَ عَلِيُّ بْنُ نَصْرٍ الْجَهْضَمِيُّ، عَنْ

حدیث 570:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 1101

قُرَّةَ فِيْ بَيَانِ هٰذِهِ اللَّفْظَةِ

✧✧ ابوعاصم قرة بن خالد کے حوالے سے محمد بن سیرین کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بلی کے متعلق ایک مرتبہ یا (شاید) دومرتبہ دھونے کا کہا ہے یعنی جب کسی برتن میں بلی منہ ڈال جائے تو اس کو ایک یا (شاید) دومرتبہ دھونے کا حکم دیا گیا۔

علی بن نصر الجہضمی نے بھی قرہ سے یہ حدیث روایت کی ہے اور تردد والے الفاظ انہوں نے بھی ذکر کئے ہیں۔(ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

572۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْشَرٍ الْحَسَنُ بْنُ سُلَيْمَانَ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: طُهُوْرُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ اَنْ يُغْسَلَ سَبْعَ مَرَّاتٍ، اُولَاهُنَّ بِالتُّرَابِ، ثُمَّ ذَكَرَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ الْهِرَّ لَا اَدْرِي، قَالَ: مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ، قَالَ نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ: وَجَدْتُهُ فِيْ كِتَابِ اَبِيْ فِيْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ، عَنْ قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فِي الْكَلْبِ مُسْنَدًا، وَفِي الْهِرَّةِ مَوْقُوفًا عَنْ تَابَعَهُ فِيْ تَوْقِيفِ ذِكْرِ الْهِرَّةِ مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ قُرَّةَ

✧✧ نصر بن علی نے اپنے والد کے ذریعے قرہ بن خالد سے محمد بن سیرین کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب برتن میں کتا منہ ڈال جائے تو اس کو پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ برتن کو سات مرتبہ دھوئیں ان میں سے پہلی مرتبہ مٹی کے ساتھ صاف کریں۔ پھر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ بلی کے متعلق میں کچھ نہیں جانتا۔ آپ نے فرمایا: ایک مرتبہ یا (شاید یہ فرمایا کہ) دومرتبہ۔

نصر بن علی کہتے ہیں: میں نے اپنے والد کی کتاب میں ایک دوسرے مقام پر قرہ، پھر ابن سیرین اور پھر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے کتے کے بارے میں متصل اور بلی کے بارے میں موقوف حدیث دیکھی ہے۔

بلی کا ذکر موقوفاً کرنے کے سلسلے میں قرہ سے روایت کرنے میں مسلم بن ابراہیم نے علی کی متابعت کی ہے۔

(ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

573۔ أَخْبَرَنَاهُ أَبُوْ بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَرْقِيُّ وَثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ أَنْبَأَ مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوْبَ وَثَنَا أَبُوْ مُحَمَّدٍ الْمُزَنِي حَدَّثَنَا أَبُوْ خَلِيْفَةَ قَالُوْا حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ فِي الْهِرِّ يَلَغُ فِي الْإِنَاءِ قَالَ يُغْسَلُ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ فَقَدْ ثَبَتَ الرُّجُوْعُ فِي حُكْمِ الشَّرِيْعَةِ إِلَى حَدِيْثِ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ فِي طَهَارَةِ الْهِرَّةِ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ

✧✧ مسلم بن ابراہیم قرہ کے ذریعے محمد بن سیرین کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: کہ انہوں نے بلی کے برتن میں منہ ڈالنے کے متعلق فرمایا: اس کو ایک مرتبہ یا (شاید فرمایا) دومرتبہ دھولو۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) بلی

کی طہارت کے حوالے سے مالک بن انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کی طرف حکم شریعت کا رجوع ثابت ہوا (اور نتیجہ یہ نکلا کہ بلی کا جھوٹا ناپاک نہیں ہے)

574- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ اَخِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَوَضَّاَ مِنْ سِقَاءٍ فَقِيْلَ لَهُ اِنَّهُ مَيْتَةٌ، فَقَالَ: دِبَاغُهُ يَذْهَبُ بِخَبَثِهِ، اَوْ نَجَسِهِ، اَوْ رِجْسِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں (ایک مرتبہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مشکیزے سے وضو کرنے کا ارادہ کیا تو کسی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: یہ مردار کی کھال سے بنا ہوا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو رنگنے سے اس کی نجاست ختم ہو جاتی ہے (راوی کو شک ہے کہ اس موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خبث کا لفظ بولا، نجس بولا یا رجس بولا تھا)

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔

575- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُجْزِءُ مِنَ الْوُضُوْءِ الْمُدُّ، وَمِنَ الْجَنَابَةِ الصَّاعُ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: لَا يَكْفِينَا ذٰلِكَ يَا جَابِرُ، فَقَالَ: قَدْ كَفٰى مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِّنْكَ وَاَكْثَرُ شَعْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

❖❖ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وضو کے لئے ایک ''مد'' اور غسل کے لئے ایک ''صاع'' پانی کافی ہے۔ ایک شخص کہنے لگا: اے جابر! ہمارے لئے تو اتنا پانی ناکافی ہے۔ اس پر جابر نے جواباً کہا: اتنا پانی اس ذات کو تو کفایت کر گیا جو تجھ سے بہتر ہے (یعنی جس کو تجھ سے زیادہ طہارت کی فکر ہوتی ہے) اور جس کے بال تجھ سے زیادہ گھنے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں، ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

576- فَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ الْهِسِنْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ زَائِدَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِثُلُثَىْ مُدٍّ، فَتَوَضَّاَ فَجَعَلَ يَدْلُكُ ذِرَاعَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِحَبِيْبِ بْنِ زَيْدٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کو دوتہائی مد پانی پیش کیا گیا تو آپ نے اپنے بازوؤں کو ملتے ہوئے، اس کے ساتھ وضو کرلیا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے حبیب بن زید کی روایات نقل کی ہیں۔

577- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَبَّانِيُّ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نَتَوَضَّاُ رِجَالًا وَنِسَاءً وَّنَغْسِلُ اَيْدِيَنَا فِيْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ عَآئِشَةَ فِيْ هٰذَا الْبَابِ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ يَنْفَرِدُ بِهٖ خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ وَّاَنَا اَذْكُرُهُ مُحْتَسِبًا لِمَا اُشَاهِدُهُ مِنْ كَثْرَةِ وَسْوَاسِ النَّاسِ فِيْ صَبِّ الْمَاءِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں ہم (گھر کے) مرد اور عورتیں ایک ہی برتن میں وضو کرلیتے تھے اور ہاتھ دھولیا کرتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن انہوں نے ان الفاظ کے ہمراہ اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جس کی سند میں خارجہ بن مصعب منفرد ہیں (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے اس حدیث کو اس لئے ذکر کیا تا کہ عوام الناس پانی بہانے کے حوالے سے اس وسوسہ سے بچ جائیں جس کا عام طور پر میں نے مشاہدہ کیا ہے۔

578- حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ جَمِيْلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ،

حدیث 577:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث:120

حدیث 578:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 57 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 421 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 21276 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 122 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 901 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 547

وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، وَحَدَّثَنَا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ لِلْوُضُوْءِ شَيْطَانًا يُقَالُ لَهُ الْوَلَهَانُ فَاحْذَرُوْهُ، وَاتَّقُوا وَسْوَاسَ الْمَآءِ وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ اَصَحَّ مِنْ هٰذَا

❖ حضرت ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وضو میں وسوسہ ڈالنے والا بھی ایک شیطان ہے اس کو ولہان کہتے ہیں۔ اس سے بچ کر رہو اور پانی کے وسوسوں سے بھی بچو۔

ایک دوسری سند کے ہمراہ اس کی ایک اور شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ اس کی بہ نسبت زیادہ واضح ہے۔

(حدیث درج ذیل ہے)

579- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، اَنْبَاَنَا سَعِيْدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِيْ نَعَامَةَ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُغَفَّلٍ، سَمِعَ ابْنَهُ، يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْقَصْرَ الْاَبْيَضَ عَنْ يَمِيْنِ الْجَنَّةِ، اِذَا دَخَلْتُهَا، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ سَلِ اللّٰهَ الْجَنَّةَ وَتَعَوَّذْ بِهٖ مِنَ النَّارِ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنَّهُ سَيَكُوْنُ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ قَوْمٌ يَعْتَدُوْنَ فِي الطُّهُوْرِ وَالدُّعَاءِ

❖ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انہوں نے اپنے بیٹے کو یوں دعا مانگتے سنا: اے اللہ! جب تو مجھے جنت میں داخل کردے گا تو میں جنت کی دائیں جانب ایک سفید محل کا تجھ سے سوال کرتا ہوں، اس پر عبداللہ بن المغفل نے اپنے بیٹے سے کہا: بیٹا! اللہ تعالیٰ سے جنت کی دعا مانگو اور دوزخ سے اس کی پناہ مانگو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی سن رکھا ہے" میری امت میں کچھ لوگ ہونگے جو طہارت میں اور دعا میں حد سے تجاوز کریں گے۔

580- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ الزُّبَيْدِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: وَيْلٌ لِّلْاَعْقَابِ، وَبُطُوْنِ الْاَقْدَامِ مِنَ النَّارِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَا ذِكْرَ بُطُوْنِ الْاَقْدَامِ

❖ حضرت عبداللہ بن حارث بن الزبیدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (وضو کے دوران خشک رہ جانے والی) ایڑھیوں اور پاؤں کے تلووں کے لئے جہنم کی ہلاکت ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے پاؤں کے تلووں کا ذکر نہیں کیا ہے۔

حدیث 579:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 96 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 16847 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 6763 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 900

581- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ يَدْخُلَ الرَّجُلُ الْمَاءَ اِلَّا بِمِئْزَرٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے برہنہ حالت میں پانی میں داخل ہونے سے منع فرمایا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

582- اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدٍ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، وَمُصْعَبُ بْنُ شَيْبَةَ، عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا حَدَّثَتْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يُغْتَسَلُ مِنْ اَرْبَعٍ مِّنَ الْجَنَابَةِ، وَيَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَمِنْ غَسْلِ الْمَيِّتِ، وَالْحِجَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا چار مواقع پر غسل کرنا چاہیے (۱) جنابت کا غسل (۲) جمعہ کے دن کا غسل (۳) غسل میت کے بعد غسل (۴) پچھنے لگوانے کے بعد غسل۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

583- حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً فِي شَهْرِ رَبِيعٍ الْاَوَّلِ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، اَنْبَاَنَا اَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَحِيمٍ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ اَبِي غَرْزَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: دَخَلَتْ فَاطِمَةُ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ تَبْكِي، فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ، مَا يُبْكِيكِ؟ قَالَتْ: يَا اَبَتِ مَا لِيَ لَا اَبْكِي وَهٰؤُلَاءِ الْمَلَاُ مِنْ قُرَيْشٍ فِي الْحِجْرِ يَتَعَاقَدُونَ بِاللَّاتِ وَالْعُزّٰى وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى لَوْ قَدْ رَاَوْكَ لَقَامُوا اِلَيْكَ فَيَقْتُلُونَكَ، وَلَيْسَ مِنْهُمْ رَجُلٌ اِلَّا وَقَدْ عَرَفَ نَصِيبَهُ مِنْ دَمِكَ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ، ائْتِينِي بِوَضُوءٍ فَتَوَضَّاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ فَلَمَّا

حدیث 581:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 249

حدیث 582:

اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 25231 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 256 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1328

رَاَوْهُ، قَالُوْا: هَاهُوَ ذَا فَطَاْطَئُوا رُءُوسَهُمْ، وَسَقَطَتْ اَذْقَانُهُمْ بَيْنَ يَدَيْهِمْ، فَلَمْ يَرْفَعُوْا اَبْصَارَهُمْ فَتَنَاوَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْضَةً مِّنْ تُرَابٍ فَحَصَبَهُمْ بِهَا وَقَالَ: شَاهَتِ الْوُجُوهُ فَمَا اَصَابَ رَجُلاً مِّنْهُمْ حَصَاةٌ مِّنْ حَصَاتِهِ اِلَّا قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ كَافِرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، قَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِيَحْيَى بْنِ سُلَيْمٍ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً، وَاَهْلُ السُّنَّةِ مِنْ اَحْوَجِ النَّاسِ لِمُعَارَضَةِ مَا قِيلَ اَنَّ الْوُضُوءَ لَمْ يَكُنْ قَبْلَ نُزُوْلِ الْمَائِدَةِ، وَاِنَّمَا نُزُوْلُ الْمَائِدَةِ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَاتٍ وَّلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ نَاطِقٌ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَوَضَّاُ، وَيَاْمُرُ بِالْوُضُوءِ قَبْلَ الْهِجْرَةِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

◇◇ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا روتی ہوئی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: پیاری بیٹی کیوں رو رہی ہو؟ عرض کرنے لگیں! ابا جان! میں کیوں نہ روؤں؟ جبکہ قریش کے لوگ اپنے معبودان باطلہ کی قسمیں کھا کھا کر ایک دوسرے کے ساتھ وعدے کر رہے ہیں کہ اگر یہ لوگ آپ کو کہیں دیکھ لیں گے تو (معاذ اللہ) آپ کو شہید کر دیں گے اور ہر شخص آپ کو مارنے کے لئے تیار ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیٹی! مجھے وضو کے لئے پانی دیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کر کے مسجد کی طرف چل دیئے۔ جب قریش نے آپ کو دیکھا تو کہنے لگے: وہ یہ جا رہے ہیں۔ پھر انہوں نے اپنے سر کو جھکا لیا اور ان کے چہرے ایسے نیچے ہوئے کہ وہ اپنی آنکھوں کو اوپر نہ اٹھا سکے۔ چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مٹھی مٹی اٹھا کر ان کی طرف پھینکی اور فرمایا: تم بدشکل ہو جاؤ (ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں) اس دن جس جس کو اس مٹی کا ذرہ بھی لگا تھا وہ جنگ بدر میں حالت کفر میں مارا گیا۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یحییٰ بن سلیم کی روایات نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبداللہ بن عثمان بن خثیم کی روایات نقل کی ہیں لیکن دونوں نے یہ حدیث نقل نہیں کی اور مجھے اس حدیث میں کوئی علت بھی نہیں ملی اور اس حدیث کی سب سے زیادہ ضرورت اہل سنت کو ہے کیونکہ ان پر یہ اعتراض ہے کہ وضو کا حکم سورۂ مائدہ (میں ہے اس لئے اس) کے نزول سے پہلے وضو کا حکم نہیں تھا اور سورۂ مائدہ کا نزول حجۃ الوداع کے موقع پر ہوا، جس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم عرفات میں تھے۔

اس حدیث کی صحیح شاہد حدیث بھی موجود ہے جس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہجرت سے پہلے خود بھی وضو کرنا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بھی وضو کا حکم دینا ثابت ہے، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے بھی روایت نہیں کیا ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

584۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ دَرَسْتَوَيْهِ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ تَوْبَةَ الرَّبِيْعُ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُهَاجِرِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَامٍ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَوَّلِ مَا بُعِثَ وَهُوَ بِمَكَّةَ، وَهُوَ حِيْنَئِذٍ مُسْتَخْفٍ، فَقُلْتُ: مَا اَنْتَ؟ قَالَ: اَنَا نَبِيٌّ، قُلْتُ: وَمَا نَبِيٌّ؟ قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ، قُلْتُ: آللّٰهُ اَرْسَلَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ،

قُلْتُ: بِمَا اَرْسَلَكَ ؟ قَالَ: اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ، وَتَكْسِرَ الْاَوْثَانَ وَالْاَدْيَانَ، وَتُوصِلَ الْاَرْحَامَ، قُلْتُ: نِعْمَ، مَا اَرْسَلَكَ بِهٖ، قُلْتُ: فَمَنْ يَتْبَعُكَ عَلٰى هٰذَا ؟ قَالَ: عَبْدٌ وَحُرٌّ يَعْنِيْ اَبَا بَكْرٍ وَّبِلَالًا، فَكَانَ عَمْرٌو يَقُوْلُ: لَقَدْ رَاَيْتُنِيْ وَاَنَا رُبُعُ، اَوْ رَابِعُ الْاِسْلَامِ، قَالَ: فَاَسْلَمْتُ، قُلْتُ: اَتْبَعُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا، وَلٰكِنِ الْحَقْ بِقَوْمِكَ، فَاِذَا اُخْبِرْتَ اَنِّيْ قَدْ خَرَجْتُ فَاتْبَعْنِيْ، قَالَ: فَلَحِقْتُ بِقَوْمِي، وَجَعَلْتُ اَتَوَقَّعُ خَبَرَهٗ، وَخُرُوجَهٗ حَتّٰى اَقْبَلَتْ رُفْقَةٌ مِّنْ يَثْرِبَ فَلَقِيتُهُمْ، فَسَاَلْتُهُمْ عَنِ الْخَبَرِ، فَقَالُوْا: قَدْ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَّكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَقُلْتُ: وَقَدْ اَتَاهَا ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَارْتَحَلْتُ حَتّٰى اَتَيْتُهٗ، قُلْتُ: اَتَعْرِفُنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؟ قَالَ: نَعَمْ، اَنْتَ الرَّجُلُ الَّذِيْ اَتَانِيْ بِمَكَّةَ فَجَعَلْتُ اَتَجَسَّسُ خَلْوَتَهٗ فَلَمَّا خَلَا، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِيْ مِمَّا عَلَّمَكَ اللّٰهُ وَاَجْهِلُ، قَالَ: فَسَلْ عَمَّ شِئْتَ، قُلْتُ: اَيُّ اللَّيْلِ اَسْمَعُ ؟ قَالَ: جَوْفُ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ فَصَلِّ مَا شِئْتَ، فَاِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ، مَكْتُوبَةٌ حَتّٰى تُصَلِّيَ الصُّبْحَ، ثُمَّ اَقْصِرْ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَتُرْفَعَ قَدْرَ رُمْحٍ اَوْ رُمْحَيْنِ، فَاِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ، وَتُصَلِّيْ لَهَا الْكُفَّارُ، ثُمَّ صَلِّ مَا شِئْتَ، فَاِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ مَّكْتُوبَةٌ حَتّٰى يَعْدِلَ الرُّمْحُ ظِلَّهٗ، ثُمَّ اَقْصِرْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ تُسْجَرُ وَتُفْتَحُ اَبْوَابُهَا، فَاِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فَصَلِّ مَا شِئْتَ، فَاِنَّ الصَّلٰوةَ مَشْهُوْدَةٌ مَّكْتُوبَةٌ، ثُمَّ صَلِّ حَتّٰى تُصَلِّيَ الْعَصْرَ، ثُمَّ اَقْصِرْ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، فَاِنَّهَا تَغْرُبُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ وَّتُصَلِّيْ لَهَا الْكُفَّارُ، وَاِذَا تَوَضَّاْتَ فَاغْسِلْ يَدَيْكَ فَاِنَّكَ اِذَا غَسَلْتَ يَدَيْكَ خَرَجَتْ خَطَايَاكَ مِنْ ذِرَاعَيْكَ، ثُمَّ اِذَا مَسَحْتَ بِرَاْسِكَ خَرَجَتْ خَطَايَاكَ مِنْ اَطْرَافِ شَعْرِكَ، ثُمَّ اِذَا غَسَلْتَ رِجْلَيْكَ خَرَجَتْ خَطَايَاكَ مِنْ رِجْلَيْكَ، فَاِنْ ثَبَتَّ فِيْ مَجْلِسِكَ كَانَ لَكَ حَظًّا مِّنْ وُضُوئِكَ، وَاِنْ قُمْتَ فَذَكَرْتَ رَبَّكَ، وَحَمِدْتَّهٗ، وَرَكَعْتَهٗ رَكْعَتَيْنِ مُقْبِلًا عَلَيْهِمَا بِقَلْبِكَ كُنْتَ مِنْ خَطَايَاكَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا عَمْرُو، اعْلَمْ مَا تَقُوْلُ، فَاِنَّكَ تَقُوْلُ اَمْرًا عَظِيْمًا، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ كَبِرَتْ سِنِّيْ وَدَنَا اَجَلِيْ وَاِنِّيْ لَغَنِيٌّ عَنِ الْكَذِبِ، وَلَوْ لَمْ اَسْمَعْهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ مَا حَدَّثْتُهٗ وَلٰكِنْ قَدْ سَمِعْتُهٗ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ هٰكَذَا حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلَامٍ عَنْهُ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اِلَّا اَنْ اُخْطِءَ شَيْئًا، اَوْ اَزِيْدَهٗ فَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ، قَدْ خَرَّجَ مُسْلِمٌ بَعْضَ هٰذِهِ الْاَلْفَاظِ مِنْ حَدِيْثِ النَّضْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ: وَحَدِيْثُ الْعَبَّاسِ بْنِ سَالِمٍ هٰذَا اَشْفٰى، وَاَتَمُّ مِنْ حَدِيْثِ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ

✧✧ حضرت عمر بن عبسہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلان نبوت کے ابتدائی دنوں میں، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں رہتے تھے لیکن ابھی اعلانیہ تبلیغ شروع نہیں کی تھی۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: آپ

حدیث 584:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 260 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 422 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث:1410

کون ہیں؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے جواباً فرمایا: میں نبی ہوں۔ میں نے پوچھا: نبی کون ہوتا ہے؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: اللہ کا رسول۔ میں نے پوچھا: کیا اللہ نے آپ کو مبعوث فرمایا ہے؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: ہاں۔ میں نے پوچھا: آپ کیا پیغام لائے ہیں؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: (اس بات کا کہ) تم صرف اللہ کی عبادت کرو، بتوں کو اور جھوٹے ادیان کو چھوڑ دو اور صلہ رحمی کرو۔ میں نے عرض کی: کتنا ہی اچھا پیغام ہے جو آپ لے کر آئے ہیں۔ میں نے پوچھا: آپ کے ان احکام پر آپ کی پیروی کون کون کر رہا ہے؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: ایک غلام اور ایک آزاد آدمی۔ یعنی حضرت ابوبکر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اور حضرت بلال رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ (چنانچہ عمرو کہا کرتے تھے میرا یہ خیال ہے کہ میں چوتھے نمبر پر اسلام لایا تھا) عمرو کہتے ہیں: پھر میں نے اسلام قبول کر لیا اور میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے ساتھ رہنا چاہتا ہوں، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: نہیں۔ بلکہ تم اپنی قوم میں جا کر رہو، جب تمہیں میری ہجرت کی اطلاع ملے تو میرے ساتھ آملنا (عمرو کہتے ہیں) میں اپنی قوم میں جا کر رہنے لگا اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی ہجرت کی اطلاع کی آس لگا کر بیٹھ گیا۔ ایک دن یثرب سے ایک قافلہ آیا، میں نے ان سے ملاقات کی اور ان سے یثرب کی کوئی خاص خبر پوچھی۔ انہوں نے بتایا کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم مکہ سے مدینہ کی طرف کوچ کر چکے ہیں۔ میں نے پوچھا: کیا آپ مدینہ پہنچ گئے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں۔ میں (اسی وقت) وہاں سے نکلا اور مدینہ میں حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے پاس پہنچ گیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! کیا آپ مجھے پہچانتے ہیں؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: ہاں۔ تو وہی شخص ہے نا جو مکہ میں میرے پاس آیا تھا، پھر میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خدمت میں بیٹھ گیا اور اس بات کے تجسس میں رہا کہ کوئی موقع خلوت کا نصیب ہو جائے۔ پھر جب مجھے خلوت کا موقع ملا تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو کچھ سکھایا ہے، آپ مجھے بھی سکھا دیں اور میری تربیت فرما دیں۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: جو پوچھنا چاہتے ہو پوچھو: میں نے کہا: رات کا کون سا حصہ قبولیت کا ہوتا ہے؟ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: رات کا آخری حصہ۔ اس میں جتنی چاہیں نماز پڑھیں کیونکہ نماز کے بارے میں گواہی لکھی ہوئی ہے (رات کے آخری حصے سے) نماز فجر تک عبادت کا سلسلہ جاری رکھیں پھر سورج کے طلوع ہونے اور ایک دو نیزے کی مقدار میں بلند ہونے تک (نماز سے) رکے رہو کیونکہ سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع ہوتا ہے اور (اس وقت) کفار سورج کی پوجا کرتے ہیں (جب سورج بلند ہو جائے) تب جتنے چاہو نوافل ادا کرو کیونکہ نماز اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مشہود و مکتوب ہے (یہ سلسلہ) نیزے کا سایہ اس کے برابر ہونے (یعنی وقت زوال شروع ہونے) تک جاری رکھو (اور جب زوال کا وقت شروع ہو جائے تو) پھر نماز سے رک جاؤ کیونکہ (اس وقت) جہنم کو بھڑکایا جاتا ہے اور اس کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔ پھر جب سورج ڈھل جائے تو نماز پڑھ سکتے ہو کیونکہ نماز کے بارے میں گواہی دی گئی ہے اور یہ فرض ہے۔ پھر عصر تک جتنے چاہو، نوافل ادا کرو پھر عصر سے غروب آفتاب تک نوافل مت پڑھو کیونکہ (اس وقت) سورج شیطان کے سینگوں کے درمیان غروب ہوتا ہے اور کفار (اس وقت) اس کی پوجا کرتے ہیں اور جب وضو کرنے لگو تو اپنے ہاتھوں کو دھولو کیونکہ جب تم ہاتھ دھولو گے تو بازو کے تمام گناہ نکل جائیں گے اور جب تم سر کا مسح کرو گے تو بالوں کے کناروں سے تمہارے گناہ خارج ہو جائیں گے اور جب تم اپنے پاؤں دھوؤ گے تو تمہارے گناہ پاؤں سے نکل جائیں گے۔ اگر تم وضو کر کے وہیں بیٹھے رہو گے تو صرف وضو کی وجہ سے ہی بہت زیادہ ثواب پاؤ گے اور اگر وضو کے بعد خشوع و خضوع کے ساتھ دو رکعت (تحیۃ الوضو) پڑھ لو گے تو گناہوں سے ایسے پاک صاف ہو جاؤ

گے گویا کہ تمہاری ماں نے آج تمہیں جنا ہے (ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے کہا: اے عمرو! تمہیں معلوم ہے تم کیا کہہ رہے ہو؟ تم بہت بڑی بات کہہ رہے ہو۔ عمرو بن عبسہ نے جواب دیا: خدا کی قسم! میں بوڑھا ہو چکا ہوں، اب تو میری موت کا وقت قریب ہے اور مجھے جھوٹ بولنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اگر میں نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات ایک یا دو مرتبہ سنی ہوتی تو (شاید) آپ کو بیان نہ کرتا بلکہ میں نے یہ بات رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے متعدد بار سنی ہے۔ ابوسلام نے ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مجھے اسی طرح حدیث بیان کی ہے، ہوسکتا ہے کہ بیان کرنے میں مجھ سے کوئی کمی بیشی ہوگئی ہو تو میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت چاہتا ہوں اور معافی مانگتا ہوں۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے بعض الفاظ نقل کئے ہیں، اس کی سند یوں ہے۔ النَّضْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ اور عباس بن سالم کی یہ حدیث عکرمہ بن عمار کی حدیث سے زیادہ جامع اور فائدہ مند ہے۔

585- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، اَخْبَرَنِی الْوَلِيْدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ، اَنَّ عَطَاءً حَدَّثَهٗ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَجُلًا اَجْنَبَ فِیْ شِتَاءٍ، فَسَاَلَ وَاُمِرَ بِالْغُسْلِ فَاغْتَسَلَ فَمَاتَ، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا لَهُمْ قَتَلُوْهُ قَتَلَهُمُ اللّٰهُ ثَلَاثًا، قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ الصَّعِيْدَ، اَوِ التَّيَمُّمَ طَهُوْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ فَاِنَّ الْوَلِيْدَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ هٰذَا ابْنُ اَخِی عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ، وَهُوَ قَلِيْلُ الْحَدِيْثِ جِدًّا، وَقَدْ رَوَاهُ الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ عَطَاءٍ وَّهُوَ مُخَرَّجٌ بَعْدَ هٰذَا، وَلَهٗ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک شخص سخت سردیوں میں جنبی ہوگیا، اس نے مسئلہ پوچھا، جواب دینے والے نے غسل لازم قرار دے دیا۔ اس نے غسل کرلیا (اور سردی کی شدت کی وجہ سے) وہ مرگیا۔ اس بات کا تذکرہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کی مارنے کی کیا مجال تھی، اس کو اللہ نے مارا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہی الفاظ دہرائے (جبکہ) اللہ تعالیٰ نے مٹی کو یا (شاید یوں فرمایا) تیمّم کو پاک کرنے والا بنایا ہے۔

حدیث 585:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 337 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 572 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 752 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 3057 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1015 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 2420 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 11472 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ھ رقم الحديث: 867

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے، کیونکہ یہ ولید بن عبیداللہ عطاء بن ابی رباح کے بھتیجے ہیں، ان کی مرویات کی تعداد بہت کم ہے اور اس حدیث کو امام اوزاعی نے بھی عطاء سے روایت کیا ہے۔

اس حدیث کی ایک اور شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

586ـ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَفَعَهُ فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ: وَاِنْ كُنْتُمْ مَرْضٰى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ، قَالَ: اِذَا كَانَ الرَّجُلُ الْجِرَاحَةُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، اَوِ الْقُرُوْحُ اَوِ الْجُدَرِيُّ فَيَجْنُبُ فَيَخَافُ اِنِ اغْتَسَلَ اَنْ يَّمُوْتَ فَلْيَتَيَمَّمْ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے وَاِنْ كُنْتُمْ مَرْضٰى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ (النساء:۴۳) کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا: جب کوئی بندہ اللہ کی راہ میں نکلا ہوا ہو اور اس حالت میں اس کو کوئی زخم، پھوڑا یا پھنسی وغیرہ نکل آئے اور اس کو غسل کی حاجت ہو لیکن غسل کرنے سے موت کا خدشہ ہو تو ایسا شخص (غسل کی بجائے) تیمّم کر سکتا ہے۔

587ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْحَارِثِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْ حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ فِيْ بَوْلِ الرَّضِيْعِ: يُنْضَحُ بَوْلُ الْغُلَامِ، وَيُغْسَلُ بَوْلُ الْجَارِيَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ فَاِنَّ اَبَا الْاَسْوَدِ الدِّيْلِيَّ سَمَاعُهُ مِنْ عَلِيٍّ وَّهُوَ عَلٰى شَرْطِهِمَا صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدَانِ صَحِيْحَانِ اَمَّا اَحَدُهُمَا

❖❖ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے، دودھ پیتے بچے کے متعلق فرمایا: لڑکے کے پیشاب پر چھینٹے مارے جائیں اور لڑکی کا پیشاب دھویا جائے۔

حدیث 587:

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 348 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 8313 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3944

مجھے اس میں کوئی علت بھی نہ مل سکی۔

ابویحییٰ القتات کی سند کے ہمراہ مذکورہ حدیث کی شاہد حدیث موجود ہے

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

654۔ اَخْبَرَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ اَبِيْ يَحْيٰى، عَنْ مُّجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: عَامَّةُ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنَ الْبَوْلِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قبر کا عذاب عام طور پر پیشاب (میں بے احتیاطی) کی وجہ سے ہوتا ہے۔

655۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِيْهُ بِالرِّيِّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلَاتِهِ فَلْيَاْخُذْ بِاَنْفِهِ ثُمَّ لِيَنْصَرِفْ قَالَ تَابَعَهُ عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ وَغَيْرُهُمَا، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی کا دوران نماز وضو ٹوٹ جائے تو وہ اپنی ناک پکڑ کر پیچھے پلٹ جائے۔

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے روایت کرنے کے سلسلے میں عمر بن علی المقدمی اور محمد بن بشر العبدی اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے ابن جریج کی متابعت کی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

(متابع حدیث درج ذیل ہے)

656۔ وَحَدَّثَنَاهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث 655:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1114 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1222 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1141 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2238 اخرجه ابوبكر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المكتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1019 ذكره ابوبكر البیهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 3194

قَالَ: إِذَا أَحْدَثَ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَأْخُذْ بِأَنْفِهِ وَلْيَنْصَرِفْ وَلْيَتَوَضَّأْ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيَّ الْحَافِظَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ الشَّافِعِيَّ الصَّيْرَفِيَّ، يَقُولُ: كُلُّ مَنْ أَفْتَى مِنْ أَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ مِنَ الْحِيَلِ إِنَّمَا أَخَذَهُ مِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ

❖ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) علی بن عمر الدارقطنی نے ابوبکر شافع صیر فی کا یہ بیان نقل کیا ہے ''مسلمان ائمہ میں سے جس نے بھی حیلہ کے متعلق فتویٰ دیا ہے، اس نے اسی حدیث کو بنیاد بنایا ہے''۔

657- أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْمَحْبُوبِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَسْعُودٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ، أَنْبَأَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَسَنَةَ، قَالَ: انْطَلَقْتُ أَنَا وَعَمْرُو بْنُ الْعَاصِ، فَخَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِيَدِهِ دَرَقَةٌ، أَوْ شِبْهُهُ بِالدَّرَقَةِ، فَاسْتَتَرَ بِهَا فَبَالَ وَهُوَ جَالِسٌ، فَقُلْتُ لِصَاحِبِيْ: أَلَا تَرٰى إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يَبُولُ كَمَا تَبُولُ الْمَرْأَةُ، قَالَ: فَأَتَانَا، فَقَالَ: أَلَا تَدْرُونَ مَا لَقِيَ صَاحِبُ بَنِي إِسْرَائِيلَ ؟ كَانَ إِذَا أَصَابَ أَحَدًا شَيْءٌ مِّنَ الْبَوْلِ قَرَضَهُ بِالْمِقْرَاضِ، قَالَ: فَنَهَاهُمْ عَنْ ذٰلِكَ فَعُذِّبَ فِي قَبْرِهِ

❖ حضرت عبدالرحمان بن حسنہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اور عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اکٹھے چل رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہمارے ساتھ آ ملے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں چمڑے کی بنی ہوئی ایک ڈھال یا اس جیسی کوئی اور چیز تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ پردہ کیا اور بیٹھ کر پیشاب کیا، میں نے اپنے ساتھی سے کہا: تم دیکھ رہے ہو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کی طرح بیٹھ کر (یعنی بالکل زمین کے ساتھ چپک کر) پیشاب کر رہے ہیں۔ عبدالرحمٰن کہتے ہیں: پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لے آئے اور (بنی اسرائیل پر اتنی سختی تھی کہ ان کے جسم پر جہاں کہیں پیشاب کے چھینٹے پڑ جاتے تھے ان کو جسم کا وہ حصہ قینچی سے کاٹ کر پھینکنا پڑتا تھا) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں معلوم نہیں ہے کہ بنی اسرائیل کے ایک شخص کے جسم پر پیشاب کے کچھ چھینٹے پڑ گئے تھے، اس کو قینچی سے کاٹنے کا حکم دیا گیا تو اس نے منع کر دیا (اس کی پاداش میں) اسے قبر میں عذاب دیا گیا۔

حدیث 657:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 22 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث:30 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 346 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:17793 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 3127 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 26 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 493 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 932 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث:1303

658- اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى بْنِ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا مُعَاوِيَةُ، وَحَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، كُلُّهُمْ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَسَنَةَ، قَالَ: بَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُسْتَتِرٌ بِحَجَفَةٍ، فَقَالُوْا: تَبُوْلُ كَمَا تَبُوْلُ الْمَرْاَةُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ كَانَ اِذَا اَصَابَ اَحَدَهُمُ الْبَوْلُ قَرَضَهُ بِالْمَقَارِيضِ وَنَهَاهُمْ عَنْ ذٰلِكَ فَهُوَ يُعَذَّبُ فِيْ قَبْرِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَمِنْ شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ اِلٰى اَنْ يَّبْلُغَ، تَفَرَّدَ زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ بِالرِّوَايَةِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَسَنَةَ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن حسنہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈھال کا پردہ کر کے پیشاب کیا تو صحابہ نے کہا کہ آپ عورتوں کی طرح بیٹھ کر پیشاب کرتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی اسرائیل کو پیشاب لگنے کی وجہ سے جسم کاٹنے کا حکم دیا گیا تھا، انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا، اس لئے ان کو قبر میں عذاب دیا گیا۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما کی شرط یہ ہے کہ حدیث متصل ہو، اس میں عبدالرحمٰن بن حسنہ سے روایت کرنے میں زید بن وہب منفرد ہیں شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

659- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مَنْصُوْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْعَتَكِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّهَا قَالَتْ: مَا بَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا مُنْذُ اُنْزِلَ عَلَيْهِ الْفُرْقَانُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، جب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن نازل ہونا شروع ہوا، آپ نے کبھی کھڑے ہو کر پیشاب نہیں کیا۔

660- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ، تُقْسِمُ بِاللّٰهِ مَا رَاٰى اَحَدٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبُوْلُ قَائِمًا مُنْذُ اُنْزِلَ عَلَيْهِ الْفُرْقَانُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالَّذِيْ عِنْدِيْ اَنَّهُمَا لَمَّا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى سُبَاطَةَ قَوْمٍ، فَبَالَ قَائِمًا وَجَدَا حَدِيْثَ الْمِقْدَامِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا مُعَارِضًا لَّهُ فَتَرَكَاهُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ

اَلْمَكِّيِّيْنَ

✧✧ حضرت مقدام بن شریح اپنے والد کے حوالے سے اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں ''اللہ کی قسم! جب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن نازل ہونا شروع ہوا، کسی نے آپ کو کھڑے ہوکر پیشاب کرتے نہیں دیکھا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے اس حدیث کو ترک کرنے کی جو وجہ سمجھ آئی ہے وہ یہ ہے کہ دونوں نے منصور کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے ابووائل کے حوالے سے حذیفہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک قوم کے (کچرے) کے ڈھیر کے پاس آئے اور کھڑے ہوکر پیشاب کیا جبکہ مقدام نے اپنے والد کے حوالے سے اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا کا جو بیان نقل کیا ہے یہ اس کے معارض ہے، اس لئے انہوں نے مقدام کی اس حدیث کو چھوڑ دیا۔

مکی راویوں کی سند کے ساتھ مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث موجود ہے۔ جو کہ درج ذیل ہے۔

661- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ اَبِى الْمُخَارِقِ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: رَآنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَبُوْلُ قَائِمًا، فَقَالَ: يَا عُمَرُ، لَا تَبُلْ قَائِمًا،

حدیث **660**:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير، يمامه، بيروت، لبنان، 1407ھ 1987ء، رقم الحديث: 223 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی، فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 13 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 26 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 305 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 23289 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری، فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی، بيروت، لبنان، 1390ھ / 1970ء، رقم الحديث: 61 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ / 1993ء، رقم الحديث: 1424 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 406 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ / 1983ء، رقم الحديث: 969 اخرجه ابوبكر الكوفی، فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودی عرب، (طبع اول) 1409ھ، رقم الحديث: 1309 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب 1414ھ / 1994ء، رقم الحديث: 490 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ / 1991ء، رقم الحديث: 24 اخرجه ابوبكر الحميدی فی "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبی، بيروت، قاهره، رقم الحديث: 442

حدیث **661**:

اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه"، طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 308 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ / 1993ء، رقم الحديث: 1423 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب 1414ھ / 1994ء، رقم الحديث: 496

قَالَ: فَمَا بُلْتُ قَائِمًا وَرُوِىَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّهْيِ عَنْهُ

✧✧ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک مرتبہ میں کھڑے ہوکر پیشاب کر رہا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دیکھ لیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! کھڑے ہوکر پیشاب مت کیا کرو، اس کے بعد میں نے کبھی بھی کھڑے ہوکر پیشاب نہیں کیا۔

نوٹ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی اس سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ممانعت منقول ہے۔

662۔ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَلِيمٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَنْبَانَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَانَا عَبْدَانُ، اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَنْبَانَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِيْ مُسْتَحَمِّهٖ فَاِنَّ عَامَّةَ الْوَسْوَاسِ مِنْهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهٗ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی شخص غسل خانہ میں پیشاب مت کرے کہ عام طور پر وسوسوں کی بیماری اسی سے لگتی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ہے۔

663۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَقِيهُ أَنْبَأَ أَبُو الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ صَهْبَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ نُهِيَ أَوْ زُجِرَ أَنْ يُبَالَ فِي الْمُغْتَسَلِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حمام میں پیشاب کرنے سے منع کیا گیا ہے یا (شاید یہ فرمایا کہ) ڈانٹا گیا ہے۔

664۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، كِلَاهُمَا، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اتَّقُوا اللَّاعِنَيْنِ، فَقَالُوْا: وَمَا اللَّاعِنَانِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الَّذِيْ يَتَخَلّٰى فِيْ طَرِيْقِ الْمُسْلِمِيْنَ وَفِيْ ظِلِّهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّقَدْ اَخْرَجَهُ عَنْ قُتَيْبَةَ، وَلَهٗ شَاهِدٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ وَّاللَّفْظُ غَيْرُ هٰذَا وَلَمْ يُخَرِّجْهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لاعنین سے بچو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! لاعنین کون ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمانوں کی گزرگاہ میں اور سائے میں پیشاب کرے۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ انہوں نے یہ ہی حدیث قتیبہ کے حوالے سے نقل کی ہے۔

محمد بن سیرین کے حوالے سے اسنادِ صحیح کے ساتھ اس کی ایک شاہد حدیث موجود ہے تاہم الفاظ کچھ مختلف ہیں اور (یہ شاہد حدیث درج ذیل ہے)

665- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ: اَفْتَيْتَنَا فِيْ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى يُوْشِكُ اَنْ تُفْتِينَا فِي الْخِرَاءِ، قَالَ: فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: كُلُّ شَيْءٍ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ سَلَّ سَخِيمَتَهٗ عَلٰى طَرِيقٍ عَامِرٍ مِّنْ طُرُقِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

وَمُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيُّ مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيْثُهٗ فِي الْبَصْرِيِّيْنَ، وَهُوَ عَزِيْزُ الْحَدِيْثِ جِدًّا

✧✧ محمد بن سیرین کہتے ہیں: ایک شخص نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ہمیں ہر چیز کے بارے میں فتویٰ دے دیتے ہیں، ہمیں تو یوں لگتا ہے کہ آپ کسی دن پاخانہ کے متعلق بھی فتویٰ جاری کر دیں گے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے وہ بیان کر دیتا ہوں۔ (پھر آپ نے فرمایا) ''جس نے مسلمانوں کے راستے میں پاخانہ پھینکا اس پر اللہ کی فرشتوں کی اور ساری دنیا کی لعنت ہو''

✤✤ محمد بن عمر انصاری، وہ راوی ہیں جن کی احادیث کو بصری راوی کی حدیث میں جمع کیا جاتا ہے اور وہ عزیز الحدیث ہیں۔

666- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى بْنِ السَّكَنِ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُثَنّٰى بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، وَعَبَّاسٌ الْعَنْبَرِيُّ، وإسحاق بن منصور، قَالَ اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ: اَنْبَاَنَا وَقَالَ الْاٰخَرُوْنَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِي الْجُحْرِ وَاِذَا نِمْتُمْ: اَطْفِئُوا السِّرَاجَ فَاِنَّ الْفَارَةَ تَاْخُذُ الْفَتِيلَةَ فَتُحْرِقُ عَلٰى اَهْلِ الْبَيْتِ، وَاَوْكِئُوا الْاَسْقِيَةَ، وَخَمِّرُوا الشَّرَابَ، وَاَغْلِقُوا الْاَبْوَابَ فَقِيْلَ لِقَتَادَةَ وَمَا يُكْرَهُ مِنَ الْبَوْلِ فِي الْجُحْرِ ؟ فَقَالَ: اِنَّهَا مَسَاكِنُ الْجِنِّ

✧✧ حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی شخص سوراخ میں ہرگز پیشاب

حدیث 666:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 20794 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 30 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 483

نہ کرے اور جب تم سونے لگو تو چراغ بجھا دو کیونکہ چوہا اس کی بتی لے کر بھاگتا ہے، جس سے گھر کو آگ لگ جاتی ہے، مشکیزے کا منہ باندھ دیا کرو، (کھانے) پینے کی چیزوں کو ڈھانپ دیا کرو اور دروازے بند کرلیا کرو۔ قتادہ سے پوچھا گیا کہ سوراخ میں پیشاب کرنے میں کیا حرج ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ جنات کے گھر ہوتے ہیں۔

667۔ سَمِعْتُ اَبَا زَكَرِيَّا الْعَنْبَرِيَّ يَحْيَى بْنَ مُحَمَّدٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، يَقُوْلُ: اَنْهَى عَنِ الْبَوْلِ فِي الْاَجْحِرَةِ لِخَبَرِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَبُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ فِي الْجُحْرِ، وَقَالَ قَتَادَةُ: اِنَّهَا مَسَاكِنُ الْجِنِّ وَلَسْتُ اَبُتُّ الْقَوْلَ اَنَّهَا مَسْكَنُ الْجِنِّ لِاَنَّ هٰذَا مِنْ قَوْلِ قَتَادَةَ، هٰذَا حَدِيْثٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهِ، وَلَعَلَّ مُتَوَهِّمًا يَتَوَهَّمُ اَنَّ قَتَادَةَ لَمْ يَذْكُرْ سَمَاعَهُ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ، وَلَيْسَ هٰذَا بِمُسْتَبْعَدٍ، فَقَدْ سَمِعَ قَتَادَةُ مِنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ لَمْ يَسْمَعْ مِنْهُمْ عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلُ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِحَدِيْثِ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ وَهُوَ مِنْ سَاكِنِي الْبَصْرَةِ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

✧✧ محمد بن اسحاق بن خذیمہ کہتے ہیں: عبداللہ بن سرجس کی اس حدیث ''نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کوئی شخص سوراخ میں پیشاب ہرگز نہ کرے'' کی بناء پر سوراخوں میں پیشاب کرنے سے میں روکتا ہوں اور قتادہ نے کہا: یہ جنات کے گھر ہیں میں اس قول کا انکار نہیں کرتا کہ وہ جنات کا گھر ہے کیونکہ یہ قتادہ کا قول ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) ہوسکتا ہے یہ کسی کو وہم ہو کہ اس سند میں قتادہ نے عبداللہ بن سرجس سے اپنے سماع کا ذکر نہیں کیا (اس لئے یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر نہیں) یہ بات کوئی نئی بات نہیں ہے کیونکہ قتادہ نے صحابہ کی پوری ایک جماعت سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ عاصم بن سلیمان نے ان سے حدیث نہیں سنی جبکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عاصم کی وہ حدیث نقل کی ہے جو انہوں نے عبداللہ بن سرجس کے حوالے سے نقل کی ہے اور یہ بصریٰ کے رہنے والے تھے۔

668۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوْقٍ، اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ هٰذِهِ الْحُشُوْشَ مُحْتَضَرَةٌ، فَاِذَا اَحَدُكُمْ دَخَلَ الْغَائِطَ فَلْيَقُلْ: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

قَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِحَدِيْثٍ لِقَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ وَاحْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِعَمْرِو بْنِ مَرْزُوْقٍ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ مُخْتَلَفٌ فِيْهِ عَلٰى قَتَادَةَ رَوَاهُ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

✧✧ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ موذی جانور نکلتے رہتے ہیں، اس لئے جب کوئی پاخانہ کے لئے بیٹھے تو پہلے یہ پڑھ لے۔: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

✦✦ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے قتادہ کی وہ حدیث نقل کی ہے جوانہوں نے نضر بن انس کے ذریعے زید بن ارقم سے روایت کی ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے امر بن مرقوز کی روایات سے استدلال کیا ہے۔ اس حدیث میں قتادہ کے راوی کے متعلق اختلاف ہے کیونکہ سعید بن ابی عروبہ نے قتادہ کے بعد قاسم بن عوف شیبانی کے واسطے سے زید بن ارقم سے روایت کی ہے (جبکہ گزشتہ حدیث میں قتادہ کے بعد نظر بن انس کا واسطہ ہے)

(قتادہ کے بعد قاسم کی سند والی روایت درج ذیل ہے)

669- اَخْبَرْنَاهُ اَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، اَنْبَاَنَا سَعِيْدٌ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذِهِ الْحُشُوشَ مُحْتَضَرَةٌ، فَاِذَا اَحَدُكُمْ دَخَلَهَا فَلْيَقُلْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبْثِ وَالْخَبَائِثِ

كِلَا الْاِسْنَادَيْنِ مِنْ شَرْطِ الصَّحِيْحِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَاِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسٍ بِذِكْرِ الْاسْتِعَاذَةِ فَقَطْ

✧✧ قتادہ قاسم بن عوف شعبانی کے واسطے سے، زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ موذی حشرات الارض زمین پر موجود ہوتے ہیں، اس لئے جب کوئی پاخانہ کے لئے بیٹھے تو یہ پڑھ لے۔ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبْثِ وَالْخَبَائِثِ

✦✦ سابقہ دونوں اسنادیں صحیح کے معیار کی ہیں لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا جبکہ ان دونوں نے عبدالعزیز بن صہیب کے واسطے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی ہے لیکن اس میں صرف استعاذہ کا حکم ہے۔

حدیث 668:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 6 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 296 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 19305 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 1406 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 69 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/1991ء رقم الحديث: 9903 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 459 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 5099 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 679

670- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَيُّوْبَ بْنِ زَاذَانَ الضَّرِيْرُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: وَلَا اَعْلَمُهُ اِلَّا عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ وَضَعَ خَاتَمَهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے جاتے تو اپنی انگوٹھی اتار لیا کرتے تھے۔

671- وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ كَعْبٍ الْاَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْبَصْرِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبِسَ خَاتَمًا نَقْشُهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَكَانَ اِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ وَضَعَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، اِنَّمَا خَرَّجَا حَدِيْثَ نَقْشِ الْخَاتَمِ فَقَطْ

✧✧ حضرت زہری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی پر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کندہ تھا۔ اس لئے جب آپ قضائے حاجت کے لئے جاتے تو اسے اتار لیتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ البتہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے انگوٹھی کے نقش والی حدیث نقل کی ہے۔

672- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خَلِيٍّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُّجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عُوَيْمِ بْنِ سَاعِدَةَ، فَقَالَ: مَا هٰذَا الطُّهُوْرُ الَّذِيْ اَثْنَى اللّٰهُ عَلَيْكُمْ بِهٖ، فَقَالُوْا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَا خَرَجَ مِنَّا رَجُلٌ، وَلَا امْرَاَةٌ مِّنَ الْغَائِطِ اِلَّا غَسَلَ دُبُرَهُ، اَوْ قَالَ: مَقْعَدَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَفِيْ هٰذَا

حدیث 670:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 19 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 1746 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 5213 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 303 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1413 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 9542 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 454 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 3543

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَقَدْ حَدَّثَ بِهٖ سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ هٰكَذَا، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، وَحَدِيْثُ اَبِيْ اَيُّوْبَ شَاهِدُهٗ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب یہ آیت فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عویم بن ساعدہ سے دریافت کیا: تمہاری وہ کون سی طہارت ہے' جس پر اللہ نے تمہاری تعریف کی ہے؟ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ہمارا کوئی مرد اور عورت قضائے حاجت کے بعد پانی کے ساتھ استنجاء کئے بغیر نہیں اٹھتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہی بات ہے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے اور سلمہ بن فضل نے بھی اسی طرح محمد بن اسحاق سے روایت کی ہے۔

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث اس کی شاہد ہے جو کہ درج ذیل ہے:

673- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ، وَابْنِ سَوْرَةَ، عَنْ عَمِّهٖ اَبِيْ اَيُّوْبَ، قَالَ: قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ، قَالَ: كَانُوْا يَسْتَنْجُوْنَ بِالْمَآءِ، وَكَانُوْا لَا يَنَامُوْنَ اللَّيْلَ كُلَّهٗ

✧✧ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کون لوگ ہیں جن کے متعلق یہ آیت فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ۔ نازل ہوئی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو پانی سے استنجاء کرتے ہیں اور رات بھر نہیں سوتے۔

❖ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) کتاب الطہارت کے حوالے سے ہماری یہ آخری حدیث تھی جو شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر ہے۔ لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا۔

کِتَابُ الصَّلٰوۃ

نماز کا بیان

674- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّمَّاكِ الثِّقَةُ الْمَاْمُوْنُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ الْعَيْزَارِ، عَنْ اَبِیْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ

حدیث 674:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر، یمامه، بیروت، لبنان، 1407ھ 1987ء، رقم الحدیث: 504 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 173 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 1898 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث: 10 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی، بیروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحدیث: 1225 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث: 3890 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث: 3973 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 1474 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 1475 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 1476 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 1477 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 1478 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 1479 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی، بیروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحدیث: 327 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحدیث: 1580 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 1035 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحدیث: 5286 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی، دارعمار، بیروت، لبنان/عمان، 1405ھ 1985ء، رقم الحدیث: 455 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 9802 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 372 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه، مکتبه المتنبی، بیروت، قاهره، رقم الحدیث: 103 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه، بیروت، لبنان، 1409ھ/1989ء، رقم الحدیث: 1 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر، بیروت، لبنان، 1410ھ/1990ء، رقم الحدیث: 470

عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَیُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ ؟ قَالَ: الصَّلٰوةُ فِیْ اَوَّلِ وَقْتِهَا، قُلْتُ: ثُمَّ اَیٌّ ؟ قَالَ: الْجِهَادُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، قُلْتُ: ثُمَّ اَیٌّ ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ يُعْرَفُ بِهٰذَا اللَّفْظِ بِمُحَمَّدِ بْنِ بَشَّارٍ بُنْدَارٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُمَرَ، وَبُنْدَارٌ مِّنَ الْحُفَّاظِ الْمُتْقِنِيْنَ الْاَثْبَاتِ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: سب سے بہترین عمل کون سا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اول وقت میں نماز پڑھنا۔ میں نے پوچھا: پھر کون سا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ۔ میں نے پوچھا: پھر کون سا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرنا۔

✣✣ ان لفظوں کے ہمراہ یہ حدیث محمد بن بشار بندار کی عثمان بن عمر سے روایت کے حوالے سے معروف ہیں اور بندار قابل اعتماد حفاظ، متقی لوگوں میں سے ہیں۔

675۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عِيْسٰى، فِیْ اٰخَرِيْنَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ الْعَيْزَارِ، عَنْ اَبِیْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَیُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ ؟ قَالَ: الصَّلٰوةُ فِیْ اَوَّلِ وَقْتِهَا فَقَدْ صَحَّتْ هٰذِهِ اللَّفْظَةُ بِاتِّفَاقِ الثِّقَتَيْنِ بُنْدَارِ بْنِ بَشَّارٍ، وَالْحَسَنِ بْنِ مُكْرَمٍ عَلٰى رِوَايَتِهِمَا عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُمَرَ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَوَاهِدُ فِیْ هٰذَا الْبَابِ مِنْهَا

✧✧ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: کون سا عمل سب سے افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اول وقت میں نماز پڑھنا۔

✣✣ (سابقہ دونوں حدیثوں میں "الصَّلٰوةُ فِیْ اَوَّلِ وَقْتِهَا" کے الفاظ موجود ہیں، جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ) یہ الفاظ صحیح ہیں کیونکہ بندار بن بشار اور حسن بن مکرم جیسے دو ثقہ راوی، عثمان بن عمر سے بالاتفاق یہ الفاظ نقل کر رہے ہیں اور یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

گزشتہ حدیث کے متعدد شواہد موجود ہیں جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

676۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ سَعِيْدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَحْمَدَ الْجُرْجَانِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَفْصٍ الْمَدَائِنِیُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ الْعَيْزَارِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِیَّ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَاحِبُ وَاَشَارَ اِلٰى دَارِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَّلَمْ يُسَمِّهٖ، هٰذِهِ الدَّارِ قَالَ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ ؟ قَالَ: الصَّلٰوةُ فِیْ اَوَّلِ وَقْتِهَا، قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا ؟ قَالَ: الْجِهَادُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا ؟ قَالَ: بِرُّ الْوَالِدَيْنِ وَلَوِ اسْتَزَدْتُّهٗ لَزَادَنِیْ قَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ جَمَاعَةٌ عَنْ شُعْبَةَ وَلَمْ يَذْكُرْ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ غَيْرُ حَجَّاجِ بْنِ الشَّاعِرِ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ حَفْصٍ، وَحَجَّاجٌ حَافِظٌ ثِقَةٌ وَّقَدِ احْتَجَّ

مُسْلِمٌ بِعَلِيِّ بْنِ حَفْصٍ الْمَدَائِنِيِّ، وَمِنْهَا

✧✧ ابوعمرو شیبانی کہتے ہیں: ہمیں اس گھر کے مالک نے بتایا، یہ کہتے ہوئے انھوں نے عبداللہ بن مسعود کے گھر کی طرف اشارہ کیا اور نام نہیں لیا (عبداللہ کہتے ہیں) میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: سب سے بہترین عمل کون سا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اول وقت میں نماز پڑھنا، میں نے پوچھا: پھر کونسا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ۔ میں نے پوچھا: پھر کون سا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک (عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں) اگر میں مزید بھی کچھ پوچھتا تو آپ ﷺ مجھے بتاتے۔

❖❖ اس حدیث کو محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی ایک جماعت نے شعبہ سے روایت کیا ہے لیکن یہ جملہ صرف حجاج بن شاعر نے علی بن حفص سے روایت کیا اور حجاج حافظ اور ثقہ راوی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یحییٰ بن حفص کی روایت نقل کی ہے۔

677۔ مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَبِيْبٍ الْمَعْمَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدٌ الْمُكْتِبُ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ رَّجُلٍ، مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: الصَّلٰوةُ فِيْ اَوَّلِ وَقْتِهَا الرَّجُلُ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ لِاِجْمَاعِ الرُّوَاةِ فِيْهِ عَلٰى اَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، وَمِنْهَا

✧✧ ابوعمرو شیبانی ایک صحابیٔ رسول سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: کون سا عمل سب سے بہتر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اول وقت میں نماز پڑھنا۔

❖❖ اس حدیث میں صحابہ میں سے جس ایک شخص کا ذکر ہے، وہ عبداللہ بن مسعود ہیں، کیونکہ تمام راویوں نے ابوعمر شیبانی کی روایت انہی سے نقل کی ہیں۔

678۔ مَا اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ السَّهْمِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ الْاَعْمَالِ الصَّلٰوةُ فِيْ اَوَّلِ وَقْتِهَا يَعْقُوْبُ بْنُ الْوَلِيْدِ هٰذَا شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ سَكَنَ بَغْدَادَ، وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ اِلَّا اَنَّهُ شَاهِدٌ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سب سے بہترین عمل اول وقت میں نماز پڑھنا ہے۔

❖❖ اس حدیث کی سند میں جو یعقوب بن ولید ہیں، یہ اہل مدینہ میں سے ''شیخ الحدیث'' ہیں۔ بغداد میں رہائش پذیر رہے اور یہ اس کتاب کے معیار کے راوی نہیں ہیں۔ یہاں پر انکا ذکر صرف اس لئے کیا ہے کہ ان کی حدیث عبیداللہ کی حدیث کی شاہد ہے (جیسا کہ درج ذیل ہے)

679- حَدَّثَنِي أَبُو عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ إِسْحَاقَ الْعَدْلُ النَّحْوِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ الْعَامِرِيُّ، فِي كِنْدَةَ فِي مَجْلِسِ الْأَشَجِّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ الْحِمْصِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ الْعُمَرِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ ؟ قَالَ: الصَّلٰوةُ فِي أَوَّلِ وَقْتِهَا وَمِنْهَا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: سب سے اچھا عمل کون سا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اول وقت میں نماز پڑھنا۔

680- مَا حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ مَنْصُورُ بْنُ سَلَمَةَ الْخُزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ غَنَّامٍ، عَنْ جَدَّتِهِ الدُّنْيَا، عَنْ جَدَّتِهِ أُمِّ فَرْوَةَ وَكَانَتْ مِمَّنْ بَايَعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلِ، أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُئِلَ عَنْ بَعْضِ الْأَعْمَالِ، فَقَالَ: الصَّلٰوةُ لِأَوَّلِ وَقْتِهَا

هٰذَا حَدِيثٌ رَوَاهُ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَالْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَقَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ غَنَّامٍ، أَمَّا حَدِيثُ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ،

✧✧ حضرت اُمّ فروہ، وہ خاتون ہیں، جنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی ہے اور پہلے ہجرت کرنے والی خواتین میں سے ہیں۔ آپ فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بعض اعمال کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اول وقت میں نماز پڑھنا۔

❖❖ اس حدیث کو لیث بن سعد، معتمر بن سلیمان، قزعہ بن سوید اور محمد بن بشر العبدی نے عبید اللہ بن عمر کے واسطے سے قاسم بن غنام سے روایت کیا ہے۔

681- فَحَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُلَيْمَانَ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْمَعَافِرِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَلَّانُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ غَنَّامٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ جَدَّتِهِ أُمِّ أَبِيهِ الدُّنْيَا، عَنْ أُمِّ فَرْوَةَ جَدَّتِهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، سَمِعْتُ أَبَا الْعَبَّاسِ مُحَمَّدَ بْنَ يَعْقُوبَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ مُحَمَّدٍ الدُّورِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِينٍ، يَقُولُ: قَدْ رَوَى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ غَنَّامٍ وَلَمْ يَرْوِ عَنْهُ أَخُوهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

❖❖ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) ابوعباس محمد بن یعقوب نے عباس بن محمد دوری کے واسطے سے یحییٰ بن معین کا یہ قول نقل کیا ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے قاسم بن غنام سے بھی حدیث روایت کی ہے البتہ ان کے بھائی عبیداللہ بن عمر نے ان سے کوئی

حدیث 680:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 27516 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 1884

حدیث روایت نہیں کی۔

682- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْفَضْلِ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: مَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا الْاٰخِرِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَعِنْدَ اللَّيْثِ فِيْهِ اِسْنَادٌ اٰخَرُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی آخری وقت میں نماز نہیں پڑھی۔

✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

683- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: مَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا الْاٰخِرِ مَرَّتَيْنِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ

وَلَهٗ شَاهِدٌ اٰخَرُ مِنْ حَدِيْثِ الْوَاقِدِيِّ وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی بھر میں دو نمازیں بھی آخری وقت تک لیٹ نہیں کیں۔

✣ گزشتہ حدیث کی شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ واقدی سے مروی ہے۔لیکن وہ اس کتاب کے معیار کی نہیں ہے۔

684- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْفَقِيْهُ بِالرَّيِّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا رَبِيْعَةُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِيْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَّرَ صَلٰوةً اِلَى الْوَقْتِ الْاٰخِرِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھی آخری وقت تک نماز لیٹ کرتے نہیں دیکھا۔

685- وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، وَاللَّفْظُ لَهٗ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ وَهُوَ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ حَبِيْبٍ،

حدیث 682:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث:174 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 24658 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث:1888

حدیث 685:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث:418 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:17367 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث:1606

عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، قَالَ: قَدِمَ عَلَيْنَا اَبُوْ اَيُّوْبَ غَازِيًا وَعُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ يَّوْمَئِذٍ عَلٰى مِصْرَ، فَاَخَّرَ الْمَغْرِبَ فَقَامَ اِلَيْنَا اَبُوْ اَيُّوْبَ، فَقَالَ: مَا هٰذِهِ الصَّلٰوةُ يَا عُقْبَةُ، فَقَالَ: شُغِلْنَا، فَقَالَ: اَمَا وَاللّٰهِ مَا اُبَالِي اِلَّا اَنْ يَّظُنَّ النَّاسُ اَنَّكَ رَاَيْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ هٰكَذَا، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا يَزَالُ اُمَّتِيْ بِخَيْرٍ اَوْ عَلَى الْفِطْرَةِ مَا لَمْ يُؤَخِّرُوا الْمَغْرِبَ حَتّٰى يَشْتَبِكَ النُّجُوْمُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ

✧✧ مرثد بن عبداللہ یزنی کہتے ہیں: ابوایوب ایک معرکہ سے واپس آئے، ان دنوں عقبہ بن عامر مصر کے گورنر تھے۔ انہوں نے مغرب کی نماز میں تاخیر کردی۔ ابوایوب کھڑے ہو کر کہنے لگے: اے عقبہ! یہ کیسی نماز ہے؟ انہوں نے جواب دیا: ہم مصروف تھے۔ ابوایوب کہنے لگے: "خدا کی قسم" لوگ تو یہی سمجھیں گے کہ تم نے رسول اللہ ﷺ کو اسی طرح کرتے دیکھا۔ حالانکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ "میری امت اس وقت تک بھلائی یا (شاید یہ کہا) فطرت پر رہے گی جب تک مغرب میں ستاروں کے روشن ہونے تک تاخیر نہیں کریں گے"

✧✧ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

686۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى الْفَرَّاءُ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، وَمَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَزَالُ اَمْرُ اُمَّتِيْ عَلَى الْفِطْرَةِ مَا لَمْ يُؤَخِّرُوا الْمَغْرِبَ حَتّٰى يَشْتَبِكَ النُّجُوْمُ

✧✧ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری امت قیامت تک فطرت پر قائم رہے گی، جب تک مغرب میں ستاروں کے روشن ہونے تک تاخیر نہیں کرے گی۔

687۔ حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحْرِزٍ اَصْلُهُ بَغْدَادِيٌّ بِالْفُسْطَاطِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ،

حدیث 686:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 418 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 689 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 23581 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ / 1970ء رقم الحديث: 340 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ / 1983ء رقم الحديث: 3264 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 1770 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 56 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ / 1994ء رقم الحديث: 1948

عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلْفَجْرُ فَجْرَانِ: فَجْرٌ يَحْرُمُ فِيْهِ الطَّعَامُ وَتَحِلُّ فِيْهِ الصَّلٰوةُ، وَفَجْرٌ تَحْرُمُ فِيْهِ الصَّلٰوةُ وَيَحِلُّ فِيْهِ الطَّعَامُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فِيْ عَدَالَةِ الرُّوَاةِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاَظُنُّ اَنِّيْ قَدْ رَاَيْتُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيْدِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ مَوْقُوْفًا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِلَفْظٍ مُفَسَّرٍ، وَاِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فجر، دوطرح کی ہے، ایک فجر وہ ہے جس میں کھانا حرام اور نماز حلال ہے اور ایک فجر وہ ہے جس میں کھانا حلال اور نماز حرام ہے۔

✣✣ راویوں کی عدالت کے حوالے سے یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور میرا یہ خیال ہے کہ یہ حدیث عبداللہ بن ولید نے سفیان ثوری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے موقوفاً بیان کی ہے۔

مذکورہ حدیث کی اس سے بھی زیادہ واضح لفظوں کے ہمراہ شاہد حدیث موجود ہے جس کی سند صحیح ہے۔

688 ـــ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الدَّارَبَرْدِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوْحٍ الْمَدَائِنِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْفَجْرُ فَجْرَانِ: فَاَمَّا الْفَجْرُ الَّذِيْ يَكُوْنُ كَذَنَبِ السَّرْحَانِ فَلَا تَحِلُّ الصَّلٰوةُ فِيْهِ وَلَا يَحْرُمُ الطَّعَامُ، وَاَمَّا الَّذِيْ يَذْهَبُ مُسْتَطِيلًا فِي الْاُفُقِ فَاِنَّهُ يُحِلُّ الصَّلٰوةَ، وَيُحَرِّمُ الطَّعَامَ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فجر دوطرح کی ہے۔ ایک فجر، بھیڑیئے کی دم جیسی ہوتی ہے، اس میں نماز جائز نہیں اور کھانا بھی حرام نہیں اور ایک وہ فجر ہے، جو آسمان پر لمبائی میں پھیل جاتی ہے، اس میں نماز جائز ہے اور کھانا حرام۔

689ـ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَجَلِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَا يُكَفِّرُ اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا، وَيَزِيْدُ فِي الْحَسَنَاتِ ؟ قَالُوْا: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اِسْبَاغُ الْوُضُوءِ فِي الْمَكَارِهِ، وَانْتِظَارُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ، مَا مِنْكُمْ مِنْ رَجُلٍ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ فَيُصَلِّيْ مَعَ الْاِمَامِ ثُمَّ يَجْلِسُ يَنْتَظِرُ الصَّلٰوةَ الْاُخْرٰى اِلَّا وَالْمَلَائِكَةُ، تَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ

حدیث 687:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 777 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 251 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 844 اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1243 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 20258 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1807 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1578 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2899 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 6875 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث: 915

کی حدیث کے متعلق کسی کو یہ غلط فہمی نہ رہے کہ حسن نے سمرہ سے حدیث کا سماع نہیں کیا ہے (کیونکہ حقیقت بات یہ ہے کہ) انہوں نے سمرہ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

سابقہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ سندِ صحیح کے ساتھ مروی ہے۔ جیسا کہ درج ذیل ہے۔

781- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَمْعَانَ، قَالَ: اَتَانَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ فِىْ مَسْجِدِ بَنِىْ زُرَيْقٍ، فَقَالَ: ثَلَاثٌ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُنَّ تَرَكَهُنَّ النَّاسُ، يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتّٰى جَاوَزَتَا اُذُنَيْهِ، وَيَسْكُتُ بَعْدَ الْقِرَائَةِ هُنَيْهَةً، يَسْاَلُ اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ

✧✧ سعید بن سمعان بیان کرتے ہیں' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بنی زریق کی مسجد میں ہمارے پاس تشریف لائے اور انہوں نے کہا: تین کام ایسے ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے اور لوگ انہیں چھوڑ چکے ہیں (۱) تکبیر اولی کے وقت کانوں کے برابر ہاتھ اٹھایا کرتے تھے (۲) قرات کے بعد کچھ دیر ٹھہرتے تھے (۳) اللہ سے اس کا فضل مانگا کرتے تھے۔

782- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَهَضَ فِى الثَّانِيَةِ اسْتَفْتَحَ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَلَمْ يَسْكُتْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوسری رکعت کے لئے کھڑے ہوتے تو سورۃ فاتحہ سے شروع کرتے اور وقفہ نہ کرتے۔

حدیث 781:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 473 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى' طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2897 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1777

حدیث 782:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 599 اخرجه ابوحاتم بستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1936 اخرجه ابوبكر بن خزيمة نيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1603 ذكره ابوبكر البيهقي في سننه الكبرٰى' طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2902

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

783- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِىْ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ اَبِىْ عَتَّابٍ، وَسَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا جِئْتُمْ وَنَحْنُ سُجُودٌ فَاسْجُدُوْا وَلَا تَعُدُّوهَا شَيْئًا، وَمَنْ اَدْرَكَ رَكْعَةً فَقَدْ اَدْرَكَ الصَّلٰوةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَيَحْيَى بْنُ اَبِىْ سُلَيْمَانَ مِنْ ثِقَاتِ الْمِصْرِيِّيْنَ

◇◇ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم ہمارے ساتھ سجدہ کی حالت میں ملو تو سجدہ میں شامل ہو جاؤ لیکن اس کو کچھ شمار نہ کرو (یعنی یہ نہ سمجھو کہ تمہیں یہ رکعت مل گئی) اور جس شخص نے (جماعت کے ساتھ) ایک رکعت بھی پالی اس نے (جماعت کے ساتھ) نماز پالی۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اور اس کی سند میں موجود یحییٰ بن ابوسلیمان ہیں یہ مصری ہیں اور ثقہ ہیں۔

784- اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ فَرُّوْخٍ، اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حدیث 783:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 893 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1622 ذکرہ ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2407

حدیث 784:

اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1260 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 13438 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1856 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1604 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 609 ذکرہ ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2825 اخرجه ابویعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 2852 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 1078 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 726 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 1997 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 1306 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ رقم الحدیث: 3231

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَفَّ النَّاسِ صَلٰوةً فِیْ تَمَامٍ، قَالَ: وَصَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ سَاعَةَ يُسَلِّمُ يَقُوْمُ، ثُمَّ صَلَّيْتُ مَعَ اَبِیْ بَكْرٍ فَكَانَ اِذَا سَلَّمَ وَثَبَ مَكَانَهُ كَاَنَّهُ يَقُوْمُ عَنْ رَّضْفٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ رُوَاتُهُ غَيْرُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَرُّوْخٍ فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَاهُ لَا لِجَرْحٍ فِيْهِ، وَهٰذِهٖ سُنَّةٌ مُّسْتَعْمَلَةٌ لَّا اَحْفَظُ لَهَا غَيْرَ هٰذَا الْاِسْنَادِ، وَحَدِيْثُ هِنْدِ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ: كُنَّ النِّسَاءُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْمَكْتُوْبَةَ قُمْنَ، قَدْ اَخْرَجَهُ الْبُخَارِیُّ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے خفیف نماز پڑھاتے تھے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز پڑھی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سلام پھیرتے ہی اٹھ جاتے، پھر میں نے ابوبکر کے ہمراہ بھی نماز پڑھی۔ آپ جب سلام پھیرتے تو اپنی جگہ سے اتنی جلدی اٹھتے، جیسے کوئی گرم پتھر سے اچھل کر اٹھتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبداللہ بن فروخ کے علاوہ، اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور عبداللہ بن فروخ کی روایات ترک کرنے کی وجہ ''جرح'' نہیں ہے۔ یہ سنت مستعملہ اور اس کی سند اس کے علاوہ کوئی اور سند میری نظر میں نہیں اور ہند بن حارث کی وہ حدیث، جس میں انہوں نے اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں جب فرض نماز کی جماعت ہو جاتی تھی تو عورتیں اٹھ جاتیں تھیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔

785- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرْبِیُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنْتُ اُرَاهُ يُقَدِّمُ فِتْيَانًا مِّنْ فِتْيَانِ قَوْمِهٖ فَيُصَلُّوْنَ بِهٖ، فَقُلْتُ: اَنْتَ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَكَ مِنَ الْفَضْلِ وَالسَّابِقَةِ تُقَدِّمُ هٰؤُلَاءِ الصِّبْيَانَ، فَيُصَلُّوْنَ بِكَ اَفَلَا تَتَقَدَّمُ وَتُصَلِّیْ لِقَوْمِكَ ؟ فَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْاِمَامَ ضَامِنٌ، فَاِنْ اَتَمَّ كَانَ لَهٗ وَلَهُمْ، وَاِنْ نَقَصَ كَانَ عَلَيْهِ وَلَا عَلَيْهِمْ، فَلَا اُرِيْدُ اَنْ اَتَحَمَّلَ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابوحازم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں سہیل بن سعد کو دیکھا کرتا تھا کہ وہ اپنی قوم کے کسی نوجوان کو آگے کر دیتے ہیں اور اس کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں۔ میں نے کہا: آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی ہیں۔ اللہ نے آپ کو مرتبہ اور مقام عطا فرمایا ہے، آپ ان بچوں کو آگے کر دیتے ہیں اور لوگ ان کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں، آپ خود اپنی قوم کی امامت کیوں نہیں کرتے؟ انہوں نے جواب دیا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: امام ضامن ہوتا ہے، اگر وہ نماز صحیح پڑھائے تو اس کا ثواب امام کو بھی ہے اور مقتدیوں کو بھی اور اگر کوئی کوتاہی رہ جائے تو اس کا وبال صرف امام پر ہے۔ مقتدی اس سے بری الذمہ ہوتے ہیں، اس لئے میں اتنا بڑا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

786- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَرَاصُّوا فِي الصَّفِّ لَا يَتَخَلَّلُكُمْ اَوْلَادُ الْحَذَفِ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا اَوْلَادُ الْحَذَفِ؟ قَالَ: ضَاْنٌ جُرْدٌ سُوْدٌ تَكُوْنُ بِاَرْضِ الْيَمَنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

◇◇ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنی صفوں کو جوڑ کر رکھو، اپنے درمیان حذف کی اولاد کے لئے گنجائش مت چھوڑو (براء کہتے ہیں) میں نے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! حذف کی اولاد کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بغیر بالوں کا کالے رنگ کا دنبہ جو کہ یمن میں پایا جاتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

787- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ حُسْنِ الصَّلٰوةِ اِقَامَةُ الصَّفِّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَاِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى غَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ، وَهُوَ اَنَّ تَسْوِيَةَ الصَّفِّ مِنْ تَمَامِ الصَّلٰوةِ

◇◇ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صفوں کو درست رکھنا بھی نماز کا حسن ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی صفیں درست کرنے کے متعلق حدیث نقل کی ہے لیکن ان کے الفاظ ذرا مختلف ہیں۔ ان کے الفاظ یہ ہیں: "اَنَّ تَسْوِيَةَ الصَّفِّ مِنْ تَمَامِ الصَّلٰوةِ"۔

788- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَصْرٍ الْخُلْدِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِي اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَغْفِرُ لِلصَّفِّ الْمُقَدَّمِ ثَلَاثًا وَلِلثَّانِيْ مَرَّةً

حدیث 786:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامی دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 330 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4965 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 18641 اخرجه ابوبكر الكوفی فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 3526

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلَى الْوُجُوهِ كُلِّهَا اِلَّا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ لِعِلَّةِ الرِّوَايَةِ، عَنِ الْعِرْبَاضِ، وَهُوَ مِمَّا قَدَّمْتُ فِيْهِ الْقَوْلَ

✧✧ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی صف والوں کے لئے تین مرتبہ اور دوسری صف والوں کے لئے ایک مرتبہ دعائے مغفرت کیا کرتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث ہر اعتبار سے صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے صرف اس وجہ سے نقل نہیں کیا کہ یہ عرباض سے مروی ہے، اس سلسلے میں ہماری گفتگو پہلے ہو چکی ہے۔

789۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ جَارِيَةَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ حِيْنِ يَخْرُجُ اَحَدُكُمْ مِنْ مَّنْزِلِهِ اِلٰى مَسْجِدِهِ فَرِجْلٌ تَكْتُبُ حَسَنَةً، وَاُخْرٰى تَمْحُو سَيِّئَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِحَدِيْثِ الْاَسْوَدِ بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ الْبِئْرُ جُبَارٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص گھر سے مسجد کی طرف جاتا ہے تو اس کے ایک قدم پر نیکی لکھی ہے اور دوسرے قدم پر گناہ معاف ہوتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسود بن علاء کی وہ حدیث نقل کی ہے، جس میں انہوں نے ابوسلمٰی کے حوالے سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا "اَلْبِئْرُ جُبَارٌ" والا ارشاد نقل کیا ہے۔

790۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِيْ اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْقَرَّاظِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُكُمْ فَاَحْسَنَ وُضُوْئَهُ، ثُمَّ خَرَجَ اِلَى الصَّلٰوةِ لَا يَنْزِعُهُ اِلٰى

حدیث 789:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث: 705، اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 9572 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 1622 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحدیث:784 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة، قاهره، مصر، 1408ھ/1988ء، رقم الحدیث: 1459 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث:4748

الْمَسْجِدِ اِلَّا الصَّلٰوةُ لَمْ تَزَلْ رِجْلُهُ الْيُسْرٰى اِلَّا تَمْحُو عَنْهُ سَيِّئَةً، وَتَكْتُبُ لَهُ الْيُمْنٰى حَسَنَةً، حَتّٰى يَدْخُلَ الْمَسْجِدَ كَثِيْرُ بْنُ زَيْدٍ، وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَرَّاظُ مَدَنِيَّانِ لا نَعْرِفُهُمَا اِلَّا بِالصِّدْقِ،

وَهٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص اچھے طریقے سے وضو کرلے پھر وہ مسجد کی طرف چل پڑے اور مسجد میں جانے کی غرض ،صرف ''نماز'' ہو، تو مسجد میں پہنچنے تک ہر دائیں قدم کے عوض نیکی لکھی جاتی ہے اور ہر بائیں قدم کے عوض گناہ مٹایا جاتا ہے۔

✣✣ کثیر بن زید اور ابوعبداللہ قراظ دونوں مدنی ہیں۔ ہمیں ان کے متعلق صادق ہونے کی ہی معلومات ہیں اور یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

791- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُفِيْدُ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ الْقَاضِيُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شَدَّادٌ اَبُوْ طَلْحَةَ، قَالَ :سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ قُرَّةَ يُحَدِّثُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ : مِنَ السُّنَّةِ اِذَا دَخَلْتَ الْمَسْجِدَ اَنْ تَبْدَاَ بِرِجْلِكَ الْيُمْنٰى، وَاِذَا خَرَجْتَ اَنْ تَبْدَاَ بِرِجْلِكَ الْيُسْرٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِشَدَّادِ بْنِ سَعِيْدٍ اَبِى طَلْحَةَ الرَّاسِبِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ یہ بھی سنت ہے کہ جب تم مسجد میں داخل ہو تو پہلے دایاں پاؤں اندر رکھو اور جب مسجد سے نکلو تو بایاں پاؤں پہلے نکالو۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شداد بن سعید ابوطلحہ راسبی کی روایات نقل کی ہیں۔

792- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَضَّهُمْ عَلَى الصَّلَاةِ، وَنَهَاهُمْ اَنْ يَنْصَرِفُوْا قَبْلَ انْصِرَافِهِ مِنَ الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو نماز کی ترغیب دلایا کرتے تھے اور اپنے نماز سے فارغ

حدیث 791:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:4120

حدیث 792:

اخرجہ ابوداؤد السجستانی فی "سننہ" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 624 اخرجہ ابومحمد الدارمی فی "سننہ" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث:1317 ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:2878

ہونے سے قبل ان کو فارغ ہونے سے منع کرتے تھے۔

✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

793- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُقْرِءُ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا خَلادُ بْنُ يَحْيٰى، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ نَصْرٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ هَانِءٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ مَحْمُوْدٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اُصَلِّيْ، قَالَ: فَاَلْقَوْنَا بَيْنَ السَّوَارِى، قَالَ: فَتَاَخَّرَ اَنَسٌ، فَلَمَّا صَلَّيْنَا، قَالَ: اِنَّا كُنَّا نَتَّقِى هٰذَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ"

✧✧ حضرت عبدالحمید بن محمود کہتے ہیں: میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے ہمراہ نماز پڑھا کرتا تھا تو انہوں نے ہمیں ستونوں کے درمیان کھڑا کر دیا (عبدالحمید) کہتے ہیں: انس پیچھے ہٹ گئے، جب ہم نماز سے فارغ ہوئے، تو انہوں نے فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں بھی ایسے ہی پرہیز کیا کرتے تھے۔

794- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ بْنُ إِسْحَاقَ أَنْبَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بِنِ خَلَفٍ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكَرَّمٍ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ قُتَيْبَةَ عَنْ هَارُوْنَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ كُنَّا نُنْهٰى عَنِ الصَّلَاةِ بَيْنَ السَّوَارِى وَنَطْرُدُ عَنْهَا طَرْداً كِلَا الإِسْنَادَيْنِ صَحِيْحَانِ وَلَمْ يُخَرِّجَا فِي هٰذَا الْبَابِ شَيْئاً

✧✧ معاویہ بن قرہ اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں کہ ہمیں ستونوں کے درمیان نماز پڑھنے سے منع کیا جاتا تھا اور ہم اس سے ہٹ کر کھڑے ہوتے تھے۔

✣ سابقہ دونوں اسنادیں صحیح ہیں، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس موضوع پر کوئی حدیث نقل نہیں کی۔

795- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَانَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ حُمَيْدٍ

حدیث 794:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 2219 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1567

حدیث 795:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" ' طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 977 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 13086 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 7258 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 8311 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 3816 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 6882 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ/1991ء' رقم الحدیث: 1804

الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ اَنْ يَّلِيَهُ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ لِيَاْخُذُوْا عَنْهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهٗ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ فِي الْاَخْذِ عَنْهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کو پسند کرتے تھے کہ اگلی صفوں میں مہاجرین اور انصار کھڑے ہوں تا کہ یہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اکتساب فیض کر سکیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اکتساب فیض کرنے کے متعلق اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

796۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَلِيَنِيْ مِنْكُمُ الَّذِيْنَ يَاْخُذُوْنَ عَنِّيْ يَعْنِي الصَّلٰوةَ قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى حَدِيْثِ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ لِيَلِيَنِيْ مِنْكُمْ اُولُو الْاَحْلَامِ وَالنُّهٰى فَقَطْ وَهٰذِهِ الزِّيَادَةُ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے وہ لوگ میرے قریب رہا کریں جو مجھ سے لیتے ہیں۔ یعنی نماز۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ابومسعود رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ''تم میں سے سمجھدار لوگ میرے قریب رہا کریں''، نقل کی ہے اور یہ اضافہ ایسی سند کے ساتھ منقول ہے جو کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

حدیث 796

اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 597

باب التأمين

آمین کہنے کا بیان

797- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِي بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ دِيزِيلَ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، اَنَّ اَبَا عُثْمَانَ النَّهْدِيَّ، حَدَّثَهُ عَنْ بِلَالٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسْبِقْنِي بِآمِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ مُخَضْرَمٌ، قَدْ اَدْرَكَ الطَّائِفَةَ الْاُوْلٰى مِنَ الصَّحَابَةِ، وَهٰذَا بِخِلَافِ مَذْهَبِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ فِي التَّاْمِيْنِ، لِحَدِيْثِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا قَالَ الْاِمَامُ وَلَا الضَّالِّيْنَ فَقُوْلُوْا: آمِيْنَ، وَفُقَهَاءُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ قَالُوْا بِحَدِيْثِ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اِذَا اَمَّنَ الْاِمَامُ فَاَمِّنُوْا

✧✧ حضرت بلال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے پہلے ''آمین'' مت کہو!

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور ابوعثمان نہدی مخضرم ہیں، انہوں نے پہلے صحابہ کا زمانہ پایا ہے۔ آمین کہنے کے حوالے سے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف ہے، ان کی دلیل ابوصالح کی وہ حدیث ہے جس میں انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان روایت کیا ہے: جب امام "ولاالضالین" کہے تو تم آمین کہو، اور اہل مدینہ کے فقہاء کی دلیل سعید اور ابوسلمٰی کی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ یہ حدیث ہے ''جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو''۔

798- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْجُمَاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ التَّنُوخِيُّ،

حدیث 797:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 573

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2269

حدیث 798:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1411 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 556 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3596

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُّصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ عَامَ الْفَتْحِ سَجْدَةً، فَسَجَدَ النَّاسُ كُلُّهُمْ مِنْهُمُ الرَّاكِبُ، وَالسَّاجِدُ عَلَى الْاَرْضِ حَتّٰى اِنَّ الرَّاكِبَ لَيَسْجُدُ عَلٰى يَدِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا مُصْعَبَ بْنَ ثَابِتٍ وَّلَمْ يَذْكُرَاهُ بِجَرْحٍ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر آیت سجدہ پڑھی تو تمام لوگوں نے سجدہ کیا۔ان میں سوار بھی تھے (پیدل لوگوں نے) زمین پر سجدہ کیا اور سواروں نے اپنے ہاتھ پر۔

✤✤ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو مصعب بن ثابت کی وجہ سے ترک کیا ہے لیکن ان کے متعلق کوئی جرح ذکر نہیں کی۔

799۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّازُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خُنَيْسٍ، حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ، قَالَ: قَالَ لِيَ ابْنُ جُرَيْجٍ: يَا حَسَنُ، حَدَّثَنِيْ جَدُّكَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَآءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ رَاَيْتُ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ كَاَنِّيْ اُصَلِّيْ خَلْفَ الشَّجَرَةِ، فَرَاَيْتُ كَاَنِّيْ قَرَاْتُ سَجْدَةً فَسَجَدْتُّ فَرَاَيْتُ الشَّجَرَةَ كَاَنَّهَا تَسْجُدُ بِسُجُوْدِيْ فَسَمِعْتُهَا وَهِيَ سَاجِدَةٌ، وَهِيَ تَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ عِنْدَكَ بِهَا اَجْرًا، وَاجْعَلْهَا لِيْ عِنْدَكَ ذُخْرًا، وَضَعْ عَنِّيْ بِهَا وِزْرًا، وَاقْبَلْهَا مِنِّيْ كَمَا قَبِلْتَ مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ السَّجْدَةَ، ثُمَّ سَجَدَ فَسَمِعْتُهُ وَهُوَ سَاجِدٌ يَقُوْلُ مِثْلَ مَا قَالَ الرَّجُلُ عَنْ كَلَامِ الشَّجَرَةِ

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خُنَيْسٍ كَانَ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ يُصَلِّيْ بِنَا فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَكَانَ يَقْرَاُ السَّجْدَةَ فَيَسْجُدُ وَيُطِيْلُ السُّجُوْدَ فَقِيْلَ لَهٗ فِيْ ذٰلِكَ فَيَقُوْلُ قَالَ لِي ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ جَدُّكَ عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ اَبِيْ يَزِيْدَ بِهٰذَا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم!

حدیث 799:

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث:1053 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2768 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 562 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3569 اخرجه ابويعلٰى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 1069 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث:11262

میں نے اس رات خواب دیکھا ہے کہ میں ایک درخت کے نیچے نماز پڑھ رہا ہوں، میں دیکھتا ہوں کہ میں نے آیت سجدہ پڑھی پھر سجدہ کیا، میں نے دیکھا کہ درخت بھی میرے ساتھ ساتھ سجدہ کررہا ہے۔ وہ سجدہ کی حالت میں یوں دعا مانگ رہا تھا ''یا اللہ اس سجدہ کے بدلے تو میرے لئے ثواب لکھ دے اور اس کو میرے لئے اپنی بارگاہ میں ذخیرہ کرلے اور اس کے عوض میرے گناہ معاف فرما اور میرا یہ سجدہ قبول فرما، جس طرح تو نے اپنے بندے حضرت داؤد علیہ السلام کا سجدہ قبول کیا'' ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت سجدہ پڑھی پھر سجدہ کیا: پھر میں نے سنا کہ آپ سجدہ کی حالت میں وہی دعا مانگ رہے تھے، جو دعا اس شخص نے درخت کے متعلق بتائی تھی۔ محمد بن یزید بن خنیس کہتے ہیں: حسن بن محمد بن عبیداللہ بن ابویزید ماہ رمضان میں مسجد حرام میں ہمیں نماز پڑھایا کرتے تھے تو وہ آیت سجدہ پڑھ کر لمبا سجدہ کیا کرتے تھے، اس سلسلے میں ان پر اعتراض کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: مجھے ابن جریج نے بتایا ہے کہ تیرے دادا ''عبیداللہ بن ابی یزید'' نے یہ روایت بیان کی ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس کے تمام راوی ثقہ ہیں، کسی سے ان پر جرح ثابت نہیں۔

800۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُصْلِحٍ الْفَقِيْهُ بِالرِّيِّ، وَثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَزِيْدَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ عَآئِشَةَ، اَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ بِاللَّيْلِ: سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِيْ خَلَقَهُ فَشَقَّ سَمْعَهُ، وَبَصَرَهُ، بِحَوْلِهِ وَقُوَّتِهِ اَنَّ تَابَعَهُ وُهَيْبٌ، عَنْ خَالِدٍ، وَعَبْدِ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ خَالِدٍ بِزِيَادَةٍ فِيْهِ

❖ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت سجدہ تلاوت میں یوں کہا کرتے تھے: میرا چہرہ اس کے لئے سجدہ کررہا ہے جس نے اسے بنایا پھر اس میں کان اور آنکھیں بنائیں اور ان میں دیکھنے اور سننے کی قوت بھی دی۔

❖❖ اس حدیث کو خالد سے روایت کرنے میں وہیب نے وہب بن خالد کی متابعت کی ہے اور عبدالوہاب ثقفی نے بھی یہ حدیث خالد سے روایت کی ہے، تاہم ان کی روایت میں کچھ الفاظ زائد ہیں۔

وہیب کی حدیث:

حدیث 800:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1414 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 580 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1129 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 24068 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 714 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3594 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحديث: 1681 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 4374

801۔ فَاَخْبَرَنَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِي سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ: سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِيْ خَلَقَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ

عبدالوہاب کی حدیث

802۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ فِي سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ بِاللَّيْلِ سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِيْ خَلَقَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ عبدالوہاب بن عبدالمجید کی سند کے ہمراہ بھی مذکورہ حدیث منقول ہے تاہم اس میں فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ۔ کے الفاظ زائد ہیں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

803۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَوَّلُ سُوْرَةٍ نَزَلَتْ فِيْهَا السَّجْدَةُ الْحَجُّ قَرَاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَجَدَ وَسَجَدَ النَّاسُ اِلَّا رَجُلٌ اَخَذَ التُّرَابَ فَسَجَدَ عَلَيْهِ فَرَاَيْتُهُ قُتِلَ كَافِرًا قَالَ: تَابَعَهُ زَكَرِيَّا بْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ هٰكَذَا

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سب سے پہلی سورت جس میں سجدہ ہے وہ ''سورۃ الحج'' ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سورت پڑھی، پھر سجدہ کیا اور تمام لوگوں نے بھی سجدہ کیا، سوائے ایک شخص کے، کہ اس نے (سجدہ نہیں کیا) بلکہ کچھ مٹی اٹھا کر ماتھے سے لگالی (عبداللہ کہتے ہیں) میں نے اس کو بعد میں دیکھا کہ وہ حالت کفر میں مارا گیا۔

یہ حدیث ابواسحاق سے روایت کرنے میں زکریا ابن ابی زائدہ نے اسرائیل کی متابعت کی ہے۔

(۔جیسا کہ درج ذیل ہے۔)

804۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَوَّلُ سُوْرَةٍ قَرَاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النَّاسِ الْحَجُّ حَتّٰى اِذَا قَرَاَهَا سَجَدَ فَسَجَدَ النَّاسُ اِلَّا رَجُلٌ اَخَذَ التُّرَابَ فَسَجَدَ عَلَيْهِ فَرَاَيْتُهُ قُتِلَ كَافِرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ بِالْاِسْنَادَيْنِ جَمِيْعًا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ

شُعْبَةَ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ وَالنَّجْمِ فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهٖ، وَلَيْسَ يُعَلِّلُ اَحَدُ الْحَدِيْثَيْنِ الْاٰخَرِيْنَ، فَاِنِّیْ لَا اَعْلَمُ اَحَدًا تَابَعَ شُعْبَةَ عَلٰى ذِكْرِهِ النَّجْمَ غَيْرَ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيْعِ، وَالَّذِیْ يُؤَدِّیْ اِلَيْهِ الْاِجْتِهَادُ صِحَّةُ الْحَدِيْثَيْنِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ، وَقَدْ رُوِیَ بِاِسْنَادِ رِوَايَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ لَهِيعَةَ اَنَّ فِیْ سُورَةِ الْحَجِّ سَجْدَتَيْنِ

۸۰۴۔ زکریا ابن ابی زائدہ کے حوالے سے بھی مذکورہ حدیث منقول ہے۔

یہ حدیث دونوں سندوں کے ہمراہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا۔ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے شعبہ کی وہ حدیث نقل کی ہے، جس میں انہوں نے ابواسحاق کے واسطے سے ابوالاسود کا یہ بیان نقل کیا ہے: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''سورۃ النجم'' پڑھی، پھر اس کے بعد گزشتہ حدیث کی طرح حدیث بیان کی۔ دونوں حدیثوں میں سے کسی ایک کی وجہ سے بھی دوسری کو معلل نہیں کہہ سکتے ہیں۔ کیونکہ مجھے نہیں معلوم کہ سورۃ النجم ذکر کرنے کے حوالے سے قیس بن ربیع کے علاوہ کسی نے شعبہ کی متابعت کی ہو۔ دونوں حدیثوں کا صحیح ہونا ہی اجتہاد کا راستہ کھولتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن لھیعہ رضی اللہ عنہ کی سند کے ساتھ یہ روایت منقول ہے کہ سورۃ الحج میں دو سجدے ہیں (ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

805۔ وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ السَّيْلَحِيْنِیُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فُضِّلَتْ سُوْرَةُ الْحَجِّ بِسَجْدَتَيْنِ، فَمَنْ لَمْ يَسْجُدْهُمَا فَلَا يَقْرَاْهُمَا

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سورۃ الحج کو دو سجدوں کی وجہ سے فضیلت حاصل ہے۔ جو شخص یہ دونوں سجدے نہ کرے، وہ ان کی تلاوت نہ کرے۔

806۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِیُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِیِّ، عَنْ اَبِیْ مِجْلَزٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ فَظَنَنَّا اَنَّهٗ قَرَاَ تَنْزِيلَ السَّجْدَةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُوَ سُنَّةٌ صَحِيْحَةٌ غَرِيْبَةٌ اَنَّ الْاِمَامَ يَسْجُدُ فِيْمَا يُسِرُّ بِالْقِرَاءَةِ مِثْلُ سُجُوْدِهٖ فِيْمَا يُعْلِنُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز پڑھائی، ہمارا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں ''تنزیل السجدہ'' سورۃ پڑھی۔

یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور یہ

سنت صحیحہ وغریبہ ہے کہ امام "سری" نمازوں میں اسی طرح سجدہ کرے، جس طرح جہری نمازوں میں کرتا ہے۔

807- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَيْرَانَ، وَعَمْرُو بْنُ مَرْزُوْقٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَّنْصُوْرٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: بَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً عِنْدِيْ، قَالَتْ: فَفَقَدْتُهُ فَظَنَنْتُهُ اَنَّهُ ذَهَبَ اِلٰى بَعْضِ نِسَائِهِ، قَالَتْ: فَالْتَمَسْتُهُ فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ وَهُوَ سَاجِدٌ فَوَضَعْتُ يَدِيْ عَلَيْهِ فَسَمِعْتُهُ، يَقُوْلُ: اغْفِرْ لِيْ مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات میرے ساتھ تھے۔ آپ فرماتی ہیں (رات میں میری آنکھ کھلی تو) میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غیر موجود پایا، میں یہ سمجھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی کسی دوسری زوجہ کے پاس تشریف لے گئے ہیں۔ میں ڈھونڈتے ڈھونڈتے جب ان تک پہنچی تو میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں تھے، میں نے اپنا ہاتھ آپ پر رکھا، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا مانگتے سنا "یا اللہ میرے ظاہر و باطن گناہوں کو معاف فرما"

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

808- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَدْلُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَاسَوَيْهِ الذُّهْلِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نَجْلِسُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ فَرُبَّمَا مَرَّ بِسَجْدَةٍ فَيَسْجُدُ وَنَسْجُدُ مَعَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَسُجُوْدُ الصَّحَابَةِ لِسُجُوْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَارِجَ الصَّلٰوةِ سُنَّةٌ عَزِيْزَةٌ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن پاک پڑھ رہے تھے، جب بھی کسی آیتِ سجدہ پر پہنچتے تو سجدہ کرتے، ہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سجدہ کرتے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور نماز سے باہر رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صحابہ کا سجدہ کرنا سنت عزیزہ ہے۔

809- حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَوْهَبٍ، اَخْبَرَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَوْنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ

حديث 809:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلمية بيروت لبنان 1411ه/ 1991ء رقم الحديث: 10447

اخرجه ابويعلٰى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 530

بْنِ اَبِیْ رَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ قَاتَلْتُ شَيْئًا مِّنْ قِتَالٍ، ثُمَّ جِئْتُ مُسْرِعًا لاَنْظُرَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فَعَلَ فَجِئْتُ فَاَجِدُهُ وَهُوَ سَاجِدٌ، يَقُوْلُ: يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ لا يَزِيْدُ عَلَيْهَا، فَرَجَعْتُ اِلَى الْقِتَالِ، ثُمَّ جِئْتُ وَهُوَ سَاجِدٌ، يَقُوْلُ ذٰلِكَ، ثُمَّ ذَهَبْتُ اِلَى الْقِتَالِ، ثُمَّ جِئْتُ وَهُوَ سَاجِدٌ يَقُوْلُ ذٰلِكَ، فَلَمْ يَزَلْ يَقُوْلُ ذٰلِكَ حَتّٰى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَيْسَ فِیْ اِسْنَادِهِ مَذْكُوْرٌ بِجَرْحٍ

❖❖ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جنگ بدر کے دن میں کچھ دیر لڑتا رہا پھر میں جلدی سے پلٹ کر آیا تا کہ دیکھوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کر رہے ہیں۔ میں آیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم حالت سجدہ میں "یا حی یا قیوم" پکار رہے تھے، اس کے علاوہ اور کچھ نہیں پڑھ رہے تھے (حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں دوبارہ میدان جنگ کی طرف لوٹ گیا (کچھ دیر بعد) پھر آ کر دیکھا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہی ورد کر رہے تھے (حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں پھر میدان جنگ کی طرف چلا گیا (تھوڑی دیر بعد) پھر آ کر دیکھا! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہی پڑھ رہے تھے (حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل یہی پڑھتے رہے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو (جنگ بدر میں) فتح عطا فرمائی۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔ اور اس کی سند میں کوئی مجروح راوی مذکور نہیں۔

810- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ، وَاَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مِلْحَانَ، قَالاَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِیْ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خارج من المسجد فتبعته أمشي وراءه وهو دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ لا يَشْعُرُ حَتّٰى دَخَلَ نَخْلا فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَسَجَدَ فَاَطَالَ السُّجُودَ وَاَنَا وَرَائَهُ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ تَوَفَّاهُ فَاَقْبَلْتُ اَمْشِی حَتّٰى جِئْتُهُ فَطَاْطَاْتُ رَاْسِی اَنْظُرُ فِیْ وَجْهِهِ فَرَفَعَ رَاْسَهُ، فَقَالَ: مَا لَكَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ؟ فَقُلْتُ: لَمَّا اَطَلْتَ السُّجُودَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خَشِيْتُ اَنْ يَكُوْنَ تُوُفِّیَ نَفْسُكَ فَجِئْتُ اَنْظُرُ، فَقَالَ: اِنِّیْ لَمَّا دَخَلْتُ النَّخْلَ لَقِيتُ جِبْرَائِيْلَ، فَقَالَ: اِنِّیْ اُبَشِّرُكَ اَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ مَنْ سَلَّمَ عَلَيْكَ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ، وَمَنْ صَلّٰى عَلَيْكَ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلا اَعْلَمُ فِیْ سَجْدَةِ الشُّكْرِ اَصَحَّ مِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَقَدْ خَرَّجْتُ حَدِيْثَ بَكَّارِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِیْ بَكْرَةَ بَعْدَ هٰذَا

حدیث 810:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 1662 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3752 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 869

✧✧ حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا، تو اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد سے نکل رہے تھے، میں چپکے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے چل پڑا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم چلتے چلتے ایک باغ میں پہنچے اور قبلہ رو ہو کر سجدے میں گر پڑے اور بہت لمبا سجدہ کیا۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے کھڑا تھا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنا لمبا سجدہ کیا) مجھے یہ گمان ہونے لگا کہ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہو گئے۔ اس لئے میں چلتا ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب آ گیا اور اپنا سر جھکا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کی طرف دیکھنے لگا! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدے سے سر اٹھایا اور فرمایا: اے عبدالرحمان! تجھے کیا پریشانی ہے؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے سجدہ اتنا لمبا کیا کہ مجھے تو یہ خدشہ ہو گیا تھا کہ شاید آپ کی روح پرواز کر گئی ہے۔ اس لئے میں آپ کو دیکھنے آیا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب میں اس باغ میں داخل ہوا تھا تو میری ملاقات حضرت جبرائیل علیہ السلام سے ہوئی، اس نے مجھے کہا! اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کے لئے یہ خوش خبری ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "جو شخص آپ پر سلام بھیجے گا، میں اس پر سلام بھیجوں گا اور جو آپ پر درود بھیجے گا، میں اس پر رحمتیں بھیجوں گا"

✧✧ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) سجدہ شکر ادا کرنے کے متعلق اس حدیث سے زیادہ صحیح حدیث میری نظر سے نہیں گزری اور اس کے بعد میں نے وقار بن عبدالعزیز بن ابو بکرہ کی حدیث نقل کی ہے۔

811ـ حَـدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْجَوْهَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ السُّـلَـمِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُنَيْنٍ، عَـنْ عَـمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْرَاَهُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَجْدَةً فِي الْقُرْاٰنِ: ثَلَاثَةً فِي الْمُفَصَّلِ، وَسُورَةِ الْحَجِّ سَجْدَتَيْنِ

هٰذَا حَـدِيْـثٌ رُوَاتُـهُ مِصْرِيُّوْنَ قَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِاَكْثَرِهِمْ، وَلَيْسَ فِیْ عَدَدِ سُجُودِ الْقُرْاٰنِ اَتَمُّ مِنْهُ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن میں پندرہ آیاتِ سجدہ تلاوت کیں (جن میں سے) تین مفصل میں اور سورۃ الحج میں دو سجدے۔

✧✧ اس حدیث کے تمام راوی مصری ہیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان میں سے اکثر کی روایت نقل کی ہیں: اور قرآن پاک کے سجدوں کی تعداد کے بارے میں اس حدیث سے جامع کوئی دوسری حدیث نہیں ہے۔ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

حدیث 811 :

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1401 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1057 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ / 1994ء، رقم الحديث: 3525

812- اَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْعَلَاءِ الزُّبَيْدِيُّ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، وَسَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَرَغَ مِنْ اُمِّ الْقُرْاٰنِ رَفَعَ صَوْتَهُ، فَقَالَ: آمِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ وَاتَّفَقَا عَلٰى تَاْمِيْنِ الْاِمَامِ، وَعَلٰى تَاْمِيْنِ الْمَاْمُوْمِ، وَاِنْ اَخْفَاهُ الْاِمَامُ، وَقَدِ اخْتَارَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ فِيْ جَمَاعَةٍ مِّنْ اَهْلِ الْحَدِيْثِ بِاَنَّ تَاْمِيْنَ الْمَاْمُوْمِيْنَ لِقَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا قَالَ الْاِمَامُ: وَلَا الضَّالِّيْنَ، فَقُوْلُوْا: آمِيْنَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سورۃ فاتحہ پڑھ لیتے تو بلند آواز سے ''آمین'' کہتے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ اللہ علیہ امام اور متقدی دونوں کے ''آمین'' کہنے کے قائل ہیں اگرچہ (ان کے نزدیک) امام آمین آہستہ کہے گا اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ (جو کہ محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں) نے مقتدیوں کے آمین کہنے کی یہ حدیث دلیل بنائی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب امام ''ولا الضالین'' کہے تو تم ''آمین'' کہو۔

813- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَلِيْمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: اشْتَكٰى اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَوْ غَابَ فَصَلّٰى لَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ فَجَهَرَ بِالتَّكْبِيْرِ حِيْنَ افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ، وَحِيْنَ رَكَعَ، وَحِيْنَ قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، وَحِيْنَ رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ السُّجُوْدِ، وَحِيْنَ سَجَدَ، وَحِيْنَ رَفَعَ، وَحِيْنَ قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ حَتّٰى قَضٰى صَلَاتَهُ عَلٰى ذٰلِكَ، فَقِيْلَ لَهُ: اِنَّ النَّاسَ قَدِ اخْتَلَفُوْا فِيْ صَلَاتِكَ، فَخَرَجَ فَقَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا اُبَالِيْ اخْتَلَفَتْ صَلَاتُكُمْ، اَوْ لَمْ تَخْتَلِفْ هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ

حديث 812:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 952 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1024 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 3855 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 1734 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 931 اخرجه ابوبکر الکوفی' فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحدیث: 30210

حديث 877:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 17388 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 17430 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 7848 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 3853 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 926

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک سفر میں، میں رسول اللہ ﷺ کی سواری چلا رہا تھا (اس دوران) آپ ﷺ نے فرمایا: اے عقبہ! (آج تک) پڑھی گئی سورتوں میں سے دو بہترین سورتیں میں تمہیں نہ بتاؤں؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے فرمایا (ا) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس ۔ پھر جب آپ نے ایک جگہ پر قیام کیا تو فجر کی نماز میں یہی دونوں سورتیں پڑھیں ۔ پھر فرمایا: اے عقبہ! کیا خیال ہے؟

❖❖ زید بن حباب کی حدیث جو کہ معاویہ بن صالح سے مروی ہے، کی سند بھی اسی جیسی ہے اور یہ اسناد گزشتہ اسناد کو معلل نہیں کرتی کیونکہ یہ اسناد دوسرے متن کی ہے۔

878- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الصُّفْرِ السُّكَّرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَجُلا كَانَ يَؤُمُّهُمْ بِقُبَاءَ، فَكَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّفْتَتِحَ سُورَةً يَقْرَاُ بِهَا قَرَاَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، ثُمَّ يَقْرَاُ بِالسُّورَةِ يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِيْ صَلاتِهِ كُلِّهَا، فَقَالَ لَهُ اَصْحَابُهُ: اَمَا تَدَعُ هٰذِهِ السُّورَةَ اَوْ تَقْرَاُ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَتَتْرُكَهَا ؟ فَقَالَ لَهُمْ: مَا اَنَا بِتَارِكِهَا، اِنْ اَحْبَبْتُمْ اَنْ اَؤُمَّكُمْ بِذٰلِكَ فَعَلْتُ وَاِلا فَلَا، وَكَانَ مِنْ اَفْضَلِهِمْ وَكَانُوْا يَكْرَهُوْنَ اَنْ يَّؤُمَّهُمْ غَيْرُهُ، فَاَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لَهُ، فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا فُلانُ، مَا يَمْنَعُكَ اَنْ تَفْعَلَ مَا يَاْمُرُكَ بِهِ اَصْحَابُكَ ؟ وَمَا يَحْمِلُكَ عَلٰى لُزُوْمِ هٰذِهِ السُّوْرَةِ ؟ فَقَالَ: اُحِبُّهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُبُّهَا اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ اَيْضًا مُسْتَشْهِدًا بِعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ فِيْ مَوَاضِعَ مِنَ الْكِتَابِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی مسجد قبا میں ان کو نماز پڑھایا کرتا تھا (اس کی یہ عادت تھی کہ) کوئی بھی سورت شروع کرنے سے پہلے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (یعنی سورۃ اخلاص) پڑھا کرتا تھا، ہر نماز میں وہ اسی طرح کیا کرتا تھا، اس کے مقتدیوں نے اس سے کہا: تم یہ سورۃ کیوں نہیں چھوڑتے؟ یا صرف اسی سورت پر اکتفاء کیوں نہیں کر لیتے؟ اس نے ان کو جواب دیا: میں یہ عمل چھوڑنے کا نہیں ہوں، اگر تم چاہتے ہو کہ میں تمہیں نماز پڑھاؤں تو ٹھیک ہے لیکن میں ایسے ہی کروں گا ورنہ تمہاری مرضی (اور صورت حال یہ تھی کہ) یہ آدمی ان سب سے زیادہ صاحب فضل و کمال تھا وہ خود بھی اس کے علاوہ کسی دوسرے کے پیچھے نماز پڑھنا پسند نہیں کرتے تھے۔ اس کے مقتدی رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور تمام صورت حال بیان کی۔ آپ ﷺ نے

حدیث 878:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دارا بن كثير' يمامه' بيروت' لبنان' 1407ھ 1987ء' رقم الحديث: 741 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2901 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری' فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 537 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2296

اس کو بلا کر فرمایا: اے فلاں! کون سی چیز تمہیں اس بات پر عمل کرنے سے روک رہی ہے جس کا اصرار تمہارے مقتدی کر رہے ہیں اور کس بناء پر تم نے اس سورت کا التزام کیا ہوا ہے؟ اس نے جواب دیا: یا رسول اللہ ﷺ! میں اس سورت سے محبت کرتا ہوں (اس پر) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس سورۃ کی محبت تجھے جنت میں لے جائے گی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالعزیز بن محمد کی روایات اپنی کتاب میں متعدد مقامات پر بطور شاہد ذکر کی ہیں۔

879۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا قُدَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَامِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا جَسْرَةُ بِنْتُ دَجَاجَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ، يَقُوْلُ: قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِآيَةٍ حَتّٰى اَصْبَحَ يُرَدِّدُهَا وَالْآيَةُ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ، وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں (ایک مرتبہ) رسول اللہ ﷺ تمام رات صبح تک اسی آیت کا تکرار کرتے رہے "اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ، وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ (اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو ان کو معاف کر دے تو تو غالب حکمت والا ہے)۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

880۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْفَرَّاءُ، اَنْبَاَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، اَنْبَاَنَا مِسْعَرٌ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ السَّكْسَكِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى، قَالَ: جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ شَيْئًا يُّجْزِئُنِيْ مِنَ الْقُرْاٰنِ فَاِنِّيْ لَا اَقْرَاُ، قَالَ: قُلْ: سُبْحَانَ

حدیث 879:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 1010 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" ' طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1350 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 21366 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 1083 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 4494 اخرجه ابوبكر الكوفی ' فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 31767

حدیث 880:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت ' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1808 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری ' فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی ' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 544

اللّٰہِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ، وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ، قَالَ: فَضَمَّ عَلَیْہَا الرَّجُلُ بِیَدِہٖ وَقَالَ: ہٰذَا لِرَبِّی فَمَاذَا اِلَیَّ ؟ قَالَ: قُلِ: اغْفِرْ لِیْ، وَارْحَمْنِیْ، وَاہْدِنِیْ، وَارْزُقْنِیْ، وَعَافِنِیْ، قَالَ: فَضَمَّ عَلَیْہَا بِیَدِہِ الْاُخْرٰی وَقَامَ زَادَ جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ فِیْ حَدِیْثِہٖ، قَالَ مِسْعَرٌ: کُنْتُ عِنْدَ اِبْرَاہِیْمَ وَہُوَ یُحَدِّثُ بِہٰذَا الْحَدِیْثِ فَاسْتَثْبَتُّہُ مِنْ غَیْرِہٖ،

ہٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الْبُخَارِیِّ وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ

❖❖ حضرت عبداللہ ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص نے رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ میں قرآن پڑھا ہوا نہیں ہوں، اس لئے مجھے کوئی ایسی چیز سکھا دیں جو قرآن کی جگہ مجھے کفایت کرے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پڑھو سُبْحَانَ اللّٰہِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ، وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اس پر اس شخص نے اپنا ایک ہاتھ اپنے سینے پر رکھا اور کہا: یہ تو میرے رب کے لئے ہے اور میرے لئے کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پڑھو اغْفِرْ لِیْ، وَارْحَمْنِیْ، وَاہْدِنِیْ، وَارْزُقْنِیْ، وَعَافِنِیْ (یا اللہ! میری مغفرت فرما، مجھ پر رحم فرما، مجھے ہدایت دے، مجھے رزق عطا فرما اور مجھے عافیت عطا فرما۔) اس نے دوسرا ہاتھ بھی سینے پر رکھا اور اٹھ کر چلا گیا۔

❖❖ جعفر بن عون نے اس حدیث میں یہ اضافہ کیا ہے: مسعر کہتے ہیں: میں ابراہیم کے ہاں موجود تھا اور وہ یہی حدیث بیان کر رہے تھے، انہوں نے اس سند کے علاوہ ایک دوسری سند سے بھی اس کو ثابت رکھا ہے۔ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

881۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْہَالٍ، حَدَّثَنَا ہَمَّامٌ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَۃَ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ یَحْیَی بْنِ خَلادٍ، عَنْ اَبِیْہِ، عَنْ عَمِّہٖ رِفَاعَۃَ بْنِ رَافِعٍ اَنَّہٗ کَانَ جَالِسًا عِنْدَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذْ جَآءَ رَجُلٌ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰی، فَلَمَّا قَضٰی صَلاتَہٗ جَآءَ فَسَلَّمَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلَی الْقَوْمِ، فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّکَ لَمْ تُصَلِّ وَذَکَرَ ذٰلِکَ اِمَّا مَرَّتَیْنِ اَوْ ثَلَاثَۃً، فَقَالَ الرَّجُلُ: مَا اَدْرِی مَا عِبْتَ عَلَیَّ مِنْ صَلاتِیْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اِنَّہَا لا تَتِمُّ صَلٰوۃُ اَحَدٍ حَتّٰی یُسْبِغَ الْوُضُوءَ کَمَا اَمَرَہُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ، یَغْسِلُ وَجْہَہٗ وَیَدَیْہِ اِلَی الْمِرْفَقَیْنِ، وَیَمْسَحُ رَاْسَہٗ وَرِجْلَہٗ اِلَی الْکَعْبَیْنِ، ثُمَّ یُکَبِّرُ وَیَحْمَدُ اللّٰہَ وَیُمَجِّدُہٗ، وَیَقْرَاُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا اَذِنَ اللّٰہُ لَہٗ فِیْہِ، ثُمَّ یُکَبِّرُ، وَیَرْکَعُ، وَیَضَعُ کَفَّیْہِ عَلٰی رُکْبَتَیْہِ حَتّٰی یَطْمَئِنَّ مَفَاصِلُہٗ وَیَسْتَوِیْ، ثُمَّ یَقُوْلُ: سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ، وَیَسْتَوِیْ قَائِمًا حَتّٰی یَاْخُذَ کُلُّ عَظْمٍ مَاْخَذَہٗ، ثُمَّ یُقِیْمُ صُلْبَہٗ، ثُمَّ یُکَبِّرُ فَیَسْجُدُ فَیُمَکِّنُ جَبْہَتَہٗ مِنَ الْاَرْضِ حَتّٰی یَطْمَئِنَّ مَفَاصِلُہٗ، وَیَسْتَوِیْ ثُمَّ یُکَبِّرُ فَیَرْفَعُ رَاْسَہٗ، وَیَسْتَوِیْ قَاعِدًا عَلٰی مَقْعَدَتِہٖ وَیُقِیْمُ صُلْبَہٗ فَوَصَفَ الصَّلٰوۃَ ہٰکَذَا حَتّٰی فَرَغَ،

ثُمَّ قَالَ: لا یَتِمُّ صَلٰوۃُ اَحَدِکُمْ حَتّٰی یَفْعَلَ ذٰلِکَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ بَعْدَ اَنْ اَقَامَ هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى اِسْنَادَهُ فَاِنَّهُ حَافِظٌ ثِقَةٌ، وَكُلُّ مَنْ اَفْسَدَ قَوْلَهُ فَالْقَوْلُ قَوْلُ هَمَّامٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا السِّيَاقَةِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا فِيْهِ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَقَدْ رَوٰى مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ هٰذَا الْحَدِيْثَ فِي التَّارِيْخِ الْكَبِيْرِ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ مِنْهَالٍ وَّحَكَمَ لَهُ بِحِفْظِهِ. ثُمَّ قَالَ: لَمْ يُقِمْهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ،

✧✧ حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں موجود تھے کہ ایک شخص آیا، اس نے مسجد میں آ کر نماز پڑھی۔ نماز سے فارغ ہو کر وہ آیا اور رسول اللہ ﷺ اور دیگر لوگوں کو اس نے سلام کیا۔ رسول اکرم ﷺ نے اس سے کہا: واپس جاؤ اور (دوبارہ) نماز پڑھو کیونکہ تیری نماز نہیں ہوئی، یہی بات دوسری مرتبہ (نماز پڑھنے کے بعد) بھی آپ ﷺ نے اس سے کہی اور (شاید) تیسری مرتبہ بھی یہی بات کہی۔ اس شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ آپ نے میری نماز میں کون سی غلطی نوٹ کی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی بھی شخص کی نماز مکمل ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق کامل وضو کرے (یعنی) اپنا چہرہ اور دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھوئے، سر کا مسح کرے اور دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھوئے، پھر تکبیر کہے، پھر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرے (یعنی ثناء اور فاتحہ پڑھے) قرآن کی کسی سورۃ سے (کم از کم) اتنا (ضرور) تلاوت کرے، جتنا پڑھنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم ارشاد فرمایا ہے۔ پھر تکبیر کہے اور اپنی دونوں ہتھیلیاں اپنے گھٹنوں پر رکھ دے، یہاں تک کہ اس کے اعضاء مطمئن ہو جائیں اور برابر ہو جائیں پھر پڑھے "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ

حدیث 881:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاري في "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير' يمامه' بيروت' لبنان' 1407ھ/1987ء رقم الحديث: 5897 اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 397 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع دار احياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2692 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1053 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دار الفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1060 اخرجه ابو محمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء رقم الحديث: 1329 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 19019 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 454 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دار الكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/1991ء' رقم الحديث: 640 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دار الباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2091 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 6622 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 4520 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دار الراية' رياض' سعودي عرب' 1411ھ/1991ء' رقم الحديث: 1976 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 2958 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت لبنان' (طبع ثاني) 1403ھ' رقم الحديث: 3739

حَمِدَہ"۔ پھر سیدھا کھڑا ہو جائے یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنے مقام پر درست ہو جائے اور اس کی پشت سیدھی ہو جائے، پھر تکبیر کہے اور سجدے میں چلا جائے، اپنی پیشانی کو زمین پر جما دے یہاں تک کہ اس کے جوڑ مطمئن ہو جائیں اور درست ہو جائیں۔ پھر تکبیر کہے اور سر کو اٹھائے اور اپنی مقعد پر وزن ڈالتے ہوئے بیٹھ جائے اور اپنی کمر کو سیدھا رکھے (رسول اکرم ﷺ نے) یوں نماز کا مکمل طریقہ بیان فرمایا۔ جب آپ ﷺ مکمل طریقہ بیان کر کے فارغ ہوئے تو فرمایا: جب تک اس طریقے سے نماز نہیں پڑھو گے، تمہاری نماز نہیں ہوگی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہا دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے اس سند کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔ مزید برآں یہ کہ ہمام بن یحییٰ نے اس کی سند کو قائم بھی رکھا ہے۔ ہمام حافظ ہیں، ثقہ ہیں۔ ان کے خلاف بات کوئی بھی کرے، معتبر قول "ہمام" ہی کا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے عبید اللہ بن عمر کی وہ روایات نقل کی ہیں، جو انہوں نے سعید المقبری کے واسطے سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہیں جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہی حدیث تاریخ کبیر میں حجاج بن منہال کے حوالے سے نقل فرمائی ہے اور ان کے حافظ ہونے کا موقف اپنایا ہے۔ پھر فرمایا: اس کو حماد بن سلمہ نے قائم نہیں رکھا۔

882- حَدَّثَنَا بِصِحَّةِ مَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيٰى بْنِ خَلادٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَجُلا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَقَدْ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ، وَقَدْ اَقَامَ هٰذَا الاِسْنَادَ دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ، وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ،

اَمَّا حَدِيْثُ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ،

◇◇ یحییٰ بن خلاد اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص مسجد میں داخل ہوا جبکہ رسول اکرم ﷺ نماز پڑھ چکے تھے اس نے نماز پڑھی (پھر اس کے بعد کی تفصیلی حدیث بیان کی)

❖❖ اس کی سند کو داؤد بن قیس الفراء، محمد بن اسحاق بن یسار اور اسماعیل بن جعفر بن ابی کثیر نے قائم رکھا ہے۔

داؤد بن قیس کی حدیث:

883- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ الْخَوْلانِيُّ، قَالَ: قُرِءَ عَلَى ابْنِ وَهْبٍ: اَخْبَرَكَ دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، وَاَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَكِيْمٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ يَحْيٰى بْنِ خَلادٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ عَمِّهِ وَكَانَ بَدْرِيًّا، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِى الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَآءَ فَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِه

وَاَمَّا حَدِيْثُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ،

◇◇ داؤد بن قیس کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث شریف گزشتہ حدیث کے مفہوم کے مطابق منقول ہے۔

محمد بن اسحاق بن یسار کی حدیث:

884۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلادِ بْنِ رَافِعٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِيْ زُرَيْقٌ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمِّهِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ اِذْ اَقْبَلَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ بَعْدَ اَنْ فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الصَّلٰوةِ، فَصَلّٰى ثُمَّ اَقْبَلَ حَتّٰى قَامَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: وَعَلَيْكَ، ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ،

وَاَمَّا حَدِيْثُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ جَعْفَرٍ،

✧✧ محمد بن اسحاق بن یسار کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث گزشتہ حدیث کے مفہوم کے مطابق منقول ہے۔

اسماعیل بن جعفر کی حدیث:

885۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عِيْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى التِّرْمِذِيُّ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ الثَّقَفِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلادِ بْنِ رَافِعٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ يَوْمًا، قَالَ رِفَاعَةُ: وَنَحْنُ مَعَهُ اِذْ جَآءَ رَجُلٌ كَالْبَدَوِيِّ فَصَلّٰى، ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ

✧✧ اسماعیل بن جعفر کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث گزشتہ حدیث کے مفہوم کے موافق منقول ہے۔

886۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ

حدیث 886:

اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 673 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 582 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 235 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 780 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" ' طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 980 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 17133 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 2127 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1507 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 855 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 603 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 618 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه' مکتبه المتنبی' بیروت' قاهره' رقم الحدیث: 457 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر' بیروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحدیث: 857

السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَؤُمُّ الْقَوْمَ اَكْثَرُهُمْ قُرْاٰنًا، فَاِنْ كَانُوْا فِي الْقُرْاٰنِ وَاحِدًا فَاَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً، فَاِنْ كَانُوْا فِي الْهِجْرَةِ وَاحِدًا فَاَفْقَهُهُمْ فِقْهًا، فَاِنْ كَانُوْا فِي الْفِقْهِ وَاحِدًا فَاَكْبَرُهُمْ سِنًّا

قَدْ اَخْرَجَ مُسْلِمٌ حَدِيْثَ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ هٰذَا وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ اَفْقَهُهُمْ فِقْهًا وَهٰذِهِ لَفْظَةٌ غَرِيبَةٌ عَزِيْزَةٌ بِهٰذَا الاِسْنَادِ الصَّحِيْحِ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ

✧✧ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: لوگوں کی امامت وہ شخص کرائے جوان میں سب سے بہترین قرآن پڑھنا جانتا ہو۔ اگر تمام لوگ قرآن پڑھنے (ادائیگی) میں برابر ہوں تو پھر وہ جو، ان میں سب سے پہلے ہجرت کرنے والا ہے، وہ امامت کرائے اور اگر سب لوگ ہجرت میں بھی برابر ہوں تو جو، ان میں سب سے زیادہ فقہی سمجھ بوجھ رکھنے والا ہے، وہ امامت کرائے اور اگر تمام لوگ فقہی سمجھ بوجھ میں بھی برابر ہوں تو پھر جو، ان میں سب سے زیادہ عمر والا ہوگا، وہ امامت کرائے۔

❖❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسماعیل بن رجاء کی حدیث نقل کی ہے لیکن اس میں "فَاَفْقَهُهُمْ فِقْهًا" کے الفاظ نہیں ہیں اور یہ لفظ اس سند کے ہمراہ غریب، عزیز ہے۔

حجاج بن ارطاۃ کی سند کے حوالے سے مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

887- حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ التَّمِيمِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ، حَدَّثَنَا اَبُو حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْجَارُوْدِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِيْنَارٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَؤُمُّ الْقَوْمَ اَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً، فَاِنْ كَانُوْا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَاَفْقَهُهُمْ فِي الدِّيْنِ، فَاِنْ كَانُوْا فِي الدِّيْنِ سَوَاءً، فَاَقْرَؤُهُمْ لِلْقُرْاٰنِ، وَلَا يَؤُمُّ الرَّجُلُ فِي سُلْطَانِهِ، وَلَا يَقْعُدُ عَلٰى تَكْرِمَتِهِ اِلَّا بِاِذْنِهِ

✧✧ حجاج بن ارطاۃ نے اسماعیل بن رجاء کی سند سے اوس بن ضمعج کے حوالے سے حضرت عقبہ بن عامر سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: قوم کی امامت وہ کرائے، جو اُن میں سب سے پہلے ہجرت کرنے والا ہو، اگر تمام لوگ ہجرت میں برابر ہوں تو پھر جو دین کی سب سے زیادہ سمجھ بوجھ رکھنے والا ہے (وہ امامت کا زیادہ حقدار ہے) اگر دینی سمجھ بوجھ میں برابر ہوں تو سب سے بہتر قرآن پڑھنے والا، اور کوئی شخص اپنے امیر کی اموجودگی میں امامت نہ کرائے اور (اس کی تعظیم کے لئے جب کھڑا ہوا ہوتو) اس کی اجازت کے بغیر مت بیٹھے۔

888- اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبِي اُمَيَّةَ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي

وَقَّاصٍ، عَنْ عُرْوَۃَ بْنِ الْمُغِیْرَۃِ بْنِ شُعْبَۃَ، عَنْ اَبِیْہِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَمْ یَمُتْ نَبِیٌّ حَتّٰی یَؤُمَّہُ رَجُلٌ مِّنْ قَوْمِہٖ

ہٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ وَقَدِ اتَّفَقَا جَمِیْعًا عَلٰی صَلٰوۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَلْفَ اَبِیْ بَکْرٍ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

❖❖ حضرت شعبہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی نبی انتقال نہیں کرتا، یہاں تک کہ اس کی قوم میں سے کوئی شخص اس کی امامت کراتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھنے والی روایت نقل کی ہے۔

889۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَیْنِ الشَّیْبَانِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْعَلَاءِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْکُوْفِیُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَّارٍ اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ فِی الصَّلٰوۃِ قَالَ ہٰکَذَا وَہٰکَذَا عَنْ یَّمِیْنِہٖ، وَعَنْ شِمَالِہٖ، ثُمَّ یَقُوْلُ: اسْتَوُوْا وَتَعَادَلُوْا

ہٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ بِہٰذَا اللَّفْظِ

❖❖ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقامت کے بعد دائیں بائیں، یوں یوں مڑ کر صفیں درست کرنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

890۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سَابِقٍ الْخَوْلَانِیُّ، قَالَ: قُرِءَ عَلٰی

حدیث 888:

اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه' مدینه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحدیث:988

اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه' مدینه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحدیث:988

حدیث 890:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 857 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) رقم الحدیث: 296 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 16442 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 930 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 3454 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 697 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ/1991ء' رقم الحدیث:958

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ اَخْبَرَكَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمْدَانَ الْهَمْدَانِيُّ بِهَا، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْجَزَّارِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ، يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ مِحْجَنٍ رَجُلٍ مِّنْ بَنِي الدِّيلِ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهُ كَانَ جَالِسًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُوْذِنَ بِالصَّلٰوةِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى، ثُمَّ رَجَعَ وَمِحْجَنٌ فِيْ مَجْلِسِهٖ كَمَا هُوَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تُصَلِّيَ مَعَ النَّاسِ اَلَسْتَ بِرَجُلٍ مُّسْلِمٍ؟ قَالَ: بَلٰى، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَلٰكِنِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُنْتُ قَدْ صَلَّيْتُ فِيْ اَهْلِيْ، قَالَ: فَاِذَا جِئْتَ فَصَلِّ مَعَ النَّاسِ وَاِنْ كُنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ

✧✧ بنوالدیل کے ایک شخص بسر بن محجن اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ (ایک دفعہ) وہ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ ﷺ گئے اور نماز پڑھ کر آ گئے، لیکن وہ محجن بدستور اسی جگہ پر بیٹھا ہوا رہا۔ رسول اکرم ﷺ نے اسے کہا: تو نے ہمارے ساتھ نماز کیوں نہیں پڑھی؟ کیا تو مسلمان نہیں ہے؟ اس نے جواباً کہا: کیوں نہیں یا رسول اللہ ﷺ لیکن میں گھر میں نماز پڑھ کر آیا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: جب مسجد میں آ جاؤ تو لوگوں کے ساتھ مل کر نماز پڑھا کرو اگر چہ گھر میں تم نماز پڑھ چکے ہو۔

891- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَنْبَاَنَا الشَّافِعِيُّ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، فَذَكَرَهٗ بِنَحْوِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ الْحَكَمُ فِيْ حَدِيْثِ الْمَدَنِيِّيْنَ، وَقَدِ احْتَجَّ بِهٖ فِي الْمُوَطَّاَ وَهُوَ مِنَ النَّوْعِ الَّذِيْ قَدَّمْتُ ذِكْرَهٗ اَنَّ الصَّحَابِيَّ اِذَا لَمْ يَكُنْ لَّهٗ رَاوِيَانِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی اس طرح کی حدیث منقول ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور حضرت مالک بن انس رضی اللہ عنہ مدنی راویوں کی حدیث کے سلسلہ میں "حکم" ہیں اور انہوں نے اپنی موطا میں یہ حدیث نقل بھی کی ہے اور یہ بھی وہی قسم ہے جس کا پہلے کئی مرتبہ ذکر ہو چکا ہے کہ جب کسی صحابی کا ایک سے زیادہ کوئی راوی نہ ہو (تو اگر ان تک طریق درست ہوگا تو ہم وہ حدیث نقل کریں گے)۔

892- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ

حديث 892:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 858 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 17509 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 1565 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی، بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحديث: 1638 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ/1991ء، رقم الحديث: 931 اخرجه ابوبكر الشيبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالراية، رياض، سعودی عرب، 1411ھ/1991ء، رقم الحديث: 1462

سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْفَقِيهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اللَّيْثِ، حَدَّثَنَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ يَّعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى فَلَمَّا سَلَّمَ اَبْصَرَ رَجُلَيْنِ فِيْ اَوَاخِرِ النَّاسِ فَدَعَاهُمَا، فَقَالَ: مَا مَنَعَكُمَا اَنْ تُصَلِّيَا مَعَ النَّاسِ ؟ فَقَالا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّيْنَا فِي الرِّحَالِ، قَالَ: فَلَا تَفْعَلا اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فِيْ رَحْلِهِ ثُمَّ اَدْرَكَ الصَّلٰوةَ مَعَ الامَامِ فَلْيُصَلِّهَا مَعَهُ فَاِنَّهَا لَهُ نَافِلَةٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ رَوَاهُ شُعْبَةُ، وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، وَغَيْلانُ بْنُ جَامِعٍ، وَاَبُوْ خَالِدٍ الدَّالانِيُّ، وَاَبُوْ خَالِدٍ، وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، وَمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، وَشَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يَّعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِيَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ

✧✧ جابر بن یزید بن اسود، اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ میں نے منیٰ میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ نماز پڑھی۔ جب آپ ﷺ نے سلام پھیرا، تو آخری صفوں میں دو آدمیوں کو دیکھا (کہ انہوں نے جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھی تھی) آپ ﷺ نے ان کو اپنے پاس بلا کر پوچھا: تم نے جماعت کے ساتھ نماز کیوں نہیں پڑھی؟ انہوں نے جواب دیا: یا رسول اللہ ﷺ ہم نے اپنے خیموں میں نماز پڑھ لی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: آئندہ ایسے مت کرنا۔ جب کوئی شخص اپنے خیمے میں نماز پڑھ لے اور پھر امام کے ساتھ نماز پالے، اس کو چاہئے کہ وہ امام کے ساتھ بھی نماز پڑھے، یہ نماز اس کے لئے نفل ہو جائے گی۔

✣✣ اس حدیث کو شعبہ، ہشام بن حسان، غیلان بن جامع، ابوخالد الدالانی، ابوعوانہ، عبدالملک بن عمیر، مبارک بن فضالہ، شریک بن عبداللہ اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے یعلی بن عطاء سے روایت کیا ہے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یعلی بن عطاء کی روایات نقل کی ہیں۔

893- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ غَزْوَانَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى بْنِ السَّكَنِ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، وَعَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ بَيَانٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يُجِبْ فَلَا

حديث 893:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 793 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2064 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4719 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 12266 اخرجه ابوالحسن الجوهرى فى "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 482

صَلٰوةَ لَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ اَوْقَفَهُ غُنْدَرٌ، وَاَكْثَرُ اَصْحَابِ شُعْبَةَ وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُشَيْمٌ وَّقُرَادٌ اَبُوْ نُوحٍ ثِقَتَانِ، فَاِذَا وَصَلَاهُ فَالْقَوْلُ فِيْهِ قَوْلُهُمَا وَلَهُ فِيْ سَنَدِهِ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ شَوَاهِدُ، فَمِنْهَا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اذان سنے لیکن اس کا جواب نہ دے، اس کی نماز قبول نہیں ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس حدیث کو غندر اور شعبہ کے اکثر اصحاب نے روایت کیا ہے اور اس کی سند میں ہشیم اور قرادابونوح ثقہ راوی ہیں، جب یہ کسی حدیث کو متصل کردیں تو بات انہی کی معتبر ہوتی ہے۔

مذکورہ حدیث کی شواہد حدیثیں، جن میں شعبہ نے عدی سے روایت کی ہے۔

شاہد (۱)

894- مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الصَّفَّارُ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ سَهْلٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يَاْتِهِ فَلَا صَلٰوةَ لَهُ اِلَّا مِنْ عُذْرٍ وَّمِنْهَا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اذان سننے کے باوجود مسجد میں نہ آئے، اس کی نماز قبول نہیں، سوائے اس کے کہ کوئی عذر ہو۔

شاہد (۲)

895 - مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَبِيْبٍ الْمَعْمَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ الْخَلِيْلِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سُلَيْمَانَ دَاوُدُ بْنُ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يَاْتِهِ، فَلَا صَلٰوةَ لَهُ اِلَّا مِنْ عُذْرٍ

وَّفِي الشَّوَاهِدِ لِشُعْبَةَ فِيْهِ مُتَابَعَاتٌ مُّسْنَدَةٌ، فَمِنْهَا

✧✧ داؤد بن حکم نے بھی شعبہ کی مذکورہ سند کے ہمراہ بعینہ یہی حدیث نقل کی ہے اور شواہد میں شعبہ کی متابعاتِ مسندہ بھی موجود ہیں۔

متابع (۱)

896- مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ نَصْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ اُنَيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ اَبِيْ جَنَابٍ، عَنْ مَّغْرَاءَ الْعَبْدِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ الْمُنَادِیَ فَلَمْ یَمْنَعْہُ مِنَ اتِّبَاعِہٖ عُذْرٌ فَلَا صَلٰوۃَ لَہٗ، قَالُوْا: وَمَا الْعُذْرُ؟ قَالَ: خَوْفٌ، اَوْ مَرَضٌ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جو شخص اذان سنے اور بغیر کسی عذر کے، جماعت میں حاضر نہ ہو، اس کی نماز قبول نہیں ہے۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: (حضور صلی اللہ علیہ وسلم) عذر کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خوف یا بیماری۔

متابع نمبر (۲)

897۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِیٍّ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ الصَّیْدَلَانِیُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ الْجَرَوِیُّ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ حَسَّانَ، حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ اَبِیْ جَنَابٍ، عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ الصَّلٰوۃَ یُنَادٰی بِهَا صَحِیْحًا مِّنْ غَیْرِ عُذْرٍ، فَلَمْ یَاْتِهَا لَمْ یَقْبَلِ اللّٰہُ لَہٗ صَلٰوۃً فِیْ غَیْرِهَا، قِیْلَ: وَمَا الْعُذْرُ؟ قَالَ: الْمَرَضُ اَوِ الْخَوْفُ وَمِنْهَا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جو شخص صحت مند ہو اور کوئی عذر اس کو لاحق نہ ہو، وہ اذان سننے کے باوجود اگر مسجد میں آ کر نماز نہیں پڑھتا تو اللہ تعالیٰ اس کی کسی دوسری جگہ (مسجد کے علاوہ) پڑھی ہوئی نماز قبول نہیں کرتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: عذر کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرض یا خوف۔

متابع (۳)

898۔ مَا اَخْبَرَنَاہُ اَبُوْ بَکْرٍ اِسْمَاعِیْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِیْہُ بِالرَّیِّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْاَزْرَقِ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ الْیَمَامِیُّ، عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صَلٰوۃَ لِجَارِ الْمَسْجِدِ اِلَّا فِی الْمَسْجِدِ وَقَدْ صَحَّتِ الرِّوَایَۃُ فِیْہِ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی، عَنْ اَبِیْہِ مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ یُجِبْ الْحَدِیْثَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: مسجد کے پڑوس میں رہنے والے کی نماز مسجد کے علاوہ قبول نہیں کی جاتی۔

❖❖ اس سلسلے میں ابوموسیٰ کی ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت بھی صحیح ہے کہ جس نے اذان سنی لیکن اس کو قبول نہ کیا (اس کے بعد پوری حدیث ہے)

899۔ حَدَّثَنَاہُ اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الشَّافِعِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ الْقَاضِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ عَیَّاشٍ، عَنْ اَبِیْ حُصَیْنٍ، عَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ اَبِیْہِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی

حدیث 898

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4721

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَارِغًا صَحِيْحًا فَلَمْ يُجِبْ فَلَا صَلٰوةَ لَهُ

✧✧ ابو بردہ بن ابوموسیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اذان سنے اور اس وقت وہ فارغ اور تندرست ہو لیکن اس کے باوجود وہ نماز پڑھنے مسجد میں نہ آئے، اس کی نماز قبول نہیں ہے۔

900- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، حَدَّثَنَا السَّائِبُ بْنُ حُبَيْشٍ، عَنْ مَّعْدَانَ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ الْيَعْمُرِيِّ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَا مِنْ ثَلَاثَةٍ فِيْ قَرْيَةٍ وَّلَا فِيْ بَدْوٍ لَا تُقَامُ فِيْهِمُ الصَّلٰوةُ اِلَّا قَدِ اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ، فَعَلَيْكَ بِالْجَمَاعَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان سنا ہے کہ: کسی شہر یا گاؤں میں تین آدمی موجود ہوں اور وہ نماز جماعت کے ساتھ نہ پڑھیں، تو شیطان ان پر غالب آجاتا ہے۔ اس لئے جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا ضروری ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

901- حَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ عِيْسَى الْحَافِظُ الْمُزَنِيُّ بِالطَّابِرَانِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَبِي الزَّرْقَاءِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ، عَنِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ الْمَدِيْنَةَ كَثِيْرَةُ الْهَوَامِّ وَالسِّبَاعِ، قَالَ: اَتَسْمَعُ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَحَيَّ هَلَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، اِنْ كَانَ ابْنُ عَابِسٍ سَمِعَ مِنِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

✧✧ حضرت ابن اُمّ مکتوم فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مدینہ میں بہت درندے اور جنگلی جانور رہوتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کی آواز سنتے ہو؟ انہوں نے ہاں میں جواب دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تو آنا ہی پڑے گا۔

❖ اگر ابن عابس نے ابن اُمّ مکتوم سے حدیث سنی ہے تو یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ

حدیث 901:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 553 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 851 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ / 1991ء رقم الحدیث: 924 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4729

نے اس کو روایت نہیں کیا۔

سند صحیح کے ساتھ مذکورہ حدیث کی شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

شاہد (۱)

902۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَقْبَلَ النَّاسَ فِيْ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ، فَقَالَ: لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اٰتِيَ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَتَخَلَّفُونَ عَنْ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ فَاُحَرِّقَ عَلَيْهِمْ بُيُوتَهُمْ فَقَامَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُومٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَقَدْ عَلِمْتَ مَا بِيْ وَلَيْسَ لِيْ قَائِدٌ، قَالَ: اَتَسْمَعُ الْاِقَامَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاحْضُرْهَا، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ بَيْنِيْ وَبَيْنَهَا نَخْلًا، وَشَجَرًا، وَلَيْسَ لِيْ قَائِدٌ، قَالَ: اَتَسْمَعُ الْاِقَامَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاحْضُرْهَا وَلَمْ يُرَخِّصْ لَهُ وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ مِنْ حَدِيْثِ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ

✧✧ حضرت ابن اُمّ مکتوم سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عشاء کی نماز میں (لوگوں کی طرف) متوجہ ہو کر ارشاد فرمانے لگے: میں چاہتا ہوں، ان لوگوں کے ہاں جاؤں، جو اس نماز میں غیر حاضر ہیں اور ان کے گھروں کو آگ لگا دوں۔ ابن اُمّ مکتوم نے کھڑے ہو کر عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! آپ میرا عذر بھی جانتے ہیں (آپ نابینا تھے) اور مجھے ساتھ لیجانے والا بھی کوئی نہیں ہے (تو کیا میرے لئے کوئی رخصت ہے؟) آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں اقامت کی آواز سنائی دیتی ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: تو پھر حاضر ہوا کرو۔ انہوں نے (پھر) عرض کی: یا رسول اللہ! میرے راستے میں بہت درخت ہیں اور مجھے کوئی ساتھ لانے والا کوئی نہیں ہے (کیا اب بھی میرے لئے کوئی رخصت ہے؟) آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں اقامت کی آواز سنائی دیتی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جماعت میں حاضر ہوا کرو۔ اور ان کو جماعت چھوڑنے کی اجازت نہیں دی۔

شاہد (۲)

عاصم بن بھدلہ کی سند کے ہمراہ بھی گزشتہ حدیث کی ایک شاہد حدیث موجود ہے۔ جو کہ درج ذیل ہے۔

903۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، وَحَدَّثَنَا

حدیث 903:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 552 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 15529 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 2063 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 1480 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ه/1988ء رقم الحديث: 495

اَبُو مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو خَلِیْفَةَ، قَالَا : حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ اَبِیْ رَزِیْنٍ، عَنِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّیْ رَجُلٌ ضَرِیْرُ الْبَصَرِ، شَاسِعُ الدَّارِ وَلَیْسَ لِیْ قَائِدٌ یُلَائِمُنِیْ، فَهَلْ لِیْ رُخْصَةٌ اَنْ اُصَلِّیَ فِیْ بَیْتِیْ ؟ قَالَ: هَلْ تَسْمَعُ النِّدَاءَ ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: لَا اَجِدُ لَكَ رُخْصَةً

✧✧ حضرت ابن اُمّ مکتوم سے روایت ہے، انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی: یارسول اللہ ﷺ میں نابینا ہوں اور میرا گھر بھی دور ہے اور میرے پاس کوئی ایسا شخص بھی نہیں ہے، جو مجھے اپنے ساتھ لائے، تو کیا مجھے گھر میں نماز پڑھنے کی اجازت ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تجھے اذان کی آواز آتی ہے؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لئے رخصت نہیں ہے۔

904- حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ یَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا یَحْیَى بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، وَاَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَیْنِ الْقَاضِیْ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِیْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَامِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیْهُ، اَنْبَاَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ بَیَانٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ الْقَارِءُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِیْدٍ الدَّارِمِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِیْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَصِیْرٍ، عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ، فَقَالَ: اَشَاهِدٌ فُلَانٌ ؟ لِنَفَرٍ مِّنَ الْمُنَافِقِیْنَ لَمْ یَشْهَدُوا الصَّلٰوةَ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هَاتَیْنِ الصَّلَاتَیْنِ مِنْ اَثْقَلِ الصَّلَوَاتِ عَلَى الْمُنَافِقِیْنَ، وَلَوْ یَعْلَمُوْنَ مَا فِیْهِمَا لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا یَّعْنِیْ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ وَالصُّبْحِ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: عَلَیْكُمْ بِالصَّفِّ الْمُقَدَّمِ فَاِنَّهُ مِثْلُ صَفِّ الْمَلَائِكَةِ، وَلَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا فِیْهِ لَابْتَدَرْتُمُوْهُ

وَقَالَ: صَلَاتُكَ مَعَ الرَّجُلِ اَزْكٰى مِنْ صَلَاتِكَ وَحْدَكَ، وَصَلَاتُكَ مَعَ الرَّجُلَیْنِ اَزْكٰى مِنْ صَلَاتِكَ مَعَ الرَّجُلِ، وَمَا كَثُرَتْ فَهُوَ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

هٰكَذَا رَوَاهُ الطَّبَقَةُ الْاُوْلٰى مِنْ اَصْحَابِ شُعْبَةَ: یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ، وَیَحْیَى بْنُ سَعِیْدٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ

حدیث 904:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 554 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 843 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 21302 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2056 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 917 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4974

مَهْدِيٍّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَاَقْرَانُهُمْ، وَهٰكَذَا رَوَاهُ سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ،

✧✧ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں (ایک مرتبہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ فجر پڑھائی (اس کے بعد) متعدد منافقین جنہوں نے جماعت کے ہمراہ نماز نہیں پڑھی تھی، ان کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: فلاں (فلاں) شخص جماعت میں حاضر ہوا ہے؟ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دونوں نمازیں یعنی نمازِ فجر اور نمازِ عشاء منافقین پر سب سے زیادہ بھاری ہیں۔ اگر ان کو ان نمازوں کا اجر و ثواب معلوم ہو جائے تو (ہر صورت میں) جماعت میں آئیں اگرچہ سرین کے بل گھسٹ کر آنا پڑے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلی صف میں آنے کی کوشش کیا کرو کیونکہ یہ صف فرشتوں کی صف جیسی ہے۔ اگر تمہیں اس صف کی فضیلت معلوم ہو جاتی تو (اس میں شامل ہونے کے لئے) ایک دوسرے سے آگے بڑھتے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اکیلے نماز پڑھنے سے دو آدمیوں کے ساتھ نماز پڑھنا بہتر ہے اور زیادہ لوگوں کے ہمراہ نماز پڑھنا، دو کے ہمراہ پڑھنے سے بہتر ہے۔

✣✣ شعبہ کے اصحاب میں سے طبقہ اولیٰ (یعنی) یزید بن زریع، یحییٰ بن سعید، عبدالرحمٰن بن مھدی، محمد بن جعفر اور ان جیسے دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے بھی اسی طرح حدیث روایت کی ہے اور سفیان بن سعید نے ابواسحاق کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث روایت کی ہے (ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

905۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيٍّ التِّرْمِذِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ حَسَّانَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِي اللَّيْثِ، حَدَّثَنَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سُفْيَانَ صَالِحُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، عَنْ سُفْيَانَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَنْبَاَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ دَارِمٍ الْحَافِظُ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا لُوَيْنٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَصِيْرٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْفَجْرِ فَلَمَّا صَلّٰى، قَالَ: اَشَاهِدٌ فُلَانٌ فَذَكَرُوا الْحَدِيْثَ نَحْوَ حَدِيْثِ شُعْبَةَ، وَهٰكَذَا رَوَاهُ زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، وَرَقَبَةُ بْنُ مَصْقَلَةَ، وَمُطَرِّفٌ، وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، وَغَيْرُهُمْ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْ بَصِيْرٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ،

✧✧ سفیان نے ابواسحاق کی سند کے ساتھ عبداللہ بن ابی بصیر کے واسطے سے ابی بن کعب کی یہ روایت نقل کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھائی۔ جب آپ نماز پڑھا کر فارغ ہوئے تو پوچھا: فلاں شخص نماز میں موجود ہے؟ (اس کے بعد حضرت شعبہ رضی اللہ عنہ کی طرح حدیث بیان کی)

❖❖ زہیر بن معاویہ، رقبہ بن مصقلہ، مطرف، ابراہیم بن طہمان اور دیگر محدثین رحمہم اللہ نے بھی ابواسحاق سے اسی طرح حدیث روایت کی ہے اور عبداللہ بن مبارک نے شعبہ سے انہوں نے ابواسحاق سے انہوں نے ابوبصیر سے اور انہوں نے ابی بن کعب سے یہ حدیث روایت کی ہے (ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

906۔ اَخْبَرْنَاهُ الْحَسَنُ بْنُ حَلِيمٍ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، فَذَكَرَهُ، وَهٰكَذَا قَالَ اِسْرَائِيلُ بْنُ يُونُسَ، وَاَبُوْ حَمْزَةَ السُّكَّرِيُّ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَسْعُوْدِيُّ، وجرير بن حازم، كلهم قَالُوا: عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِیْ بَصِيْرٍ، عَنْ اُبَيٍّ، وَقَالَ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، وَخَالِدُ بْنُ مَيْمُوْنٍ، وَزَيْدُ بْنُ اَبِیْ اُنَيْسَةَ، وزكريا بن أبي زائدة، ويونس بن أبي إسحاق، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَمَّا حَدِيْثُ الثَّوْرِيِّ ———————، عَنْ اَبِیْ بَصِيْرٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَقِيْلَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ اَبِیْ بَصِيْرٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ،

اَمَّا حَدِيْثُ الثَّوْرِيِّ،

❖❖ اسرائیل بن یونس، ابوحمزہ السکری، عبدالرحمٰن بن عبداللہ المسعودی اور جریر بن حازم نے اس کی سند ابواسحاق کے بعد ابوبصیر کے واسطے سے ابی تک پہنچائی ہے جبکہ ابوبکر بن عیاش، خالد بن میمون، زید بن ابی انیسہ، زکریا بن ابوزائدہ اور یونس بن ابواسحاق نے اس کی سند ابواسحاق کے بعد عبداللہ تک پہنچائی ہے اور ثوری کی حدیث (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......) ابوبصیر کے واسطے سے ابی بن کعب سے روایت کی ہے اور اس کی سند یوں بھی بیان کی گئی ہے عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ اَبِیْ بَصِيْرٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ،

ثوری کی حدیث:

907۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ [illegible] جَعْفَرُ بن موسى [illegible]سَابُوْرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَكَّارٍ الْمِصِّيصِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ سفيَانَ، عَنْ اَبِیْ إسحق، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ اَبِیْ بَصِيْرٍ، قَالَ: قَالَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ: صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ الْغَدَاةَ، فَلَمَّا سَلَّمَ، قَالَ: اَشَاهِدٌ فُلَانٌ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ،

وَاَمَّا حَدِيْثُ اَبِی الْاَحْوَصِ،

ابوالاحوص کی حدیث:

908۔ فَاَخْبَرَنَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ اَبِیْ بَصِيْرٍ، قَالَ: قَالَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ: صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْفَجْرِ، ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ، فَقَدِ اخْتَلَفُوا فِي الْحَدِيْثِ عَلٰى اَبِیْ اِسْحَاقَ مِنْ اَرْبَعَةِ اَوْجُهٍ، وَالرِّوَايَةُ فِيْهَا عَنْ اَبِیْ بَصِيْرٍ وَّابْنِهِ عَبْدِ اللّٰهِ كُلُّهَا صَحِيْحَةٌ، وَالدَّلِيْلُ عَلَيْهِ رِوَايَةُ خَالِدِ

بْنِ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ وَمُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِیّ، وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ،
اَمَّا حَدِيْثُ خَالِدِ بْنِ الْحَارِثِ،

❖❖ اس حدیث میں ابواسحاق پر چار طرح کا اختلاف ہے اور اس سلسلہ میں ابواسحاق کی ابوبصیر اور اس کے بیٹے کے حوالے سے تمام روایات درست ہیں اور اس پر دلیل، خالد بن حارث کی وہ حدیث ہے جس کو انہوں نے شعبہ کے واسطے سے ابواسحاق اور معاذ بن معاذ العنبر ی سے روایت کیا ہے اور یحییٰ بن سعید نے شعبہ سے روایت کیا ہے۔

خالد بن حارث کی روایت:

909۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِیُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَصِيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ شُعْبَةُ، قَالَ اَبُوْ اِسْحَاقَ: وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْهُ، وَعَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ اُبَیَّ بْنَ كَعْبٍ، يَقُوْلُ: صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ،

وَاَمَّا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ،

معاذ بن معاذ کی روایت:

910۔ فَاَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرَيْشٍ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبِیْ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَصِيْرٍ، قَالَ شُعْبَةُ، قَالَ اَبُوْ اِسْحَاقَ: قَدْ سَمِعْتُهُ مِنْهُ وَمِنْ اَبِيْهِ، عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ،

وَاَمَّا حَدِيْثُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ،

یحییٰ بن سعید کی روایت:

911۔ فَاَخْبَرَنِیْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى الْخَازِنُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ الْهِسِنْجَانِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلادٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَصِيْرٍ، قَالَ شُعْبَةُ، قَالَ اَبُوْ اِسْحَاقَ: قَدْ سَمِعْتُهُ مِنْهُ وَمِنْ اَبِيْهِ، عَنْ اُبَیٍّ، قَالَ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ، وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ،

وَقَدْ حَكَمَ اَئِمَّةُ الْحَدِيْثِ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، وَعَلِیُّ بْنُ الْمَدِيْنِیِّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِیُّ، وَغَيْرُهُمْ لِهٰذَا الْحَدِيْثِ بِالصِّحَّةِ، سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ مُحَمَّدَ بْنَ يَعْقُوْبَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِيْنٍ، يَقُوْلُ: حَدِيْثُ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِیْ بَصِيْرٍ، عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ هٰذَا يَقُوْلُهُ زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، وَشُعْبَةُ، يَقُوْلُ: عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَصِيْرٍ وَّعَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ، فَالْقَوْلُ قَوْلُ شُعْبَةَ، وَهُوَ اَثْبَتُ مِنْ زُهَيْرٍ

✣✣ یحییٰ بن معین، علی بن المدینی، محمد بن یحییٰ الذھلی اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے اس حدیث کو "صحیح" قرار دیا ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) ابوالعباس محمد بن یعقوب نے عباس بن محمد دوری کے واسطے سے یحییٰ بن معین کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ابواسحاق کی سند زہیر بن معاویہ نے ابوبصیر کے واسطے سے ابی بن کعب تک پہنچائی ہے جبکہ شعبہ نے عبداللہ بن ابوبصیر اور ان کے والد کے واسطے سے ابی بن کعب تک پہنچائی ہے۔ ان دونوں میں سے شعبہ کا موقف زیادہ مضبوط ہے۔ کیونکہ وہ زہیر سے زیادہ قابل اعتماد ہیں۔

912۔ اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِهْرَجَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْبَرَاءِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، فِيْ حَدِيْثِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الصُّبْحَ، فَقَالَ: اَشَاهِدٌ فُلَانٌ رَوَاهُ اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنْ شَيْخٍ لَّمْ يَسْمَعْ مِنْهُ غَيْرَ هٰذَا، وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَصِيْرٍ، وَقَدْ قَالَ شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، اَنَّهُ سَمِعَ مِنْ اَبِيْهِ وَمِنْهُ، وَقَالَ الْاَحْوَصُ: عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، وَمَا اَرَى الْحَدِيْثَ اِلَّا صَحِيْحًا، وَسَمِعْتُ اَبَا بَكْرِ بْنَ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ الْمَدِيْنِيِّ، يَقُوْلُ: قَدْ سَمِعَ اَبُوْ اِسْحَاقَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَصِيْرٍ وَّمِنْ اَبِيْهِ اَبِيْ بَصِيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدٍ الْمَدِيْنِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ يَحْيٰى، يَقُوْلُ: رِوَايَةُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، وَخَالِدِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ شُعْبَةَ، وَقَوْلِ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ كُلُّهَا مَحْفُوْظَةٌ، فَقَدْ ظَهَرَ بِاَقَاوِيْلِ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ صِحَّةُ الْحَدِيْثِ، وَاَمَّا الشَّيْخَانِ فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَاهُ لِهٰذَا الْخِلَافِ

✧✧ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) حسن بن محمد مہرجانی نے ابوالحسن محمد بن احمد بن البراء کے واسطے سے ابی بن کعب کی اس حدیث "حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز فجر پڑھانے کے بعد پوچھا: کہ فلاں فلاں جماعت میں حاضر ہے؟" کے سلسلے میں علی بن المدینی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اس حدیث کو ابواسحاق نے اپنے شیخ سے روایت کیا ہے اور ان کے علاوہ اور کسی نے بھی یہ حدیث ان کے شیخ سے روایت نہیں کی۔ ان کے شیخ "عبداللہ ابن ابی بصیر" ہیں، جبکہ شعبہ کا کہنا ہے کہ ابواسحاق نے یہ حدیث اپنے والد سے بھی سنی ہے اور ان سے بھی سنی ہے اور ابوالاحوص کا کہنا ہے کہ ابواسحاق نے عیزار بن حریث سے بھی روایت کی ہے اور میرے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) ابوبکر بن اسحاق الفقیہ نے کہا: میں نے ابراہیم بن اسحاق الحربی کے حوالے سے علی بن المدینی کا یہ قول سنا ہے کہ ابواسحاق نے عبداللہ بن ابوبصیر سے بھی روایت سنی ہے اور ان کے والد ابوبصیر سے بھی۔ ابوبکر بن اسحاق کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن محمد المدینی کو کہتے سنا ہے کہ محمد بن یحییٰ کہتے ہیں: یحییٰ بن سعید اور خالد بن حارث کی شعبہ سے روایت اور ابوالاحوص کا قول کہ ابواسحاق نے عیزار بن حریث سے روایت کی ہے، سب محفوظ ہیں۔ چنانچہ ائمہ حدیث کے ان تمام اقوال سے حدیث کی صحت ثابت ہوتی ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسی اختلاف کی وجہ سے اس حدیث کو روایت نہیں کیا۔

913۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُو الْحَسَنِ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُّوْسَى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ الْاَكْوَعِ، يَقُوْلُ: سَاَلْتُ

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اَكُوْنُ فِي الصَّيْدِ وَلَيْسَ عَلَيَّ اِلَّا قَمِيصٌ وَّاحِدٌ، اَوْ جُبَّةٌ وَّاحِدَةٌ فَاَشُدُّهُ ؟ اَوْ قَالَ: فَاَزُرُّهُ ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَوْ بِشَوْكَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ مَّدِيْنِيٌّ صَحِيْحٌ، فَاِنَّ مُوْسٰى هٰذَا هُوَ ابْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُوْمِيُّ

✧✧ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: (یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) میں جب شکار کے لئے نکلا ہوا ہوتا ہوں تو میں نے صرف ایک قمیص یا ایک جبہ پہنا ہوا ہوتا ہے تو کیا (نماز کے لئے) میں اس کو باندھ لیا کروں؟ یا (شاید یہ فرمایا) میں اس کا بٹن بند کرلیا کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں (اس کو ضرور بند کیا کرو) اگرچہ کسی کانٹے کے ساتھ ہی کرنا پڑے۔

❖❖ یہ حدیث مدنی ہے''صحیح'' ہے، اس میں جو موسیٰ (نامی راوی ہے) یہ ابراہیم بن عبداللہ المخزومی کا بیٹا ہے۔

914- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ تُمَيْلَةَ يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُنِيبِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُصَلّٰى فِيْ لِحَافٍ لَا يُتَوَشَّحُ بِهِ، وَنَهَى اَنْ يُصَلِّيَ الرَّجُلُ فِيْ سَرَاوِيلَ وَلَيْسَ عَلَيْهِ رِدَاءٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاحْتَجَّا بِاَبِيْ تُمَيْلَةَ، وَاَمَّا اَبُو الْمُنِيبِ الْمَرْوَزِيُّ فَاِنَّهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَتَكِيِّ مِنْ ثِقَاتِ الْمَرَاوِزَةِ، وَمِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ فِي الْخُرَاسَانِيِّيْنَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے لحاف میں نماز پڑھنے سے منع کیا ہے جس کو پہنا ہوا نہ ہو اور بغیر چادر وغیرہ اوڑھے، صرف شلوار پہن کر نماز پڑھنے سے بھی منع فرمایا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوتمیلہ کی روایات نقل کی ہیں (اور اس کی سند میں) ابوالمنیب (نامی راوی جو ہیں یہ) عبداللہ بن العتکی ہیں، مراوزہ کے ثقہ راویوں میں سے ہیں اور ان کی روایات خراسانیین میں جمع کی گئی ہیں۔

915- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ

حديث 913:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 765

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث:778

حديث 914:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث:936 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث:3093

حديث 915:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث:640

عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ قُنْفُذٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّهَا سَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتُصَلِّى الْمَرْاَةُ فِيْ دِرْعٍ، وَخِمَارٍ لَّيْسَ عَلَيْهَا اِزَارٌ ؟ قَالَ: اِذَا كَانَ الدِّرْعُ سَابِغًا يُّغَطِّى ظُهُوْرَ قَدَمَيْهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

◇◇ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے (آپ فرماتی ہیں:) میں نے رسول اکرم ﷺ سے پوچھا: کیا عورت قمیص اور دوپٹہ میں نماز پڑھ سکتی ہے؟ جبکہ اس کے اوپر کوئی بڑی چادر نہ ہو، آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ جبکہ وہ دوپٹہ اتنا لمبا ہو کہ قدموں کو ڈھانپ لے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

916۔ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مَنْصُورٍ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمِيْمِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، قَالَ: رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يُصَلِّيْ مَحْلُوْلٌ اِزَارُهُ، فَسَاَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

◇◇ حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کو ایک بڑی چادر لپیٹے نماز پڑھتے دیکھا تو ان سے اس سلسلہ میں مسئلہ دریافت کیا، آپ نے جواباً کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس طرح کرتے دیکھا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

917۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ

حديث 916:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 779

اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 5641

حديث 917:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 641 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 377 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 655 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 25208 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1711 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 775 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3071 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحديث: 1284 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 3308

قَتَادَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ عَآئِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: لَا تُقْبَلُ صَلٰوةُ حَائِضٍ اِلَّا بِخِمَارٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَاَظُنُّ اَنَّهُ لِخِلَافٍ فِيْهِ عَلٰى قَتَادَةَ

✧✧ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا: حائضہ (یعنی بالغہ) کی نماز بڑی چادر کے بغیر قبول نہیں ہوتی۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور میرا یہ خیال ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو اس لئے ترک کیا ہے کہ علقمہ کی سند میں اختلاف ہے۔ (جیسا کہ درج ذیل حدیث میں قتادہ نے حسن سے روایت کیا ہے حالانکہ گزشتہ حدیث میں قتادہ نے محمد بن سیرین پھر صفیہ بنت حارث کے واسطے سے اُمّ المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی تھی)

918۔ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، اَنْبَانَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُقْبَلُ صَلٰوةُ حَائِضٍ اِلَّا بِخِمَارٍ

✧✧ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان نقل کیا ہے: حائض (یعنی بالغہ) عورت کی نماز، بڑی چادر کے بغیر قبول نہیں۔

919۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدٌ اِلَّا الْحَمَّامَ وَالْمَقْبَرَةَ قَالَ تَابَعَهُ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى

حديث 919:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 492 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 317 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 745 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1390 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:11805 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1699 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 791 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4070 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث:1350

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حمام اور قبرستان کے علاوہ پوری روئے زمین پر (کسی بھی جگہ) نماز پڑھی جاسکتی ہے۔

یہ حدیث عمرو بن یحییٰ سے روایت کرنے میں عبدالعزیز بن محمد نے عبدالواحد بن زیاد کی متابعت کی ہے۔ ان کی متابع حدیث درج ذیل ہے۔

920۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ اَبِيْهِ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ عُمَارَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدٌ اِلَّا الْحَمَّامَ وَالْمَقْبَرَةَ هٰذِهِ الْاَسَانِيْدُ كُلُّهَا صَحِيْحَةٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✣✣ یہ تمام اسانید امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہیں لیکن انہوں نے اس حدیث کو روایت نہیں کیا ہے۔

921۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِيْ صَدَقَةُ بْنُ يَسَارٍ، سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُصَلُّوْا اِلَّا اِلٰى سُتْرَةٍ، وَلَا تَدَعْ اَحَدًا يَّمُرُّ بَيْنَ يَدَيْكَ، فَاِنْ اَبٰى فَقَاتِلْهُ، فَاِنَّ مَعَهُ الْقَرِيْنَ هٰذَا حَدِيْثٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سترہ کے بغیر نماز مت پڑھو، کسی کو اپنے آگے سے گزرنے کا موقع مت دو، اور اگر کوئی آگے سے گزرنے پر بضد ہو تو اس کے ساتھ لڑ پڑو کیونکہ اس کے ساتھ شیطان ہوتا ہے۔

حدیث 921:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 505 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 697 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 757 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 955 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربی (تحقيق فواد عبدالباقی) رقم الحديث: 361 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1411 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 5585 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2369 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 800 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبریٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3261 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 13573

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

922- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى الْجُرْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِيْ صَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيُصَلِّ اِلٰى سُتْرَةٍ، وَلْيَدْنُ مِنْهَا، لَا يَقْطَعُ الشَّيْطَانُ عَلَيْهِ صَلَاتَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ سہل بن ابی حثمہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی نماز پڑھنے لگے تو سترہ گاڑے اور اس کے بالکل قریب کھڑے ہو کر نماز پڑھے تاکہ شیطان اس کی نماز میں کوئی رخنہ نہ ڈال سکے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

923- حَدَّثَنِي أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَنْصُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْبَخْتَرِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا الْأَشْعَثُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُصَلِّي فِي شَعْرِنَا وَلُحُفِنَا قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ شَكَّ أَبِي

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے بالوں اور ہمارے لحافوں میں نماز نہیں پڑھتے تھے۔ عبیداللہ کہتے ہیں: میرے والد کو شک ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

924- حَدَّثَنِيْ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَنْصُوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنَ

حدیث 923:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 367 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 600 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 5366 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 24742 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 9808 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 3927 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان مدینه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحدیث: 1343

يَـزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ مَّكْحُولٍ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنَ حَارِثَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُجْزِءُ مِنَ السُّتْرَةِ مِثْلُ مُؤْخِرَةِ الرَّحْلِ، وَلَوْ بِدَقَّةِ شَعْرَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ مُفَسَّرًا بِذِكْرِ دِقَّةِ الشَّعْرِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اونٹ کی دم جتنا سترہ کافی ہے، اگرچہ باریک بالوں کا ہو۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔لیکن انہوں نے ''دقۃ الشعر'' کا ذکر کر کے تفصیلی حدیث ذکر نہیں کی۔

925- حَـدَّثَـنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْـنُ عَبْـدِ الْعَزِيْزِ بْنِ الرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَسْتُرْ اَحَدُكُمْ صَلاتَهُ، وَلَوْ بِسَهْمٍ

✧✧ حرملہ بن عبدالعزیز بن ربیع بن سبرہ بن معبد اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی نماز کے لئے سترہ بناؤ اگرچہ تیر کا ہی بنالو۔

926- حَـدَّثَـنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُـونُسَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، وَاَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبُخَارِيُّ بِنَيْسَابُوْرَ، قَالا: حَدَّثَنَا اَبُـو الْـمُـوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اللَّيْثِ الْكَرْمِيْنِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّنُوْعِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِـیْ رَجَـاءٍ، وَمُـحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُثْمَانِيُّ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ الـرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَتِرُوْا بِصَلاتِكُمْ وَلَوْ بِسَهْمٍ

حديث 924:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 808 اخرجه ابو القاسم الطبرانى فى "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 496 اخرجه ابو القاسم الطبرانى فى "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث:635

حديث 925:

اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 15378 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث:3276 اخرجه ابويعلى الموصلى فى "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 941 اخرجه ابو القاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 6539 اخرجه ابن ابى اسامه فى "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبوية مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث:166

✧✧ عبدالملک بن عبدالعزیز بن ربیع بن سبرہ جہنی اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: اپنی نمازوں کو چھپاؤ (سترہ گاڑو) اگرچہ کسی تیر کے ذریعے سے۔

927۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ الْاَصَمُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلابَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ الشَّحَّامُ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ، يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ الصَّلٰوةِ: اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ، وَالْفَقْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِاِسْنَادِهِ سَوَاءً "سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ، الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ مسلم بن ابوبکرہ اپنے والد کے حوالے سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ ہر نماز کے بعد یوں دعا مانگا کرتے تھے۔ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ، وَالْفَقْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ۔ (اے اللہ میں کفر، فقر اور عذاب قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کی پوری سند سے یہ حدیث بھی روایت کی ہے (جس میں حضور ﷺ نے فرمایا) عنقریب ایسا فتنہ برپا ہوگا کہ اس میں بیٹھا ہوا شخص کھڑے ہوئے سے بہتر ہوگا۔

928۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّهُ قَالَ: اُمِرْنَا اَنْ نُسَبِّحَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَنَحْمَدَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَنُكَبِّرَ اَرْبَعًا وَثَلَاثِيْنَ، قَالَ: فَاُتِيَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فِيْ نَوْمِهِ فَقِيْلَ لَهُ: اَمَرَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُسَبِّحُوا فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاجْعَلُوْهَا خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ، وَاجْعَلُوْا فِيْهَا التَّهْلِيْلَ، فَلَمَّا اَصْبَحَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَافْعَلُوْا

حدیث 927:

اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 20425 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري، في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان: 1390ه/1970ء رقم الحديث: 747

حدیث 928:

اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، 1407ه، 1987ء رقم الحديث: 1354 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 21640 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ه/1993ء رقم الحديث: 2017 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري، في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، 1390ه/1970ء رقم الحديث: 752 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ه/1983ء رقم الحديث: 4898

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ سُمَيٍّ

✧✧ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمدللہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھنے کا حکم دیا (زید کہتے ہیں) ایک انصاری صحابی رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھا کہ اس کو کوئی شخص پوچھ رہا ہے کہ کیا تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نماز کے بعد (فلاں فلاں چیز) اتنی اتنی بار پڑھنے کا حکم دیا ہے؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے کہا: اس کو پچیس مرتبہ پڑھ لیا کرو لیکن ساتھ ہی ساتھ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ بھی پڑھ لیا کرو۔ جب صبح ہوئی تو وہ شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور رات کا دیکھا ہوا خواب سنایا (اس پر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (ٹھیک ہے) ایسے کر لیا کرو۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اس انداز سے بیان نہیں کیا۔ تاہم دونوں نے سمی کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے ابوصالح کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی "ذَهَبَ اَهْلُ الدُّثُوْرِ بِالْاُجُوْرِ" (مالدار، اجر لے گئے) والی حدیث نقل کی ہے اور اس میں خواب اور یہ زائد الفاظ موجود نہیں ہیں۔

929۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ حُنَيْنِ بْنِ اَبِيْ حَكِيْمٍ الْاُمَوِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَءُوا الْمُعَوِّذَاتِ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نماز کے بعد "سورۃ الفلق اور سورۃ الناس" پڑھا کرو۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

930۔ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ فَلْيَشُدَّهُ عَلٰى حَقْوِهِ، وَلَا تَشْتَمِلُوْا كَاشْتِمَالِ الْيَهُوْدِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَا كَيْفِيَّةَ الصَّلٰوةِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص ایک کپڑے میں نماز پڑھے تو اس کو اپنی کمر پر باندھ لے، یہودیوں کی طرح نہ لپیٹے۔

حدیث 929:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 812

حدیث 930:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 769

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ایک کپڑے میں نماز پڑھنے کی کیفیت ذکر نہیں کی۔

931۔ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَلِيمٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ السَّدْلِ، وَاَنْ يُغَطِّيَ الرَّجُلُ فَاهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَا فِيْهِ تَغْطِيَةَ الرَّجُلِ فَاهُ فِي الصَّلٰوةِ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سدل (یعنی کپڑا لٹکانا) کرنے اور چہرہ ڈھانپنے سے منع فرمایا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نماز میں چہرہ ڈھانپنے کا ذکر نہیں کیا۔

932۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا مِهْرَانُ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَزْرَةَ يَعْقُوْبُ بْنُ مُجَاهِدٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيْدِ، قَالَ: اَتَيْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: سِرْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةٍ، فَقَامَ يُصَلِّيْ وَكَانَتْ عَلَيَّ بُرْدَةٌ، فَذَهَبْتُ اُخَالِفُ بَيْنَ اَطْرَافِهَا، ثُمَّ تَوَاقَفْتُ عَلَيْهَا لَا تَسْقُطُ ثُمَّ جِئْتُ عَنْ يَسَارِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذَ بِيَدِيْ فَاَدَارَنِيْ حَتّٰى اَقَامَنِيْ عَنْ يَمِيْنِهِ، فَجَاءَ ابْنُ صَخْرٍ حَتّٰى قَامَ عَنْ يَسَارِهِ فَاَخَذَنَا بِيَدَيْهِ جَمِيْعًا حَتّٰى اَقَامَنَا خَلْفَهُ، قَالَ: وَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمُقُنِيْ وَاَنَا لَا اَشْعُرُ، ثُمَّ فَطِنْتُ بِهِ فَاَشَارَ اِلَيَّ اَنْ اَتَّزِرَ بِهَا، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَا جَابِرُ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اِذَا كَانَ وَاسِعًا فَخَالِفْ بَيْنَ طَرَفَيْهِ، وَاِذَا كَانَ ضَيِّقًا فَاشْدُدْهُ عَلٰى حَقْوِكَ هٰذَا

صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبادہ بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے پاس آئے، انہوں نے فرمایا: میں رسول

حدیث 931:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 643 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 8532 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2289 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 3125 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 1280

اللہ ﷺ کے ہمراہ ایک غزوہ کے سفر میں شریک تھا، آپ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے، اس وقت میرے اوپر ایک چادر تھی، میں نے اس کے کنارے پکڑ کر اپنے اوپر اس طرح ڈال لئے کہ نیچے نہ گرے۔ دایاں کنارہ بائیں بازو پر اور بایاں کنارہ دائیں بازو پر پھر میں آپ ﷺ کی بائیں جانب آ کر کھڑا ہو گیا۔ آپ ﷺ نے مجھے گھما کر بائیں جانب سے دائیں جانب کر لیا پھر ابن صخر آئے، وہ بھی بائیں جانب کھڑے ہو گئے، آپ ﷺ نے ہم دونوں کو ہاتھ سے پکڑ کر اپنے پیچھے کھڑا کر لیا (عبادہ کہتے ہیں) پھر آپ ﷺ مجھے دیر تک دیکھتے رہے لیکن مجھے پتہ نہ چلا (کہ آپ مجھے دیکھ رہے ہیں) پھر مجھے پتہ چل گیا تو آپ ﷺ نے مجھے اشارہ کیا کہ میں گرہ لگا لوں۔ جب رسول اکرم ﷺ (نماز سے) فارغ ہوئے تو فرمایا: اے جابر! میں نے عرض کی: یا رسول اللہ میں حاضر ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب چادر بڑی ہو تو اس کے کنارے (دایاں کنارہ بائیں کندھے پر اور بایاں کنارہ دائیں) کندھے پر ڈال لیا کرو اور جب تنگ ہو تو کمر پر گرہ باندھ لیا کرو۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

933- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِىْ وَدَاعَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ حِيْنَ فَرَغَ مِنْ طَوَافِهِ اِلٰى حَاشِيَةِ الْمَطَافِ، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ وَلَيْسَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الطَّوَافِيْنَ اَحَدٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَقَدْ ذَكَرَ الْبُخَارِيُّ فِى التَّارِيْخِ رِوَايَةَ الْمُطَّلِبِ

✧✧ حضرت مطلب بن ابی وداعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا، جس وقت آپ ﷺ طواف سے فارغ ہو کر مطاف کے کنارے پر آئے، آپ ﷺ نے دو رکعت نماز پڑھی، اس وقت آپ ﷺ کے اور طواف کرنے والوں کے درمیان کوئی چیز حائل نہ تھی (یعنی کوئی سترہ وغیرہ نہیں گاڑا تھا اور طواف کرنے والے آپ ﷺ کے آگے سے گزر رہے تھے)

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ''تاریخ'' میں مطلب کی روایت سے نقل کی ہے۔

934- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا

حديث 933:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 2959 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2363 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی، بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 815 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 3953

حديث 934:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2371 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی، بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 827 اخرجه ابويعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 2652 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 12415

جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ، وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْخِرِّيتِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ فَمَرَّتْ شَاةٌ بَيْنَ يَدَيْهِ فَسَاعَاهَا اِلَى الْقِبْلَةِ حَتّٰى اَلْزَقَ بَطْنَهُ بِالْقِبْلَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (ایک مرتبہ) نماز پڑھ رہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے سے ایک بکری گزرنے لگی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو روکتے روکتے قبلہ کی طرف بڑھتے رہے حتیٰ کہ آپ خود قبلہ کے ساتھ جا لگے (لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بکری کو آگے سے گزرنے نہیں دیا)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

935- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْغِفَارِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْهِرَّةُ لَا تَقْطَعُ الصَّلٰوةَ لِاَنَّهَا مِنْ مَّتَاعِ الْبَيْتِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ لِاسْتِشْهَادِهِ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي الزِّنَادِ مَقْرُوْنًا بِغَيْرِهِ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ وَهْبٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بلی (کے آگے سے گزرنے) سے نماز نہیں ٹوٹتی کیونکہ اس کی حیثیت گھر کے سامان جیسی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمٰن بن ابی زناد کی روایت بطور شاہد روایت کی ہے، جو ابن وہب کی حدیث کے بالکل قریب تر ہے۔

936- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ وَهُوَ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ بَعْضِ صَلَاتِهِ: اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَّسِيْرًا فَلَمَّا انْصَرَفَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا الْحِسَابُ الْيَسِيْرُ؟ قَالَ: يُنْظَرُ فِيْ كِتَابِهِ وَيُتَجَاوَزُ لَهُ عَنْهُ، اِنَّهُ مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ يَوْمَئِذٍ يَّا عَائِشَةُ هَلَكَ، فَكُلُّ مَا يُصِيْبُ الْمُؤْمِنَ يُكَفِّرُ اللّٰهُ عَنْهُ

حديث 935

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 369 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ه/1970ء' رقم الحديث: 828

حديث 936

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ه/1970ء' رقم الحديث: 849

حَتَّى الشَّوْكَةَ تَشُوكُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ

✧✧ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک مرتبہ نماز میں رسول اللہ ﷺ نے یہ دعا مانگی۔اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَّسِيْرًا (یا اللہ! میرا حساب آسان لینا) جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے پوچھا: یارسول اللہ یہ "آسان حساب" کیا ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کسی کے نامہ اعمال کو دیکھ کر اس سے درگزر کرلیا جائے۔ (پھر آپ ﷺ نے فرمایا) اے عائشہ! اُس دن جس کے حساب کی تفتیش شروع ہوگئی وہ ہلاک ہوگیا۔ اس لئے مومن کو جو بھی تکلیف آتی ہے، اس کے بدلے اس کے گناہ مٹائے جاتے ہیں حتیٰ کہ جو کانٹا بھی چبھتا ہے (اس کے عوض بھی اس کے گناہ مٹتے ہیں)

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں اس سند کے ہمراہ نقل نہیں کیا گیا۔

937- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: جَاءَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، عَلِّمْنِيْ شَيْئًا أَدْعُوْ بِهِ فِيْ صَلَاتِيْ، فَقَالَ: سَبِّحِي اللّٰهَ عَشْرًا، وَاحْمَدِي اللّٰهَ عَشْرًا، وَكَبِّرِي اللّٰهَ عَشْرًا، ثُمَّ سَلِي اللّٰهَ مَا شِئْتِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُمّ سلیم، نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آئیں اور عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! مجھے کوئی دعا سکھائیں جو میں نماز کے بعد مانگا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ۱۰ مرتبہ "سبحان اللہ" ۱۰ مرتبہ "الحمد للہ" اور ۱۰ مرتبہ "اللہ اکبر" پڑھو، پھر جو چاہو اللہ سے دعا مانگا کرو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

938- أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا

حديث 937:

اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 481 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ه 1986ء رقم الحديث: 1299 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 12228 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 2011 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 850 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/1991ء رقم الحديث: 1222

حديث 938:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 866

سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْاَزْرَقُ بْنُ قَيْسٍ، اَنَّهُ رَاٰى اَبَا بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيَّ يُصَلِّيْ وَعِنَانُ دَابَّتِهِ فِيْ يَدِهِ، فَلَمَّا رَكَعَ انْفَلَتَ الْعِنَانُ مِنْ يَّدِهِ، فَانْطَلَقَتِ الدَّابَّةُ فَنَكَصَ اَبُوْ بَرْزَةَ عَلٰى عَقِبِهِ وَلَمْ يَلْتَفِتْ حَتّٰى لَحِقَ الدَّابَّةَ وَاَخَذَهَا، ثُمَّ مَشٰى كَمَا هُوَ ثُمَّ اَتٰى مَكَانَهُ الَّذِيْ صَلّٰى فِيْهِ فَقَضٰى صَلَاتَهُ، فَاَتَمَّهَا ثُمَّ سَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: اِنِّيْ قَدْ صَحِبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوٍ كَثِيْرٍ حَتّٰى عَدَّ غَزَوَاتٍ فَرَاَيْتُ مِنْ رُخْصَتِهِ وَتَيْسِيْرِهِ فَاَخَذْتُ بِذٰلِكَ، فَلَوْ اَنِّيْ تَرَكْتُ دَابَّتِيْ حَتّٰى تَلْحَقَ بِالصَّحْرَاءِ ثُمَّ انْطَلَقْتُ شَيْخًا كَبِيْرًا اَتَخَبَّطُ الظُّلْمَةَ كَانَ اَشَدَّ عَلَيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ارزق بن قیس فرماتے ہیں: انہوں نے حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے اپنے جانور کی لگام ہاتھ میں پکڑی ہوئی اور نماز پڑھ رہے تھے، جب وہ رکوع میں گئے تو ان کے جانور کی لگام ان کے ہاتھ سے چھوٹ گئی اور وہ جانور بھاگ گیا۔ حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ نے وہیں نماز چھوڑی اور اس سے بالکل توجہ ہٹا کر (جانور کے پیچھے بھاگ کھڑے ہوئے) یہاں تک کہ وہ جانور تک پہنچ گئے اور اس کو پکڑ لیا پھر اس کو لے کر اسی جگہ پر آ گئے جہاں پر نماز پڑھ رہے تھے اور نماز پڑھی۔ جب سلام پھیرا تو فرمانے لگے: میں نے بہت سارے غزوات میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شرکت کی (ارزق بن قیس کہتے ہیں) انہوں نے کتنے ہی غزوات گنوا دیئے (آپ فرماتے ہیں) میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دی ہوئی رخصتیں اور آسانیاں دیکھی ہیں، اس لئے میں نے انہی کو اختیار کیا ہے، اب اگر میں جانور کو چھوڑ دیتا اور وہ صحرا میں نکل جاتا پھر میں اس بڑھاپے کے عالم میں اندھیروں میں بھٹکتا پھرتا تو یہ میرے لئے اس سے بھی زیادہ دشوار ہوتا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

939۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ،

حديث 939:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ه 1986ء رقم الحديث: 1202 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1245 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، 1407ه 1987ء رقم الحديث: 1504 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 7178 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ه/1993ء رقم الحديث: 2351 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، 1390ه/1970ء رقم الحديث: 869 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ه/ 1991ء رقم الحديث: 520 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 3251 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2538

حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ یَّحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ، عَنْ ضَمْضَمِ بْنِ جَوْسٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْاَسْوَدَیْنِ فِی الصَّلٰوةِ: الْحَیَّةِ، وَالْعَقْرَبِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَضَمْضَمُ بْنُ جَوْسٍ مِّنْ ثِقَاتِ اَهْلِ الْیَمَامَةِ، سَمِعَ مِنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ وَرَوٰی عَنْهُ یَحْیَی بْنُ اَبِیْ کَثِیْرٍ، وَقَدْ وَثَّقَهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو کالے (جانوروں کو) نماز کے دوران (بھی) مار دینے کا حکم دیا۔ (۱) سانپ اور (۲) بچھو۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور ضمضم بن جوس، اہل یمامہ کے ثقہ راویوں میں سے ہیں۔ انہوں نے متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حدیث کا سماع کیا ہے اور یحییٰ بن کثیر نے ان سے حدیث روایت کی ہے اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے بارے میں اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

940۔ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ نُصَیْرٍ الدَّارَابَرْدِیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَلْتَفِتُ فِیْ صَلَاتِهٖ یَمِیْنًا وَّشِمَالًا، وَلَا یَلْوِیْ عُنُقَهٗ خَلْفَ ظَهْرِهٖ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الْبُخَارِیِّ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوران نماز (آنکھ کی پتلیاں گھما کر) دائیں بائیں متوجہ تو ہو جایا کرتے تھے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی گردن پیچھے کی طرف کبھی نہیں پھیری۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

941۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیٰی، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا یَحْیٰی، عَنْ سُفْیَانَ، وَحَدَّثَنِیْ عَلِیُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ الْهَیْثَمِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اَبِی اللَّیْثِ، حَدَّثَنَا الْاَشْجَعِیُّ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ مَّنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِیِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُحَارِبِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا کُنْتَ فِی الصَّلٰوةِ فَلَا تَبْزُقْ بَیْنَ یَدَیْكَ وَلَا عَنْ یَّمِیْنِكَ، وَلٰکِنِ ابْصُقْ تِلْقَاءَ شِمَالِكَ اِنْ کَانَ فَارِغًا اَوْ تَحْتَ قَدَمَیْكَ، وَقَالَ: بِرِجْلِهٖ کَاَنَّهٗ یَحُطُّهٗ بِقَدَمِهٖ هٰذَا اللَّفْظُ حَدِیْثُ اَبِی الْعَبَّاسِ،

حدیث 941:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 571 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 876 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 877 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 8172

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى مَا اَصَّلْتُهُ مِنْ تَفَرُّدِ التَّابِعِيِّ عَنِ الصَّحَابِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ طارق بن عبداللہ المحاربی کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دوران نماز اپنے آگے اور دائیں طرف تھوک مت پھینکو (ہاں ضرورت ہو تو) اگر بائیں جانب خالی ہو تو اس طرف پھینکو یا پاؤں کے نیچے، پھر آپ ﷺ نے پاؤں کو یوں رگڑا گویا کہ اس کو قدم سے مسل رہے ہیں۔

✣✣ یہ الفاظ ابوالعباس کی حدیث کے ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے اور ہم نے اس کو اس قانون کے مطابق یہاں پر ذکر کیا ہے کہ صحابی سے روایت کرنے والا تابعی منفرد ہو، جبکہ ان تک طریق درست ہو، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا ہے۔

942۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ أَنْبَأَ أَبُو الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا الْجَرِيْرِيُّ وَأَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ حَدَّثَنَا الْجَرِيْرِيُّ عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ بْنِ الشِّخِّيْرِ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّهُ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَنَخَّعَ فَدَلَكَهَا بِنَعْلِهِ الْيُسْرٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدِ اتَّفَقَا عَلٰى أَبِي الْعَلَاءِ فَإِنَّهُ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ وَقَدْ أَخْرَجَ مُسْلِمٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ الصَّحَابِيِّ وَالْحَدِيْثُ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ ابوالعلاء بن شخیر اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے (ایک مرتبہ) رسول اکرم ﷺ کے ہمراہ نماز پڑھی، آپ ﷺ نے کھنکار پھینکا پھر اس کو اپنے الٹے پاؤں کے جوتے کے ساتھ رگڑ دیا۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے نقل نہیں کیا ہے جبکہ دونوں نے ابوالعلاء کی روایات نقل کی ہیں۔ یہ ابوالعلاء یزید بن عبداللہ بن شخیر ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبداللہ بن شخیر صحابی کی روایات نقل کی ہیں اور یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

943۔ اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

حدیث 942:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 554 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 16356

حدیث 943:

اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 993 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه، مكتبه المتنبي، بيروت، قاهره، رقم الحديث: 729 اخرجه ابوبكر الكوفي، في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد، رياض، سعودي عرب، (طبع اول) 1409ھ، رقم الحديث: 7449

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ تُعْجِبُهُ الْعَرَاجِينُ اَنْ يُمْسِكَهَا بِيَدِهِ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ ذَاتَ يَوْمٍ وَّفِيْ يَدِهِ وَاحِدٌ مِّنْهَا فَرَاٰى نُخَامَاتٍ فِيْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ، فَحَتَّهُنَّ حَتّٰى اَنْقَاهُنَّ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ مُغْضَبًا، فَقَالَ: اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّسْتَقْبِلَهُ رَجُلٌ فَيَبْصُقَ فِيْ وَجْهِهِ، اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاِنَّمَا يَسْتَقْبِلُ رَبَّهُ، وَالْمَلَكُ عَنْ يَّمِيْنِهِ، فَلَا يَبْصُقْ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَلَا عَنْ يَّمِيْنِهِ، وَلْيَبْصُقْ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرٰى، اَوْ عَلٰى يَسَارِهِ، وَاِنْ عَجِلَتْ بِهِ بَادِرَةٌ فَلْيَتْفُلْ هٰكَذَا فِيْ طَرَفِ ثَوْبِهِ وَرَدَّ بَعْضَهُ عَلٰى بَعْضٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مُّفَسَّرٌ فِيْ هٰذَا الْبَابِ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کی ٹہنی بڑے شوق سے ہاتھ میں رکھا کرتے تھے، ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں وہی کھجور کی ٹہنی پکڑی ہوئی تھی (اس دن) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کی قبلہ رخ کی دیوار پر رینٹھ لگی ہوئی دیکھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ تمام صاف کردی اور ناراضگی کے عالم میں لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا: کیا تم میں سے کسی کو یہ بات پسند ہے کہ یہ کسی کی طرف متوجہ ہو اور وہ آگے سے اُس کے منہ کے اوپر تھوک مل دے؟ (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) جب بندہ نماز میں ہوتا ہے تو اس کا رب اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور فرشتہ اس کی دائیں طرف ہوتا ہے، اس لئے اپنے آگے اور دائیں طرف مت تھوکا کرو، اپنی بائیں جانب یا پاؤں کے نیچے تھوک لیا کرو اور اگر بہت جلدی ہو، تو یوں کپڑے کے ایک کنارے میں تھوک کر کپڑے کو مل لیا کرو۔

✤✤ یہ حدیث صحیح ہے اور اس باب میں مفسر حدیث ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ہے لیکن انہوں نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

944۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَرْقَمِ، اَنَّهُ كَانَ يَؤُمُّ قَوْمَهُ فَجَآءَ، وَقَدْ اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ، فَقَالَ: لِيُصَلِّ اَحَدُكُمْ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ، وَحَضَرَتِ الْغَائِطُ فَابْدَءُوا بِالْغَائِطِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مِّنْ جُمْلَةِ مَا قَدَّمْتُ ذِكْرَهُ مِنْ تَفَرُّدِ التَّابِعِيِّ عَنِ الصَّحَابِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حديث 944:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 142 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 616 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1427 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 932 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 4807 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دارالراية رياض سعودي عرب 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 640

حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن ارقم ایک قبیلے کی امامت کروایا کرتے تھے (ایک دن) آپ مسجد میں آئے تو اقامت ہو چکی تھی۔ آپ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص نماز پڑھائے کیونکہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے "جب نماز کا وقت ہو جائے اور اسی وقت قضائے حاجت کی بھی ضرورت پڑے تو پہلے قضائے حاجت کرو"

یہ حدیث صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا ہے اور یہ بھی اسی طرح کی حدیث ہے کہ صحابی سے روایت کرنے والا تابعی منفرد ہے۔

945۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ التِّنِّيْسِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ، عَنِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ الَّذِیْ كَانَ يَسْكُنُ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ اَنَّهُ رَكِبَ فِیْ طَلَبِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ بِالْمَدِيْنَةِ فَسَاَلَ عَنْهُ، فَقَالُوْا: قَدْ سَارَ اِلٰی مَكَّةَ، فَاتَّبَعَهُ فَوَجَدَهُ قَدْ سَارَ اِلَی الطَّائِفِ، فَاتَّبَعَهُ فَوَجَدَهُ فِیْ زَرْعَةِ الَّذِیْ يُسَمَّی الْوَهْطُ، قَالَ ابْنُ الدَّيْلَمِيِّ: فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَوَجَدْتُهُ يَمْشِیْ مُخَاصِرًا رَجُلًا مِّنْ قُرَيْشٍ وَّالْقُرَشِیُّ يَزِنُ بِالْخَمْرِ، فَلَقِيْتُهُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَیَّ، فَقَالَ: مَا غَدَا بِكَ الْيَوْمَ، وَمِنْ اَيْنَ اَقْبَلْتَ ؟ وَاَخْبَرْتُهُ ثُمَّ سَاَلْتُهُ: هَلْ سَمِعْتَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ رَجُلٌ مِّنْ اُمَّتِیْ فَتُقْبَلُ لَهُ صَلٰوةٌ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حضرت عروہ بن رویم روایت کرتے ہیں کہ ابن دیلمی بیت المقدس میں رہائش پذیر تھے، وہ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے ملاقات کے لئے مدینہ منورہ کی جانب روانہ ہوئے (جب وہ مدینہ پہنچے تو) لوگوں سے ان کے متعلق دریافت کیا تو لوگوں نے بتایا کہ وہ مکہ کی طرف گئے ہوئے ہیں۔ ابن دیلمی ان کے پیچھے چل دیئے۔ (جب آپ مکہ پہنچے تو پتہ چلا کہ) طائف کی طرف گئے ہوئے ہیں (ابن دیلمی) وہاں سے بھی ان کے پیچھے چل دیئے بالآخر طائف کے ایک باغ میں (جس کو وھط بھی کہتے ہیں) ان سے ملاقات ہوگئی (ابن دیلمی) کہتے ہیں: میں جب ان کے پاس پہنچا، تو وہ ایک قریشی نوجوان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے جو کہ شراب خوری کے حوالے سے بدنام تھا، میں نے آپ سے ملاقات کی اور ان کو سلام کیا، انہوں نے بھی مجھے سلام کیا، وہ مجھے کہنے لگے: آج کہاں ہو؟ اور کہاں سے آرہے ہو؟ مزید حال احوال دریافت کرنے اور ضروری گفتگو کے بعد میں نے ان سے پوچھا: اے عبداللہ بن عمرو! کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سن رکھا ہے: میرا جو امتی شراب پیتا ہے، چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں ہوتی۔

یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

946۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَمْشَاذٍ الْعَدْلُ ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنِی اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ اَنَّهُ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

عُمَرَ إِنَّا نَجِدُ صَلَاةَ الْحَضَرِ وَصَلَاةَ الْخَوْفِ فِي الْقُرْآنِ وَلَا نَجِدُ صَلَاةَ السَّفَرِ فِي الْقُرْآنِ فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ يَا ابْنَ أَخِي إِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ إِلَيْنَا مُحَمَّدًا ﷺ وَلَا نَعْلَمُ شَيْئًا فَإِنَّمَا نَفْعَلُ كَمَا رَأَيْنَا مُحَمَّدًا يَفْعَلُ

هٰذَا حَدِيْثٌ رُوَاتُهُ مَدَنِيُّوْنَ ثِقَاتٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت امیہ بن عبداللہ بن خالد سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: ہمیں قرآن میں حضر (حالت اقامت) کی نماز اور خوف کی نماز تو مل گئی ہے لیکن قرآن میں کہیں بھی سفر کی نماز کا ذکر نہیں ملا۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو ہماری طرف مبعوث فرمایا ہے، ہم کچھ نہیں جانتے۔ بس ہم نے رسول اکرم ﷺ کو جو عمل کرتے دیکھا وہی عمل ہم نے اپنا لیا (خواہ قرآن میں اس کا ذکر موجود ہو یا نہ ہو)

❖ اس حدیث کے راوی مدنی ہیں ثقہ ہیں لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے روایت نہیں کیا۔

947۔ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مُتَرَبِّعًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو چار زانو بیٹھے نماز پڑھتے دیکھا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

حدیث 946:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1434 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1066 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربی (تحقيق فواد عبدالباقی) رقم الحديث: 1334 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 5333 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1451 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 946 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1892 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 5171 اخرجه ابوبكر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ رقم الحديث: 4276

حدیث 947:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 978 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1363 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3475

948 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ الرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيْعِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلِّمُوا الصَّبِيَّ الصَّلٰوةَ ابْنَ سَبْعِ سِنِيْنَ، وَاضْرِبُوْهُ عَلَيْهَا ابْنَ عَشْرٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حرملہ بن عبدالعزیز بن ربیع بن سبرہ اپنے چچا عبدالملک بن ربیع سے وہ ان کے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سات سال کی عمر سے بچوں کو نماز سکھانا شروع کر دو اور دس سال کی عمر کے بعد ان پر سختی کرو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

949۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، قَالَا: اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى الْمِصْرِيُّ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ اَبِيْ ظَبْيَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَرَّ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ بِمَجْنُوْنَةِ بَنِيْ فُلَانٍ، وَقَدْ زَنَتْ وَاَمَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِرَجْمِهَا، فَرَدَّهَا عَلِيٌّ، وَقَالَ لِعُمَرَ: يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، اَتَرْجُمُ هٰذِهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اَوَ مَا تَذْكُرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثٍ، عَنِ الْمَجْنُوْنِ الْمَغْلُوْبِ عَلٰى عَقْلِهِ، وَعَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ، وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتّٰى يَحْتَلِمَ؟ قَالَ: صَدَقْتَ، فَخَلّٰى عَنْهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ (ایک دفعہ) حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فلاں قبیلے کی ایک مجنونہ عورت کے پاس سے گزرے، وہ زنا کی مرتکب ہوئی تھی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو رجم کرنے کا فیصلہ فرما دیا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس حکم پر عملدرآمد روک دیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: اے امیر المومنین! کیا آپ اس کو رجم کروائیں گے؟ انہوں نے جواب

حدیث 949:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت، لبنان، رقم الحديث: 4399 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 1183 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ه/1993ء رقم الحديث: 143 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري، في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، 1390ه/1970ء رقم الحديث: 1003 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ه/ 1991ء رقم الحديث: 7343 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 8091 اخرجه ابويعلٰى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ه-1984ء رقم الحديث: 587 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر، بيروت، لبنان، 1410ه/1990ء رقم الحديث: 741

دیا: ہاں۔ آپ نے فرمایا: کیا آپ کو رسول اللہ ﷺ کا وہ فرمان یاد نہیں ہے کہ تین طرح کے لوگوں سے قلم اٹھالیا گیا ہے۔ (۱) وہ، جس کی عقل پر جنون کا غلبہ ہو (۲) سویا ہوا، جب تک کہ اٹھ نہ جائے (۳) بچہ، جب تک بالغ نہ ہو جائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ نے سچ فرمایا: پھر انہوں نے فیصلہ واپس لے لیا اور عورت کو بری کر دیا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

950- حَدَّثَنَا مُكْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِيْ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيْ عَوْنٍ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ عَلَى الْحَصِيْرِ وَالْفَرْوَةِ الْمَدْبُوغَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِذِكْرِ الْفَرْوَةِ، اِنَّمَا خَرَّجَهُ مُسْلِمٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدٍ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى الْحَصِيْرِ

✧✧ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ چٹائی پر اور رنگی ہوئی کھال پر نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے "فروہ" کے ذکر کے ساتھ اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے چٹائی پر نماز پڑھنے کے متعلق ابوسعید کی حدیث نقل کی ہے۔

951- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ، حَدَّثَنَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ صَلّٰى عَلٰى بِسَاطٍ، ثُمَّ قَالَ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بِسَاطٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِعِكْرِمَةَ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِزَمْعَةَ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ابن عباس رضی اللہ عنہما نے چٹائی پر نماز پڑھی پھر فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے چٹائی پر نماز

حديث 950:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1006 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3993 اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 661 اخرجه ابو عيسٰى الترمذي' في "جامعه"' طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 332 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه"' طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1029 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 1374 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 11086 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1004 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي' دارعمار' بيروت' لبنان/عمان' 1405ھ 1985ء' رقم الحديث: 714 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 11129

پڑھی ہے۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عکرمہ کی اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے زمعہ کی روایات نقل کی ہیں۔

952۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سَابِقٍ الْخَوْلَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَلْبَسْ نَعْلَيْهِ، اَوْ لِيَخْلَعْهُمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ، وَلَا يُؤْذِىْ بِهِمَا غَيْرَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی نماز پڑھے، تو اپنے جوتے پہن کر رکھے یا اپنے دونوں پاؤں کے درمیان اتارے، ان کے ساتھ کسی کو تکلیف مت پہنچائے۔

✥✥ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

953۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ، قَالَ: حَضَرْتُ

حدیث 951:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" ، طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 1030 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث: 2061 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث: 2472 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی، بیروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحدیث: 1005 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 11624 اخرجه ابوبکر الکوفی، فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد، ریاض، سعودی عرب، (طبع اول) 1409ھ، رقم الحدیث: 4043 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 4084 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة، قاهره، مصر، 1408ھ/1988ء، رقم الحدیث: 1326

حدیث 952:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه"، (طبع ثالث) دارا بن کثیر، یمامه، بیروت، لبنان، 1407ھ1987ء، رقم الحدیث: 655 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه"، طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 1432 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 2183 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری، فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی، بیروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحدیث: 1009 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 4058 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی، دارعمار، بیروت، لبنان/عمان، 1405ھ 1985ء، رقم الحدیث: 783 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 1519

مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ فَصَلَّى الصُّبْحَ، فَخَلَعَ نَعْلَيْهِ، فَوَضَعَهُمَا عَنْ يَّسَارِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ يُعْرَفُ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ اَخْرَجْتُهُ شَاهِدًا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں فتح مکہ کے سال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز پڑھانے لگے، تو اپنے جوتے اتار کر اپنی بائیں جانب رکھ لئے۔

❖❖ یہ حدیث محمد بن عباد بن جعفر کے حوالے سے معروف ہے میں نے اس کو بطور شاہد نقل کیا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

954- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْخَزَّازُ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَا يَضَعْ نَعْلَيْهِ عَنْ يَمِيْنِهٖ، وَلَا عَنْ يَسَارِهٖ، اِلَّا اَنْ لَّا يَكُوْنَ عَنْ يَّسَارِهٖ اَحَدٌ، وَلْيَضَعْهُمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی نماز پڑھنے لگے، تو اپنے جوتے، دائیں یا بائیں مت اتارے بلکہ اپنے قدموں کے درمیان رکھے ہاں البتہ اگر اس کی بائیں جانب کوئی نہ ہو تو (اس طرف رکھ سکتا ہے)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

955- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ نَعَامَةَ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى فَخَلَعَ نَعْلَيْهِ، فَخَلَعَ النَّاسُ نِعَالَهُمْ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: لِمَ خَلَعْتُمْ نِعَالَكُمْ ؟ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَاَيْنَاكَ خَلَعْتَ فَخَلَعْنَا، قَالَ: اِنَّ جِبْرَائِيْلَ اَتَانِيْ فَاَخْبَرَنِيْ اَنَّ بِهِمَا خَبَثًا، فَاِذَا جَآءَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ

حديث 955:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 11169 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1017 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3889 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 12097 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحديث: 142 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 4048 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 7890 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2185 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2154

فَلْيَقْلِبْ نَعْلَيْهِ فَلْيَنْظُرْ فِيْهِمَا خَبَثٌ، فَإِنْ وَجَدَ فِيْهِمَا خَبَثًا فَلْيَمْسَحْهُمَا بِالْاَرْضِ، ثُمَّ لِيُصَلِّ فِيْهِمَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے (ایک مرتبہ) نماز پڑھائی تو اپنے جوتے اتار دیئے، لوگوں نے بھی اپنے اپنے جوتے اتار دیئے، جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو پوچھا: تم لوگوں نے جوتے کیوں اتارے؟ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے جوتے اتارے ہیں تو ہم نے بھی اتار دیئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آ کر بتایا تھا کہ میرے جوتوں میں کوئی نجاست لگی ہوئی ہے (میں نے تو اس لئے جوتے اتارے تھے) چنانچہ جب تم مسجد میں آؤ تو اپنے جوتوں کو پلٹ کر دیکھ لیا کرو، اگر اس میں کوئی گندگی لگی ہو تو زمین سے رگڑ کر اس کو صاف کر دیا کرو پھر جوتے پہن کر نماز پڑھ لیا کرو۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

956۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ هِلَالِ بْنِ مَيْمُوْنِ الرَّمْلِيِّ، عَنْ يَعْلَى بْنِ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَالِفُوا الْيَهُوْدَ فَإِنَّهُمْ لَا يُصَلُّوْنَ فِيْ خِفَافِهِمْ، وَلَا نِعَالِهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ یعلیٰ بن شداد بن اوس اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہودیوں کی مخالفت کرو کیونکہ وہ موزوں اور جوتوں میں نماز نہیں پڑھتے۔

❖ یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے روایت نہیں کیا۔

957۔ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ السُّوْسِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَبَقِيَّةُ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلْيَخْلَعْ نَعْلَيْهِ بَيْنَ رِجْلَيْهِ، اَوْ لِيُصَلِّ فِيْهِمَا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی نماز پڑھنا چاہے تو اپنے جوتے، اپنے پاؤں کے درمیان اتارے یا پہنے ہوئے ہی نماز پڑھ لے۔

حدیث: 956

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 652 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 2186 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 4056 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 7164

958- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَضَعْ يَدَهُ عَلٰى اَنْفِهِ ثُمَّ لِيَنْصَرِفْ

تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْمُقَدَّمِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَقُلْ بِيَدِهِ عَلٰى وَجْهِهِ وَلْيَنْصَرِفْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِاَنَّ بَعْضَ اَصْحَابِ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اَوْقَفَهُ عَنْهُ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: جب کوئی شخص نماز کے دوران بے وضو ہو جائے تو وہ اپنی ناک پر ہاتھ رکھ کر پیچھے کی طرف نکل جائے۔

✤✤ محمد علی مقدمی نے بھی فضل بن موسیٰ کی متابعت میں یہ حدیث ہشام بن عروہ کے واسطے سے ان کے والد سے اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا: جب کوئی شخص نماز کے دوران بے وضو ہو جائے تو وہ اپنا ہاتھ چہرے پر رکھ کر پلٹ جائے اور یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ہشام بن عروہ کے بعض اصحاب نے ان سے سند کو موقوف کیا ہے۔

959- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ الْبَزَّارُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَا يَدْرِي كَمْ صَلّٰى ثَلَاثًا، اَوْ اَرْبَعًا، فَلْيَرْكَعْ رَكْعَةً يُحْسِنُ رُكُوعَهَا، وَسُجُودَهَا، وَيَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ الزِّيَادَةِ مِنْ ذِكْرِ الرَّكْعَةِ وَلَهُ شَاهِدٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَهُوَ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي النُّقْصَانِ فَلْيُصَلِّ حَتّٰى يَيْنَكَ فِي الزِّيَادَةِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص نماز پڑھتے

حدیث 959:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1026
ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3627

حدیث 960:

اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2674 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1053 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3730

ہوئے بھول جائے اوراسے کچھ یاد نہ آئے کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں، تین پڑھی ہیں یا چار؟ تو وہ انتہائی اچھے طریقے سے رکوع وسجود کے ساتھ ایک رکعت (مزید) ادا کرے اور (سہو کے) دوسجدے کرلے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن انہوں نے رکعت کے ذکر والی زیادتی نقل نہیں کی۔ اوراس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جس کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل نہیں کیا اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے: جب کسی کو (نماز میں) کم رکعتوں میں شک واقع ہو تو وہ اپنے شک اور زیادتی کے درمیان نماز پڑھے۔

960۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِمَاكٍ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوْبَ، يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ فَسَهَا، فَسَلَّمَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّكَ سَهَوْتَ فَسَلَّمْتَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ، فَاَمَرَ بِلالًا فَاَقَامَ الصَّلٰوةَ، ثُمَّ اَتَمَّ تِلْكَ الرَّكْعَةَ، فَسَاَلْتُ النَّاسَ عَنِ الرَّجُلِ الَّذِيْ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ سَهَوْتَ، فَقِيْلَ لِيْ: تَعْرِفُهُ، قُلْتُ: لَا، اِلَّا اَنْ اَرَاهُ، فَمَرَّ بِيْ رَجُلٌ، فَقُلْتُ: هُوَ هٰذَا، فَقَالُوْا: هٰذَا طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ اخْتَصَرَهُ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْ حَبِيْبٍ

❖❖ حضرت معاویہ بن حدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مغرب کی نماز ادا کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سہو ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتوں کے بعد سلام پھیر دیا اور نماز ختم کردی۔ ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ بھول گئے ہیں، آپ نے دو رکعتوں پر سلام پھیر دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تو انہوں نے اقامت کہی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری رکعت (پڑھا کر نماز) مکمل کی (معاویہ کہتے ہیں) میں نے لوگوں سے پوچھا کہ وہ شخص کہاں ہے؟ جس نے کہا تھا ''یارسول اللہ! آپ بھول گئے ہیں'' مجھے کہا گیا: آپ ان کو پہچانتے ہیں؟ میں نے کہا: نہیں۔ ہاں اگر دیکھ لوں تو پہچان لوں گا۔ اس کے بعد ایک شخص میرے پاس سے گزرا تو میں نے کہا: یہی ہے وہ شخص، تو لوگوں نے بتایا کہ یہ ''طلحہ بن عبیداللہ'' ہے۔

❖❖ اس حدیث کو لیث بن سعد نے ابن ابی حبیب سے بھی روایت کیا ہے لیکن ان کی حدیث ذرا مختلف ہے۔

961۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، اَنَّ سُوَيْدَ بْنَ قَيْسٍ، اَخْبَرَهُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى يَوْمًا فَسَلَّمَ وَانْصَرَفَ، وَقَدْ بَقِيَ مِنَ الصَّلٰوةِ رَكْعَةٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَهُوَ مِنَ النَّوْعِ الَّذِيْ يَطْلُبَانِ لِلصَّحَابِيِّ مُتَابِعًا فِيْ

حديث 961:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1023 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 764 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 1628

الرِّوَايَةِ عَلٰى اَنَّهُمَا جَمِيْعًا قَدْ خَرَّجَا مِثْلَ هٰذَا

✧✧ حضرت معاویہ بن حدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی اور نماز میں سے ایک رکعت باقی رہ گئی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔اور یہ حدیث اسی قسم میں شامل ہے کہ صحابی سے روایت کرنے میں شیخین کوئی متابع ڈھونڈتے ہیں۔ جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس جیسی دیگر احادیث نقل کی ہیں۔

962۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ نَصْرٍ الدَّرَابَرْدِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمّٰى سَجْدَتَیِ السَّهْوِ الْمُرْغِمَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ مُحْتَجٌّ بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ، وَاَبُوْ مُجَاهِدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَيْسَانَ مِنْ ثِقَاتِ الْمَرَاوِزَةِ يُجْمَعُ حَدِيْثُهٗ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سہو کے دو سجدوں کو "مرغمتین" (ناک رگڑ وانے والے) کا نام دیا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی جاتی ہیں اور اس کی سند میں موجود ابومجاہد عبداللہ بن کیسان، مراوزہ کے ثقہ راویوں میں سے ہیں، ان کی روایات کو جمع کیا جاتا ہے۔

963۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِیْ عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهٗ رَاٰى اَبَا رَافِعٍ مَوْلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ وَّهُوَ يُصَلِّیْ قَائِمًا وَقَدْ غَرَزَ ضَفِرَهٗ فِیْ قَفَاهُ فَحَلَّهَا اَبُوْ رَافِعٍ فَالْتَفَتَ الْحَسَنُ اِلَيْهِ مُغْضَبًا، فَقَالَ اَبُوْ رَافِعٍ: اَقْبِلْ عَلٰى صَلَاتِكَ وَلَا تَغْضَبْ، فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: ذٰلِكَ كِفْلُ الشَّيْطَانِ يَعْنِیْ مَقْعَدَ الشَّيْطَانِ يَعْنِیْ مَغْرَزَ ضَفِرِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ غَيْرِ عِمْرَانَ، قَالَ عَلِیُّ بْنُ الْمَدِيْنِیِّ: عِمْرَانُ بْنُ

حدیث 962:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1025 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2655 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1063 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 12050

مُوْسٰی بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ الْقُرَشِيُّ اَخُو اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰی رَوٰی عَنْهُ ابْنُ جُرَيْجٍ وَّابْنُ عُلَيَّةَ اَيْضًا

✧✧ سعید بن ابوسعید المقبر ی اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے آزاد کردہ غلام ابورافع کو دیکھا کہ وہ حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے جبکہ ''حسن'' کھڑے نماز پڑھ رہے تھے اور انہوں نے اپنے گندھے ہوئے بالوں کی پٹی، سوئی کے ساتھ اپنی گدی پر چپکا رکھی تھی۔ ابورافع نے اس کو کھول دیا، حضرت حسن رضی اللہ عنہ بہت غصے کے ساتھ ان کی طرف دیکھنے لگے۔ ابورافع نے کہا: آپ اپنی نماز کی طرف متوجہ رہیں اور غصہ نہ کریں، کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ'' یہ شیطان کی کفل ہے یعنی شیطان کے بیٹھنے کی جگہ ہے یعنی گندھے ہوئے بالوں کی چوٹی۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں، عمران کے علاوہ علی بن مدینی کہتے ہیں: عمران بن موسیٰ بن عمرو بن سعید بن العاص عمر قرشی، ایوب بن موسیٰ کے بھائی ہیں، ان سے ابن جریج اور ابن عیینہ نے بھی احادیث روایت کی ہیں۔

964- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ دَارِمٍ الْحَافِظُ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنِيْ حَبِيْبُ بْنُ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَعَافِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَكَامِلُ بْنُ الْعَلَاءِ التَّمِيْمِيُّ مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ دوسجدوں کے درمیان یوں دعا مانگا کرتے تھے ''اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَعَافِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ ''(یااللہ میری مغفرت فرما، میرے اوپر رحم فرما، مجھے ہدایت عطا فرما، مجھے

حديث 963:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 646 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 384 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1042 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2279 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2511 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 993 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ھ رقم الحديث: 2991 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 911

حديث 964:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 850 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 284 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 897 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1324

عافیت عطا فرما اور مجھے رزق عطا فرما)

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا اور کامل بن العلاء تمیمی ان راویوں میں سے ہیں جن کی روایات جمع کی جاتی ہیں۔

965۔اَخْبَرَنِی مُحَمَّدُ بْنُ یَزِیْدَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الدَّوْرَقِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ عُلَیَّةَ، حَدَّثَنَا یُوْنُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ حَکِیْمٍ الضَّبِّیِّ، اَنَّهٗ خَافَ مِنْ زِیَادٍ فَاَتَی الْمَدِیْنَةَ فَلَقِیَ اَبَا هُرَیْرَةَ، قَالَ: فَاسْتَنْسَبَنِیْ، فَانْتَسَبْتُ لَهٗ، فَقَالَ: یَا فَتًی، اَلا اُحَدِّثُكَ حَدِیْثًا ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلٰی رَحِمَكَ اللّٰهُ، قَالَ یُوْنُسُ اَحْسِبُهٗ ذَکَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَوَّلُ مَا یُحَاسَبُ النَّاسُ بِهٖ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مِنْ اَعْمَالِهِمُ الصَّلٰوةُ، قَالَ: یَقُوْلُ رَبُّنَا عَزَّ وَجَلَّ لِلْمَلائِکَةِ وَهُوَ اَعْلَمُ: اُنْظُرُوْا فِیْ صَلٰوةِ عَبْدِیْ اَتَمَّهَا اَمْ نَقَصَهَا، فَاِنْ کَانَتْ تَامَّةً کُتِبَتْ لَهٗ تَامَّةً، وَاِنْ کَانَ انْتَقَصَ مِنْهَا شَیْئًا، قَالَ: اُنْظُرُوْا هَلْ لِعَبْدِیْ مِنْ تَطَوُّعٍ، فَاِنْ کَانَ لَهٗ تَطَوُّعٌ، قَالَ: اَتِمُّوا لِعَبْدِیْ فَرِیْضَتَهٗ مِنْ تَطَوُّعِهٖ، ثُمَّ تُؤْخَذُ الْاَعْمَالُ عَلٰی ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ انس بن حکیم الضبی کے بارے میں روایت ہے کہ وہ زیاد سے خوفزدہ ہو کر مدینہ میں آگئے، یہاں ان کی ملاقات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی (انس کہتے ہیں) انہوں نے مجھ سے میرا نسب پوچھا تو میں نے ان کو اپنا نسب بتا دیا، انہوں نے فرمایا: اے نوجوان! کیا میں تمہیں ایک حدیث نہ سناؤں؟ (انس کہتے ہیں) میں نے کہا: جی ہاں! ''اللہ آپ پر رحم کرے'' یونس کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کی ہے کہ قیامت کے دن لوگوں سے سب سے پہلے نماز کے بارے میں حساب لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے فرشتو! میرے بندے کی نماز کو دیکھو مکمل ہے یا کم؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ یہ سب کچھ خود بھی جانتا ہے (پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا) اگر اس کی نمازیں مکمل ہیں تو مکمل لکھ دی جائیں اور اگر کم ہیں تو دیکھو کہ میرے بندے کی کوئی نفلی عبادت ہے؟ اگر اس کی کوئی نفلی عبادت ہے تو اس میں سے میرے بندے

حدیث 965:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر٬ بیروت٬ لبنان٬ رقم الحدیث: 1425 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه٬ قاهره٬ مصر٬ رقم الحدیث: 23251 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه٬ بیروت٬ لبنان٬ 1411ھ/ 1991ء٬ رقم الحدیث: 325 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز٬ مکه مکرمه٬ سعودی عرب 1414ھ/1994ء٬ رقم الحدیث: 3813 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث٬ دمشق٬ شام٬ 1404ھ-1984ء٬ رقم الحدیث: 3976 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین٬ قاهره٬ مصر٬ 1415ھ٬ رقم الحدیث: 62 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة٬ بیروت٬ لبنان٬ رقم الحدیث: 2468 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان٬ مدینه منوره٬ (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء٬ رقم الحدیث: 506 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله٬ بیروت٬ لبنان٬ 1405ھ/1984ء٬ رقم الحدیث: 151

کے فرائض کو پورا کر دو پھر اس کے بقیہ اعمال کا حساب کرو۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا

اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

966- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِي، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الصَّلٰوةُ، فَاِنْ كَانَ اَكْمَلَهَا كُتِبَتْ لَهُ كَامِلَةً، وَاِنْ لَمْ يُكْمِلْهَا، قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لِمَلَائِكَتِهِ: هَلْ تَجِدُوْنَ لِعَبْدِيْ تَطَوُّعًا تُكْمِلُوْا بِهِ مَا ضَيَّعَ مِنْ فَرِيْضَتِهِ، ثُمَّ الزَّكٰوةُ مِثْلُ ذٰلِكَ، ثُمَّ سَائِرُ الْاَعْمَالِ عَلٰى حَسَبِ ذٰلِكَ قَصَرَ بِهِ بَعْضُ اَصْحَابِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَمُوْسٰى بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْحُكْمَ فِيْ حَدِيْثِهِ،

❖❖ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن بندے سے سب سے پہلے نماز کے متعلق حساب لیا جائے گا۔ اگر اس کی نمازیں مکمل ہوئیں تو اس کا ثواب پورا لکھ دیا جائے گا اور اگر کم ہوئیں تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرمائے گا: کیا میرے بندے کے پاس کوئی نفلی عبادت موجود ہے؟ (اگر ہے تو) اس کے ساتھ اس کے فرائض کی کمی کو پورا کر دو پھر اس کے بعد زکوٰۃ کا اور پھر دیگر اعمال کا اسی طرح حساب ہوگا۔

❖❖ حماد بن سلمہ کے بعض راویوں نے اسی پر اکتفا کیا ہے اور موسیٰ بن اسماعیل اس حدیث میں حکم ہیں۔

967- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا حَمْدُوْنُ بْنُ اَحْمَدَ السِّمْسَارُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْاَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ رَّجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَلَاتُهُ "وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِهِ،

حدیث 967:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1426 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث:16995 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1355 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث:1255 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 7771 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:3815

✧✧ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا۔اس کے بعد گزشتہ حدیث کی طرح حدیث ہے۔

968- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ رَّجُلٍ، مِنْ بَنِيْ سَلِيْطٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، قَدْ ذُكِرَ هٰذَا الْخِلَافُ فِيْهِ عَلٰى حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ لِيَعْلَمَ الْمُتَاَمِّلُ اَنَّ الَّذِيْ صَحَّحَاهُ حَدِيْثُ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ لَّيْسَ فِيْهِ خِلَافٌ عَلٰى حَمَّادٍ، وَسَائِرُ الرِّوَايَاتِ فِيْهِ اَسَانِيْدُ لِحَمَّادٍ، عَنْ غَيْرِ دَاوُدَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ اَجْمَعِيْنَ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسی طرح کا فرمان نقل کیا ہے۔

✣✣ مذکورہ حدیث میں حماد بن سلمہ کی سند میں ہم نے اختلاف ذکر کیا ہے تاکہ محققین کو پتہ چل جائے کہ ہم نے جس حدیث کے متعلق صحیح ہونے کا موقف اختیار کیا ہے وہ "داؤد بن ابی ہند" کی حدیث ہے، اس میں حماد پر کوئی اختلاف نہیں اور باقی تمام روایات جو حماد کی سند سے مروی ہیں وہ داؤد کے واسطے کے بغیر ہے۔

969- حَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِهِ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهُ، جُلَّهُ وَدِقَّهُ، اَوَّلَهُ وَاٰخِرَهُ، عَلَانِيَتَهُ وَسِرَّهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، اِنَّمَا اَخْرَجَا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ اَقْرَبُ مَا يَكُوْنُ الْعَبْدُ مِنْ رَّبِّهِ وَهُوَ سَاجِدٌ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں یہ دعا مانگا کرتے تھے "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ

حدیث 969:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 483 اخرجه ابو داؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 878 اخرجه ابو حاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1931 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 672 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دار الباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2518

حدیث 970:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 883 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دار الباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3506 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 12335

كُلَّهٗ، جُلَّهٗ وَدِقَّهٗ، اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ، عَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ "(یااللہ میرے چھوٹے ، بڑے، اول، آخر، ظاہر، باطن سب گناہوں کومعاف فرما)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔تاہم انہوں نے اسی سند کے ساتھ یہ حدیث نقل کی ہے کہ" بندہ سجدے کی حالت میں اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے"

970۔ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَحْمَدَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِيْنِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَرَاَ: سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى، قَالَ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى پڑھتے تو اس کے بعد کہتے: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

971۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ وَفِيْ صَدْرِهٖ اَزِيْزٌ كَاَزِيْزِ الْمِرْجَلِ مِنَ الْبُكَاءِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ مطرف اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھا ہے، رونے کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینے سے ہنڈیا کے ابلنے کی سی آوازیں آیا کرتی تھیں۔

حدیث 971:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 904 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1214 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 16369 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 665 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 900 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 544 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 3173 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1599 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 514

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

972۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، وَاَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا غِرَارَ فِيْ صَلٰوةٍ وَّلَا تَسْلِيمٍ، قَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ: فِيْمَا رَاٰى اَنَّهُ اَرَادَ اَنْ لَّا يُسَلِّمَ وَيُسَلَّمَ عَلَيْكَ، وَتَغْرِيْرُ الرَّجُلِ بِصَلَاتِهٖ اَنْ يُسَلِّمَ وَهُوَ فِيْهَا شَاكٌّ هٰذَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ رَوَاهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنِ الثَّوْرِيِّ وَشَكَّ فِيْ رَفْعِهٖ

❖ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نماز اور سلام پھیرنے میں ''غرار'' (کمی) نہیں ہونی چاہئے۔

❖❖ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ اس شخص کے بارے میں ہے جو کسی سلام کہنے والے کو اس کے سلام کا جواب نہ دینا چاہتا ہو اور صرف ''علیک'' ہی کہہ دے اور کسی آدمی کا اپنی نماز میں کمی کرنا یہ ہے کہ جب وہ سلام پھیرے تو شک میں مبتلا ہو۔ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اسی حدیث کو معاویہ بن ہشام نے ثوری سے روایت کیا ہے اور ان کو اس کے مرفوع ہونے میں شک ہے۔

973۔ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰى بْنِ عِمْرَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: اُرَاهُ رَفَعَهٗ، قَالَ: لَا غِرَارَ فِيْ تَسْلِيمٍ، وَلَا صَلٰوةٍ

❖ معاویہ بن ہشام اپنی سند کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان بیان کیا ہے کہ ''سلام کرنے میں اور نماز میں ''غرار'' (نقصان) نہیں ہونی چاہئے۔

974۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ كَعْبٍ الْحَلَبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاِخْتِصَارِ فِي الصَّلٰوةِ، قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَبْدِيُّ: وَهُوَ

حديث 972:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 929 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 9938 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 6206 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3224

اَنْ یَّضَعَ الرَّجُلُ یَدَہٗ عَلٰی خَاصِرَتِہٖ

ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ، وَھُوَ رَوَاہُ جَمَاعَۃٌ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ، قَالَ: نَھٰی اَنْ یُّصَلِّیَ الرَّجُلُ مُخْتَصِرًا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں ''اختصار'' سے منع کیا ہے، ابوعبداللہ عبدی کہتے ہیں: اختصار یہ ہے کہ آدمی اپنا ہاتھ اپنے پہلو پر رکھے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اور محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی ایک جماعت نے محمد بن سیرین کے واسطے سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کیا ہے کہ ''پہلو پر ہاتھ رکھ کر نماز پڑھنا ممنوع ہے۔

975۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَۃَ الشَّیْبَانِیُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الزُّھْرِیُّ، حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ مُوْسٰی، اَنْبَاَنَا شَیْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حُصَیْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ ھِلَالِ بْنِ یَسَافٍ، قَالَ: قَدِمْتُ الرَّقَّۃَ، فَقَالَ لِیْ بَعْضُ اَصْحَابِیْ: ھَلْ لَکَ فِیْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ غَنِیْمَۃٌ، فَدَفَعْنَا اِلٰی وَابِصَۃَ بْنِ مَعْبَدٍ، قُلْتُ لِصَاحِبِیْ: نَبْدَاُ، فَنَظَرَ اِلٰی دَلِّہٖ فَاِذَا عَلَیْہِ قَلَنْسُوَۃٌ لَاطِئَۃٌ ذَاتُ اُذُنَیْنِ، وَبُرْنُسُ خَزٍّ غُبْرٌ، وَاِذَا ھُوَ مُعْتَمِدٌ عَلٰی عَصًا فِیْ صَلَاتِہٖ، فَقُلْنَا لَہٗ بَعْدَ اَنْ سَلَّمْنَا، فَقَالَ: حَدَّثَتْنِیْ اُمُّ قَیْسٍ بِنْتُ مِحْصَنٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَسَنَّ، وَحَمَلَ اللَّحْمَ اتَّخَذَ عَمُوْدًا فِی الصَّلٰوۃِ یَعْتَمِدُ عَلَیْہِ

ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ غَیْرَ اَنَّھُمَا لَمْ یُخَرِّجَا لِوَابِصَۃَ بْنِ مَعْبَدٍ لِفَسَادِ الطَّرِیْقِ اِلَیْہِ

✧✧ حضرت ہلال بن یساف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رقہ (ایک مقام) میں گیا، میرے ایک دوست نے مجھ سے کہا: کیا تم کسی صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنا چاہتے ہو؟ میں نے کہا: یہ تو غنیمت ہے۔وہ ہمیں حضرت وابصہ بن معبد رضی اللہ عنہ کے پاس لے گیا۔میں نے اپنے دوست سے کہا: چلو ہم پہلے چلتے ہیں اور ان کی زیارت کرتے ہیں، جب ہماری نظر ان کی شخصیت پر پڑی تو (ہم

حدیث 974:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 947 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 7175 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3379

حدیث 975:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 948 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 434 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3386

یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ) وہ سر پر چھوٹی سی ٹوپی پہنے ہوئے تھے جو کہ ان کے سر کے ساتھ چپکی ہوئی تھی، اور اس کے اوپر ریشم اور اون کی بنی ہوئی بڑی لمبی ٹوپی تھی جو کہ غبار آلود تھی اور وہ اپنے عصا سے ٹیک لگائے نماز پڑھ رہے تھے، جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو ہم نے ان سے کہا (آپ نماز میں ٹیک کیوں لگاتے ہیں؟) انہوں نے فرمایا: حضرت ام قیس بنت محصن نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب عمر رسیدہ ہو گئے اور آپ ﷺ کے جسم مبارک میں نقاہت آ گئی تو حضور ﷺ ایک ستون کے ساتھ ٹیک لگا کر نماز پڑھا کرتے تھے

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے، تاہم انہوں نے وابصہ بن معبد کی وجہ سے یہ حدیث نقل نہیں کی کیونکہ ان تک سند درست نہیں ہے۔

976۔ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: سَاَلْتُ عَآئِشَةَ: هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ السُّورَةَ فِي الرَّكْعَةِ ؟ قَالَتْ: مِنَ الْمُفَصَّلِ، قَالَ: فَقُلْتُ: اَكَانَ يُصَلِّيْ قَاعِدًا ؟ قَالَتْ: حِيْنَ حَطَمَهُ السِّنُّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ عَآئِشَةَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ لَيْلا طَوِيلا قَائِمًا، وَلَيْلا طَوِيلا قَاعِدًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن شقیق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ ایک رکعت میں پوری سورت پڑھتے تھے؟ انہوں نے فرمایا: مفصل میں سے پڑھا کرتے تھے۔ عبداللہ کہتے ہیں: میں نے پوچھا: کیا بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! آخری عمر میں (آپ ﷺ بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ایوب کی حدیث عبداللہ بن شقیق کے واسطے سے اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ ”نبی اکرم ﷺ رات کا لمبا حصہ کھڑے ہو کر نماز پڑھا کرتے تھے اور یوں ہی بیٹھ کر بھی“۔

977۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ دَارِمٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوْسٰى بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا تَمِيْمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، حَدَّثَنَا جَامِعُ بْنُ اَبِيْ رَاشِدٍ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا لَا نَدْرِي مَا نَقُوْلُ اِذَا جَلَسْنَا فِي الصَّلٰوةِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عَلِمَ جَوَامِعَ الْكَلِمِ، وَخَوَاتِمَهُ، قَالَ: فَذَكَرَ التَّشَهُّدَ وَقَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا كَلِمَاتٍ، كَمَا يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ: اللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوبِنَا، وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّورِ، وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا، وَمَا بَطَنَ، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ اَسْمَاعِنَا، وَاَبْصَارِنَا، وَقُلُوبِنَا، وَاَزْوَاجِنَا،

وَذُرِّيَّاتِنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ، وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعَمِكَ، مُثْنِيْنَ بِهَا عَلَيْكَ، قَابِلِيْنَ لَهَا وَاَتِمَّهَا عَلَيْنَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ جَامِعٍ،

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں نہیں پتہ تھا کہ نماز میں جب ہم بیٹھیں تو کیا پڑھیں؟ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہترین کلام جانتے ہیں اور ان کا انجام بھی جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: پھر انہوں نے تشہد کا ذکر کیا اور کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں یہ کلمات بھی اسی طرح سکھاتے تھے جس طرح ہمیں تشہد سکھاتے تھے (وہ کلمات یہ ہیں) ''اے اللہ ہمارے دلوں میں الفت پیدا فرما'' ہماری اصلاح فرما اور ہمیں سلامتی کے راستوں کی ہدایت عطا فرما اور ہمیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نجات عطا فرما اور ہمیں ظاہری و باطنی گناہوں سے بچا اور ہمارے کانوں، ہماری آنکھوں، ہمارے دلوں، ہماری بیویوں اور اولادوں میں برکت عطا فرما، ہماری توبہ کو قبول فرما، بے شک تو توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گزار بنا۔ ان کی تعریفیں کرنے والا اور ان کے قابل بنا اور ہم پر اپنی نعمتیں مکمل فرما''۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث موجود ہے جس کو ابن جریج نے جامع بن ابی راشد سے روایت کیا ہے (وہ حدیث درج ذیل ہے)

978- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيْرٍ الطَّبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ يَحْيَى الْقُوْمَسَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ رَوَّادٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ جَامِعِ بْنِ اَبِيْ رَاشِدٍ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا فَذَكَرَهُ مِثْلَهُ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تعلیم دیا کرتے تھے۔ اس کے بعد سابقہ حدیث کی مثل حدیث ہے۔

979- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ قَرَءَ عَلِيُّ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَكَ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ وَيُوْنُسُ بْنُ زَيْدٍ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ بْنَ شِهَابٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِءِ أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يُعَلِّمُ النَّاسَ التَّشَهُّدَ عَلَى الْمِنبَرِ فَيَقُوْلُ التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ

حديث 979:

اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحياء التراث العربی (تحقيق فواد عبدالباقی) رقم الحديث: 203 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2662 اخرجه ابوجعفر الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" طبع دارالكتب العلميه بيروت الطبعة الاولىٰ 1399ھ رقم الحديث:1440

✧✧ عبدالرحمان بن عبدالقاری بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو منبر پر لوگوں کو تشہد سکھاتے ہوئے سنا، وہ یہ پڑھا رہے تھے: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ۔

980۔ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْخُزَاعِيُّ بِمَكَّةَ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، كَانَ يُعَلِّمُ النَّاسَ التَّشَهُّدَ فِي الصَّلٰوةِ وَهُوَ يَخْطُبُ النَّاسَ عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُ: اِذَا تَشَهَّدَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ، التَّحِيَّاتُ الزَّاكِيَاتُ، الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، قَالَ عُمَرُ: ابْدَءُوا بِاَنْفُسِكُمْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَلِّمُوا عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَاِنَّمَا ذَكَرْتُهُ لِاَنَّ لَهُ شَوَاهِدَ عَلٰى مَا شَرَطْنَا فِي الشَّوَاهِدِ الَّتِيْ تَشْهَدُ عَلٰى سَنَدِهَا،

✧✧ حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ منبر رسول پر بیٹھے خطبہ دیتے ہوئے لوگوں کو نماز کا تشہد سکھا رہے تھے وہ فرما رہے تھے: جب کوئی تشہد میں بیٹھے تو یوں کہے "بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ، التَّحِيَّاتُ الزَّاكِيَاتُ، الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، قَالَ عُمَرُ: ابْدَءُوا بِاَنْفُسِكُمْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَلِّمُوا عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑھنے کے بعد اپنے اوپر اور اللہ کے تمام نیک بندوں پر سلام پڑھو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، میں نے اس حدیث کو اس لئے ذکر کیا ہے کہ اس کے شواہد ہمارے اس معیار پر پورے • ہیں جو ہم نے شواہد کے متعلق مقرر کر رکھا ہے جن کے ذریعے کسی حدیث کی سند پر شاہد پیش کیا جا سکتا ہے۔

981۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، حَدَّثَنِيْ عَوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَخَذَ بِيَدِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ فَعَدَّ فِيهَا التَّشَهُّدَ، فَقَالَ: اَخَذْتُ بِيَدِكَ كَمَا اَخَذَ بِيَدِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَقَالَ عُمَرُ: اَخَذْتُ بِيَدِكَ كَمَا اَخَذَ بِيَدِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَدَّ فِيهَا التَّشَهُّدَ التَّحِيَّاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِهِ، فَاَمَّا الزِّيَادَةُ فِيْ

اَوَّلِ التَّشَهُّدِ بِاسْمِ اللّٰهِ، وَبِاللّٰهِ فَاِنَّهٗ صَحِيْحٌ مِّنْ شَرْطِ الْبُخَارِيِّ،

✧✧ عون بن عبداللہ کہتے ہیں: عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے میرا ہاتھ پکڑا اور اس میں تشہد شمار کیا، پھر کہا: میں نے تیرا ہاتھ جس طرح پکڑا ہے، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اسی طرح میرا ہاتھ پکڑا تھا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا تھا کہ میں نے تیرا ہاتھ اسی طرح پکڑا ہے جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا تھا۔ پھر میرے ہاتھ میں تشہد شمار کرایا (جو کہ یہ تھا) اَلتَّحِيَّاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ الزَّاكِيَاتُ لِلّٰهِ۔ پھر اس کے بعد گزشتہ حدیث کی طرح حدیث بیان کی۔

✤✤ آئندہ احادیث میں تشہد کے شروع میں جو بسم اللہ اور باللہ کے الفاظ زائد ہیں یہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

982- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا اَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ، بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، قَالَ اَبُو الْعَبَّاسِ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ وَفِيْ اٰخِرِهِ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تشہد اس طرح سکھایا کرتے تھے جیسے قرآن کی کوئی سورت سکھاتے تھے (آپ تشہد یوں شروع کرتے) بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ ۔ ابو عباس کہتے ہیں: اس کے بعد پوری حدیث بیان کی گئی اور اس کے آخر میں یہ ہے "اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ" (اے اللہ میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور دوزخ سے تیری پناہ مانگتا ہوں)

983- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ فِيْ اٰخَرِيْنَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا اَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ، التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، نَسْاَلُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ، وَنَعُوْذُ بِهٖ مِنَ النَّارِ

قَالَ الْحَاكِمُ: اَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ ثِقَةٌ قَدِ احْتَجَّ بِهِ الْبُخَارِيُّ، وَقَدْ سَمِعْتُ اَبَا الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حدیث 982:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 1175 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1741 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2653 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 763

سَلَـمَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ سَعِيْدِ الدَّارِمِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِيْنٍ، يَقُولُ: وَسَاَلْتُهُ عَنْ اَيْمَنَ بْنِ نَابِلٍ، فَقَالَ: ثِقَةٌ، فَاَمَّا صِحَّتُهُ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ،

❖❖ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تشہد اس طرح سکھایا کرتے تھے جس طرح قرآن کی کوئی سورت سکھاتے تھے (وہ تشہد یہ ہے) بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ، التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، نَسْاَلُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ، وَنَعُوْذُ بِهٖ مِنَ النَّارِ۔

❖❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ایمن بن نابل ثقہ راوی ہیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات نقل کی ہیں، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوالحسن احمد بن محمد بن سلمہ کے حوالے سے عثمان بن سعید دارمی کا یہ قول نقل کیا ہے (وہ کہتے ہیں) میں نے یحییٰ بن معین سے ایمن بن نابل کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا: وہ ثقہ ہیں:

نوٹ: اس کا امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہونا درج ذیل حدیث سے ثابت ہے۔

984- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ الصُّلَيْحِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، سَمِعْتُ اَبَا عَلِيٍّ الْحَافِظَ، يُوَثِّقُ ابْنَ قَحْطَبَةَ اِلَّا اَنَّهُ اَخْطَاَ فِيْهِ، فَاِنَّهُ عِنْدَ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ اَيْمَنَ بْنِ نَابِلٍ كَمَا تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

❖❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: میں نے ابوعلی حافظ کو ابن قحطبہ کی توثیق کرتے سنا لیکن انہوں نے اس میں خطا کی ہے کیونکہ معتمر کے نزدیک یہ سند ایمن بن نابل سے مروی ہے جیسا کہ ہم نے اس کا پہلے بھی ذکر کیا۔

985- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُكْرِمٍ الْبَزَّازُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ مِحْجَنِ بْنِ الْاَدْرَعِ حَدَّثَهُ، قَالَ: دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ فَاِذَا هُوَ بِرَجُلٍ قَدْ صَلّٰى صَلَاتَهُ وَهُوَ يَتَشَهَّدُ وَيَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاللّٰهِ الْاَحَدِ الصَّمَدِ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ، وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا اَحَدٌ، اَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ، اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ، فَقَالَ: قَدْ غُفِرَ لَهُ، قَدْ غُفِرَ لَهُ، قَدْ غُفِرَ لَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ محجن ابن ادرع سے روایت ہے (ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) مسجد میں آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا جو نماز پڑھ چکا تھا اور تشہد میں تھا اور یہ دعا پڑھ رہا تھا اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاللّٰهِ الْاَحَدِ الصَّمَدِ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ، وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا اَحَدٌ، اَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ، اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۔ (اے اللہ! میں تجھ سے اس اللہ کے واسطے سے دعا مانگتا ہوں جو ایک ہے، بے نیاز ہے، نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ ہی وہ کسی سے جنا گیا اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے تو میرے گناہوں کو

معاف کردے، بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے) حضور ﷺ نے فرمایا: اس کی مغفرت ہوگئی، اس کی مغفرت ہوگئی، اس کی مغفرت ہوگئی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

986۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ حَدَّثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ وَأَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْقَاضِي حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الأَسْوَدِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ تُخْفِيَ التَّشَهُّدَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آہستہ آواز سے تشہد پڑھنا سنت ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

987۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا الاِمَامُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ، وَكَتَبْتُهُ مِنْ اَصْلِهِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: وَحَدَّثَنِيْ فِي الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا الْمَرْءُ الْمُسْلِمُ صَلّٰى عَلَيْهِ فِيْ صَلَاتِهِ

❖❖ حضرت ابن اسحاق نے کہا اور نبی اکرم ﷺ پر درود پڑھنے کے متعلق فرمایا کیونکہ مسلمان شخص اپنی نماز میں ان پر درود پڑھتا ہے۔

988۔ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: اَقْبَلَ رَجُلٌ حَتّٰى جَلَسَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَمَّا السَّلَامُ عَلَيْكَ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ، فَكَيْفَ نُصَلِّيْ عَلَيْكَ اِذَا نَحْنُ صَلَّيْنَا عَلَيْكَ فِيْ صَلَاتِنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ ؟ قَالَ: فَصَمَتَ حَتّٰى اَحْبَبْنَا اَنَّ الرَّجُلَ لَمْ يَسْاَلْهُ، ثُمَّ قَالَ: اِذَا اَنْتُمْ صَلَّيْتُمْ عَلَيَّ، فَقُوْلُوْا: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ

حديث 986:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 986 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 291 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 706 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2670

حديث 987:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 17113 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 3780

الاُمِّیِّ، وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ، وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الاُمِّیِّ، وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ یُخَرِّجَاهُ فَذِکْرُ الصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الصَّلَوَاتِ

✧✧ ابومسعود رضی اللہ عنہ عقبہ بن عمرو کہتے ہیں: ایک شخص آ کر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ گیا، ہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے، اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ پر سلام پڑھنا تو ہم سیکھ چکے ہیں۔ ہم اپنی نماز میں جب درود پڑھیں تو کس طرح پڑھیں؟ اللہ آپ پر رحمتیں نازل کرے۔ ابومسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے (آپ اتنی دیر خاموش رہے کہ) ہم یہ سوچنے لگے کہ کاش اس شخص نے آپ سے یہ سوال نہ کیا ہوتا۔ پھر آپ نے فرمایا: جب تم مجھ پر درود پڑھنا چاہو تو یوں کہو: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الاُمِّیِّ، وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ، وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الاُمِّیِّ، وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ پھر نمازوں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کا ذکر کیا۔

اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی ہے جو کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے (وہ شاہد حدیث درج ذیل ہے)

989- اَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَکْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّیْرَفِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَیْوَۃُ، عَنْ اَبِیْ هَانِءٍ، عَنْ اَبِیْ عَلِیٍّ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَیْدٍ الْاَنْصَارِیِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَاٰی رَجُلًا صَلّٰی لَمْ یَحْمَدِ اللّٰهَ، وَلَمْ یُمَجِّدْهُ، وَلَمْ یُصَلِّ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَانْصَرَفَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: عَجِلَ هٰذَا فَدَعَاهُ، فَقَالَ لَهُ وَلِغَیْرِهِ: اِذَا صَلّٰی اَحَدُکُمْ فَلْیَبْدَاْ بِتَحْمِیْدِ رَبِّهِ، وَالثَّنَاءِ عَلَیْهِ، ثُمَّ لِیُصَلِّ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ یَدْعُو بِمَا شَاءَ

حدیث 988:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 981 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 17113 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 711 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1959 اخرجه ابوالحسن الدارقطنی فی "سننه" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان 1966ء/1386ھ رقم الحدیث: 1 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 968 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 8635 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2672 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 9877 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 234

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَا تُعْرَفُ لَهُ عِلَّةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا کہ اس نے نماز پڑھی نہ اللہ کی حمد وثناء کی اور نہ ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا اور نماز ختم کر لی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص نے جلدی کی۔ پھر اس کو بلایا اور اس کے سمیت تمام حاضرین کو سمجھایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص نماز پڑھے تو اللہ کی حمد وثناء کرے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے پھر جو چاہے دعا مانگے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔

990۔ أَخْبَرَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي دَارِمٍ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكِنْدِيّ حَدَّثَنَا عَوْنُ بْنُ سَلَامِ بْنِ سَلِيْمٍ أَبُو جَعْفَرٍ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ وَأَبِي عُبَيْدَةَ قَالَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ يَتَشَهَّدُ الرَّجُلُ ثُمَّ يُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَدْعُو لِنَفْسِهٖ وَقَدْ أُسْنِدَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

✧✧ ابوالاحوص اور ابوعبیدہ کہتے ہیں: عبداللہ نے کہا: آدمی تشہد پڑھتا ہے پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا ہے پھر اپنے لئے دعا کرتا ہے۔

❖❖ اس حدیث کو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے سند صحیح کے ساتھ مسند کیا ہے۔

991۔ حَدَّثَنَا الشَّيْخُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ رَّجُلٍ، مِنْ بَنِي الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ: اِذَا تَشَهَّدَ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلٰوةِ، فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَارْحَمْ مُحَمَّدًا، وَآلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ، وَبَارَكْتَ، وَتَرَحَّمْتَ، عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حُمَيْدٌ مَّجِيْدٌ

وَاَكْثَرُ الشَّوَاهِدِ لِهٰذِهِ الْقَاعِدَةِ لِفُرُوْضِ الصَّلٰوةِ

✧✧ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص نماز میں تشہد پڑھ لے تو مجھ پر درود پڑھتے ہوئے یوں کہے:

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَارْحَمْ مُحَمَّدًا، وَآلَ

حدیث 990:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 2699

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ، وَبَارَكْتَ، وَتَرَحَّمْتَ، عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حُمَيْدٌ مَّجِيْدٌ

❖❖ فرضی نماز کے اس قعدہ کے متعلق اکثر شواہد موجود ہے۔

922۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرِ بْنِ الْبُرِّيِّ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ السَّاعِدِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِيْ يُحَدِّثُ، عَنْ جَدِّيْ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّا وُضُوْءَ لَهُ، وَلَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عَلَيْهِ، وَلَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ فِيْ صَلَاتِهِ لَمْ يُخَرِّجْ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَلٰى شَرْطِهِمَا، فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا عَبْدَ الْمُهَيْمِنِ

❖❖ عبدالمہیمن بن عباس بن سہل ساعدی کہتے ہیں: میں نے اپنے والد کو اپنے دادا کے حوالے سے یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے، نبی اکرم ﷺ فرمایا کرتے تھے ''اس شخص کی نماز قبول نہیں جس کا وضو نہیں اور اس شخص کا وضو نہیں جس نے بسم اللہ پڑھی اور اس شخص کی نماز قبول نہیں جس نے اپنی نماز میں اللہ کے نبی پر درود نہیں پڑھا''

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالمہیمن کی روایت نقل نہیں کی۔

993۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْاَسَدِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ كَاَنَّهُ عَلَى الرَّضْفِ، قَالَ: قُلْنَا حَتّٰى يَقُوْمَ، قَالَ: حَتّٰى يَقُوْمَ تَابَعَهُ مِسْعَرٌ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ

❖❖ سعد بن ابراہیم روایت کرتے ہیں کہ ابوعبیدہ نے اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ عمل بیان کیا ہے کہ آپ پہلی دو رکعتوں میں یوں محسوس ہوتے گویا کہ گرم پتھر پر کھڑے ہیں: وہ کہتے ہیں، ہم نے پوچھا: جب تک آپ کھڑے رہتے؟

حدیث 992:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 3781

حدیث 993:

اخرجہ ابوداؤد السجستانی فی "سننہ" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 995 اخرجہ ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننہ" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 1176 اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر' رقم الحدیث: 3656 اخرجہ ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننہ الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 764 اخرجہ ابویعلٰی الموصلی فی "مسندہ" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 5232 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 10285 اخرجہ ابوالحسن الجوھری فی "مسندہ" طبع موسسہ نادر' بیروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحدیث: 1550

انہوں نے کہا (جی ہاں) جب تک آپ کھڑے رہتے۔

❖❖ یہ حدیث سعد بن ابراہیم سے روایت کرنے میں مسعر نے شعبہ کی متابعت کی ہے۔

994۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّبِيْعِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ اَبِيْ غَرْزَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمُرِّيُّ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهٖ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ اتَّفَقَا عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اللّٰهِ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ مَّعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ

✧✧ سعد بن ابراہیم کی سند کے ہمراہ بھی اسی جیسی روایت منقول ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے شعبہ کی وہ حدیث عمرو بن مرہ، پھر ابوعبیدہ پھر عبداللہ کے حوالے سے روایت کی ہے جس میں یہ بیان ہے کہ وہ "لیلۃ الجن" میں آپ کے ہمراہ نہیں تھا۔

995۔ حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْجُمَاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ التَّنُوخِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ بَشِيْرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: اَمَرَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَرُدَّ عَلَى الْاِمَامِ، وَاَنْ نَتَحَابَّ، وَاَنْ يُسَلِّمَ بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَسَعِيْدُ بْنُ بَشِيْرٍ اِمَامُ اَهْلِ الشَّامِ فِيْ عَصْرِهٖ اِلَّا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ بِمَا وَصَفَهٗ اَبُوْ مُسْهِرٍ مِّنْ سُوْءِ حِفْظِهٖ، وَمِثْلُهٗ لَا يَنْزِلُ بِهٰذَا الْقَدْرِ

✧✧ سمرہ کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں امام کے پاس جانے کا، اس کے ساتھ محبت کرنے کا اور ایک دوسرے کو سلام کرنے کا حکم دیا۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور سعید بن بشیر اپنے زمانے کے اہل شام کے امام ہیں لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی حدیث نقل نہیں کی، اس کی وجہ یہ ہے کہ ابوشھر نے ان کے متعلق حافظ نہ ہونے کا عیب لگایا ہے حالانکہ ان جیسے امام کی روایات اتنی سی بات سے نہیں چھوڑنی چاہئیں۔

حدیث 995:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1001 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 922 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 1710 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 2818 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 6907 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ه/1984ء رقم الحديث: 2643

996- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ الْخُلْدِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَزَّارُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا اَشْعَثُ بْنُ شُعْبَةَ، حَدَّثَنَا الْمِنْهَالُ بْنُ خَلِيْفَةَ، عَنِ الْاَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: صَلّٰى بِنَا اِمَامٌ لَّنَا يُكْنٰى اَبَا رِمْثَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ اَوْ مِثْلَ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْمَانِ فِي الصَّفِّ الْمُتَقَدِّمِ، عَنْ يَّمِيْنِهِ، وَكَانَ رَجُلٌ قَدْ شَهِدَ التَّكْبِيْرَةَ الْاُوْلٰى مِنَ الصَّلٰوةِ فَصَلّٰى نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَلَّمَ، عَنْ يَّمِيْنِهِ وَعَنْ يَّسَارِهٖ، حَتّٰى رَاَيْنَا بَيَاضَ خَدِّهٖ، ثُمَّ انْفَتَلَ كَانْفِتَالِ اَبِيْ رِمْثَةَ يَعْنِيْ نَفْسَهٗ فَقَامَ الرَّجُلُ الَّذِيْ اَدْرَكَ مَعَهُ التَّكْبِيْرَةَ الْاُوْلٰى مِنَ الصَّلٰوةِ يَشْفَعُ فَوَثَبَ اِلَيْهِ عُمَرُ فَاَخَذَ بِمَنْكِبِهٖ فَهَزَّهٗ، ثُمَّ قَالَ: اجْلِسْ فَاِنَّهٗ لَمْ يَهْلِكْ اَهْلُ الْكِتَابِ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ بَيْنَ صَلَاتِهِمْ فَصْلٌ، فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهٗ، فَقَالَ: اَصَابَ اللّٰهُ بِكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

ازرق بن قیس کہتے ہیں: ہمیں ابورمثہ نے نماز پڑھائی اور کہا: میں نے یہ نماز یا (شاید یہ کہا) اس جیسی نماز رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ پڑھی (ابورمثہ) کہتے ہیں: (اس دن) ابوبکر اور عمر اگلی صف میں حضور ﷺ کے دائیں جانب کھڑے ہوئے تھے اور ایک شخص تکبیر اولیٰ سے جماعت کے ساتھ نماز میں شامل تھا جب حضور اکرم ﷺ نے نماز مکمل کر لی تو دائیں بائیں سلام پھیرا یہاں تک کہ ہم نے آپ کے رخساروں کی سفیدی دیکھ لی پھر آپ نے نوافل شروع کر دیئے جس طرح کے ابورمثہ نے نوافل پڑھے یعنی انہوں نے اپنے ہی متعلق کیا۔ پھر وہ شخص کھڑا ہوا جس نے تکبیر اولیٰ سے جماعت میں شرکت کی تھی اور نماز پڑھنے لگا (یہ دیکھ کر) حضرت عمر رضی اللہ عنہ اچھل کر اس کی طرف بڑھے اور اس کے کندھے کو پکڑ کر ہلایا اور کہا: بیٹھ جاؤ! اہل کتاب اس لئے ہلاک ہو گئے تھے کہ ان کی نماز کے درمیان وقفہ نہیں ہوتا تھا اس پر نبی اکرم ﷺ نے نگاہ اٹھا کر دیکھا اور فرمایا: اے ابن خطاب رضی اللہ عنہ! اللہ تعالیٰ نے تیری رائے کو درست فرمایا۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

997- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ الضَّرِيْرُ، حَدَّثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يَمَسَّ اَنْفُهُ الْاَرْضَ

حدیث 996:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1007 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2867 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 728

حدیث 997:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2485

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ اَوْقَفَهُ شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اس شخص کی نماز قبول نہیں جس کی ناک (سجدے میں) زمین پر نہ لگے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس حدیث کو شعبہ نے عاصم کی سند سے موقوفاً بیان کیا ہے۔

998- أخبرنا أبو بكر بن إسحاق أنبأ إبراهيم بن عبد السلام حَدَّثَنَا الجراح بن مخلد حَدَّثَنَا أبو قتيبة حَدَّثَنَا شعبة عن عاصم الأحول عن عكرمة عَنِ ابْنِ عباس قال لاَ صلاة لمن لم يمس أنفه الأرض

999- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَبِيْ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مَعْنٌ، حَدَّثَنَا اَسَدٌ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَجْلانَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضْعِ الْيَدَيْنِ، وَنَصْبِ الْقَدَمَيْنِ فِي الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ صَحَّ عَلٰى شَرْطٍ بِلَفْظٍ اَشْفٰى مِنْ هٰذَا

✧✧ عامر بن سعد اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں ہاتھ بچھانے اور قدموں کو کھڑا رکھنے کا حکم دیا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور یہ حدیث اس سے بھی زیادہ واضح الفاظ کے ساتھ صحیح کے معیار پر موجود ہے (جیسا کہ درج ذیل ہے)

1000- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَجْلانَ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيُّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضْعِ الْكَفَّيْنِ، وَنَصْبِ الْقَدَمَيْنِ فِي الصَّلٰوةِ

✧✧ عامر بن سعد بن مالک اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں (سجدہ کے دوران) ہتھیلیاں رکھنے اور قدم کھڑا کرنے کا حکم دیا۔

1001- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ اُمِّ سَلَمَةَ فَدَخَلَ عَلَيْهَا ذُو قَرَابَةٍ لَّهَا شَابٌّ ذُو جُمَّةٍ فَقَامَ يُصَلِّيْ فَنَفَخَ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ، لَا تَنْفُخْ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حديث 999:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 277 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث:2499

وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ لِعَبْدٍ لَّنَا اَسْوَدَ: اَیْ رَبَاحُ، تَرِبَ وَجْهُكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ ابوصالح کہتے ہیں: میں اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس موجود تھا کہ ان کا ایک قریبی رشتہ دار گھنے بالوں والا نوجوان آیا۔ وہ کھڑا ہو کر نماز پڑھنے لگا تو پھونک رہا تھا انہوں نے فرمایا: اے میرے بیٹے! مت پھونکو! کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے سیاہ غلام "رباح" کو اس بات پر ڈانٹتے دیکھا ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا ہے۔

1002۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّاجِرُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِیُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّسْتَوْفِزَ الرَّجُلُ فِیْ صَلَاتِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الْبُخَارِیِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں جلد بازی سے منع کیا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1003۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ عَلِیٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِیْ زَائِدَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ السُّجُوْدِ: رَبِّ اغْفِرْ لِیْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدہ سے سر اٹھاتے تو کہے "رب اغفرلی" (اے اللہ!

حدیث 1001:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 381 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 26614 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 1913 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ه/ 1991ء' رقم الحديث: 548 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 3180 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ه-1984ء' رقم الحديث: 6954 اخرجه ابوبكر الكوفی فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ه' رقم الحديث: 6549

حدیث 1002:

ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 3343

میری مغفرت فرما)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1004۔ اَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَیُّوْبَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ السَّلامِ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا زَیْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنا کَامِلٌ اَبُو الْعَلاءِ، عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ بَیْنَ السَّجْدَتَیْنِ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ، وَاجْبُرْنِیْ، وَارْفَعْنِیْ، وَاهْدِنِیْ، وَارْزُقْنِی

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الاِسْنَادِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَاَبُو الْعَلاءِ کَامِلُ بْنُ الْعَلاءِ مِمَّنْ یُجْمَعُ حَدِیْثُهُ فِی الْکُوفِیِّیْنَ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوسجدوں کے درمیان یہ دعا مانگا کرتے تھے "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ، وَاجْبُرْنِیْ، وَارْفَعْنِیْ، وَاهْدِنِیْ، وَارْزُقْنِی "(اے اللہ! میری مغفرت فرما، میرے اوپر رحم فرما، مجھے بلند فرما، مجھے ہدایت عطا فرما اور مجھے رزق عطا فرما)

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا ہے اور ابوالعلاء کامل بن العلاء ان لوگوں میں سے ہیں جن کی احادیث کوفیین میں جمع کی جاتی ہیں۔

1005۔ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ یَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، اَنْبَاَنَا سَعِیْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: نَهَی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الاِقْعَاءِ فِی الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الْبُخَارِی، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ رِوَایَةٌ فِیْ اِبَاحَةِ الاِقْعَاءِ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ

❖❖ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں چوتڑوں کے بل بیٹھنے سے منع فرمایا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اوران کی ایک روایت "اقعاء" (چوتڑوں کے بل بیٹھنا) کے جواز کے سلسلے میں مروی ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

1006۔ حَدَّثَنَاه اَبُو زَکَرِیَّا یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِیُّ وَعَلِیُّ بْنُ عِیْسٰی قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰه مُحَمَّدُ بْنُ

حدیث 1005:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 6959 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:2572

إِبْـرَاهِيْمَ الْعَبَدِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ كَعْبٍ الْحَلَبِيُّ حَدَّثَنَا مُخَلَّدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ طَاؤُسا يَقُوْلُ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْإِقْعَاءِ قَالَ نَهٰى سنَّة قُلْتُ إِنَّا نَرَاهُ جُفَاء فَقَالَ بْنُ عَبَّاسٍ إِنَّهَا السُّنَّةُ

✧✧ حضرت طاؤس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے "اقعاء" کے متعلق پوچھا تو انہوں نے اس کے سنت ہونے کا انکار کیا، میں نے کہا: میرا خیال ہے کہ آپ کا وہ عمل حالت مجبوری میں تھا تو ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: (ہاں) یہ سنت ہے۔

1007 ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ مَّعْمَرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى رَجُلا وَهُوَ جَالِسٌ مُّعْتَمِدٌ عَلٰى يَدِهِ الْيُسْرٰى فِي الصَّلٰوةِ، فَقَالَ: اِنَّهَا صَلٰوةُ الْيَهُوْدِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابووہب محمد بن مزاحم فرماتے ہیں: میں نے عبداللہ بن مبارک سے اس نماز کے متعلق پوچھا: جس میں تسبیحات پڑھی جاتی ہیں تو انہوں نے فرمایا: تکبیر پڑھو، پھر ثناء پڑھو، پھر پندرہ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَر پڑھو، پھر تعوذ پڑھو، پھر تسمیہ، پھر سورۃ فاتحہ اور کوئی دوسری سورۃ، پھر دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَر پڑھو، پھر رکوع کرو، پھر دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو، پھر سر اٹھاؤ اور دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو، پھر سجدہ کرو اور دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھو، پھر سجدہ سے سر اٹھا کر دس بار یہی تسبیح کرو، پھر دوسرا سجدہ کرو اور دس بار یہی تسبیح پڑھو، پھر سر اٹھاؤ اور دس بار یہی تسبیح پڑھو، چار رکعتیں اسی طرح ادا کرو، اس طرح ہر رکعت میں ۷۵ اور پوری نماز میں ۳۰۰ تسبیحات ہیں، اگر یہی نماز رات میں پڑھیں تو میں اس بات کو زیادہ پسند کرتا ہوں کہ دو رکعتوں کے بعد سلام پھیرا جائے اور اگر دن میں پڑھیں تو جس کا دل چاہے (دو رکعتوں کے بعد) سلام پھیر لے اور جو چاہے نہ پھیرے۔

❖❖ اس حدیث کوابن مبارک سے روایت کرنے والے تمام راوی ثقہ ہیں، قابل اعتماد ہیں اور عبداللہ بن مبارک پر یہ تہمت نہیں لگائی جاسکتی کہ وہ اس چیز کی تعلیم دیتے رہے جس کی سند ان کے اپنے نزدیک صحیح نہیں ہے۔

1198 ... حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ هَارُوْنَ الْعُوْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ سَمِيْنَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا رِشْدِيْنُ بْنُ كُرَيْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الرَّكْعَتَانِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ اِدْبَارَ النُّجُومِ، وَالرَّكْعَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ اِدْبَارَ السُّجُوْدِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نماز فجر سے پہلے دو رکعتیں پڑھنا 'اِدْبَارَ النُّجُوْمِ' (پرعمل کرنا) ہے اور مغرب کے بعد دو رکعتیں پڑھنا "اِدْبَارَ السُّجُوْدِ" (پرعمل کرنا) ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ حماد بن سلمہ نے علی بن زید پھر اوس بن خالد کے واسطے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے لیکن یہ حدیث اس کتاب کے معیار کی نہیں ہے۔

1199 ... اَخْبَرَنِىْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، وَاَخْبَرَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا فَائِدٌ اَبُو الْوَرْقَاءِ الْعَطَّارُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ اَوْفٰى، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَعَدَ فَقَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ اِلَى اللّٰهِ، اَوْ اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ بَنِىْ اٰدَمَ فَلْيَتَوَضَّاْ وَلْيُحْسِنْ وُضُوْئَهُ، ثُمَّ لِيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يُثْنِىْ عَلَى اللّٰهِ، وَيُصَلِّىْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلْيَقُلْ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَسْاَلُكَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ

فَائِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُو الْوَرْقَاءِ كُوْفِيٌّ عِدَادُهُ فِى التَّابِعِيْنَ، وَقَدْ رَاَيْتُ جَمَاعَةً مِّنْ اَعْقَابِهِ، وَهُوَ مُسْتَقِيْمُ الْحَدِيْثِ اِلَّا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يُخَرِّجَا عَنْهُ، وَاِنَّمَا جَعَلْتُ حَدِيْثَهُ هٰذَا شَاهِدًا لِمَا تَقَدَّمَ

❖❖ حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ فرماتے ہیں: ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور بیٹھ گئے پھر فرمایا: جس شخص کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ یا کسی انسان کے ساتھ کوئی حاجت ہو تو وہ اچھی طرح وضو کر کے دو رکعتیں ادا کرے پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اور یوں دعا مانگے "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، اَسْاَلُكَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ" (اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ وہ حلیم اور کریم ہے، پاک ہے، وہ اللہ عرش عظیم کا مالک ہے، تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں

جو سارے جہان کا پالنے والا ہے، میں تجھ سے تیری مغفرت مانگتا ہوں اور ہر گناہ سے حفاظت مانگتا ہوں اور ہر برائی سے سلامتی مانگتا ہوں۔

❖❖ فائد بن عبدالرحمان ابوالورقاء کوفی ہیں۔ ان کا شمار تابعین میں ہوتا ہے اور میں نے (محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی) ایک جماعت کو ان کے پیچھے دیکھا ہے (یعنی ان سے روایت کرتے ہیں) لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی روایات نقل نہیں کیں اور میں نے اس حدیث کو گزشتہ حدیث کے شاہد کے طور بنایا ہے۔

1200- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ الْهِسِنْجَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ حُيَيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يُرٰى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا، وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا، قَالَ اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ: لِمَنْ هِيَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِمَنْ اَطَابَ الْكَلَامَ، وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَبَاتَ قَائِمًا وَالنَّاسُ نِيَامٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک محل ہے (جو اتنا نفیس ہے کہ) اس کے اندر سے باہر اور باہر سے اندر دیکھا جا سکتا ہے۔ حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ محل کس کے لئے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص کے لئے جو اچھی گفتگو کرے، اور کھانا کھلائے اور رات عبادت میں گزارے جس وقت لوگ سو رہے ہوتے ہیں۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1201- حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيْدَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً مِّنْ رَّمَضَانَ فِيْ حُجْرَةٍ مِّنْ جَرِيْدِ النَّخْلِ، قَالَ: فَقَامَ فَكَبَّرَ، فَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ ذُو الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَكُوْتِ، وَذُو الْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ، ثُمَّ افْتَتَحَ الْبَقَرَةَ فَقَرَاَ، فَقُلْتُ: يَبْلُغُ رَاْسَ الْمِائَةِ، ثُمَّ قُلْتُ: يَبْلُغُ رَاْسَ الْمِائَتَيْنِ، قَالَ: ثُمَّ افْتَتَحَ اٰلَ عِمْرَانَ فَقَرَاَهَا، ثُمَّ افْتَتَحَ النِّسَاءَ فَقَرَاَهَا لَا يَمُرُّ بِاٰيَةِ التَّخْوِيْفِ اِلَّا وَقَفَ فَتَعَوَّذَ، ثُمَّ رَكَعَ مِثْلَ مَا قَامَ، يَقُوْلُ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ يُرَدِّدُهُنَّ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ، فَقَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِثْلَ مَا رَكَعَ، ثُمَّ سَجَدَ مِثْلَ مَا قَامَ، يَقُوْلُ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى، وَيَقُوْلُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ: رَبِّ اغْفِرْ لِيْ فَمَا صَلّٰى اِلَّا اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ مِّنْ صَلٰوةِ الْعَتَمَةِ مِنْ

حدیث 1200:

اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 6615

اَوَّلِ اللَّیْلِ اِلٰی اٰخِرِہٖ، حَتّٰی جَآءَ بِلَالٌ فَاٰذَنَہٗ بِصَلٰوۃِ الْغَدَاۃِ

ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ

✧✧ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رمضان المبارک کی رات میں کھجوروں کی ٹہنیوں سے (بنے ہوئے ایک) حجرے میں نماز پڑھی (حذیفہ) فرماتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہوکر تکبیر کہی: پھر کہا: "اَللّٰہُ اَکْبَرُ ذُو الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَکُوْتِ، وَذُو الْکِبْرِیَاءِ وَالْعَظَمَۃ" پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ بقرہ شروع کی، میں نے سوچا (کہ شاید) آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سو آیتیں پڑھیں گے (لیکن آپ اس سے بھی زیادہ تلاوت کرتے رہے) میں نے سوچا (کہ شاید) دوسو آیتیں پڑھیں گے (لیکن آپ اس سے بھی آگے پڑھتے رہے یہاں تک کہ) حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ آل عمران شروع کی یہ بھی پوری پڑھ لی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ النساء شروع کی یہ بھی پوری پڑھ لی (آپ تلاوت کے دوران) کسی ایسی آیت کو پڑھتے جس میں عذاب وغیرہ کا ذکر ہوتا تو وہاں تلاوت موقوف کر کے اللہ کی پناہ مانگتے۔ پھر اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنی دیر رکوع کیا، جتنی دیر قیام کیا تھا، اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم بار بار سبحان ربی العظیم پڑھتے رہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ، اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْد پڑھا (اور اتنی دیر کھڑے رہے) جتنی دیر رکوع کیا تھا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنی ہی دیر سجدہ کیا جتنی دیر کھڑے رہے اور سجدہ میں سبحان ربی اعلیٰ پڑھتے رہے اور دو سجدوں کے درمیان آپ کہتے "رب اغفرلی" (یا اللہ مجھے بخش دے) حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہ نماز اتنی لمبی پڑھی کہ) رات کے شروع سے آخر تک عشاء کی یہی چار رکعتیں پوری کیں تھیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ علیہ السلام کو نماز فجر کے لئے بلانے آ گئے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

کِتَابُ السَّھْو

سجدہ سہو کا بیان

1202۔ حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، اِمْلاءً فِيْ رَجَبٍ سَنَةَ خَمْسٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَتَكِيُّ، حَدَّثَنَا وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ الْجُرْجَانِيُّ، واِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ السُّلَمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ عَجْلانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِيْ صَلَاتِهٖ فَلْيُلْقِ الشَّكَّ، وَلْيَبْنِ عَلَى الْيَقِيْنِ، فَاِنِ اسْتَيْقَنَ التَّمَامَ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، فَاِنْ كَانَتْ صَلَاتُهٗ تَامَّةً كَانَتِ الرَّكْعَةُ نَافِلَةً وَّالسَّجْدَتَانِ، وَاِنْ كَانَتْ نَاقِصَةً كَانَتِ الرَّكْعَةُ تَمَامًا لِصَلَاتِهٖ، وَالسَّجْدَتَانِ يُرْغِمَانِ اَنْفَ الشَّيْطَانِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تمہیں نماز میں شک پڑے تو وہ شک کو پھینک دے اور یقین پر اعتماد کرے، اگر نماز کے پورا ہونے کا یقین ہو تو دو سجدے کر لے (یعنی ایک رکعت پڑھ لینے کے بعد) کیونکہ اگر (حقیقت میں) اس کی نماز پوری ہو چکی تھی تو یہ رکعت اور دو سجدے اس کے نفل ہو جائیں گے اور اگر ناقص تھی تو اس رکعت

حدیث 1202:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 571 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1024 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ه' 1986ء' رقم الحديث: 1238 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1210 اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي)' رقم الحديث: 214 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ه' 1987ء' رقم الحديث: 1495 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 11707 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 2664 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ه/1970ء' رقم الحديث: 1023

سے اس کی نماز پوری ہو جائے گی اور دو سجدے (یعنی سجدہ سہو) شیطان کی ناک خاک آلود کریں گے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے نقل نہیں کیا

1203۔ اَخْبَرَنَا مُكْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِيْ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ بِلالِ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلالٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَا يَدْرِيْ كَمْ صَلّٰى ثَلَاثًا اَمْ اَرْبَعًا، فَلْيَرْكَعْ رَكْعَةً يُحْسِنُ سُجُوْدَهَا وَرُكُوْعَهَا، ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص نماز پڑھتے ہوئے یہ بھول جائے کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار، تو اس کو چاہئے کہ ایک رکعت (مزید) پڑھ لے، اس کے رکوع اور سجود اچھے طریقے سے ادا کرے پھر دو سجدے کر لے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1204۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُهَاجِرٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُحَيْنَةَ، اَنَّهُ قَالَ: صَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً مِّنَ الصَّلَوَاتِ، فَقَامَ مِنَ اثْنَتَيْنِ فَسُبِّحَ بِهٖ فَمَضٰى حَتّٰى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهٖ، وَلَمْ يَبْقَ اِلَّا السَّلَامُ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ قَبْلَ اَنْ يُسَلِّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُّفَسَّرٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عینیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی تو دوسری رکعت کے بعد (بیٹھنے کے بجائے) کھڑے ہو گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لقمہ بھی دیا گیا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدستور نماز جاری رکھی اور نماز مکمل کرنے کے بعد سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے کئے۔

❖❖ یہ حدیث مفسر ہے اور یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1205۔ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عِصْمَةَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، اَنَّهُ نَهَضَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ فَسَبَّحُوْا بِهٖ فَاسْتَتَمَّ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ حِيْنَ انْصَرَفَ، وَقَالَ: اَكُنْتُمْ تَرَوْنِيْ كُنْتُ اَجْلِسُ اِنَّمَا

صَنَعْتُ كَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت قیس بن ابی حازم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ دو رکعتوں کے بعد کھڑے ہو گئے لوگوں نے سبحان اللہ کہا (یعنی لقمہ دیا) لیکن انہوں نے نماز پوری کی، پھر آخر میں سہو کے دو سجدے کئے اور فرمایا: کیا تم لوگ مجھے بٹھانا چاہتے تھے؟ میں نے اسی طرح کیا جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا ہے۔

❖•❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1206- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّقَّاقُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوْبَ، يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ فَسَهَا فَسَلَّمَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّكَ سَهَوْتَ فَسَلَّمْتَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ، فَاَمَرَ بِلالا فَاَقَامَ الصَّلٰوةَ، ثُمَّ اَتَمَّ تِلْكَ الرَّكْعَةَ فَسَاَلْتُ النَّاسَ عَنِ الرَّجُلِ الَّذِيْ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّكَ سَهَوْتَ فَقِيْلَ لِيْ: اَتَعْرِفُهُ ؟ قُلْتُ: لا، اِلَّا اَنْ اَرَاهُ، فَمَرَّ بِيْ رَجُلٌ، فَقُلْتُ: هُوَ هٰذَا، قَالُوْا: هٰذَا طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت معاویہ بن خدیج رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مغرب کی نماز پڑھی تو (بتقاضائے بشریت) آپ کو سہو ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں پڑھ کر سلام پھیر دیا اور نماز ختم کر دی، ایک شخص نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: یا رسول اللہ! آپ کو سہو ہوا ہے، آپ نے دو رکعتوں پر ہی سلام پھیر دیا ہے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ نماز کی اقامت کہیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری رکعت بھی پڑھائی (معاویہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نے لوگوں سے پوچھا: کہ اس شخص کا نام کیا ہے؟ جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا تھا کہ "آپ کو سہو ہوا ہے"۔ لوگوں نے مجھ سے پوچھا: کیا آپ ان کو پہچانتے ہیں؟ میں نے کہا: نہیں، لیکن اگر اس کو دیکھ لوں (تو پہچان لوں گا) پھر میرے قریب سے ایک شخص گزرا تو میں نے کہا: یہی ہے وہ شخص۔ لوگوں نے بتایا کہ یہ "طلحہ بن عبید اللہ" ہے۔

❖•❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا

1207- اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْوَزِيْرِ التَّاجِرُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْحَنْظَلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا اَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْحُمْرَانِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِيْ قِلابَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشَهَّدَ فِيْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ سَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِيْ

قِلابَةَ، وَلَيْسَ فِيْهِ ذِكْرُ التَّشَهُّدِ لِسَجْدَتَيِ السَّهْوِ

✧✧ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ سہو کے بعد تشہد پڑھتے پھر سلام پھیرتے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے خالد الحذاء کی ابوقلابہ سے روایت نقل کی ہے لیکن اس میں سجدہ سہو کے لئے تشہد کا ذکر نہیں کیا۔

1208۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ اَبِي الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا اَشْعَثُ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِهِمْ فَسَهَا فِيْ صَلَاتِهٖ، فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ بَعْدَ السَّلَامِ وَالْكَلَامِ

✧✧ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نماز پڑھائی اور نماز میں آپ کو سہو ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (نماز سے فارغ ہوکر) سلام اور گفتگو کے بعد سہو کے دو سجدے کئے۔

1209۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الْعَدْلُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْفَزَارِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمّٰى سَجْدَتَيِ السَّهْوِ الْمُرْغِمَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاَبُوْ مُجَاهِدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَيْسَانَ ثِقَةٌ، مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ فِي الْمَرَاوِزَةِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سہو کے دو سجدوں کو "المرغمتین" (خاک آلود کرنے والے) کہا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اور ابومجاہد عبداللہ بن کیسان ثقہ ہیں، ان کی احادیث مراوزہ میں جمع کی جاتی ہیں۔

1210۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَاَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ بَيَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، اَنْبَاَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنِيْ عِيَاضٌ، قَالَ: سَاَلْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، فَقُلْتُ: اَحَدُنَا يُصَلِّيْ فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ، وَاِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الشَّيْطَانُ، فَقَالَ: اِنَّكَ قَدْ اَحْدَثْتَ فَلْيَقُلْ كَذَبْتَ اِلَّا مَا

حدیث 1209:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1025 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1063 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2655

وَجَدَ رِيحًا بِاَنْفِهِ، اَوْ سَمِعَ صَوْتًا بِاُذُنِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عیاض رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے پوچھا: (کہ اگر) کوئی نماز پڑھتے ہوئے بھول جائے اور اس کو یہ سمجھ نہ آئے کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں؟ (تو وہ کیا کرے؟) ابوسعید نے جواب دیا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص نماز پڑھتے ہوئے بھول جائے اور اس کو پتہ نہ چلے کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں؟ تو وہ دو سجدے کرے (یعنی آخر میں سجدہ سہو کرے) اور جب کسی کے پاس شیطان آئے (اور وسوسہ دلانے ہوئے) کہے کہ تو بے وضو ہو چکا ہے تو تم اس کو جھٹلا دو، سوائے اس کے کہ اپنے ناک سے بوسونگھ لو یا اپنے کانوں سے آواز سن لو۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1211- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الرَّاسِبِيُّ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ مَطَرٍ الرَّهَاوِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَهَا فِيْ صَلَاتِهٖ فِيْ ثَلَاثٍ وَّاَرْبَعٍ فَلْيُتِمَّ، فَاِنَّ الزِّيَادَةَ خَيْرٌ مِّنَ النُّقْصَانِ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُّفَسَّرٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کو نماز میں سہو ہو کہ تین رکعتیں ہیں یا چار؟ اس کو چاہئے کہ نماز پوری کرلے کیونکہ زیادتی نقصان سے بہتر ہے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور یہ حدیث مفسر ہے۔

1212- اَخْبَرَنِيْ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْعَنْسِيُّ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا سَهْوَ فِيْ وَثْبَةِ الصَّلٰوةِ اِلَّا قِيَامٌ عَنْ جُلُوْسٍ، وَجُلُوْسٌ عَنْ قِيَامٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز میں جلد بازی کی وجہ سے (سجدہ) سہو لازم نہیں ہے۔ البتہ بیٹھنے کی بجائے کھڑا ہونے اور کھڑا ہونے کی بجائے بیٹھنے میں (سجدہ سہو لازم ہے)۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1213- حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، وَاَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُزَكِّيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَلَسْتُ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَهُوَ

خَلِيْفَةٌ، فَقَالَ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، مَا سَمِعْتَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ مِنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِهِ مَا يَذْكُرُ مَا اَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَهَا الْمَرْءُ فِيْ صَلَاتِهِ ؟ قُلْتُ: لَا، اَوَ مَا سَمِعْتَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؟ قَالَ: لَا، فَدَخَلَ عَلَيْنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، فَقَالَ: فِيْمَا اَنْتُمَا، فَقَالَ عُمَرُ: سَاَلْتُهُ هَلْ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ مِنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِهِ يَذْكُرُ مَا اَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَهَا الْمَرْءُ فِيْ صَلَاتِهِ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: عِنْدِيْ عِلْمٌ مِّنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ عُمَرُ: هَلُمَّ فَاَنْتَ الْعَدْلُ الرِّضَا، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِذَا شَكَّ اَحَدُكُمْ فِي الْاِثْنَتَيْنِ فَلْيَجْعَلْهُمَا وَاحِدَةً، وَإِذَا شَكَّ فِي الْاِثْنَتَيْنِ وَالثَّلَاثِ فَلْيَجْعَلْهُمَا اثْنَتَيْنِ، وَإِذَا شَكَّ فِي الثَّلَاثِ وَالْاَرْبَعِ فَلْيَجْعَلْهُمَا ثَلَاثًا، ثُمَّ يُتِمَّ مَا بَقِيَ مِنْ صَلَاتِهِ حَتّٰى يَكُوْنَ الْوَهْمُ فِي الزِّيَادَةِ، ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ قَبْلَ اَنْ يُسَلِّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، شَاهِدٌ لِّحَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ الَّذِيْ اَمْلَيْتُ قَبْلَ هٰذَيْنِ الْحَدِيْثَيْنِ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں، میں ان کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو آپ نے فرمایا: اے ابن عباس رضی اللہ عنہما! اگر آدمی کو نماز میں سہو ہو جائے تو اس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے یا آپ کے کسی صحابی کی زبان سے سنا ہے۔ میں نے عرض کیا: نہیں (اور میں نے پوچھا) اے امیر المومنین! کیا آپ نے بھی نہیں سنا؟ انہوں نے جواب دیا۔ نہیں سنا (ابن عباس رضی اللہ عنہما) کہتے ہیں: (اسی دوران) عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آ گئے اور کہنے لگے: کیا بات ہو رہی ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے ان سے یہ پوچھا ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی صحابی سے نماز میں سہو ہونے کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی فرمان سن رکھا ہے؟ تو عبدالرحمان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اس سلسلے میں میرے پاس کچھ معلومات ہیں۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ تشریف لائیے کیونکہ آپ عادل اور پسندیدہ آدمی ہیں۔ تو عبدالرحمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے ''جب کسی کو دو رکعتوں میں شک پڑے تو وہ ان کو ایک قرار دے اور جب دو اور تین میں شک پڑے تو ان کو دو قرار دے اور جب تین اور چار میں شک واقع ہو تو ان کو تین سمجھے اور باقی نماز پوری کرے غرض یہ ہے کہ شک والی رکعت کو اضافہ میں لے جائے اور پھر (نماز کے آخر میں) سلام سے پہلے دو سجدے ادا کرے''۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، اور یہ حدیث عبدالرحمان بن ثابت بن شعبان کی اس حدیث کی شاہد ہے جو میں نے ان دو حدیثوں سے پہلے لکھی ہے۔

1214- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُنْقِذٍ الْخَوْلَانِيُّ، حَدَّثَنَا إِدْرِيْسُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرٍ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ شِمَاسَةَ الْمَهْرِيَّ يَقُوْلُ: صَلّٰى بِنَا عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ الْجُهَنِيُّ فَقَامَ وَعَلَيْهِ جُلُوْسٌ، فَقَالَ النَّاسُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَلَمْ يَجْلِسْ وَمَضٰى

عَلٰى قِيَامِهِ، فَلَمَّا كَانَ فِيْ اٰخِرِ صَلَاتِهِ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ، فَلَمَّا سَلَّمَ، قَالَ: اِنِّيْ سَمِعْتُكُمْ اٰنِفًا، تَقُوْلُوْنَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ لِكَيْمَا اَجْلِسَ لٰكِنَّ السُّنَّةَ الَّذِيْ صَنَعْتُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبدالرحمان بن شماسہ مہری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت عقبہ بن عامر جہنی نے نماز پڑھائی تو وہ کھڑے ہو گئے اور باقی لوگ بیٹھے رہے، لوگوں نے ''سبحان اللہ، سبحان اللہ'' کہہ کر لقمے دیئے لیکن وہ نہ بیٹھے اور بدستور کھڑے رہے اور جب نماز مکمل کر لی تو آخری قعدے میں دو سجدے کئے پھر جب سلام پھیرا تو فرمایا: میں نے ابھی تمہیں سنا ہے کہ تم لوگ مجھے بٹھانے کے لئے سبحان اللہ کہہ رہے تھے لیکن سنت وہی ہے جو میں نے کیا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

كِتَابُ الْاِسْتِسْقَاء

بارش طلب کرنے کی نماز کا بیان

1215- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ الْعُمَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْنِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ لِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابِ الزُّهْرِيُّ، اَخْبَرَنِي اَبُو سَلَمَةَ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: خَرَجَ نَبِيٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ يَسْتَسْقِي، فَاِذَا هُوَ بِنَمْلَةٍ رَافِعَةٍ بَعْضَ قَوَائِمِهَا اِلَى السَّمَآءِ، فَقَالَ: ارْجِعُوا فَقَدِ اسْتُجِيبَ لَكُمْ مِنْ اَجْلِ شَاْنِ النَّمْلَةِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک نبی علیہ السلام بارش کی طلب میں گھر سے نکلے تو انہوں نے ایک چیونٹی کو دیکھا جو اپنے پاؤں آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے تھی (گویا وہ بھی بارش مانگ رہی تھی) اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا: لوٹ جاؤ کیونکہ اس چیونٹی کی وجہ سے تمہاری دعا قبول کر لی گئی ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا

1216- حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمَنْصُورِ، فِي دَارِ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ الْمَنْصُورِ، اِمْلَاءً، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ عِيسٰى بْنِ الطَّبَّاعِ، حَدَّثَنِي عَمِّي اِسْحَاقُ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: اسْتَسْقٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَوَّلَ رِدَائَهُ لِيَتَحَوَّلَ الْقَحْطُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز استسقاء ادا کی اور اپنی چادر کو پلٹایا تا کہ قحط پلٹ جائے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1217- حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَلِيٍّ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنِي سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى، قَالَ: اَرْسَلَنِي مَرْوَانُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَسْاَلُهُ عَنْ سُنَّةِ الْاِسْتِسْقَاءِ، فَقَالَ: سُنَّةُ الْاِسْتِسْقَاءِ سُنَّةُ الصَّلٰوةِ فِي الْعِيدَيْنِ، اِلَّا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَلَبَ رِدَائَهُ فَجَعَلَ يَمِينَهُ عَلٰى يَسَارِهِ، وَيَسَارَهُ عَلٰى يَمِينِهِ، فَصَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ يُكَبِّرُ فِي الْاُولٰى سَبْعَ تَكْبِيْرَاتٍ، وَقَرَاَ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى، وَقَرَاَ فِي الثَّانِيَةِ هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ، وَكَبَّرَ فِيْهَا خَمْسَ تَكْبِيْرَاتٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت طلحہ بن یحییٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے مروان نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا کہ میں ان سے نماز استسقاء کا طریقہ پوچھوں تو آپ نے فرمایا: نماز استسقاء کا طریقہ وہی ہے جو عیدین کی نمازوں کا ہے تاہم (اتنا فرق ہے کہ نماز استسقاء میں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر کو پلٹ کر دائیں جانب کو بائیں طرف اور بائیں جانب کو دائیں طرف کر دیا۔ پھر دو رکعتیں پڑھیں، پہلی میں سات تکبیریں کہیں اور "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى" پڑھی اور دوسری رکعت میں "هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ" پڑھی اور اس میں پانچ تکبیریں کہیں۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1218- اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِيْ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيْهِ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ الْوَلِيْدَ اَرْسَلَهُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: يَا ابْنَ اَخِيْ كَيْفَ صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ يَوْمَ اسْتَسْقٰى بِالنَّاسِ، فَقَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَخَشِّعًا، مُتَذَلِّلًا، مُتَبَذِّلًا، فَصَنَعَ فِيْهِ كَمَا يَصْنَعُ فِي الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ رُوَاتُهُ مِصْرِيُّوْنَ وَمَدَنِيُّوْنَ، وَلَا اَعْلَمُ اَحَدًا مِّنْهُمْ مَنْسُوْبًا اِلٰى نَوْعٍ مِّنَ الْجَرْحِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ اِسْحَاقَ

✧✧ اسحاق بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ولید نے ان کو ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف بھیجا اور کہا: اے میرے بھتیجے! جس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز استسقاء پڑھائی تو کس طریقے سے پڑھائی تھی؟ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انتہائی عاجزی اور انکساری کے ساتھ پرانے کپڑے پہن کر تشریف لائے اور جس طرح عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی نماز پڑھائی جاتی ہے اسی طرح پڑھائی۔

❖ اس حدیث کے راوی مصری اور مدنی ہیں اور مجھے نہیں معلوم کہ ان میں سے کسی کو کسی قسم کی جرح کی طرف منسوب کیا گیا ہو لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا اور اس حدیث کو سفیان ثوری رضی اللہ عنہ نے ہشام بن اسحاق سے روایت کیا ہے۔

حدیث 1218:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 2423 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 6180 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1419

(ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

1219- وَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَلِيّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الصَّفَّارُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كِنَانَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: اَرْسَلَنِيْ اَمِيْرٌ مِّنَ الْاُمَرَاءِ اِلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ اَسْاَلُهُ عَنِ الصَّلٰوةِ فِي الْاسْتِسْقَاءِ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مَا مَنَعَهُ اَنْ يَّسْاَلَنِيْ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَاضِعًا، مُتَبَذِّلًا، مُتَخَشِّعًا، مُتَضَرِّعًا، مُتَرَسِّلًا، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ كَمَا يُصَلِّيْ فِي الْعِيْدِ، وَلَمْ يَخْطُبْ خُطْبَتَكُمْ

✧✧ حضرت ہشام بن اسحاق بن عبداللہ بن کنانہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ مجھے ایک امیر نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس نماز استسقاء کا طریقہ پوچھنے کے لئے بھیجا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انہوں نے خود مجھ سے کیوں نہیں پوچھ لیا؟ (پھر انہوں نے فرمایا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پرانے کپڑے پہن کر عاجزی انکساری کرتے ہوئے، گڑگڑاتے ہوئے تشریف لائے اور عید کی نماز کی طرح دو رکعتیں پڑھائیں لیکن خطبہ نہیں دیا۔

1220- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ شَيْءٍ مِّنْ دُعَائِهِ اِلَّا فِي الْاسْتِسْقَاءِ، وَقَالَ شُعْبَةُ: فَقُلْتُ لِثَابِتٍ: اَاَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ اَنَسٍ؟ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، قُلْتُ: اَاَنْتَ سَمِعْتَ مِنْ اَنَسٍ؟ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَقَدْ خَرَّجَهُ مُسْلِمٌ، مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ بُكَيْرٍ، عَنْ شُعْبَةَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم استسقاء کے علاوہ کسی دعا میں ہاتھ بلند نہیں کیا کرتے تھے۔ شعبہ کہتے ہیں: میں نے ثابت سے پوچھا: کیا تم نے یہ بات انس رضی اللہ عنہ سے سنی ہے؟ انہوں نے کہا: سبحان اللہ! میں نے کہا: کیا تو نے یہ حدیث انس رضی اللہ عنہ سے سنی ہے؟ انہوں نے کہا: سبحان اللہ۔

حدیث 1220:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دارا بن کثیر یمامه بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 984 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1748 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 880 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 14038 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1411 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1436 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6238 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 2966

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ جبکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث یحییٰ بن ابی بکیر کے واسطے سے شعبہ سے روایت کی ہے۔

1221 - اَخْبَرَنِیْ اِسْمَاعِیْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِیُّ، حَدَّثَنَا جَدِّیْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِیَّةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِیْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَیْدٍ، قَالَ: اسْتَسْقٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَعَلَیْهِ خَمِیْصَةٌ سَوْدَاءُ، فَاَرَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّاْخُذَ بِاَسْفَلِهَا فَیَجْعَلَهُ اَعْلَاهَا، فَلَمَّا ثَقُلَتْ عَلَیْهِ قَلَبَهَا عَلٰی عَاتِقِهِ قَدِ اتَّفَقَا عَلٰی اِخْرَاجِ حَدِیْثِ عَبَّادِ بْنِ تَمِیْمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَهُوَ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ

❖❖ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ استقاء پڑھائی، اس وقت آپ پر کالی چادر تھی، آپ نے ارادہ کیا کہ اس کی نچلی جانب سے پکڑ کر اوپر کر لیں۔ لیکن جب آپ کو یہ بھاری لگی تو آپ نے اس کو اپنے کندھے پر پلٹ دیا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔ جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے عباد بن تمیم کی حدیث نقل کی ہے۔

1222 - حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدٍ، حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ یَزِیْدَ الْفَقِیْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَوَاكِیْ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُغِیْثًا، مَرِیْئًا مَرِیْعًا، عَاجِلًا غَیْرَ اٰجِلٍ، نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ، فَاَطْبَقَتْ عَلَیْهِمُ السَّمَاءُ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ لوگ روتے ہوئے آئے، (اور قحط کی شکایت کرنے لگے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں دعا مانگی "اے اللہ! ہمیں رچتی جچتی فائدہ مند، فوری بارش عطا فرما (یہ دعا مانگتے ہی) ان پر بارش برسنے لگ گئی"

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

حدیث 1222:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1416 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1169 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6230 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 10673 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 1125

1223- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلٰى اٰبِي اللَّحْمِ، اَنَّهُ رَاٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ اَحْجَارِ الزَّيْتِ يَسْتَسْقِي مُقْنِعًا بِكَفَّيْهِ يَدْعُو هٰكَذَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَعُمَيْرٌ مَّوْلٰى اٰبِي اللَّحْمِ لَهُ صُحْبَةٌ وَّبِصِحَّةِ ذٰلِكَ

✧✧ آبی اللحم کے غلام عمیر کہتے ہیں: کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو پتھریلے میدان میں اس طرح دونوں ہاتھوں کو بلند کر کے بارش کی دعا مانگتے دیکھا۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور ابواللحم کے غلام عمیر صحابی رسول ہیں اور ان کے صحابی رسول ہونے پر درج ذیل حدیث دلیل ہے۔

1224- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلٰى اٰبِي اللَّحْمِ، قَالَ: شَهِدْتُّ خَيْبَرَ مَعَ سَادَتِيْ، فَكَلَّمُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيَّ وَاَخْبَرُوْهُ اَنِّيْ مَمْلُوْكٌ فَاَمَرَ لِيْ فَقُلِّدْتُّ السَّيْفَ، فَاِذَا اَنَا اَجُرُّهُ فَاَمَرَ لِيْ بِشَيْءٍ مِّنْ خُرْثِيِّ الْمَتَاعِ، وَعَرَضْتُ عَلَيْهِ رُقْيَةً كُنْتُ اَرْقِي بِهَا الْمَجَانِيْنَ فَاَمَرَنِيْ بِطَرْحِ بَعْضِهَا، وَحَبْسِ بَعْضِهَا

✧✧ آبی اللحم کے غلام عمیر بیان کرتے ہیں: میں اپنے آقا کے ہمراہ غزوہ خیبر میں شریک ہوا۔ کچھ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو میرے متعلق بتایا کہ میں غلام ہوں۔ آپ ﷺ کے حکم پر مجھے تلوار پہنا دی گئی، میں اس کو اٹھالیا، پھر آپ نے مجھے گھریلو سامان کی چند چیزیں عطا فرمائیں۔ میں نے آپ کو وہ تعویذات پیش کیے جو میں مجنون لوگوں کو دیا کرتا تھا۔ تو حضور ﷺ نے ان میں سے کچھ پھینک دیے اور کچھ اپنے پاس رکھنے کا حکم دیا۔

1225- حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِيُّ، حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَبْرُوْرٍ، عَنْ يُّوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: شَكَا النَّاسُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُحُوطَ الْمَطَرِ، فَاَمَرَ بِمِنْبَرٍ فَوُضِعَ لَهُ فِي الْمُصَلّٰى، وَوَعَدَ النَّاسَ يَوْمًا يَّخْرُجُوْنَ فِيْهِ، قَالَتْ عَائِشَةُ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ بَدَا حَاجِبُ الشَّمْسِ، فَقَعَدَ عَلَى الْمِنبَرِ فَكَبَّرَ وَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّكُمْ شَكَوْتُمْ جَدْبَ دِيَارِكُمْ، وَاسْتِئْخَارِ الْمَطَرِ عَنْ اَوَانِ زَمَانِهِ، وَقَدْ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَدْعُوْهُ، وَوَعَدَكُمْ اَنْ يَّسْتَجِيْبَ لَكُمْ، ثُمَّ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ، اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ، وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَّبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَلَمْ يَزَلْ فِي الرَّفْعِ حَتّٰى بَدَا بَيَاضُ اِبْطَيْهِ، ثُمَّ حَوَّلَ اِلَى النَّاسِ ظَهْرَهُ، وَقَلَبَ اَوْ حَوَّلَ رِدَائَهُ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، وَنَزَلَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، فَاَنْشَاَ اللّٰهُ سَحَابًا فَرَعَدَتْ وَبَرَقَتْ، ثُمَّ اَمْطَرَتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَلَمْ يَاْتِ مَسْجِدَهُ حَتّٰى

سَالَتِ السُّيُولُ، فَلَمَّا رَاٰى سُرْعَتَهُمْ اِلَى الْكِنِّ

ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، وَاَنِّي عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بارشیں بند ہونے کی شکایتیں کیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر بچھانے کا حکم دیا، عیدگاہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے منبر بچھایا گیا اور لوگوں کو ایک دن مقرر کر دیا۔ جس دن سب لوگ جمع ہوں گے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب دھوپ خوب چمک پڑی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور منبر صلی اللہ علیہ وسلم پر بیٹھ گئے پھر تکبیر کہی، اور اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی۔ پھر فرمایا: تم نے اپنے علاقے کی خشک سالی اور وقت پر بارشیں نہ ہونے کی شکایت کی ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا کہ تم اس سے دعا مانگو اور تم سے وعدہ کیا ہے کہ وہ تمہاری دعا کو قبول کرے۔ پھر آپ نے پڑھا "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ، اللّٰهُمَّ اَنْتَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ، اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ، وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَّبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ"

"تمام تعریفیں اس اللہ کیلئے ہیں جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے، وہ رحیم ہے، قیامت کے دن کا مالک ہے، اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ وہی کرتا ہے جو چاہتا ہے، اے اللہ! تو ہی ہے، تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو بے نیاز ہے، ہم محتاج ہیں۔ ہم پر بارش نازل فرما اور جو نازل کرے، اس کو ہمارے لئے قوت بنا اور ایک وقت تک کفایت کا ذریعہ بنا) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کیے، اتنے بلند کیئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی طرف اپنی پیٹھ کر لی۔ اور اپنی چادر کے دونوں کنارے تبدیل کیئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہاتھ بلند کیے ہوئے تھے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور منبر صلی اللہ علیہ وسلم سے نیچے اترے پھر دو رکعتیں ادا کیں۔ اللہ تعالیٰ نے بادل بھیجے (اور دیکھتے ہی دیکھتے) اللہ کے حکم سے گرج اور چمک کے ہمراہ بارش برسنے لگ گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ابھی مسجد میں ہی تھے کہ ندی نالے بہنے شروع ہو گئے پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو اپنے گھروں کی طرف بھاگتے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دانت مبارک ظاہر ہو گئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1226- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحُصَيْنِ الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ السِّمْطِ، اَنَّهُ قَالَ لِكَعْبِ بْنِ مُرَّةَ اَوْ مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ: حَدِّثْنَا حَدِيْثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا عَلٰى مُضَرَ فَاَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَعْطَاكَ وَاسْتَجَابَ لَكَ، وَاِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوْا، فَادْعُ اللّٰهَ لَهُمْ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيْثًا مَرِيْئًا سَرِيْعًا غَدَقًا عَاجِلًا، غَيْرَ رَائِثٍ، نَافِعًا غَيْرَ

ضَارٍّ، فَمَا كَانَتْ اِلَّا جُمُعَةٌ اَوْ نَحْوَهَا حَتّٰى سُقُوا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ اِسْنَادُهُ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ الثِّقَةُ الثَّبْتُ، قَدْ رَوَاهُ، عَنْ شُعْبَةَ بِاِسْنَادِهِ، عَنْ مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ، وَلَمْ يَشُكَّ فِيْهِ مَرَّةَ ابْنُ كَعْبِ الْبَهْزِيُّ صَحَابِيٌّ مَّشْهُوْرٌ

✧✧ شرحبیل بن سمط کے بارے میں مروی ہے کہ انہوں نے کعب بن مرہ یا (شاید یہ کہا) مرہ بن کعب سے کہا کہ ہمیں کوئی ایسی حدیث سنایئے جس کو آپ نے خود رسول اللہ ﷺ سے سنا ہو، انہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو قبیلہ مضر کے لئے بددعا کرتے سنا، تو میں آپ ﷺ کے پاس آیا: اور عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ کو (ایک خاص عزت اور مرتبہ) عطا فرمایا ہے اور آپ مستجاب الدعوات ہیں اور آپ کی قوم ہلاک ہو رہی ہے، آپ ان کے لئے دعا کریں۔ رسول اللہ ﷺ نے یوں دعا مانگی'': اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيْثًا مَرِيئًا سَرِيْعًا غَدَقًا عَاجِلا، غَيْرَ رَائِثٍ، نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ ''۔

''آپ کی اس دعا کے بعد ایک جمعہ یا اس کے قریب کچھ دن گزرے تھے کہ بارش ہوگئی۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صحیح الاسناد ہے۔ بھز بن اسد عمی ثقہ ہیں، قابل اعتماد ہیں۔ انہوں نے یہ حدیث اپنی سند کے ہمراہ شعبہ کے ذریعے مرہ بن کعب سے روایت کی ہے۔ اور اس میں شک والے الفاظ نہیں ہیں۔ حضرت مرہ بن کعب رضی اللہ عنہ بھی مشہور صحابی ہیں۔

1227۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَافِظِ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدِيْنِيُّ، حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ السِّمْطِ، عَنْ مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا فِى الاسْتِسْقَاءِ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيْثًا، مَرِيئًا سَرِيْعًا، غَدَقًا طَبَقًا، عَاجِلا غَيْرَ رَائِثٍ، نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ، فَمَا كَانَتْ اِلَّا جُمُعَةٌ اَوْ نَحْوُهَا حَتّٰى سُقُوا

✧✧ حضرت مرہ بن کعب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے نماز استسقاء میں یہ دعا مانگی'' اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيْثًا، مَرِيئًا سَرِيْعًا، غَدَقًا طَبَقًا، عَاجِلا غَيْرَ رَائِثٍ، نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ، فَمَا كَانَتْ اِلَّا جُمُعَةٌ اَوْ نَحْوُهَا حَتّٰى سُقُوا'' ۔

''آپ کی اس دعا کے بعد تقریباً ایک ہفتے میں بارش آ گئی''۔

كتابُ الكسوف

سورج گرہن کی نماز

1228- اَخْبَرَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَالِمُ بْنُ الْفَضْلِ الْآدَمِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدَائِنِيُّ، حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اِيَاسٍ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ حَيَّانَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا اَرْمِي اَسْهُمًا اِذِ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ فَنَبَذْتُهَا، وَانْطَلَقْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ وَهُوَ قَائِمٌ رَافِعٌ يَدَيْهِ يُسَبِّحُ وَيُكَبِّرُ، وَيَحْمَدُ رَبَّهُ وَيَدْعُو حَتّٰى انْجَلَتْ، وَقَرَاَ سُوْرَتَيْنِ فِيْ رَكْعَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبدالرحمان بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دفعہ میں تیراندازی کر رہا تھا کہ سورج گرہن ہوگیا، میں نے تیروں کو پھینکا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چلا آیا: جب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہنچا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہاتھوں کو بلند کئے کھڑے ہوئے، اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح و تکبیر پڑھ رہے تھے۔ اور دعا مانگ رہے تھے، گرہن ختم ہونے تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ عمل جاری رکھا پھر دو رکعتیں پڑھیں، ان میں دو سورتوں کی تلاوت کی۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا

1229- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبَّاسٍ الرَّمْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَطَالَ الْقِيَامَ حَتّٰى قِيْلَ لَا يَرْكَعُ، ثُمَّ رَكَعَ فَاَطَالَ الرُّكُوْعَ حَتّٰى قِيْلَ لَا يَرْفَعُ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَاَطَالَ الْقِيَامَ حَتّٰى قِيْلَ لَا يَرْكَعُ، ثُمَّ رَكَعَ فَاَطَالَ الرُّكُوْعَ حَتّٰى قِيْلَ لَا يَرْفَعُ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ، فَاَطَالَ الْقِيَامَ

حدیث: 1228

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1373

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 6127

حَتّٰی قِیْلَ لا یَسْجُدُ وَذَکَرَ بَاقِیَ الْحَدِیْثِ حَدِیْثُ الثَّوْرِیِّ، عَنْ یَعْلٰی بْنِ عَطَاءٍ غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ، فَقَدِ احْتَجَّ الشَّیْخَانِ بِمُؤَمَّلِ بْنِ اِسْمَاعِیْلَ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، فَاَمَّا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ فَاِنَّهُمَا لَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج گرہن ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز شروع کی تو بہت لمبا قیام کیا (اتنا لمبا قیام کیا) یوں لگ رہا تھا کہ آپ رکوع نہیں کریں گے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا تو وہ بھی اتنا طویل تھا، لگ رہا تھا کہ رکوع سے سر نہیں اٹھائیں گے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع سے سر اٹھایا تو اتنا لمبا قیام کیا کہ محسوس ہو رہا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع نہیں کریں گے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا اور لگ رہا تھا کہ سر نہیں اٹھائیں گے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر اٹھایا: تو اتنا لمبا قیام کیا، لگ رہا تھا کہ سجدہ نہیں کریں گے۔ (اسکے بعد) عبداللہ بن عمرو نے باقی حدیث ذکر کی۔

❖❖ ثوری کی یعلٰی بن عطاء سے روایت کردہ حدیث غریب ہے، صحیح ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے مومل بن اسماعیل کی روایت نقل کی ہے۔ لیکن یہ حدیث نقل نہیں کی اور عطاء بن سائب کی روایات شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل نہیں کی۔

1230۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُکْرَمٍ، حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ، حَدَّثَنَا زُهَیْرٌ، وَثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَمْشَاذٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ، حَدَّثَنَا زُهَیْرٌ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَیْسٍ، حَدَّثَنِیْ ثَعْلَبَةُ بْنُ عَبَّادٍ الْعَبْدِیُّ، مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ، اَنَّهُ شَهِدَ خُطْبَةً یَوْمًا لِسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، فَذَکَرَ فِیْ خُطْبَتِهٖ، قَالَ سَمُرَةُ: بَیْنَمَا اَنَا یَوْمًا وَغُلَامٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ نَرْمِی غَرَضًا لَّنَا عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اِذَا کَانَتِ الشَّمْسُ عَلٰی قَدْرِ رُمْحَیْنِ، اَوْ ثَلَاثَةٍ فِیْ عَیْنِ النَّاظِرِ مِنَ الْاُفُقِ اسْوَدَّتْ حَتّٰی اٰضَتْ کَاَنَّهَا تَنُّوْمَةٌ، فَقَالَ: اَحَدُنَا لِصَاحِبِهٖ انْطَلِقْ بِنَا اِلَی الْمَسْجِدِ فَوَاللّٰهِ لَیُحْدِثَنَّ شَاْنُ هٰذِهِ الشَّمْسِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اُمَّتِهٖ حَدَثًا، فَدَفَعْنَا اِلَی الْمَسْجِدِ، فَاِذَا هُوَ بَارِزٌ، فَوَافَقْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ خَرَجَ اِلَی النَّاسِ، قَالَ: فَتَقَدَّمَ وَصَلّٰی بِنَا کَاَطْوَلِ مَا قَامَ بِنَا فِیْ صَلٰوةٍ قَطُّ لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتَهٗ، ثُمَّ رَکَعَ بِنَا کَاَطْوَلِ مَا رَکَعَ بِنَا فِیْ صَلٰوةٍ قَطُّ لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتَهٗ، ثُمَّ سَجَدَ بِنَا کَاَطْوَلِ مَا سَجَدَ بِنَا فِیْ صَلٰوةٍ قَطُّ لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتَهٗ، قَالَ: ثُمَّ فَعَلَ فِی الرَّکْعَةِ الثَّانِیَةِ مِثْلَ ذٰلِکَ، قَالَ: فَوَافَقَ تَجَلِّی الشَّمْسِ جُلُوْسَهٗ فِی الرَّکْعَةِ الثَّانِیَةِ، قَالَ: ثُمَّ سَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰی عَلَیْهِ، وَشَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَشَهِدَ اَنَّهٗ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، ثُمَّ قَالَ: یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَّرَسُوْلُ اللّٰهِ، فَاُذَکِّرُکُمُ اللّٰهَ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّیْ قَصَّرْتُ عَنْ شَیْءٍ مِّنْ تَبْلِیغِ رِسَالَاتِ رَبِّیْ لَمَا اَخْبَرْتُمُوْنِیْ حَتّٰی اُبَلِّغَ رِسَالَاتِ رَبِّیْ کَمَا یَنْبَغِیْ لَهَا اَنْ تُبَلَّغَ، وَاِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّیْ قَدْ بَلَّغْتُ رِسَالَاتِ رَبِّیْ لَمَا اَخْبَرْتُمُوْنِیْ، قَالَ: فَقَامَ النَّاسُ، فَقَالُوْا: نَشْهَدُ اَنَّکَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالَاتِ رَبِّکَ، وَنَصَحْتَ لِاُمَّتِکَ وَقَضَیْتَ الَّذِیْ عَلَیْکَ، قَالَ: ثُمَّ سَکَتُوْا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ رِجَالًا یَزْعُمُوْنَ اَنَّ کُسُوْفَ هٰذِهِ الشَّمْسِ، وَکُسُوْفَ هٰذَا الْقَمَرِ، وَزَوَالَ هٰذِهِ النُّجُوْمِ عَنْ مَّطَالِعِهَا لِمَوْتِ رِجَالٍ عُظَمَاءَ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ، وَاِنَّهُمْ کَذَبُوْا وَلٰکِنَّ اٰیَاتٍ مِّنْ اٰیَاتِ اللّٰهِ یَفْتِنُ بِهَا عِبَادَهٗ لِیَنْظُرَ مَنْ یُّحْدِثُ مِنْهُمْ تَوْبَةً، وَاللّٰهِ لَقَدْ رَاَیْتُ مُنْذُ

قُمْتُ أُصَلِّي مَا أَنْتُمْ لَاقُونَ فِي دُنْيَاكُمْ وَآخِرَتِكُمْ، وَإِنَّهُ وَاللّٰهِ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ ثَلَاثُونَ كَذَّابًا آخِرُهُمُ الْأَعْوَرُ الدَّجَّالُ: مَمْسُوحُ الْعَيْنِ الْيُسْرٰى كَأَنَّهَا عَيْنُ أَبِي يَحْيٰى لِشَيْخٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَإِنَّهُ مَتٰى خَرَجَ، فَإِنَّهُ يَزْعُمُ أَنَّهُ اللّٰهُ، فَمَنْ آمَنَ بِهِ وَصَدَّقَهُ وَاتَّبَعَهُ فَلَيْسَ يَنْفَعُهُ صَالِحٌ مِنْ عَمَلٍ سَلَفَ، وَمَنْ كَفَرَ بِهِ وَكَذَّبَهُ فَلَيْسَ يُعَاقَبُ بِشَيْءٍ مِنْ عَمَلِهِ سَلَفَ، وَإِنَّهُ سَيَظْهَرُ عَلَى الْأَرْضِ كُلِّهَا إِلَّا الْحَرَمَ، وَبَيْتَ الْمَقْدِسِ، وَإِنَّهُ يَحْصُرُ الْمُؤْمِنِينَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَيَتَزَلْزَلُونَ زِلْزَالًا شَدِيدًا، فَيُصْبِحُ فِيهِمْ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ فَيَهْزِمُهُ اللّٰهُ وَجُنُودَهُ حَتّٰى إِنَّ أَجْذَمَ الْحَائِطِ، وَأَصْلَ الشَّجَرِ لَيُنَادِي بِالْمُؤْمِنِ هٰذَا كَافِرٌ يَسْتَتِرُ بِي فَتَعَالَ اقْتُلْهُ، قَالَ: فَلَنْ يَكُونَ ذٰلِكَ حَتّٰى تَرَوْنَ أُمُورًا يَتَفَاقَمُ شَأْنُهَا فِي أَنْفُسِكُمْ تَسَائَلُونَ بَيْنَكُمْ: هَلْ كَانَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ لَكُمْ مِنْهَا ذِكْرًا، وَحَتّٰى تَزُولَ جِبَالٌ عَنْ مَرَاسِيهَا، ثُمَّ عَلٰى أَثَرِ ذٰلِكَ الْقَبْضُ، وَأَشَارَ بِيَدِهِ، قَالَ: ثُمَّ شَهِدَ خُطْبَةً أُخْرٰى، قَالَ: فَذَكَرَ هٰذَا الْحَدِيثَ مَا قَدَّمَهَا وَلَا أَخَّرَهَا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ثعلبہ بن عباد عبدی رضی اللہ عنہ کا تعلق کا بصرہ سے ہے، وہ فرماتے ہیں: ایک دن وہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کے خطبہ میں حاضر ہوئے تو انہوں نے اپنے خطبہ میں درجہ ذیل واقعہ سنایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک مرتبہ میں اور ایک انصاری لڑکا نشانہ بازی کر رہے تھے، جب سورج لوگوں کی نگاہوں میں آسمان میں دو یا تین نیزوں کی مقدار میں رہ گیا تو کالا ہو گیا اور اتنا اندھیرا ہو گیا، لگتا تھا کہ رات ہو گئی، تو ہم میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا: میرے ساتھ مسجد میں چلو، خدا کی قسم! ہم اس سورج کی حالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیان کریں گے، تو ہم مسجد میں آ گئے، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم میدان کی طرف نکل چکے تھے، ہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہو لئے۔ حضرت سمرہ کہتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے اور ہمیں نماز پڑھائی، اس نماز میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اتنا لمبا قیام کیا کہ اس سے پہلے کبھی کسی نماز میں اتنا لمبا قیام نہیں کیا تھا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز ہمیں سنائی نہیں دے رہی تھی۔ حضرت سمرہ کہتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری رکعت میں بھی ایسے ہی کیا اور دوسری رکعت کے قعدے میں تھے کہ سورج روشن ہو گیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا، اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی اور یہ گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور یہ کہ وہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو: میں انسان ہوں اور اللہ کا رسول ہوں، میں تمہیں اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔ اگر تم سمجھتے ہو کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے احکام تم تک پہنچانے میں کوتاہی کی ہے تو مجھے بتاؤ تا کہ میں اللہ کے احکام اس طرح پہنچاؤں جس طرح پہنچانے کا حق ہے۔ اور اگر تم سمجھتے ہو کہ میں نے اللہ کے احکام پہنچا دیئے ہیں تو بھی مجھے بتا دو (سمرہ) کہتے ہیں: لوگ کھڑے ہو کر کہنے لگے: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ نے اپنے رب کے احکام پہنچا دیئے ہیں اور اپنی امت کو نصیحت دی ہے اور اپنی ذمہ داری ادا کی ہے۔ (سمرہ) کہتے ہیں: پھر سب لوگ خاموش ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کے بعد فرمایا: کچھ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ سورج اور چاند کا گرہن اور ان ستاروں کا اپنے مقام سے ہٹنا، بڑے بڑے لوگوں کے مرنے کی وجہ سے ہوتا ہے، یہ جھوٹ بولتے ہیں (جبکہ حقیقت یہ ہے کہ) یہ اللہ کی ایک نشانی ہے، جسکے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو آزماتا

ہے کہ ان میں سے کون کون توبہ کرتا ہے۔

خدا کی قسم! میں نے اس نماز کے دوران وہ تمام حالات دیکھ لئے ہیں جو تم پر دنیا اور آخرت میں آنیوالے ہیں، خدا کی قسم! قیامت سے پہلے تیس جھوٹے لوگ آئیں گے، ان میں سے سب سے آخری کا نام دجال ہوگا، اس کی بائیں آنکھ، ابویحییٰ کی طرح ضائع ہوگی (ابویحییٰ بوڑھے انصاری آدمی تھے) جب وہ ظاہر ہوگا تو وہ اپنے آپ کو خدا سمجھے گا، اس پر جو ایمان لائے گا، اسکو سچا سمجھے گا اور اسکی اتباع کریگا، اس کے پچھلے تمام نیک عمل ضائع ہو جائیں گے اور جو اس کا انکار کریگا اور اسکو جھٹلائے گا تو اس کے گزشتہ اعمال میں سے کسی کی وجہ سے بھی اس کو سزا نہ دی جائے گی اور وہ ساری زمین پر پھرے گا، سوائے حرم اور بیت المقدس کے۔ تمام مومنین بیت المقدس میں محصور ہو جائیں گے پھر بہت شدید زلزلے آئیں گے پھر ان میں عیسیٰ بن مریم تشریف لائیں گے، تو اللہ تعالیٰ دجال اور اس کے لشکر کو شکست دیگا، یہاں تک کہ دیواریں اور درخت بھی مومنوں کو پکار کر کہیں گے کہ یہ کافر میرے پیچھے چھپا ہوا ہے، آؤ، اس کو قتل کرو، آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تم کچھ ایسے امور دیکھو گے جنہیں تم بہت بڑا سمجھ رہے ہوگے تم ایک دوسرے سے پوچھو گے: کیا تمہارے نبی ﷺ نے ان میں سے کوئی بات نہیں بتائی؟ پھر پہاڑ اپنی جگہوں سے سرک جائیں گے پھر اس کے بعد قیامت آجائے گی اور آپ ﷺ نے ہاتھ سے اشارہ بھی کیا۔

حضرت ثعلبہ فرماتے ہیں: میں سمرہ کے دوسرے خطبہ میں حاضر ہوا تو انہوں نے یہ حدیث ذکر کی اور اس میں کوئی لفظ آگے پیچھے نہیں تھا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1231۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ دَرَسْتَوَيْهِ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ الْفَارِسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُوَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ الشَّمْسَ كَسَفَتْ يَوْمَ مَاتَ اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ ابْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَظَنَّ النَّاسُ اَنَّمَا انْكَسَفَتْ لِمَوْتِهٖ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّمَا الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيَاتِهٖ، فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَقُوْمُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ وَاِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ، وَادْعُوْا وَتَصَدَّقُوْا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جس دن رسول اللہ ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا، اس دن سورج کو گرہن لگا، لوگ سمجھے کہ شاید ان کی وفات کی وجہ سے سورج گرہن ہوا ہے۔ تو نبی اکرم ﷺ کھڑے

حدیث 1231:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دارابن كثير' يمامه' بيروت' لبنان' 1407ھ/1987ء' رقم الحديث: 995 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1400 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2828 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 13095

ہوئے اورارشادفرمایا: اے لوگو! چاند اور سورج اللہ کی نشانیاں ہیں، ان کو کسی کی موت اور حیات کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا، جب تم گرہن کو دیکھو تو نماز پڑھو، اللہ کا ذکر کرو، دعائیں مانگو اور صدقہ کرو۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1232۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَتَّابِ الْعَبْدِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ مُوْسٰى بْنُ مَسْعُوْدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ، عَنْ اَسْمَاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَتَاقَةِ فِيْ كُسُوْفِ الشَّمْسِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

❖❖ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سورج گرہن کے وقت غلام آزاد کرنے کا حکم دیا کرتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

گزشتہ حدیث کی ایک شاہد حدیث موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

1233۔ اَخْبَرَنَاهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ، وَمُحَمَّدٌ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَتْ: اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَتَاقَةٍ حِيْنَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ

❖❖ حضرت عبدالعزیز بن محمد رضی اللہ عنہ اپنی سند کے ہمراہ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ سورج گرہن کے وقت غلام آزاد کرو۔

1234 ...۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَدْلُ، وَاَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، وَقَالَ فِيْهِ: فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَادْعُوا اللّٰهَ وَصَلُّوْا، وَتَصَدَّقُوْا، وَاَعْتِقُوْا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ

❖❖ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج گرہن ہوا، پھر اس کے بعد پوری

حدیث 1232:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر، یمامه، بیروت، لبنان، 1407ھ/1987ء رقم الحدیث: 2384 اخرجه ابو عبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 26969 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6159 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 319

حدیث ہے اور اس کے اندر یہ ارشاد بھی موجود ہے۔ ''جب تم سورج گرہن دیکھو تو اللہ سے دعائیں مانگو، نماز پڑھو، صدقہ کرو، اور غلام آزاد کرو۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

1235 ۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ دَاوُدَ اَبُوْ يَحْيَى الْخَفَّافُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْ قِلابَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، اَنَّ الشَّمْسَ انْكَسَفَتْ، فَصَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى انْجَلَتْ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ، وَلٰكِنَّهُمَا خَلْقَانِ مِنْ خَلْقِهٖ، وَيُحْدِثُ اللّٰهُ فِيْ خَلْقِهٖ مَا شَاءَ، ثُمَّ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِذَا تَجَلّٰى لِشَيْءٍ مِّنْ خَلْقِهٖ خَشَعَ لَهٗ، فَاَيُّهُمَا انْخَسَفَ، فَصَلُّوْا حَتّٰى يَنْجَلِيَ، اَوْ يُحْدِثَ اللّٰهُ اَمْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

❖❖ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (ایک مرتبہ) سورج گرہن ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں ادا کیں یہاں تک کہ سورج روشن ہو گیا، پھر فرمایا: چاند اور سورج کو کسی کی موت کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا بلکہ یہ تو اللہ تعالیٰ اپنی تخلیق میں سے کسی کو روشن کرتا ہے تو وہ اس کے سامنے عاجزی کرتی ہے، اس لئے جب ان دونوں میں سے کسی ایک کو بھی گرہن لگے تو نماز میں مشغول ہو جاؤ یہاں تک کہ سورج روشن ہو جائے یا اللہ تعالیٰ کا کوئی اور امر ظاہر ہو۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ بیان نہیں کیا

1236 ۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسَى الْحِيْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ مَنْ اُصَدِّقُ يُرِيْدُ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيَامًا شَدِيْدًا يَقُوْمُ بِالنَّاسِ، ثُمَّ يَرْكَعُ، ثُمَّ يَقُوْمُ، ثُمَّ يَرْكَعُ، ثُمَّ يَقُوْمُ، ثُمَّ يَرْكَعُ، فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ ثَلاثُ رَكَعَاتٍ، فَرَكَعَ الثَّالِثَةَ، ثُمَّ سَجَدَ حَتّٰى اَنَّ رِجَالا يَوْمَئِذٍ لَّيُغْشٰى عَلَيْهِمْ مِمَّا قَامَ بِهِمْ حَتّٰى اَنَّ سِجَالَ الْمَآءِ لَتُصَبُّ عَلَيْهِمْ يَقُوْلُ: اِذَا رَكَعَ، قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، وَاِذَا رَفَعَ، قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ حَتّٰى تَجَلَّتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لا يَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلا لِحَيَاتِهٖ، وَلٰكِنَّهُمَا اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهِمَا عِبَادَهٗ، فَاِذَا كَسَفَا فَافْزَعُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَهٗ مُسْلِمٌ، مِنْ حَدِيْثِ مُعَاذِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج کو گرہن لگا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت لمبا قیام کیا، تمام لوگ بھی ساتھ قیام کر رہے تھے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا، پھر کھڑے ہوئے، پھر رکوع کیا، پھر کھڑے ہوئے، پھر رکوع کیا، اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں پڑھیں اور ہر رکعت میں تین رکوع کیے، پھر تیسری مرتبہ رکوع کیا، پھر سجدہ کیا، اس دن جو لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے، ان میں سے کئی لوگوں پر غشی طاری ہوگئی اور ان پر ڈول بھر بھر پانی بہایا گیا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع کرتے تو ''اللہ اکبر'' کہتے اور جب رکوع سے اٹھاتے تو ''سمع الله لمن حمده'' کہتے۔ (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلسل نماز جاری رکھی) یہاں تک کہ سورج روشن ہوگیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چاند اور سورج کو کسی کی موت وحیات کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا، یہ تو اللہ کی نشانیاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے اپنے بندوں کو خوف دلاتا ہے۔ اس لئے جب ان کو گرہن لگے تو نماز میں مشغول ہو جاؤ۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہی حدیث معاذ بن ہشام پھر ان کے والد پھر قتادہ پھر عطاء اور پھر عبیدہ بن عمیر سے روایت کی ہے۔ تاہم اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں۔

1237۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى الْقَاضِيُّ بِبُخَارِى، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِى الْعَالِيَةِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِهِمْ فَقَرَاَ سُوْرَةً مِّنَ الطِّوَالِ، وَرَكَعَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ قَامَ الثَّانِيَةَ، فَقَرَاَ مِنَ الطِّوَالِ، ثُمَّ رَكَعَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ، وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ جَلَسَ كَمَا هُوَ مُسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةِ يَدْعُو حَتّٰى تَجَلّٰى كُسُوْفُهَا الشَّيْخَانِ قَدْ هَجَرَا اَبَا جَعْفَرٍ الرَّازِيَّ، وَلَمْ يُخَرِّجَا عَنْهُ وَحَالُهُ عِنْدَ سَائِرِ الْاَئِمَّةِ اَحْسَنُ الْحَالِ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ فِيْهِ اَلْفَاظٌ وَرُوَاتُهُ صَادِقُوْنَ

✧✧ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج گرہن ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نمازِ کسوف پڑھائی اور طوال میں سے ایک سورۃ پڑھی اور پانچ مرتبہ رکوع کیا اور دو سجدے کیے پھر دوسری رکعت میں کھڑے ہوئے اور طوال میں سے ایک سورۃ پڑھی پھر پانچ مرتبہ رکوع کیا اور دو سجدے کیے پھر قبلہ رو ہو کر بیٹھے دعا مانگتے رہے یہاں تک کہ گرہن ختم ہوگیا......

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابو جعفر راضی کی روایات نقل نہیں کیں حالانکہ تمام آئمہ ان کے بارے میں اچھے خیالات رکھتے ہیں۔ اور اس حدیث میں کچھ مزید الفاظ بھی ہیں۔ اور اس کے تمام راوی صادق ہیں۔

1238۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ قَبِيْصَةَ الْهِلَالِيِّ، قَالَ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ فَزِعًا يَجُرُّ ثَوْبَهُ، وَاَنَا مَعَهُ يَوْمَئِذٍ بِالْمَدِيْنَةِ، فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، فَاَطَالَ فِيْهِمَا الْقِيَامَ، ثُمَّ انْصَرَفَ وَانْجَلَتْ، فَقَالَ: اِنَّمَا هٰذِهِ الْآيَاتُ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهَا فَاِذَا رَاَيْتُمُوْهَا يَعْنِىْ فَصَلُّوْا كَاَحْدَثِ صَلٰوةٍ صَلَّيْتُمُوْهَا مِنَ الْمَكْتُوْبَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالَّذِىْ عِنْدِىْ اَنَّهُمَا عَلَّلَاهُ بِحَدِيْثِ رَيْحَانَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ قَبِيْصَةَ، وَحَدِيْثٍ يَّرْوِيْهِ مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ وُهَيْبٍ لَا يُعَلِّلُهُ حَدِيْثُ رَيْحَانَ، وَعَبَّادٍ

✧✧ حضرت قبیصہ ہلالی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج گرہن ہوا، آپ گھبرائے ہوئے، اپنی چادر کو گھسیٹتے ہوئے باہر تشریف لائے، میں اس دن مدینہ میں آپ کے ہمراہ تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں پڑھائیں، ان میں بہت لمبا قیام کیا پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے اور گرہن ختم ہو گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ خوف دلاتا ہے۔ جب تم ان کو دیکھو تو اس طرح نماز پڑھو جیسے تم نے ابھی ابھی فرضی نماز پڑھی ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور جہاں تک میرا خیال ہے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کو ریحان بن سعید کی اس حدیث کی وجہ سے معلل قرار دیا ہے۔ جس کی سند عباد بن منصور پھر ایوب پھر ابوقلابہ پھر ہلال بن عامر سے ہوتی ہوئی قبیصہ تک پہنچتی ہے اور وہ حدیث جس کو موسیٰ بن اسماعیل نے وہیب سے روایت کیا ہے اس کو ریحان اور عباد کی حدیث معلل نہیں کرتی۔

1239 - اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِىُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اللَّيْثِ الرَّازِىُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا عَمِّىْ، حَدَّثَنَا اَبِىْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِىْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، كُلٌّ قَدْ حَدَّثَنِىْ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ، قَالَ: فَحَزَرْتُ

حدیث 1238:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1185 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 20626 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6131 اخرجه ابوجعفر الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" طبع دارالكتب العلميه بيروت الطبعة الاولىٰ 1399ھ رقم الحديث:1800

حدیث 1239:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 1481 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 24714 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6136 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث:1866

قِرَائَتَهُ، فَرَأَيْنَا أَنَّهُ قَرَأَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: فَأَطَالَ الْقِرَائَةَ فَحَزَرْتُ قِرَائَتَهُ، فَرَأَيْتُ أَنَّهُ قَرَأَ سُوْرَةَ الِ عِمْرَانَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، إِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، وَهِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بِلَفْظٍ اٰخَرَ

✧✧ ام المومنین حضرت سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں سورج گرہن ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور لوگوں کو نمازِ کسوف پڑھائی میں نے آپ علیہ السلام کی قراءت کا اندازہ لگایا، میرا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ بقرہ پڑھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسجدے کیے پھر دوسری رکعت میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لمبی قرأت کی، میرے اندازے کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس رکعت میں) سورۃ ال عمران کی تلاوت کی تھی۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1240 - حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ، حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، أَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ، أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ قِرَائَةً طَوِيْلَةً يُجْهَرُ بِهَا فِيْ صَلٰوةِ الْكُسُوْفِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ کسوف میں بلند آواز سے لمبی قرأت کی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا

1241 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِيْ صَفْوَانَ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: كَانَتْ ظُلْمَةٌ عَلٰى عَهْدِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: فَأَتَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا حَمْزَةَ، هَلْ كَانَ يُصِيْبُكُمْ مِثْلُ هٰذَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَعَاذَ اللّٰهِ، إِنْ كَانَ الرِّيْحُ لَيَشْتَدُّ فَيُبَادِرُ إِلَى الْمَسْجِدِ مَخَافَةَ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ هٰذَا هُوَ ابْنُ النَّضْرِ بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَقَدِ احْتَجَّا بِالنَّضْرِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن نضر رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں، کہ انس بن مالک کے زمانے میں اندھیرا چھا گیا تو میں انس بن مالک کے پاس آیا اور ان سے پوچھا: اے ابوحمزہ! کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تمہیں کبھی ایسا واقعہ پیش آیا؟ تو

حدیث 1241:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1196

(انس نے) کہا: خدا کی پناہ! اگر کبھی شدید آندھی چلتی تو رسول اللہ ﷺ قیامت کے خوف سے جلدی سے مسجد میں آجاتے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور یہ عبید اللہ نضر بن انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے بیٹے ہیں۔ اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نضر کی روایات نقل کی ہیں۔

1242۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: صَلّٰى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ كُسُوفٍ لَا نَسْمَعُ لَهٗ صَوْتًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہمیں نمازِ کسوف پڑھائی اور ہمیں آپ ﷺ کی (قرأت کی) آواز سنائی نہیں دے رہی تھی۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1243۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ الْجَلَّابُ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰيَتَانِ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ لَا يَنْخَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيَاتِهٖ، فَاِذَا رَاَيْتُمُوْهَا فَتَصَدَّقُوْا وَصَلُّوْا، وَكَبِّرُوْا، وَادْعُوا اللّٰهَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ اُمّ المؤمنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں سورج گرہن ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: سورج اور چاند اللہ کی نشانیاں ہیں، ان کو کسی شخص کی موت کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا، جب تم گرہن دیکھو تو صدقہ کرو، نماز پڑھو، تکبیر پڑھو اور اللہ سے دعائیں کرو۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا

1244۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ

حدیث: 1242

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 562 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1264 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 20172 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2851 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 6796

بَكْرٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِى بَكْرَةَ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ بِمِثْلِ صَلاتِكُمْ هٰذَا فِىْ كُسُوفِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ

وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ، وَآلِهِ اَجْمَعِيْنَ

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چانداور سورج کے گرہن کے موقع پر تمہاری اس نماز جیسی دو رکعتیں پڑھائی۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اُس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

کتاب الصلوٰة الخوف

نمازخوف کا بیان

1245۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِي الْاَشْعَثُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ زَهْدَمٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ بِطَبَرِسْتَانَ، فَقَالَ: اَيُّكُمْ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ ؟ فَقَامَ حُذَيْفَةُ فَصَفَّ النَّاسَ خَلْفَهُ صَفًّا، وَصَفًّا مُوَازِيَ الْعَدُوِّ، فَصَلّٰى بِالَّذِيْنَ خَلْفَهُ رَكْعَةً، ثُمَّ انْصَرَفَ هٰؤُلَاءِ مَكَانَ هٰؤُلَاءِ، وَجَآءَ اُولٰئِكَ فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَةً وَّلَمْ يَقْضُوا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا

✧✧ حضرت ثعلبہ بن زہدم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم سعید بن عاص کے ہمراہ طبرستان میں تھے، انہوں نے فرمایا: تم میں سے کس شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ صلوٰۃ الخوف پڑھی ہے؟ تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے۔ لوگوں نے ایک صف انکے پیچھے بنائی اور ایک صف دشمن کے مقابلے میں کھڑی رہی، انہوں نے اپنے پیچھے کھڑے ہوؤں کو ایک رکعت پڑھائی، پھر یہ نماز چھوڑ کر ان کی جگہ پر جا کر کھڑے ہو گئے اور وہ ان کے پیچھے آ گئے، آپ نے ان کو بھی ایک رکعت پڑھائی اور کسی نے بھی (امام کے

حدیث 1245:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1246 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 23437 اخرجه ابوبكر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المكتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1343 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1452 اخرجه ابوبكر الكوفی فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 8273 ذكره ابوبكر البیهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 5843 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 1918 اخرجه ابوجعفر الطحاوی فی "شرح معانی الآثار" طبع دارالكتب العلمیه بیروت الطبعة الاولٰی 1399ھ رقم الحدیث: 1713

پیچھے پوری) نماز نہیں پڑھی۔

یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اس طرح نقل نہیں کیا

1246 - حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الزَّاهِدُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُعْشُمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِيْ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي الْجَهْمِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلّٰى بِذِيْ قَرَدٍ صَلٰوةَ الْخَوْفِ رَكْعَةً رَكْعَةً، وَلَمْ يَقْضُوا هٰذَا شَاهِدٌ لِّلْحَدِيْثِ الَّذِيْ قَبْلَهٗ، وَهُوَ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذی قرد میں صلوٰۃ الخوف کی ایک ایک رکعت پڑھائی۔ اور لوگوں نے نماز قضا نہیں کی۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور یہ گزشتہ حدیث کی شاہد ہے۔

1247 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِي الْجَهْمِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ بِذِيْ قَرَدٍ، فَصَفَّ خَلْفَهٗ صَفًّا وَصَفًّا مُوَازِيَ الْعَدُوِّ فَصَلّٰى مَعَهٗ رَكْعَةً، ثُمَّ ذَهَبُوْا اِلٰى مَصَافِّ اُولٰئِكَ، وَجَآءَ اُولٰئِكَ اِلٰى مَصَافِّ هٰؤُلَاءِ، وَصَلَّوْا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً، ثُمَّ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ الْاَلْفَاظِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذی قرد میں (اس طریقے سے) نمازِ خوف پڑھائی کہ ایک صف آپ کے پیچھے تھی اور دوسری صف دشمن کے مقابلے میں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ایک رکعت پڑھا دی، پھر یہ لوگ (ایک رکعت پڑھنے کے بعد) ان کی جگہ پر چلے گئے اور وہ ان کی جگہ پر آ گئے اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک رکعت پڑھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیر دیا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا

1248 - اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَمْرِو بْنُ اَبِيْ جَعْفَرٍ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ

حدیث 1248:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 5816 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبۃ العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 6277

اِبْرَاهِيْمَ، اَنْبَانَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ السَّكُوْنِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، اَنَّهُ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الصَّلٰوةِ فِي الْقَوْسِ، فَقَالَ: صَلِّ فِي الْقَوْسِ، وَاطْرَحِ الْقَرْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ اِنْ كَانَ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيُّ سَمِعَ مِنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، اَنَّهُ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلٰوةِ فِي الْقَوْسِ فَقَالَ: صَلِّ فِي الْقَوْسِ، وَاطْرَحِ الْقَرْنَ، هٰذَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہودیوں کے عبادت خانے میں نماز پڑھنے کے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہاں نماز پڑھ لو اور جو (بت وغیرہ) سامنے ہو اسکو گرا دو۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے، اگر محمد بن ابراہیم تیمی نے سلمہ بن اکوع کا یہ بیان سن رکھا ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہودیوں کے عبادت خانے میں نماز پڑھنے کے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہاں نماز پڑھ لو اور سامنے جو بت وغیرہ ہو، اس کو گرا دو اس حدیث کو شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل نہیں کیا۔

1249۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمْدَانَ الْجَلَّابُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَنْبَانَا يَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ الْهَادِ، حَدَّثَنِيْ شُرَحْبِيْلُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلٰوةِ الْخَوْفِ قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَائِفَةٌ مِّنْ خَلْفِهِ، وَطَائِفَةٌ مِّنْ وَرَاءِ الطَّائِفَةِ الَّتِيْ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُعُوْدٌ وُجُوْهُهُمْ كُلُّهُمْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرَتِ الطَّائِفَتَانِ فَرَكَعَ فَرَكَعَتْ مَعَهُ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ خَلْفَهُ وَالْاٰخَرُوْنَ قُعُوْدٌ، ثُمَّ سَجَدَ فَسَجَدُوْا اَيْضًا وَالْاٰخَرُوْنَ قُعُوْدٌ، ثُمَّ قَامَ فَقَامُوْا وَنَكَصُوْا خَلْفَهُ حَتّٰى كَانُوْا مَكَانَ اَصْحَابِهِمْ قُعُوْدًا، وَاَتَتِ الطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى، فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَةً وَّسَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ وَالْاٰخَرُوْنَ قُعُوْدٌ، ثُمَّ سَلَّمَ فَقَامَتِ الطَّائِفَتَانِ كِلْتَاهُمَا فَصَلَّوْا لِاَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً وَّسَجْدَتَيْنِ رَكْعَةً وَّسَجْدَتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهِ غَيْرِ شُرَحْبِيْلَ وَهُوَ تَابِعِيٌّ مَّدَنِيٌّ غَيْرُ مُتَّهَمٍ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز خوف کے متعلق روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے تو ایک جماعت آپ کے پیچھے کھڑی ہوئی۔ اور ایک جماعت ان کے پیچھے بیٹھ گئی، ان سب کے چہرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہی: تو دونوں جماعتوں نے تکبیر کہی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا تو جو جماعت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تھی، انہوں نے رکوع کر لیا اور جو ان کے بھی پیچھے تھے، وہ بیٹھے رہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے والوں نے بھی سجدہ کیا۔ اور ان کے پیچھے والے بیٹھے رہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے والے بھی

کھڑے ہو گئے۔ پھر یہ لوگ پیچھے کھسکتے ہوئے ان لوگوں کی صف تک چلے گئے جو بیٹھے ہوئے تھے اور وہ دوسری جماعت (جو پہلے بیٹھی رہی انہوں) نے آ کر رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ ایک رکعت پڑھی اور دو سجدے کیے۔ پھر حضور علیہ السلام نے سلام پھیر دیا اور دوسرے بیٹھے رہے۔ پھر جب آپ علیہ السلام نے سلام پھیر دیا تو دونوں جماعتیں اٹھ کر کھڑی ہوئیں اور انہوں نے خود بخود ایک رکعت اور دو سجدے ادا کیے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں سوائے شرحبیل کے، حالانکہ یہ مدنی، تابعی غیر متہم ہیں۔

1250- حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ يَحْيَى الْمُقْرِءُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ، قَالَتْ: فَصَدَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ صَدْعَتَيْنِ، فَصُفَّتْ طَائِفَةٌ وَّرَائَهُ، وَقَامَتْ طَائِفَةٌ، وجَاءَ الْعَدُوُّ، قَالَتْ: فَكَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَبَّرَتِ الطَّائِفَةُ الَّذِيْنَ صَفُّوا خَلْفَهُ، ثُمَّ رَكَعَ وَرَكَعُوْا، ثُمَّ سَجَدَ وَسَجَدُوْا، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَرَفَعُوْا، ثُمَّ مَكَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا وَسَجَدُوْا لِاَنْفُسِهِمِ السَّجْدَةَ الثَّانِيَةَ، ثُمَّ قَامُوا، ثُمَّ نَكَصُوا عَلٰى اَعْقَابِهِمْ يَمْشُونَ الْقَهْقَرٰى حَتّٰى قَامُوا مِنْ وَرَائِهِمْ، وَاَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى فَصَفُّوا خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَبَّرُوْا، ثُمَّ رَكَعُوْا لِاَنْفُسِهِمْ، ثُمَّ سَجَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجْدَتَهُ الثَّانِيَةَ فَسَجَدُوْا مَعَهُ، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَكْعَتِهِ وَسَجَدُوْا لِاَنْفُسِهِمِ السَّجْدَةَ الثَّانِيَةَ، ثُمَّ قَامَتِ الطَّائِفَتَانِ جَمِيْعًا فَصَفُّوا خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَكَعَ بِهِمْ رَكْعَةً فَرَكَعُوْا جَمِيْعًا، ثُمَّ سَجَدَ فَسَجَدُوْا جَمِيْعًا، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ وَرَفَعُوْا مَعَهُ، كُلُّ ذٰلِكَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيْعًا جِدًّا لَا يَاْلُو اَنْ يُخَفِّفَ مَا اسْتَطَاعَ، ثُمَّ سَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمُوا، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ شَرَكَهُ النَّاسُ فِيْ صَلَاتِهٖ كُلِّهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُوَ اَتَمُّ حَدِيْثٍ، وَاَشْفَاهُ فِيْ صَلٰوةِ الْخَوْفِ

❖❖ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے صلوٰۃ الخوف پڑھائی، آپ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا، ان میں سے ایک جماعت آپ ﷺ کے پیچھے کھڑی ہو گئی اور دوسری دشمن کے آگے کھڑی ہو گئی، اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے تکبیر کہی تو آپ ﷺ کے ہمراہ اس جماعت نے بھی تکبیر کہی جو آپ ﷺ کے پیچھے صف بستہ تھے پھر آپ ﷺ نے رکوع کیا، انہوں نے بھی رکوع کیا پھر آپ ﷺ نے سجدہ کیا، انہوں نے بھی سجدہ کیا پھر آپ ﷺ نے سر اٹھایا انہوں نے بھی سر اٹھا لیا پھر رسول اللہ ﷺ بیٹھ گئے اور انہوں نے دوسرا سجدہ خود ہی کیا پھر وہ لوگ کھڑے ہوئے اور اپنی ایڑیوں کے بل الٹے پاؤں چلتے ہوئے پیچھے لوٹ گئے، یہاں تک کہ یہ لوگ دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم سے پیچھے جا کر

کھڑے ہو گئے، پھر دوسری جماعت آئی اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے صف بنائی پھر انہوں نے تکبیر کہی پھر خود ہی سجدہ کیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرا سجدہ کیا، تو انہوں نے بھی آپ کے ہمراہ سجدہ کیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اگلی) رکعت میں کھڑے ہو گئے اور ان لوگوں نے دوسرا سجدہ خود ہی کیا، پھر دونوں جماعتیں اکٹھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے صف بنا کر کھڑی ہو گئیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو رکوع کروایا، ان سب نے رکوع کیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ان سب نے بھی سجدہ کیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ سے سر اٹھالیا، اور انہوں نے بھی اپنا سر اٹھالیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تمام عمل بہت تیزی سے کیا اور انہوں نے نماز کے مختصر کرنے میں ذرا کوتاہی نہ کی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا، انہوں نے بھی سلام پھیرا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (نماز سے فارغ ہو کر جب) کھڑے ہوئے تو تمام لوگ آپ کی تمام نماز میں شرکت کر چکے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور نماز خوف کے حوالے سے یہ حدیث سب سے جامع ہے۔

1251۔ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ الْاَهْوَازِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرِ بْنِ رِبْعِيٍّ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَلِيْفَةَ الْبَكْرَاوِيُّ، حَدَّثَنَا اَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْحُمْرَانِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِالْقَوْمِ فِيْ صَلٰوةِ الْخَوْفِ صَلٰوةَ الْمَغْرِبِ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ انْصَرَفَ، وَجَآءَ الْاٰخَرُوْنَ فَصَلّٰى بِهِمْ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ

سَمِعْتُ اَبَا عَلِيٍّ الْحَافِظَ، يَقُوْلُ: هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اَشْعَثُ الْحُمْرَانِيُّ لَمْ يَكْتُبْهُ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، قَالَ الْحَاكِمُ: وَاِنَّهٗ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو نمازِ خوف کے طور پر مغرب کی نماز کی تین رکعتیں پڑھائیں، یہ لوگ نماز سے فارغ ہوئے (اور چلے گئے) اور دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم (جنہوں نے ابھی تک نماز نہیں پڑھی تھی) آ گئے۔ حضور علیہ السلام نے ان کو بھی تین رکعتیں پڑھائیں۔

❖❖ (امام حاکم کہتے ہیں) میں نے ابوعلی الحافظ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اشعث الحمرانی نے اس حدیث کو اسی اسناد کے ہمراہ نقل کیا ہے، امام حاکم کہتے ہیں: یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

1252۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْلٍ الدَّبَّاسُ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ الصَّائِغُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِيْ عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُسْفَانَ، وَعَلَى الْمُشْرِكِيْنَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ

حدیث 1251:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1638

فَصَلَّيْنَا الظُّهْرَ، فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: لَقَدْ اَصَبْنَا غِرَّةً، لَقَدْ اَصَبْنَا غَفْلَةً، لَوْ كُنَّا حَمَلْنَا عَلَيْهِمْ وَهُمْ فِي الصَّلٰوةِ، فَنَزَلَتْ ايَةُ الْقَصْرِ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، فَلَمَّا حَضَرَتِ الْعَصْرُ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ وَالْمُشْرِكُوْنَ اَمَامَهُ، فَصَفَّ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفٌّ، وَصَفٌّ بَعْدَ ذٰلِكَ الصَّفِّ صَفٌّ اٰخَرُ، فَرَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَكَعُوْا جَمِيْعًا، ثُمَّ سَجَدَ وَسَجَدَ الصَّفُّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُ، وَقَامَ الْاٰخَرُوْنَ يَحْرُسُوْنَهُمْ، فَلَمَّا صَلّٰى هٰؤُلَاءِ السَّجْدَتَيْنِ، وَقَامُوا سَجَدَ الْاٰخَرُوْنَ الَّذِيْنَ كَانُوْا خَلْفَهُمْ، ثُمَّ تَاَخَّرَ الصَّفُّ الَّذِيْ يَلِيْهِ اِلٰى مَقَامِ الْاٰخَرِيْنَ، وَرَكَعُوْا جَمِيْعًا، ثُمَّ سَجَدَ الصَّفُّ الَّذِيْ يَلِيْهِ وَقَامَ الْاٰخَرُوْنَ يَحْرُسُوْنَهُمْ، فَلَمَّا جَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالصَّفُّ الَّذِيْ يَلِيْهِ سَجَدَ الْاٰخَرُوْنَ، ثُمَّ جَلَسُوا جَمِيْعًا فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ، فَصَلَاهَا بِعُسْفَانَ وَصَلَاهَا يَوْمَ بَنِيْ سُلَيْمٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

◈◈ حضرت ابوعیاش الزرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ عسفان میں تھے اور مشرکوں کے سپہ سالار خالد بن ولید تھے، ہم نے نماز ظہر ادا کی، مشرکوں نے پروگرام بنایا کہ ہمارے پاس بہت اچھا موقع ہے کہ مسلمان نماز میں (جنگ کی طرف) متوجہ نہیں ہوتے، اگر ہم ان پر اس وقت حملہ کریں جب یہ نماز کی حالت میں ہوتے ہیں (تو ہمیں کامیابی مل سکتی ہے) تو ظہر اور عصر کے درمیان ''نمازِ قصر'' کی آیت نازل ہوگئی، جب نماز عصر کا وقت ہوا تو رسول اللہ ﷺ قبلہ رو ہو کر کھڑے ہوئے اور مشرکین آپ ﷺ کے سامنے تھے۔ چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ایک صف حضور اکرم ﷺ کے پیچھے بنائی اور اس صف کے پیچھے ایک اور صف بنالی، پھر رسول اکرم ﷺ نے رکوع کیا تو دونوں صفوں نے آپ ﷺ کے ہمراہ رکوع کیا۔ پھر آپ ﷺ نے سجدہ کیا تو جو صف آپ ﷺ کے پیچھے تھی انہوں نے آپ ﷺ کے ہمراہ سجدہ کیا اور ان سے پیچھے والی صف والے صحابہ رضی اللہ عنہم ان کی حفاظت کی غرض سے کھڑے رہے پھر جب اگلی صف والوں نے دو سجدہ کر لئے اور کھڑے ہو گئے تو پچھلی صف والوں نے سجدے کر لئے پھر اگلی صف والے پیچھے کھسک گئے اور پچھلی صف میں جا کر کھڑے ہو گئے (اور پیچھے والے آگے ہو گئے) پھر دونوں صفوں والوں نے رکوع کیا اور اگلی صف والوں نے سجدہ کیا جبکہ پیچھے والے ان کی حفاظت کی غرض سے کھڑے رہے پھر رسول اللہ ﷺ بیٹھ گئے اور اگلی صف والے بھی بیٹھ گئے اور پیچھے والوں نے سجدہ کر لیا۔ پھر یہ سب لوگ بیٹھ گئے اور پھر نبی اکرم ﷺ نے سب کا سلام پھیرا۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ نماز ''عسفان'' میں پڑھی اور بنی سلیم کے دن پڑھی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1253- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَنَسٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، اَنَّهُ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، يُحَدِّثُ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا هُرَيْرَةَ، هَلْ صَلَّيْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ؟ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: نَعَمْ، قَالَ مَرْوَانُ: مَتٰى؟ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: عَامَ غَزْوَةِ نَجْدٍ، قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الصَّلٰوةِ

صَلٰوۃِ الْعَصْرِ فَقَامَتْ مَعَهٗ طَائِفَةٌ وَّطَائِفَةٌ اُخْرٰی مُقَابِلَ الْعَدُوِّ، وَظُهُوْرُهُمْ اِلَی الْقِبْلَةِ، فَكَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرُوْا جَمِيْعًا الَّذِيْنَ مَعَهٗ وَالَّذِيْنَ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ، ثُمَّ رَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً وَّاحِدَةً، وَرَكَعَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ خَلْفَهٗ، ثُمَّ سَجَدَ فَسَجَدَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ تَلِيْهِ وَالْاٰخَرُوْنَ قِيَامٌ مُّقَابِلَ الْعَدُوِّ، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَامَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ مَعَهٗ، وَذَهَبُوْا اِلَی الْعَدُوِّ فَقَابَلُوْهُمْ وَاَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ فَرَكَعُوْا وَسَجَدُوْا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ كَمَا هُوَ، ثُمَّ قَامُوا فَرَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً اُخْرٰی وَرَكَعُوْا مَعَهٗ وَسَجَدُوْا مَعَهٗ، ثُمَّ اَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ كَانَتْ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ فَرَكَعُوْا وَسَجَدُوْا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ وَّمَنْ مَّعَهٗ، ثُمَّ كَانَ السَّلَامُ، فَسَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَلَّمُوا جَمِيْعًا، فَكَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَانِ، وَلِكُلِّ رَجُلٍ مِّنَ الطَّائِفَتَيْنِ رَكْعَةٌ رَكْعَةٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ مروان بن حکم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ نے (کبھی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ "صلوٰۃ الخوف" پڑھی ہے؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں۔ مروان نے پوچھا: کب؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: غزوۂ نجد کے سال رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز عصر کے لئے کھڑے ہوئے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت آپ کے ہمراہ کھڑی ہوگئی اور دوسری جماعت دشمنوں کے مقابلے میں کھڑی رہی، ان کی پشت قبلہ کی طرف تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہی تو جتنے لوگ آپ کے ہمراہ جماعت میں شریک تھے ان سب نے تکبیر کہی اور جو دشمن کے مقابلے میں کھڑے ہوئے تھے، انہوں نے بھی تکبیر کہی۔ پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رکوع کیا تو آپ کے ہمراہ جو جماعت تھی، انہوں نے بھی رکوع کیا، جبکہ دوسری جماعت دشمن کے مقابلے میں کھڑی رہی پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوگئے اور آپ کے ہمراہ جو جماعت تھی وہ اٹھے اور جا کر دشمن کے مقابلے میں کھڑے ہوگئے اور یہ جماعت جو کہ دشمن کے مقابلے میں تھی آئی، انہوں نے آ کر خود ہی رکوع بھی کیا اور سجدہ بھی کیا اور اس دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بدستور کھڑے رہے۔ پھر یہ لوگ (دو سجدے کرنے کے بعد) کھڑے ہو گئے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری رکعت کا رکوع کیا تو ان لوگوں نے بھی آپ کے ہمراہ رکوع کیا، آپ نے سجدہ کیا تو انہوں نے بھی آپ کے ہمراہ سجدہ کیا۔ پھر وہ جماعت بھی آ گئی جو دشمن کے مقابلے میں کھڑی تھی انہوں نے آ کر خود ہی رکوع اور سجدہ کیا اور اس دوران رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھ نماز پڑھنے والی پہلی جماعت کے لوگ بیٹھے رہے، اس کے بعد سلام کا موقع تھا، تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا اور آپ کے ہمراہ تمام لوگوں نے سلام پھیرا، اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دو رکعتیں اور دونوں جماعتوں کی ایک ایک ہوئی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

کتاب الجنائز

نماز جنازہ کا بیان

1254۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، وَشُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ، قَالَا: اَنْبَانَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهِمْ وَعَبَّاسٌ عَمُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْتَكِي، فَتَمَنّٰى عَبَّاسٌ الْمَوْتَ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَمِّ، لَا تَتَمَنَّ الْمَوْتَ، فَاِنَّكَ اِنْ كُنْتَ مُحْسِنًا، فَاِنْ تُؤَخَّرْ تَزْدَدْ اِحْسَانًا اِلٰى اِحْسَانِكَ خَيْرٌ لَّكَ، وَاِنْ كُنْتَ مُسِيْئًا فَاِنْ تُؤَخَّرْ فَتُسْتَعْتَبْ مِنْ اِسَائَتِكَ خَيْرٌ لَّكَ، فَلَا تَتَمَنَّ الْمَوْتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ قَيْسٍ، عَنْ خَبَّابٍ، لَوْلَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَتَمَنَّى الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

✧✧ حضرت اُمّ فضل رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے تو آپ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ بہت شدید بیمار تھے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے موت کی تمنا کی ۔تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے چچا! موت کی تمنا مت کرو، کیونکہ اگر تم نیک ہوتو موت جتنی دیر سے آئے گی، آپ کی نیکیوں پر نیکیاں بڑھتی جائیں گی اور یہ آپ کے لئے بہت بہتر ہے۔ اور اگر تم گنہگار ہوتو موت جتنی دیر سے آئے گی، تمہیں گناہوں کی معافی مانگنے کا اتنا ہی زیادہ موقع مل جائے گا، اس لئے موت کی تمنا مت کرو۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے قیس کے حوالے سے خباب کا یہ بیان نقل کیا ہے " اگر رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث 1254:

اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 7076 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه، مدينه منوره 1413ھ/1992ء، رقم الحديث: 1082 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 26916 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 44

نے موت کی تمنا کرنے سے منع نہ کیا ہوتا تو میں موت کی تمنا کرتا''۔

1255۔ اَخْبَرَنَا مُكْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ بِلالِ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلالٍ، قَالَ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلا اُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ مِنْ شِرَارِكُمْ ؟ قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: خِيَارُكُمْ اَطْوَلُكُمْ اَعْمَارًا، وَاَحْسَنُكُمْ عَمَلا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں خبر دوں کہ تم میں سب سے بہترین شخص کون ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: جی ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جس کی عمر لمبی ہو اور اس کے اعمال اچھے ہوں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

1256۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكَاتِبُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، وَيُونُسَ، وَثَابِتٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، اَنَّ رَجُلا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ: اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمْرُهُ وَحَسُنَ عَمَلُهُ، قَالَ: فَاَيُّ النَّاسِ شَرٌّ ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمْرُهُ وَسَاءَ عَمَلُهُ

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سے سب سے بہتر کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس کی عمر طویل ہو اور عمل نیک ہوں''۔ اس نے پوچھا: سب سے بُرا شخص کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور اعمال برے ہوں۔

1257۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا

حدیث 1255:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دار الباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث:6319

حدیث 1257:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي' في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2142 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 13432 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 341 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 3821 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 1941 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بيروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء' رقم الحديث:1390

مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، جَمِيْعًا، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهُ، قَالَ: فَقِيْلَ: كَيْفَ يَسْتَعْمِلُهُ؟ قَالَ: يُوَفِّقُهُ لِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

◇◇ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس سے عمل کرواتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: اللہ تعالیٰ اس سے کیسے عمل کرواتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس بندے کو موت سے پہلے نیک عمل کی توفیق عطا فرما دیتا ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اسناد صحیح کے ہمراہ گزشتہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے۔ (جو کہ درج ذیل ہے)

1258- اَخْبَرَنَاهُ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا عَسَلَهُ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا عَسَلَهُ؟ قَالَ: يُوَفِّقُ لَهُ عَمَلًا صَالِحًا بَيْنَ يَدَيْ اَجَلِهِ حَتّٰى يَرْضٰى عَنْهُ جِيرَانُهُ، اَوْ قَالَ: مَنْ حَوْلَهُ

◇◇ حضرت عمر بن حمق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ اپنے کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کو شہد کھلاتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: کیسے شہد کھلاتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی موت سے پہلے اس کو نیک عمل کی توفیق دیتا ہے حتیٰ کہ اس کے پڑوسی اس سے خوش ہو جاتے ہیں۔ یا (شاید فرمایا) اس کے اردگرد والے لوگ خوش ہو جاتے ہیں۔

1259- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرُ

حدیث 1258:

اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 342 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 3298 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 183 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 489

حدیث 1259:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2878 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 14583 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 7319 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 1901 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 1013

بْنُ الْمُوَرِّعِ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، وَاَخْبَرَنِیْ عَلِیُّ بْنُ عِیْسَی الْحِیْرِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِیُّ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیٰی، اَنْبَاَنَا جَرِیْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: یُبْعَثُ کُلُّ عَبْدٍ عَلٰی مَا مَاتَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجْهُ الْبُخَارِیُّ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بندے کو اسی حالت پر اٹھایا جائے گا جس حالت پر وہ مرے گا۔

✥✥ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اسے نقل نہیں کیا۔

1260۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْخُرَاسَانِیُّ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ، اَنْبَاَنَا یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّهٗ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ دَعَا بِثِیَابٍ جُدُدٍ فَلَبِسَهَا، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: اِنَّ الْمَیِّتَ یُبْعَثُ فِیْ ثِیَابِهِ الَّتِیْ یَمُوْتُ فِیْهَا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: جب حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے نئے کپڑے منگوا کر پہنے، پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ میت کو انہی کپڑوں میں اٹھایا جائے گا جن میں وہ مرے گا۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1260أ۔ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَنَا اَبُوْ هَانِءٍ الْخَوْلَانِیُّ، وَعَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الْجَنْبِیُّ، سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَیْدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَّاتَ عَلٰی مَرْتَبَةٍ مِّنْ هٰذِهِ الْمَرَاتِبِ بُعِثَ عَلَیْهَا یَوْمَ الْقِیَامَةِ عَلٰی شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ان مراتب میں سے کسی مرتبے پر مرے گا، قیامت کے دن اسی پر اٹھایا جائے گا۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

حدیث 1260:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3114 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 7316 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6395 اخرجه ابو بکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ رقم الحدیث: 6203

1261- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّكْسَكِيِّ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ وَّلَا مَرَّتَيْنِ يَقُوْلُ: اِذَا كَانَ الْعَبْدُ يَعْمَلُ عَمَلًا صَالِحًا فَشَغَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ مَرَضٌ، اَوْ سَفَرٌ، كُتِبَ لَهٗ كَصَالِحِ مَا كَانَ يَعْمَلُ، وَهُوَ صَحِيْحٌ مُّقِيْمٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک دو مرتبہ نہیں (بلکہ کئی مرتبہ) فرماتے سنا ہے کہ بندہ نیک عمل کرتا ہو پھر وہ بیماری یا سفر کی وجہ سے وہ عمل نہ کر پائے تو اس کے نامہ اعمال میں بدستور وہ ثواب لکھا جاتا رہے گا جو وہ حالت صحت و اقامت میں کیا کرتا تھا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

1262- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُلَاعِبِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئِ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ عَرَفَ فِيْهِ الْمَوْتَ، قَالَ: قَدْ كُنْتُ اَنْهَاكَ عَنْ حُبِّ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ: قَدْ اَبْغَضَهُمْ سَعْدُ بْنُ زُرَارَةَ فَمَهْ، فَلَمَّا مَاتَ اَتَاهُ ابْنُهٗ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ قَدْ مَاتَ فَاَعْطِنِيْ قَمِيْصَكَ اُكَفِّنْهُ فِيْهِ، فَنَزَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيْصَهٗ، فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ ابن ابی کی مرض الموت میں عیادت کرنے تشریف لے گئے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس پہنچے تو اس میں موت کے آثار پہچان لئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے یہودیوں کی محبت سے منع کیا کرتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مزید) فرمایا: ان میں سے بدترین دشمن ''سعد بن زرارہ'' ہے، اس کو چھوڑ دے، جب

حدیث 1261:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3091 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 19694 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 6339

حدیث 1262:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دار الفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3094 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 390

وہ مرگیا تو اس کا بیٹا نبی اکرم ﷺ کے پاس آ کر کہنے لگا: یا رسول اللہ ﷺ عبداللہ ابن ابی مرگیا ہے، آپ مجھے اپنی قمیص عطا فرمائیں تاکہ میں اس میں اس کو کفن دوں، نبی اکرم ﷺ نے اپنی قمیض اتار کر اس کو دے دی۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1263۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ لَيْسَ بِرَاكِبِ بَغْلٍ، وَلَا بِرْذَوْنٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ میری عیادت کے لئے نہ تو خچر پر سوار ہو کر تشریف لاتے اور نہ گھوڑے پر۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1264۔ حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّعُوْدُ مَرِيضًا مُمْسِيًا اِلَّا خَرَجَ مَعَهُ سَبْعُونَ اَلْفَ مَلَكٍ يَّسْتَغْفِرُوْنَ لَهُ حَتّٰى يُصْبِحَ، وَكَانَ لَهُ خَرِيفٌ فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْ اَتَاهُ مُصْبِحًا خَرَجَ مَعَهُ سَبْعُونَ اَلْفَ مَلَكٍ يَّسْتَغْفِرُوْنَ لَهُ حَتّٰى يُمْسِيَ، وَكَانَ لَهُ خَرِيفٌ فِي الْجَنَّةِ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِاَنَّ جَمَاعَةً مِّنَ الرُّوَاةِ اَوْقَفُوْهُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، وَمَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ عَنْهُمَا، وَاَنَا عَلٰى

حدیث 1263:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير، يمامه، بيروت، لبنان، 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 5340 اخرجه ابو داؤد السجستانی فی "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: 3096 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع دار احياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 3851 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 15053 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دار الكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ / 1991ء، رقم الحديث: 7501 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 2140

حدیث 1264:

اخرجه ابو داؤد السجستانی فی "سننه" طبع دار الفكر بيروت لبنان، رقم الحديث: 3098 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع دار احياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 969 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 975

اَصْلِيْ فِي الْحُكْمِ لِرَاوِى الزِّيَادَةِ

◇◇ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص شام کے وقت کسی مریض کی عیادت کے لئے جاتا ہے، اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے دعائے مغفرت کرتے ہوئے نکلتے ہیں اور صبح تک دعا کرتے رہتے ہیں اور اس شخص کے لئے جنت میں ایک باغ ہے اور جو شخص صبح کے وقت کسی مریض کی عیادت کرنے نکلے اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے نکلتے ہیں جو کہ شام تک اس کے لئے مغفرت کی دعا کرتے رہتے ہیں اور اس کے لئے جنت میں ایک باغ ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین نے اسے نقل نہیں کیا کیونکہ راویوں کی ایک جماعت ہے جنہوں نے اس حدیث کو حکم بن عتیبہ اور منصور بن المعتمر سے ابن ابی لیلی کے واسطے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ تک موقوف رکھا ہے جس کو شعبہ نے روایت کیا ہے اور میں راوی کی زیادتی کے سلسلے میں اپنی اصل پر قائم ہوں۔

1265 - اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: عَادَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَجَعٍ كَانَ بِعَيْنَیَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

◇◇ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میری آنکھوں میں درد تھا جس کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کیلئے تشریف لائے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی درج ذیل حدیث، مذکورہ حدیث کی شاہد ہے۔

1266 - حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ كَثِيْرٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفّٰى، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: عَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ مِنْ رَّمَدٍ كَانَ بِهٖ

◇◇ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن ارقم کی آشوبِ چشم کی وجہ سے عیادت کی۔

1267 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْجُعَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَآئِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، اَنَّ اَبَاهَا، قَالَ: اشْتَكَيْتُ بِمَكَّةَ فَجَائَنِیْ

حدیث 1265:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3102 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6380 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 247

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِیْ، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى جَبْهَتِیْ، ثُمَّ مَسَحَ صَدْرِیْ وَبَطْنِیْ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْدًا، وَاَتِمَّ لَهُ هِجْرَتَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بنت سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتی ہیں کہ میں مکہ میں بیمار پڑ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کیلئے تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ میری پیشانی پہ رکھا، پھر میرے سینے اور پیٹ کو ملا پھر یوں دعا مانگی "یا اللہ سعد کو شفاء دے اور اسکی ہجرت کو پورا کر دے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

1268 - اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الْعَدْلُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى الْقَاضِیْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِیْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ اَبُوْ خَالِدٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ عَادَ مَرِيْضًا لَّمْ يَحْضُرْ اَجَلُهُ، فَقَالَ عِنْدَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ اِلَّا عَافَاهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ الْمَرَضِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِیِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 1267:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3104 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 2355 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبری" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 7504 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبری" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6381

حدیث 1268:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3106 اخرجه ابو عیسی الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2083 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 2137 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبری" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 10883 اخرجه ابویعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 2483 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی دارعمار بیروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحدیث: 35 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 12272 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 718 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 23572

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی کی عیادت کو جائے اور اس کے پاس سات مرتبہ یہ دعا مانگے": اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ "(میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے) اگر اس کو موت نہ آئی ہوئی ہو، اللہ اس مرض سے اس کو شفاء دے دے گا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1269- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ فَقَعَدَ عِنْدَ رَاْسِهٖ، ثُمَّ قَالَ سَبْعَ مَرَّاتٍ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ عُوفِيَ اِنْ لَمْ يَكُنْ اَجَلُهٗ حَضَرَ

هٰذَا حَدِيْثٌ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ غَرِيبٌ مِّنْ رِوَايَةِ الْمِصْرِيِّينَ، عَنِ الْمَدَنِيِّينَ، عَنِ الْكُوفِيِّينَ لَمْ نَكْتُبْهُ عَالِيًا اِلَّا عَنْهُ، وَقَدْ خَالَفَ الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ الثِّقَاتِ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو

ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی مسلمان بھائی کی عیادت کو جائے اور اسکے سر کے پاس بیٹھ کر سات مرتبہ یہ دعا مانگے "اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ"(میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے) اسے شفاء دے دی جائے گی بشرطیکہ اس کی موت کا وقت نہ آ گیا ہو۔

یہ حدیث شاہد ہے، صحیح ہے اور مصریوں کی مدنیوں سے روایت کے معاملے میں غریب ہے۔ ہم سند عالی انہی کے حوالے سے لکھتے ہیں۔ یہ حدیث منہال بن عمرو سے روایت کرنے میں حجاج بن ارطاۃ نے ثقہ راویوں کی مخالفت کی ہے (جیسا کہ درجہ ذیل حدیث میں ہے)

1270- اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ عَادَ اَخَاهُ فَدَخَلَ عَلَيْهِ، وَلَمْ يَحْضُرْ اَجَلُهٗ، فَقَالَ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَ فُلانًا مِّنْ مَّرَضِهٖ سَبْعَ مَرَّاتٍ اِلَّا شَفَاهُ اللّٰهُ مِنْهُ هٰذَا مِمَّا لا يُعَدُّ خِلافًا فَاِنَّ الْحَجَّاجَ بْنَ اَرْطَاةَ دُوْنَ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِيْدٍ وَّاَبِىْ خَالِدٍ الدَّالانِيِّ فِى الْحِفْظِ وَالاِتْقَانِ، فَاِنْ ثَبَتَ حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ مِنْ هٰذِهِ الرِّوَايَةِ، فَاِنَّهٗ شَاهِدٌ لِّسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ

✧✧ حجاج بن ارطاۃ نے منہال بن عمرو کے بعد عبداللہ بن الحارث کے واسطے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی عیادت کو جائے اور سر کے پاس بیٹھ کر سات مرتبہ یہ دعا مانگے: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَ فُلَانًا مِّنْ مَّرَضِه" میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے۔ اگر اس کی موت کا وقت نہ آ گیا ہو تو اسے شفاء دے دی جائے گی۔

❖❖ اس طرح کے اختلاف کو اختلاف شمار نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ حجاج بن ارطاۃ، عبد ربہ بن سعید اور ابوخالد دالانی سے حفظ اور اتقان میں کم درجہ رکھتے ہیں۔ اور ان روایات میں سے اگر عبداللہ بن حارث کی روایت ثابت ہو تو یہ سعید بن جبیر کی حدیث کی شاہد قرار دی جا سکتی ہے۔

1271ـ اَخْبَرَنِي اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبِرِيءُ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، فِيْمَا قُرِءَ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُزَكِّيْ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خُصَيْفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ السُّلَمِيِّ، اَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ اَبِي الْعَاصِ قَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ اَخَذَهُ وَجَعٌ قَدْ كَادَ يُبْطِلُهُ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَعَمَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ضَعْ يَمِيْنَكَ عَلٰى مَكَانِكَ الَّذِيْ تَشْتَكِي، وَامْسَحْ بِهِ سَبْعَ مَرَّاتٍ، وَقُلْ: اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ فِيْ كُلِّ مَسْحَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ اِنَّمَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ، مِنْ حَدِيْثِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

❖❖ حضرت نافع بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اس قدر شدید درد میں مبتلا تھے قریب تھا کہ اس کی وجہ سے ان کی موت واقع ہو جاتی، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کا تذکرہ کیا تو ان کا گمان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھ کر سات مرتبہ ملو اور ہر دفعہ ملتے ہوئے پڑھو "اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ" میں اللہ کی عزت اور قدرت کی پناہ مانگتا ہوں اس چیز کے شر سے جو میں پاتا ہوں۔

یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس سلسلہ میں جریری کی وہ حدیث نقل کی ہے جس کی سند یزید بن عبداللہ بن شخیر کے واسطے عثمان بن ابی العاص تک پہنچی ہے تاہم اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں۔

1272ـ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زِيَادَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ،

حدیث 1271:

اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2202 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 17937 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 2964 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 10839 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 8342

اَنَّ رَجُلَيْنِ اَقْبَلَا يَلْتَمِسَانِ الشِّفَاءَ مِنَ الْبَوْلِ، فَانْطَلَقَ بِهِمَا اِلٰى اَبِى الدَّرْدَاءِ فَذَكَرَا وَجَعَ اُنْثَيَيْهِمَا لَهُ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنِ اشْتَكٰى مِنْكُمْ شَيْئًا، اَوِ اشْتَكَاهُ اَخٌ لَّهُ فَلْيَقُلْ: رَبَّنَا اللّٰهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ، فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِى الْاَرْضِ، وَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَخَطَايَانَا، اِنَّكَ رَبُّ الطَّيِّبِينَ، فَاَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ، وَشِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْعِ فَيَبْرَاُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى قَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِجَمِيعِ رُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ غَيْرِ زِيَادَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَهُوَ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ قَلِيْلُ الْحَدِيْثِ

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ان کی ایسے دو آدمیوں سے ملاقات ہوئی جو پیشاب سے شفاء ڈھونڈ رہے تھے۔ (یعنی ان کو پیشاب کا کوئی عارضہ لاحق تھا) فضالہ فرماتے ہیں: میں ان کو حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے پاس لے گیا، انہوں نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کو اپنی تکلیف کے بارے میں بتایا، تو حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بولے: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تم میں سے کسی شخص کو تکلیف ہو یا تمہارے کسی بھائی کو تکلیف ہو تو اس کو چاہیے کہ یوں دعا مانگے: "رَبَّنَا اللّٰهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ، فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِى الْاَرْضِ، وَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَخَطَايَانَا، اِنَّكَ رَبُّ الطَّيِّبِينَ، فَاَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ، وَشِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْعِ فَيَبْرَاُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى"

(''اے وہ اللہ! جس کی حکومت آسمانوں میں بھی ہے، تیرا نام مقدس ہے، تیری حکومت آسمانوں اور زمینوں میں ہے جس طرح تیری رحمت آسمانوں میں ہے، اسی طرح اپنی رحمت زمین پر بھی عطا فرما اور ہمارے گناہوں اور خطاؤں کو معاف فرما، بے شک تو طیبین کا رب ہے، ہم پر تو اپنی رحمت اور شفاء نازل فرما''۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی تکلیف جاتی رہے گی)۔

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے زیاد بن محمد کے علاوہ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور ''زیاد'' اہل مصر کے شیوخ میں سے ہیں، ان کی روایت کردہ احادیث کی تعداد بہت کم ہے۔

1273- اَخْبَرَنِىْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِىِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا عَادَ اَحَدُكُمْ مَرِيضًا فَلْيَقُلِ: اللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَاُ لَكَ عَدُوًّا اَوْ يَمْشِى لَكَ اِلٰى صَلٰوةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 1272:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3892 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 10876 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 8636

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص کسی مریض کی عیادت کو جائے تو یوں دعا مانگے "اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَيَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا اَوْيَمْشِي لَكَ اِلَى الصَّلٰوةِ". "اے اللہ: اپنے بندے کو شفاء عطاء فرما تاکہ یہ تیرے دشمنوں سے لڑ سکے یا نماز کے لئے چل کر جا سکے"۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1274۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْبَجَلِيُّ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ تَكُوْنُ لَهُ الْمَنْزِلَةُ عِنْدَ اللّٰهِ فَمَا يَبْلُغُهَا بِعَمَلٍ فَلَا يَزَالُ يَبْتَلِيْهِ بِمَا يَكْرَهُ حَتّٰى يُبْلِغَهُ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایک مقام لکھا ہوا ہوتا ہے لیکن وہ اپنے عمل کے سبب اس مقام تک نہیں پہنچتا تو اس کو مسلسل آزمائشوں میں مبتلا کیا جاتا ہے حتیٰ کہ وہ ان کے سبب اس مقام کو پا لیتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1275۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ نَصْرٍ الدَّارَبَرْدِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، اَنْبَاَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيٍّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا حُضِرَ اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لِبَنِيْهِ: انْطَلِقُوا فَاجْنُوْا لِيْ ثِمَارَ الْجَنَّةِ، قَالَ: فَخَرَجَ بَنُوْهُ فَاسْتَقْبَلَتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ، فَقَالُوْا: اَيْنَ تُرِيْدُوْنَ يَا بَنِيْ اٰدَمَ؟ قَالُوْا: بَعَثَنَا اَبُوْنَا لِنَجْنِيَ لَهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ، قَالَ: ارْجِعُوْا فَقَدْ كُفِيتُمْ، قَالَ: فَرَجَعُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى دَخَلُوْا عَلٰى اٰدَمَ، فَلَمَّا رَاَتْهُمْ حَوَّاءُ ذُعِرَتْ مِنْهُمْ وَجَعَلَتْ

حدیث 1273:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3107 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 6600 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2974 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 344

حدیث 1274:

اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 6095 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2908

تَدْنُو اِلَى اٰدَمَ وَتَلْتَصِقُ بِهِ، فَقَالَ لَهَا اٰدَمُ: اِلَيْكِ عَنِّىْ اِلَيْكِ عَنِّىْ، فَمِنْ قِبَلِكِ اُتِيتُ خَلِّ بَيْنِىْ وَبَيْنَ مَلَائِكَةِ رَبِّى، قَالَ: فَقَبَضُوا رُوْحَهُ، ثُمَّ غَسَّلُوهُ وَحَنَّطُوْهُ وَكَفَّنُوهُ، ثُمَّ صَلَّوْا عَلَيْهِ، ثُمَّ حَفَرُوْا لَهُ ثُمَّ دَفَنُوهُ، ثُمَّ قَالُوْا: يَا بَنِىْ اٰدَمَ هٰذِهِ سُنَّتُكُمْ فِىْ مَوْتَاكُمْ، فَكَذَاكُمْ فَافْعَلُوا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُوَ مِنَ النَّوْعِ الَّذِىْ لَا يُوجَدُ لِلتَّابِعِيِّ اِلَّا الرَّاوِى الْوَاحِدُ، فَاِنَّ عُتَىَّ بْنَ ضَمْرَةَ السَّعْدِيَّ لَيْسَ لَهُ رَاوٍ غَيْرُ الْحَسَنِ، وَعِنْدِىْ اَنَّ الشَّيْخَيْنِ عَلَّلَاهُ بِعِلَّةٍ اُخْرٰى، وَهُوَ اَنَّهُ رُوِىَ عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُبَيٍّ دُوْنَ ذِكْرِ عُتَيٍّ

✧✧ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدم علیہ السلام کا آخری وقت آیا تو آپ علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے کہا: جاؤ میرے لئے جنت کے کچھ پھل لے کر آؤ۔ آپ علیہ السلام کے بیٹے (پھل لینے) چل دیئے۔ آگے سے فرشتوں سے ملاقات ہوگئی، فرشتوں نے پوچھا: اے آدم علیہ السلام کے بیٹو! تم کہاں جا رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہمارے والد نے ہمیں جنت کے پھل لینے کے لئے بھیجا ہے، فرشتوں نے کہا: تم لوٹ جاؤ، کیونکہ جتنے پھل تم نے کھانے تھے، کھا لئے ہیں (حضور علیہ السلام) فرماتے ہیں: یہ لوگ فرشتوں کے ہمراہ واپس لوٹ آئے اور آدم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو گئے، جب حضرت حواء رضی اللہ عنہا نے ان کو دیکھا تو ان سے خوفزدہ ہو کر آدم علیہ السلام کے قریب آ گئیں اور ان کے ساتھ چپکنے لگیں، آدم علیہ السلام نے ان سے فرمایا: میرے اور میرے رب کے فرشتوں کے درمیان راستہ چھوڑ دو، آپ فرماتے ہیں: پھر فرشتوں نے آپ علیہ السلام کی روح کو قبض کیا پھر ان کو غسل دیا، ان کو خوشبو لگائی اور ان کو کفن پہنایا پھر ان کی نماز جنازہ پڑھی پھر ان کے لئے قبر کھود کر آپ علیہ السلام کو اس میں دفن کر دیا۔ پھر فرمایا: اے نبی آدم! مردوں کے متعلق تمہارا یہ طریقہ ہے لہٰذا اسی طریقے پر تم عمل کرتے رہنا۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور اس حدیث کا تعلق اس نوع کے ساتھ ہے کہ جب تابعی سے روایت کرنے والا صرف ایک شخص ہو، کیونکہ اس کی سند میں عتی بن ضمرہ السعدی کا "حسن" کے علاوہ اور کوئی راوی نہیں ہے جبکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو ایک دوسری وجہ سے معلل قرار دیا ہے اور وہ وجہ یہ ہے کہ یہ حدیث حسن کے واسطے سے ان کے والد سے روایت کی گئی ہے۔ اس میں "عتی" کا ذکر نہیں ہے۔

1276- اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ عُمَرُ بْنُ مَالِكٍ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ اٰدَمُ رَجُلًا طُوَالًا فَذَكَرَ حَدِيْثًا طَوِيلًا وَفِىْ اٰخِرِهِ، اَنَّهُ قَالَ: خَلُّوْا بَيْنِىْ وَبَيْنَ رُسُلِ رَبِّى، فَاِنَّكِ اَدْخَلْتِ عَلَىَّ هٰذَا، فَقَبَضُوا نَفَسَهُ وَغَسَّلُوهُ بِالْمَآءِ وَالسِّدْرِ ثَلَاثًا، وَكَفَّنُوهُ وَصَلَّوْا عَلَيْهِ وَدَفَنُوهُ، ثُمَّ قَالُوْا: هٰذِهِ سُنَّةُ بَنِيكَ مِنْ بَعْدِكَ هٰذَا لَا يُعَلِّلُ حَدِيْثَ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، فَاِنَّهُ اَعْرَفُ بِحَدِيْثِ الْحَسَنِ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمِصْرَ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

✧✧ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدم علیہ السلام بہت لمبے قد والے تھے پھراس کے بعد آپ نے طویل حدیث ذکر فرمائی اوراس کے آخر میں فرمایا: میرے اورمیرے رب کے فرشتوں کے بیچ میں سے ہٹ جاؤ کیونکہ تو نے اس کو میرے اوپر داخل کر دیا ہے۔ پھرانہوں نے آپ کی روح کو قبض کیا، آپ کو پانی اور بیری کے پتوں کے ساتھ تین مرتبہ غسل دیا، آپ کو کفن پہنایا، نماز جنازہ پڑھی اور دفنا دیا۔ پھر بولے! تمہارے بعد یہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ (اسی پر عمل کرتے رہنا)

❖❖ یہ حدیث یونس بن عبید کی حدیث کو معلل نہیں کرتی کیونکہ اہل مدینہ اوراہل مصر میں سے حسن کی احادیث کے سب سے زیادہ واقف یہی تھے۔ (واللہ علم)

1277۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحِ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: عَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرِيضًا مِّنْ وَعَكٍ كَانَ بِه، وَمَعَهُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: هِيَ نَارِي اُسَلِّطُهَا عَلٰى عَبْدِي الْمُؤْمِنِ فِي الدُّنْيَا لِتَكُوْنَ حَظَّهُ مِنَ النَّارِ فِي الْاٰخِرَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مریض کی عیادت فرمائی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خوش ہو جاؤ، کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یہ میری آگ ہے، اس کو میں اپنے کسی بندے پر دنیا میں اس لئے مسلط کرتا ہوں تا کہ وہ آخرت میں آگ سے بچ جائے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اورامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1278۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، قَالَا: اَنْبَاَنَا هِشَامُ بْنُ عَلِيٍّ السِّيرَافِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، اَنْ يَّحْيَى بْنَ اَبِيْ كَثِيْرٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا قِلَابَةَ، حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: طَرَقَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعٌ، فَجَعَلَ يَتَقَلَّبُ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوْ صَنَعَ هٰذَا بَعْضُنَا لَخُشِيَ اَنْ تَجِدَ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُشَدَّدُ عَلَيْهِ، وَلَيْسَ مِنْ مُؤْمِنٍ يُصِيبُهُ نَكْبَةٌ، اَوْ وَجَعٌ اِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ خَطِيئَةً وَّرَفَعَ لَهُ دَرَجَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شدید درد اٹھا جس کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بستر پر لوٹ پوٹ ہورہے تھے، میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسی تکلیف اگر ہم میں سے کسی کو ہوتی تو آپ اس کو بھی اسی حال

پر پاتے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک مومن پر سختی آتی ہے اور کسی بھی مومن کو کوئی درد یا تکلیف پہنچے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں اس کے گناہ معاف فرماتا ہے اور اس کے درجات بلند فرماتا ہے

❖❖ یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1279۔ اَخْبَرَنِیْ اِسْمَاعِیْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِیْهُ بِالرِّیِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِیُّ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ كَثِیْرِ بْنِ عُفَیْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ یَحْیَى بْنُ اَیُّوْبَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ یَزِیْدَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: عَادَ امْرَاَةً مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ لَهَا: اَهِیَ اُمُّ مِلْدَمٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ فَلَعَنَهَا اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبِّیْهَا، فَاِنَّهَا تَغْسِلُ ذُنُوبَ الْعَبْدِ كَمَا یُذْهِبُ الْكِیرُ خَبَثَ الْحَدِیْدِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ، بِغَیْرِ هٰذَا اللَّفْظِ مِنْ حَدِیْثِ حَجَّاجِ بْنِ اَبِیْ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ

◇◇ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک انصاری خاتون کی عیادت کو تشریف لے گئے۔ آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: کیا اس کو بخار ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! وہ بخار کو گالیاں دینے لگی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بخار کو گالیاں مت دو، کیوں کہ یہ بندے کے گناہوں کو ایسے ختم کر دیتا ہے جیسے آگ لوہے کے زنگ کو ختم کر دیتی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث حجاج بن ابی عثمان کے واسطے ابوالزبیر سے نقل کی ہے تاہم اس کے الفاظ مختلف ہیں۔

1280۔ اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِیْهُ، حَدَّثَنَا تَمِیْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا یَحْیَى بْنُ الْمُغِیْرَةِ، حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: اَتَتِ الْحُمّٰى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَتْ عَلَیْهِ فَقَالَ: مَنْ اَنْتِ؟ قَالَتْ: اَنَا اُمُّ مِلْدَمٍ، فَقَالَ: اَتُهْدَیْنَ اِلٰى اَهْلِ قُبَاءَ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: فَاْتِیهِمْ فَحَمُّوا، وَلَقُوا مِنْهَا شِدَّةً فَاشْتَكُوا اِلَیْهِ، فَقَالُوْا: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا لَقِیْنَا مِنَ الْحُمّٰى، قَالَ: اِنْ شِئْتُمْ دَعَوْتُ اللّٰهَ فَكَشَفَهَا عَنْكُمْ، وَاِنْ شِئْتُمْ كَانَتْ لَكُمْ طُهُوْرًا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

◇◇ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں بخار حاضر ہوا اور (آنے کی) اجازت مانگی، آپ ﷺ نے پوچھا: تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا: میں بخار ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اہلِ قباء کے پاس جاؤ گے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو جاؤ ان کے پاس۔ چنانچہ وہ لوگ بہت شدید بخار میں مبتلا ہوئے۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اس کی شکایت کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو میں اللہ سے دعا کرتا ہوں اور تم لوگ (فوراً) شفا یاب ہو جاؤ گے لیکن اگر تم چاہو تو (کچھ دن رہنے دو کیونکہ) یہ تمہارے لیے طہارت دہندہ ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1281۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ فِيْ نَفْسِهِ وَمَالِهِ وَوَلَدِهِ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيئَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن اپنے جان، مال اور اولاد کے حوالے سے مسلسل آزمائش میں رہتا ہے، حتیٰ کہ جب وہ اللہ تعالیٰ سے ملتا ہے تو اس کے ذمہ کوئی گناہ نہیں ہوتا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا مذکورہ حدیث کی ایک صحیح شاہد حدیث بھی موجود ہے۔ (جو کہ درج ذیل ہے)

1282۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخْتَارِ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وَصَبُ الْمُؤْمِنِ كَفَّارَةٌ لِّخَطَايَاهُ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی بیماری اس کے لیے گناہوں کا کفارہ ہے۔

1283۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَعْرَابِيٍّ: هَلْ اَخَذَتْكَ اُمُّ مِلْدَمٍ قَطُّ ؟ قَالَ: وَمَا اُمُّ مِلْدَمٍ ؟ قَالَ: حَرٌّ بَيْنَ الْجِلْدِ وَاللَّحْمِ، قَالَ: مَا وَجَدْتُ هٰذَا قَطُّ، قَالَ: فَهَلْ اَخَذَكَ الصُّدَاعُ قَطُّ ؟ قَالَ: وَمَا الصُّدَاعُ ؟ قَالَ: عِرْقٌ يَضْرِبُ عَلَى الْاِنْسَانِ فِيْ رَاْسِهِ، قَالَ: مَا وَجَدْتُ هٰذَا قَطُّ، فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دیہاتی سے فرمایا: تجھے کبھی "ام ملدم" نے پکڑا ہے؟ اس نے پوچھا: "ام ملدم" کیا ہوتی ہے۔؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جلد اور گوشت کے درمیان "حرارت" ہوتی ہے۔ اس نے کہا: میں نے یہ کبھی محسوس نہیں کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: تجھے کبھی صداع نے پکڑا ہے؟ اس نے پوچھا: "صداع" کیا ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک رگ ہے، جو انسان کے سر میں درد کیا کرتی ہے۔ اس نے کہا: میں نے کبھی بھی یہ محسوس نہیں کیا۔ جب وہ پلٹ کر گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی جہنمی کو دیکھنا چاہتا ہو اس کو دیکھ لے

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا

1284۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ زَيْدٍ التَّغْلِبِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا ضَرَبَ مِنْ مُؤْمِنٍ عِرْقٌ اِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ بِهٖ خَطِيْئَةً، وَكَتَبَ لَهٗ بِهٖ حَسَنَةً، وَرَفَعَ لَهٗ بِهٖ دَرَجَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَعِمْرَانُ بْنُ زَيْدٍ التَّغْلِبِيُّ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ

❖❖ ام المؤمنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی جب بھی آگ بھڑکتی ہے (یا کوئی بھی تکلیف آتی ہے تو) اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ اس کا ایک گناہ معاف کرتا ہے اور اس کے لئے ایک نیکی لکھی جاتی ہے اور اس کا درجہ بلند کر دیا جاتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور عمران بن زید تغلبی اہل مکہ میں سے ہیں اور شیخ ہیں۔

1285۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، اَنْبَاَنَا يَعْلٰى بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيٰى، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ مُّعَاوِيَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ شَيْءٍ يُصِيبُ الْمُؤْمِنَ فِيْ جَسَدِهٖ يُؤْذِيهِ اِلَّا كَفَّرَ عَنْهُ مِنْ سَيِّئَاتِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کے جسم میں کوئی تکلیف پہنچے تو اس کے بدلے میں اس کے گناہوں کو معاف کر دیا جاتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا ہے۔

1286۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلْمَانَ الْحَجْرِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ لَيَبْتَلِيْ عَبْدَهٗ بِالسَّقَمِ حَتّٰى يُكَفِّرَ ذٰلِكَ عَنْهُ كُلَّ

حدیث 1285:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 16954 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 10809 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث:415

حدیث 1286:

اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 8745 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث:1548

ذَنْبٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو بیماری دے کر آزماتا رہتا ہے حتیٰ کہ اس کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1287۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، قَالَا : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصَابُ بِبَلَاءٍ فِيْ جَسَدِهٖ اِلَّا اَمَرَ اللّٰهُ الْحَفَظَةَ الَّذِيْنَ يَحْفَظُوْنَهٗ اَنِ اكْتُبُوْا لِعَبْدِيْ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ مِّنَ الْخَيْرِ عَلٰى مَا كَانَ يَعْمَلُ، مَا دَامَ مَحْبُوْسًا فِيْ وَثَاقِيْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان کو کوئی بھی جسمانی تکلیف پہنچے تو اللہ تعالیٰ اُس کے محافظ فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ جب تک یہ اس تکلیف میں مبتلا ہے اس وقت تک اس کے سابقہ معمولات کے مطابق روزانہ نیکیاں لکھتے رہو۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1288۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ السَّائِبِ، اَنَّ عَبْدَ الْحَمِيْدِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ حَدَّثَهٗ، عَنْ اَبِيْهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّمَا مَثَلُ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ حِيْنَ يُصِيْبُهُ الْوَعْكُ، اَوِ الْحُمّٰى كَمَثَلِ حَدِيْدَةٍ تَدْخُلُ النَّارَ فَيَذْهَبُ خَبَثُهَا وَيَبْقٰى طِيْبُهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ رُوَاتُهٗ مَدَنِيُّوْنَ وَمِصْرِيُّوْنَ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندۂ مومن کو جب بخار یا کوئی اور تکلیف آتی ہے تو اس کی مثال یہ ہے کہ جیسے لوہے کو آگ میں ڈال دیا جائے، جس سے اس کا زنگ ختم ہو جائے اور صاف ستھرا لوہا باقی بچ جائے۔

✥✥ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس کے تمام راوی مدنی ہیں "مصری" ہیں۔

1289۔ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ مَنْصُوْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَتَكِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ سَهْلٍ اللَّبَّادُ،

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ حَلْبَسٍ يَزِيْدَ بْنِ مَيْسَرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اُمَّ الدَّرْدَاءِ، تَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ قَالَ: يَا عِيْسٰى اِنِّیْ بَاعِثٌ مِّنْ بَعْدِكَ اُمَّةً، اِنْ اَصَابَهُمْ مَا يُحِبُّوْنَ حَمِدُوا اللّٰهَ، وَاِنْ اَصَابَهُمْ مَا يَكْرَهُوْنَ احْتَسَبُوْا وَصَبَرُوْا، وَلَا حِلْمَ وَلَا عِلْمَ، فَقَالَ: يَا رَبِّ، كَيْفَ يَكُوْنُ هٰذَا لَهُمْ وَلَا حِلْمَ وَلَا عِلْمَ ؟ قَالَ: اُعْطِيْهِمْ مِنْ حِلْمِیْ وَعِلْمِیْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے عیسیٰ علیہ السلام! میں تمہارے بعد ایک ایسی امت پیدا کرنے والا ہوں کہ ان کو اگر ایسی چیز پہنچے جو ان کو پسند ہو تو وہ اللہ کی حمد کریں گے اور شکر کریں گے اور اگر ان کو کوئی ایسی چیز پہنچے جو ان کو ناپسند ہو تو وہ اس پر شکر کریں گے، حالانکہ ان میں نہ علم ہوگا نہ حلم۔ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے) عرض کی! اے میرے رب! جب ان میں علم و حلم نہیں ہوگا تو پھر وہ اتنے صابر و شکر کیسے ہوں گے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں ان کو اپنے حلم اور علم میں سے (حصہ) عطا کروں گا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے نقل نہیں کیا۔

1290- حَدَّثَنِیْ بُكَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِیُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِيْنِیِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِیُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: اِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدِیَ الْمُؤْمِنَ، وَلَمْ يَشْكُنِیْ اِلٰى عُوَّادِهِ اَطْلَقْتُهُ مِنْ اَسَارِیْ، ثُمَّ اَبْدَلْتُهُ لَحْمًا خَيْرًا مِّنْ لَحْمِهِ، وَدَمًا خَيْرًا مِّنْ دَمِهِ، ثُمَّ يُسْتَاْنَفُ الْعَمَلَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جب میں اپنے بندۂ مومن کو آزماتا ہوں اور وہ اپنی تکالیف کی شکایت نہیں کرتا تو میں اس کو قید سے آزاد کر دیتا ہوں پھر اس کا گوشت اچھے گوشت میں بدل دیتا ہوں اور اس کا خون اچھے خون میں بدل دیتا ہوں پھر وہ نئے سرے عمل شروع کر دیتا ہے، عبدالرحمٰن بن ازھر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندۂ مومن کو جب بخار یا کوئی اور تکلیف آتی ہے تو اس کی مثال یہ ہے کہ جیسے لوہے کو آگ میں ڈال دیا جاتا ہے جس سے اس کا زنگ ختم ہو جائے اور صاف ستھرا لوہا باقی بچ جائے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

حدیث 1289:

اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 27585 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 3252

1291- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مَيْمُوْنٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، اَنَّ امْرَاَةً كَانَتْ بَغِيًّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَمَرَّ بِهَا رَجُلٌ، اَوْ مَرَّتْ بِهِ فَبَسَطَ يَدَهُ اِلَيْهَا، فَقَالَتْ: مَهْ اِنَّ اللّٰهَ اَذْهَبَ بِالشِّرْكِ، وَجَآءَ بِالْاِسْلَامِ، فَتَرَكَهَا وَوَلّٰى، وَجَعَلَ يَنْظُرُ اِلَيْهَا حَتّٰى اَصَابَ وَجْهُهُ الْحَائِطُ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: اَنْتَ عَبْدٌ اَرَادَ اللّٰهُ بِكَ خَيْرًا، اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا عَجَّلَ لَهُ عُقُوْبَةَ ذَنْبِهِ حَتّٰى يُوَافٰى بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: زمانہ جاہلیت میں ایک بدکار عورت تھی، اس کے پاس سے ایک شخص گزرا یا (شاید یہ فرمایا کہ) وہ کسی مرد کے پاس سے گزری تو اس مرد نے اس عورت کی جانب ہاتھ بڑھایا، وہ آگے سے بولی: چھوڑو! کیونکہ اللہ تعالیٰ نے شرک ختم فرما دیا ہے اور اسلام بھیج دیا ہے۔ اس مرد نے عورت کو چھوڑ دیا اور پلٹ گیا اور اس عورت کی طرف دیکھنا شروع کر دیا تو چلتے چلتے وہ ایک دیوار سے ٹکرا گیا، وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور سارا ماجرا کہہ سنایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تیرے ساتھ بھلائی کا ارادہ رکھتا ہے۔ کیونکہ جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کے گناہ کی سزا فوراً دنیا ہی میں دیتا ہے جس کی وجہ سے قیامت کے دن وہ عذاب سے بچ جائے گا۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1292- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ اَرْبَعُ خِلَالٍ: يُجِيْبُهُ اِذَا دَعَاهُ، وَيَعُوْدُهُ اِذَا مَرِضَ، وَيُشَمِّتُهُ اِذَا عَطَسَ، وَيُشَيِّعُهُ اِذَا مَاتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ اِنَّمَا اَخْرَجَاهُ مِنْ حَدِيْثِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ

❖❖ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر ۴ حق ہیں۔ (۱) جب اس کو دعوت دے تو اس کی دعوت کو قبول کرے۔ (۲) جب بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرے۔ (۳) جب اس کو چھینک آئے تو اس کی چھینک کا جواب دے۔ (۴) جب مر جائے تو اس کے (جنازے کے) ساتھ جائے۔

حدیث 1291:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 16852 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2911

یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اوزاعی کی وہ حدیث نقل کی ہے، جس میں انہوں نے زہری، پھر سعید کے واسطے سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بیان نقل کیا ہے کہ ''مسلم کے مسلم پر پانچ حق ہیں''۔

1293۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، وَاَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، قَالَ: جَآءَ اَبُوْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ يَعُوْدُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ، فَقَالَ لَهٗ عَلِيٌّ: اَجِئْتَ عَائِدًا، اَمْ شَامِتًا ؟ فَقَالَ: بَلْ جِئْتَ عَائِدًا، فَقَالَ عَلِيٌّ: اِنْ جِئْتَ عَائِدًا، فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ اَتٰى اَخَاهُ عَائِدًا فَهُوَ فِيْ خُرَافَةِ الْجَنَّةِ، فَاِذَا جَلَسَ غَمَرَتْهُ الرَّحْمَةُ، وَاِنْ كَانَ غُدْوَةً صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُمْسِيَ، وَاِنْ كَانَ مُمْسِيًا صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُصْبِحَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِخِلَافٍ عَلَى الْحُكْمِ فِيْهِ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن ابن ابی لیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے گئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: تم عیادت کرنے آئے ہو یا ان کی تکلیف پر خوش ہونے آئے ہو؟ انہوں نے کہا: میں عیادت کی غرض سے آیا ہوں۔ اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم (واقعی) عیادت کے لئے آئے ہو تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے: جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی عیادت کرنے آئے تو وہ جنت کے پھل چنتا ہے پھر جب وہ بیٹھ جاتا ہے تو اللہ کی رحمت اس کو ڈھانپ لیتی ہے۔ اگر وہ صبح کے وقت عیادت کرے تو ستر ہزار فرشتے شام تک اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں۔ اور اگر شام کے وقت عیادت کرے تو ستر ہزار فرشتے صبح ہونے تک اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اس لیے نقل نہیں کیا کہ اس کی سند میں ''حکم'' (نامی راوی) سے اختلاف موجود ہے۔

1294۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ، قَالَ: عَادَ اَبُوْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَّعِنْدَهٗ عَلِيٌّ، فَقَالَ عَلِيٌّ: اَزَائِرًا جِئْتَ اَمْ عَائِدًا ؟ قَالَ: بَلْ عَائِدًا، فَقَالَ عَلِيٌّ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مَرِيضًا اِلَّا خَرَجَ مَعَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يُشَيِّعُوْنَهٗ، اِنْ كَانَ مُصْبِحًا حَتّٰى يُمْسِيَ، وَكَانَ لَهٗ خَرِيفٌ مِّنَ الْجَنَّةِ، وَاِنْ كَانَ مُمْسِيًا شَيَّعَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُصْبِحَ، وَكَانَ لَهٗ خَرِيفٌ مِّنَ الْجَنَّةِ

هٰذَا مِنَ النَّوْعِ الَّذِيْ ذَكَرْتُهٗ غَيْرَ مَرَّةٍ اَنَّ هٰذَا لَا يُعَلِّلُ ذٰلِكَ، فَاِنَّ اَبَا مُعَاوِيَةَ اَحْفَظُ اَصْحَابِ الْاَعْمَشِ،

وَالْاَعْمَشُ اَعْرَفُ بِحَدِيْثِ الْحَكَمِ مِنْ غَيْرِهِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے گئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی وہاں پر موجود تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوموسیٰ سے کہا: صرف دیکھنے آئے ہو یا عیادت کرنے؟ انہوں نے کہا: عیادت کرنے آیا ہوں۔ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو کوئی مسلمان کسی مریض کی عیادت کے لیے نکلتا ہے تو ستر ہزار فرشتے اس کے ہمراہ چلتے ہیں۔ اگر وہ صبح کے وقت عیادت کے لئے نکلتا ہے تو شام تک (فرشتے اس کے ہمراہ رہتے ہیں) اور اس کے لئے جنتی پھل ہیں۔ اور شام کے وقت وہ عیادت کو جائے تو صبح ہونے تک ستر ہزار فرشتے اس کے ہمراہ رہتے ہیں اور اس کے لئے جنتی پھل ہیں۔

❖ یہ حدیث اس قسم سے تعلق رکھتی ہے جس کا متعدد بار ہم نے ذکر کیا ہے کہ اس طرح کی حدیث ان وجوہات سے معلل نہیں ہوتی۔ کیونکہ ابومعاویہ اعمش کے اصحاب میں سے سب سے زیادہ حافظے والے ہیں۔ اور اعمش دوسروں کی بہ نسبت ''حکم'' کی روایات سے زیادہ واقف ہیں۔

1295 - اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْقَارِءُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، اَنْبَاَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَادَ مَرِيْضًا لَّمْ يَزَلْ يَخُوْضُ الرَّحْمَةَ حَتّٰى يَجْلِسَ، فَاِذَا جَلَسَ اغْتَمَسَ فِيْهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی مریض کی عیادت کرتا ہے تو وہ اللہ کی رحمت میں داخل ہو جاتا ہے یہاں تک کہ وہ (مریض کے پاس) بیٹھ جاتا ہے اور جب وہ بیٹھ جاتا ہے تو رحمت الٰہی میں غوطہ لگاتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1296 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنِيْ

حدیث 1295:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 14299 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 2956 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 6375 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي' دارعمار' بيروت' لبنان/عمان' 1405ه 1985ء' رقم الحديث: 6375 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي' دارعمار' بيروت' لبنان/عمان' 1405ه 1985ء' رقم الحديث: 519 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 11481

يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُكْرِهُوا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ، فَإِنَّ اللّٰهَ يُطْعِمُهُمْ وَيَسْقِيهِمْ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے مریضوں کو کھانے پر ناپسند مت کرو کیونکہ انہیں اللہ تعالیٰ کھلاتا اور پلاتا ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1297- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَلِيلِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ الْحَارِثِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ عُمَرَ رَآهُ كَئِيبًا، فَقَالَ لَهُ: مَا لَكَ لَعَلَّهُ سَائَتْكَ اِمْرَةُ ابْنِ عَمِّكَ، قَالَ: لَا، وَاَثْنٰى عَلٰى اَبِي بَكْرٍ، وَلٰكِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ. كَلِمَةً لَا يَقُولُهَا عَبْدٌ عِنْدَ مَوْتِهِ اِلَّا فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَتَهُ، وَاَشْرَقَ لَوْنُهُ، فَمَا مَنَعَنِي اَنْ اَسْاَلَهُ عَنْهَا اِلَّا الْقُدْرَةَ عَلَيْهَا حَتّٰى مَاتَ، فَقَالَ عُمَرُ: اِنِّي لَاَعْرِفُهَا، فَقَالَ لَهُ طَلْحَةُ: وَمَا هِيَ ؟ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: هَلْ تَعْلَمُ كَلِمَةً هِيَ اَعْظَمُ مِنْ كَلِمَةٍ اَمَرَ بِهَا عَمَّهُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَقَالَ لَهُ طَلْحَةُ: هِيَ وَاللّٰهِ هِيَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجْهُ مُسْلِمٌ، فَاَمَّا الْوَهْمُ الَّذِي اَتٰى بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، عَنْ مِسْعَرٍ

❖❖ حضرت یحییٰ بن طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو رنجیدہ خاطر اور پریشان دیکھا تو کہنے لگے: تجھے کیا ہوا ہے؟ شاید کہ تیرے چچا کے بیٹے کی بیوی نے تیرے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا۔ انہوں نے جواباً کہا: نہیں اور پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تعریف و توصیف کی، پھر کہنے لگے: لیکن میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

حدیث 1296:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث:2040 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3444 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 19367 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 1741 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث:807

حدیث 1297:

اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:136 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحديث:10939 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث:641

ایک "کلمہ" بولتے سنا تھا، اگر کوئی شخص موت کے وقت اس کو پڑھ لے تو موت کی سختی ختم ہو جاتی ہے۔ اور اس کا رنگ نکھر جاتا ہے اور میں حضور علیہ السلام سے وہ کلمہ پوچھنے پر قادر بھی تھا لیکن پوچھ نہ سکا۔ حتیٰ کہ آپ ﷺ کا انتقال ہو گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے اس کلمہ کا پتہ ہے، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: وہ کیا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو بتایا: کیا تمہیں اس سے بڑھ کر کسی کلمہ کے متعلق معلوم ہے جو کلمہ حضور علیہ السلام نے اپنے چچا کو پڑھنے کا حکم دیا تھا۔ " لا الہ الا اللہ" کی گواہی دینا حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا "خدا کی قسم یہی وہ کلمہ ہے"

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن امام مسلم نے اسے نقل نہیں کیا۔

1298- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِىْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُّسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَبَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، حَدَّثَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنِّىْ لاَعْلَمُ كَلِمَةً لاَ يَقُوْلُهَا عَبْدٌ حَقًّا مِّنْ قَلْبِهٖ فَيَمُوْتُ اِلَّا حُرِّمَ عَلَى النَّارِ فَقُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُخْبِرْهَا، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: اَنَا اُخْبِرُكَ بِهَا، هِيَ كَلِمَةُ الْاِخْلَاصِ الَّتِىْ اَمَرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّهٗ اَبَا طَالِبٍ عِنْدَ الْمَوْتِ: شَهَادَةُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَهِيَ الْكَلِمَةُ الَّتِىْ اَكْرَمَ اللّٰهُ بِهَا مُحَمَّدًا وَاَصْحَابَهٗ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ، اِنَّمَا انْفَرَدَ مُسْلِمٌ بِاِخْرَاجِهٖ، حَدِيْثِ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ

عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ حُمْرَانَ، عَنْ عُثْمَانَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَّاتَ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ انسان نے اس کو خلوص دل سے پڑھا ہو پھر اس کا انتقال ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس پر جہنم کی آگ حرام فرما دیتا ہے، پھر رسول اللہ ﷺ کا انتقال ہو گیا لیکن اس کلمہ کے بارے میں آپ علیہ السلام نے کوئی وضاحت نہیں فرمائی تھی۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں بتاتا ہوں کہ وہ کلمہ کیا ہے۔ وہ کلمہ اخلاص ہے جس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے اپنے چچا ابوطالب کو ان کی وفات کے وقت تلقین کی تھی، اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔ اسی کلمے کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ

حدیث 1299:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3116 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 22810 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ه رقم الحديث: 574 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 221

اوران کے اصحاب کوعزت بخشی ہے

✧✧ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، تاہم صرف امام مسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص موت کے وقت جانتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے، وہ جنتی ہے۔

1299- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَهْدِيِّ بْنِ رُسْتُمٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ اَبِيْ عَرِيبٍ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ اٰخِرُ كَلَامِهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ كُنْتُ اَمْلَيْتُ حِكَايَةَ اَبِيْ زُرْعَةَ، وَاٰخِرَ كَلَامِهِ كَانَ سِيَاقَةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کا آخری کلام " لا الــــه الا الله" ہوگا اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرے گا۔

✧✧ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، میں ابوزرعہ کی حکایات املاء کیا کرتا تھا، ان کا آخری کلام اسی حدیث کے مطابق تھا۔

1300- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ نَصْرٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، فِيْمَا قُرِءَ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ، اَنَّ عَتِيكَ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ عَتِيكٍ، وَهُوَ جَدُّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ اُمِّهِ اَخْبَرَهُ، اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَتِيكٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ يَعُوْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ ثَابِتٍ فَوَجَدَهُ قَدْ غُلِبَ فَصَاحَ بِهِ فَلَمْ يُجِبْهُ، فَاسْتَرْجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: غُلِبْنَا عَلَيْكَ يَا اَبَا الرَّبِيْعِ، فَصَاحَ النِّسْوَةُ وَبَكَيْنَ، فَجَعَلَ ابْنُ عَتِيكٍ يُسَكِّتُهُنَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُنَّ فَاِذَا وَجَبَ فَلَا تَبْكِيَنَّ بَاكِيَةٌ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الْوُجُوْبُ ؟ قَالَ: اِذَا مَاتَ. فَقَالَتِ ابْنَتُهُ: وَاللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ اَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ شَهِيْدًا، فَاِنَّكَ قَدْ كُنْتَ قَضَيْتَ جِهَازَكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ اَوْقَعَ اللّٰهُ اَجْرَهُ عَلٰى قَدْرِ نِيَّتِهِ، وَمَا تَعُدُّوْنَ الشَّهَادَةَ ؟ قَالُوْا: اَلْقَتْلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوَى الْقَتْلِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ: اَلْمَطْعُوْنُ شَهِيْدٌ، وَالْغَرِيقُ شَهِيْدٌ، وَصَاحِبُ ذَاتِ الْجَنْبِ شَهِيْدٌ، وَالْمَبْطُوْنُ شَهِيْدٌ، وَصَاحِبُ الْحَرِيقِ شَهِيْدٌ، وَالَّذِيْ يَمُوْتُ تَحْتَ الْهَدْمِ شَهِيْدٌ، وَالْمَرْاَةُ تَمُوْتُ بِجَمْعٍ شَهِيْدَةٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، رُوَاتُهُ مَدَنِيُّوْنَ قُرَشِيُّوْنَ، وَعِنْدَ حَدِيْثِ مَالِكٍ جَمَعَ مُسْلِمُ بْنُ

الْحَجَّاجِ بَدَاَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ مِنْ شُيُوْخِ مَالِكٍ

✧✧ حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کی عیادت کیلئے تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ ان پر موت کا غلبہ ہو چکا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو آواز دی، لیکن ان کی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ" پڑھا۔ اور فرمایا: اے ابوالربیع! ہمیں تجھ پر غلبہ دیا گیا۔ تو عورتیں رونے اور چیخنے لگیں اور ابن عتیک ان کو خاموش کرانے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کو چھوڑ دو! کیونکہ جب واجب ہو جائے گا تو کوئی رونے والی نہیں روئے گی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا! وجوب کیا ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب وہ مر جائے گا۔ اس کی بیٹی اپنے باپ کو مخاطب کر کے بولی: خدا کی قسم! میں تو آپ کے شہید ہونے کی آرزو رکھتی تھی کیونکہ آپ نے اپنی مکمل تیاری کر رکھی تھی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نیت کے مطابق اجر و ثواب عطا فرماتا ہے (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا) تم شہادت کس کو شمار کرتے ہو؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی!" قتل فی سبیل اللہ " (یعنی اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل ہونا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قتل فی سبیل اللہ کے علاوہ بھی سات قسم کی شہادت ہے (۱) طاعون زدہ شہید ہے۔ (۲) ڈوب کر مرنے والا (۳) ذات الجنب کی بیماری میں مرنے والا (۴) پیٹ کی بیماری میں مرنے والا (۵) جل کر مرنے والا (۶) دب کر مرنے والا (۷) اور وہ عورت جو بچہ پیدا کرتے ہوئے مر جائے۔ (سب شہید ہیں)

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس کے تمام راوی مدنی ہیں قریشی ہیں۔ مسلم بن حجاج نے مالک کی حدیث جمع کی ہے اور یہ حدیث انہوں نے مالک کے شیوخ سے شروع کی ہے۔

1301- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مَّحْمُوْدِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا حَضَرْتُمُ الْمَيِّتَ فَغَمِّضُوا الْبَصَرَ، فَاِنَّ الْبَصَرَ يَتْبَعُ الرُّوْحَ وَقُوْلُوْا خَيْرًا، فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُؤَمِّنُ عَلٰى دُعَاءِ اَهْلِ الْبَيْتِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم کسی میت کے پاس حاضر ہو تو اس کی آنکھیں بند کر دیا کرو کیونکہ میت کے گھر والے میت کے لئے جو دعا کرتے ہیں اس پر ملائکہ آمین کہتے ہیں۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

حدیث1301:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1455 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 17176 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ه رقم الحديث: 1015 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 7168

1302- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْآدَمِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا احْتُضِرَ اَتَتْهُ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ بِحَرِيْرَةٍ بَيْضَاءَ، فَيَقُوْلُوْنَ: اخْرُجِي رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً عَنْكِ اِلٰى رَوْحِ اللّٰهِ، وَرَيْحَانٍ، وَرَبٍّ غَيْرِ غَضْبَانَ فَتَخْرُجُ كَاَطْيَبِ رِيحِ الْمِسْكِ حَتّٰى اَنَّهُمْ لِيُنَاوِلُهُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا يَّشُمُّوْنَهُ حَتّٰى يَاْتُوْا بِهِ بَابَ السَّمَآءِ، فَيَقُوْلُوْنَ: مَا اَطْيَبَ هٰذِهِ الرِّيْحُ الَّتِيْ جَائَتْكُمْ مِنَ الْاَرْضِ ؟ فَكُلَّمَا اَتَوْا سَمَاءً قَالُوْا ذٰلِكَ حَتّٰى يَاْتُوْا بِهِ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَ: فَلَهُمْ اَفْرَحُ بِهِ مِنْ اَحَدِكُمْ بِغَائِبِهِ اِذَا قَدِمَ عَلَيْهِ، قَالَ: فَيَسْاَلُوْنَهُ مَا فَعَلَ فُلَانٌ ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: دَعُوْهُ حَتّٰى يَسْتَرِيحَ فَاِنَّهُ كَانَ فِيْ غَمِّ الدُّنْيَا، فَاِذَا قَالَ لَهُمْ: اَمَا اَتَاكُمْ ؟ فَاِنَّهُ قَدْ مَاتَ، قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ ذُهِبَ بِهِ اِلٰى اُمِّهِ الْهَاوِيَةِ، قَالَ: وَاَمَّا الْكَافِرُ، فَاِنَّ مَلَائِكَةَ الْعَذَابِ تَاْتِيهِ، فَتَقُوْلُ: اخْرُجِي سَاخِطَةً مَّسْخُوْطٌ عَلَيْكِ اِلٰى عَذَابِ اللّٰهِ، وَسَخَطِهِ فَيَخْرُجُ كَاَنْتَنِ رِيحِ جِيفَةٍ فَيَنْطَلِقُوْنَ بِهِ اِلٰى بَابِ الْاَرْضِ، فَيَقُوْلُوْنَ: مَا اَنْتَنَ هٰذِهِ الرِّيْحَ كُلَّمَا اَتَوْا عَلٰى الْاَرْضِ قَالُوْا ذٰلِكَ حَتّٰى يَاْتُوْا بِهِ اَرْوَاحَ الْكُفَّارِ وَقَدْ تَابَعَ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّسْتُوَائِيُّ مَعْمَرَ بْنَ رَاشِدٍ فِيْ رِوَايَتِهِ، عَنْ قَتَادَةَ: عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ،

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مومن کا جب آخری وقت آتا ہے تو رحمت کے فرشتے سفید رنگ کا ریشمی لباس لے کر آتے ہیں اور کہتے ہیں: تجھ پر اللہ راضی ہے، تو برضا وخوشی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف چل۔ تو (اس کی روح) انتہائی عمدہ مشک کی خوشبو کی طرح نکلتی ہے یہانتک کہ ملائکہ ایک دوسرے سے لے کر اس کی خوشبو سونگھتے ہیں۔ پھر اس کو آسمان کے دروازے پر لے جایا جاتا ہے۔ تو آسمان کے ملائکہ کہتے ہیں: یہ کتنی اچھی خوشبو ہے جو زمین سے آئی ہے پھر جس بھی آسمان تک یہ روح پہنچتی ہے، اس کو اچھے کلمات سے نوازا جاتا ہے حتیٰ کہ اس روح کو ارواح مومنین میں شامل کر دیا جاتا ہے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا: ارواحِ مومنین اس کی آمد پر اس سے بھی زیادہ خوش ہوتی ہیں جتنا کہ تم اپنے کسی عزیز کے بہت عرصہ کے بعد ملنے پر خوش ہوتے ہو۔ پھر مومنین کی روحیں اس سے دنیا کے حالات پوچھنے لگ جاتی ہیں تو ملائکہ ان کو کہتے ہیں: اس کو چھوڑ دو! اس کو آرام کرنے دو، کیونکہ یہ ابھی دنیا کے غموں سے چھوٹ کر آیا ہے، مومن روح بھی ارواحِ مومنین سے پوچھتی ہے: فلاں شخص مر گیا تھا، کیا وہ تمہارے پاس نہیں پہنچا؟ تو وہ اس کو جواب دیتے ہیں: وہ جہنم میں جا چکا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کافر کا آخری وقت آتا ہے تو اس کے پاس عذاب کے فرشتے آتے ہیں اور کہتے ہیں: تجھ پر اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہے تو ناراضگی کے عالم ہی میں اپنے رب کے غصے اور عذاب کی طرف نکل، جب وہ نکلتی ہے تو مردار کی طرح اس سے بدبو نکلتی ہے، پھر فرشتے اس کو لے کر زمین کی طرف چلتے ہیں تو جس زمین تک بھی پہنچتے ہیں، ملائکہ کہتے ہیں: یہ کتنی گندی بدبو ہے، فرشتے اس کو لے کر چلتے رہتے ہیں اور اس پر اسی طرح کی آوازیں کسی جاتی ہیں یہانتک کہ اس کو کفار کی ارواح میں شامل کر دیا جاتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث قتادہ سے روایت کرنے میں ہشام بن عبداللہ دستوائی نے معمر بن راشد کی متابعت کی ہے۔

1303- اَخْبَرَنِيْهِ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ،

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، وَقَالَ هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى: عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

✧✧ ہشام رضی اللہ عنہ کی سند کے ہمراہ بھی مذکورہ حدیث مروی ہے۔

تبصرہ ہمام بن یحییٰ نے اس کی سند میں قتادہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ''قسامہ'' کی بجائے ''ابوالجوزاء'' کا واسطہ بیان کیا ہے۔

1304۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ حَضَرَهُ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِهِ، هٰذِهِ الْاَسَانِيْدُ كُلُّهَا صَحِيْحَةٌ، وَشَاهِدُهَا حَدِيْثُ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، وَقَدْ اَمْلَيْتُهُ فِيْ كِتَابِ الْاِيْمَانِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جب مومن کی موت کاوقت آتا ہے تو رحمت کے فرشتے اس کے پاس آتے ہیں، پھراس کے بعد سابقہ حدیث جیسی حدیث بیان کی ہے۔

❖❖ یہ تمام اسانید ''صحیح'' ہیں اوران کی شاہد حدیث حضرت براء بن عازب کی (وہ) روایت ہے جس کومیں نے ''کتاب الایمان'' میں درج کردیا ہے۔

1305۔ اَخْبَرَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ سَاَلَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُوْرٍ، فَقَالُوْا: تُوُفِّيَ وَاَوْصٰى بِثُلُثِهِ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاَوْصٰى اَنْ يُوَجَّهَ اِلَى الْقِبْلَةِ لَمَّا احْتُضِرَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَصَابَ الْفِطْرَةَ وَقَدْ رَدَدْتُ ثُلُثَهُ عَلٰى وَلَدِهِ، ثُمَّ ذَهَبَ فَصَلّٰى عَلَيْهِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَاَدْخِلْهُ جَنَّتَكَ، وَقَدْ فَعَلْتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، فَقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِنُعَيْمِ بْنِ حَمَّادٍ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ بِالدَّرَاوَرْدِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيْثَ، وَلَا اَعْلَمُ فِيْ تَوَجُّهِ الْمُحْتَضَرِ اِلَى الْقِبْلَةِ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ

✧✧ حضرت یحییٰ بن عبداللہ بن ابی قتادہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں: جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو حضرت براء بن معرور رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا: تو لوگوں نے بتایا کہ وہ وفات پاچکے ہیں اور یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! انہوں نے آپ کے لئے اپنے ایک تہائی مال کی وصیت بھی کی ہے اورانہوں نے یہ بھی وصیت کی تھی کہ جب ان کا انتقال ہوجائے توان کا چہرہ قبلہ کی جانب کردیا جائے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کا عمل فطرت کے عین مطابق ہے۔ اور میں اس کا ثلث (تیسرا حصہ

حدیث 1305

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6396

جواس نے میرے لئے وصیت کیا ہے) اس کے بچوں کو دیتا ہوں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نمازِ جنازہ پڑھی اور یوں دعا مانگی "اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَاَدْخِلْهُ جَنَّتَكَ" اے اللہ: اس کی مغفرت فرما اور اس کو اپنی جنت میں داخل فرما۔ اور بے شک تو نے ایسا کر دیا۔

❖❖ یہ حدیث "صحیح" ہے کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "نعیم بن حماد" کی روایات نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ بن حجاج نے "دراوردی" کی روایات نقل کی ہیں۔ لیکن یہ حدیث نقل نہیں کی۔ اور میری نظر میں اس حدیث کے علاوہ اور کوئی حدیث ایسی نہیں ہے، جس سے موت کے وقت چہرہ قبلہ کی طرف کرنا ثابت ہوتا ہو۔

1306 - اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَالِمُ بْنُ الْفَضْلِ الْآدَمِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بُرْدَةَ بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا اَخَذُوْا فِيْ غَسْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا هُمْ بِمُنَادٍ مِّنَ الدَّاخِلِ لَا تَنْزِعُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيصَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دینے لگے تو ایک نداء آئی (وہ نداء یہ تھی) "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص مت اتارو"۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1307 - اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ شَرِيْكٍ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ اللَّخْمِيِّ، عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَكَتَمَ عَلَيْهِ غُفِرَ لَهُ اَرْبَعِيْنَ مَرَّةً، وَمَنْ كَفَّنَ مَيِّتًا كَسَاهُ اللّٰهُ مِنَ السُّنْدُسِ، وَاِسْتَبْرَقِ الْجَنَّةِ، وَمَنْ حَفَرَ لِمَيِّتٍ قَبْرًا فَاَجَنَّهُ فِيْهِ اُجْرِيَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ كَاَجْرِ مَسْكَنٍ اُسْكِنَهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص میت کو غسل دے اور اس کی عیب پوشی کرے، اس کی چالیس مرتبہ مغفرت کر دی جاتی ہے اور جو کسی میت کو کفن پہنائے، اللہ تعالیٰ اس کو جنت کا ریشمی لباس پہنائے گا، اور جو شخص کسی میت کے لئے قبر کھودے اور اس کو دفنائے تو اللہ تعالیٰ اس کو قیامت تک اس شخص کے برابر ثواب دے گا جس نے

حدیث 1306:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1466 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6415

مکان بنا کر کسی (ضرورت مند) کو اس میں ٹھہرایا ہو)

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1308۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْفَرَّاءُ، اَنْبَانَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَسْعُوْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَانَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضُ، فَاَلْبِسُوهَا اَحْيَائَكُمْ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَاهِدُهُ صَحِيْحٌ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے لئے بہترین لباس ''سفید'' ہے، اپنے زندوں کو بھی یہی لباس پہناؤ اور اپنے مردوں کو بھی اسی میں کفن دو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ایک صحیح حدیث مذکورہ حدیث کی شاہد ہے (جو کہ درج ذیل ہے۔)

1309۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ اَبِيْ شَبِيْبٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْبَسُوا الثِّيَابَ الْبَيَاضَ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ، فَاِنَّهَا اَطْهَرُ وَاَطْيَبُ

❖❖ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سفید لباس پہنا کرو اور اسی میں اپنے مردوں کو کفن دیا کرو کیونکہ (دوسرے رنگوں کی بہ نسبت) یہ زیادہ عمدہ اور پاکیزہ ہوتا ہے۔

حدیث 1308:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 3342 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي' دار عمار' بيروت' لبنان / عمان' 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 388 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ / 1983ء' رقم الحديث: 12487

حدیث 1309:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 20166 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ / 1991ء' رقم الحديث: 9642 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ / 1994ء' رقم الحديث: 6482 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ / 1983ء' رقم الحديث: 6760 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' (طبع ثاني) 1403ھ رقم الحديث: 6199

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک یہودی کا بچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا، ایک مرتبہ وہ بیمار ہوگیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے اور فرمایا: تم گواہی دو کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ (اور میرے متعلق کہو) کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ لڑکے نے اپنے والد کی طرف دیکھا تو اس نے کہا (بیٹا) محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو کچھ کہتے ہیں: تم وہ پڑھ لو (حضرت انس رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں: جب وہ لڑکا فوت ہوگیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا) اپنے بھائی کی نمازِ جنازہ پڑھو۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1343- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ بْنِ الْحَسَنِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، حَدَّثَنِىْ عَمِّىْ زِيَادُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، حَدَّثَنِىْ اَبِىْ جُبَيْرُ بْنُ حَيَّةَ الثَّقَفِيّ، اَنَّهُ سَمِعَ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: الرَّاكِبُ خَلْفَ الْجِنَازَةِ، وَالْمَاشِى قَرِيبًا مِّنْهَا، وَالطِّفْلُ يُصَلّٰى عَلَيْهِ رَوَاهُ يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ

✧✧ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سوار جنازے کے پیچھے چلے اور پیدل چلنے والا جنازے کے قریب رہے اور بچے کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی۔

❖❖ یہی حدیث یونس بن عبید نے زیاد بن جبیر کے حوالے سے نقل کی ہے۔

1344- اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ يُوْنُسُ، وَحَدَّثَنِىْ بَعْضُ اَهْلِهِ، اَنَّهُ رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الرَّاكِبُ يَسِيْرُ خَلْفَ الْجِنَازَةِ، وَالْمَاشِى عَنْ يَمِيْنِهَا وَشِمَالِهَا قَرِيبًا، وَالسِّقْطُ يُصَلّٰى وَيُدْعٰى لِوَالِدَيْهِ بِالْعَافِيَةِ وَالرَّحْمَةِ، قَالَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ فِىْ عَقِبِ هٰذَا الْحَدِيْثِ، قَالَ: يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَحَدَّثَنِىْ بَعْضُ اَهْلِهِ اَنَّهُ رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِوَايَةً لِّيُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، فَقَدِ احْتَجَّ فِى الصَّحِيْحِ بِحَدِيْثِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ، الْحَدِيْثُ الطَّوِيلُ، وَشَاهِدُهُ هٰذِهِ الْاَحَادِيْثُ

حَدِيْثُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ

✧✧ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سوار جنازے کے پیچھے چلے، پیدل چلنے والے جنازے کے قریب، اس کے دائیں بائیں چلیں اور ناتمام بچے کی بھی نماز جنازہ پڑھی جائے اور اس کی نماز جنازہ میں اس کے ماں باپ کے لئے رحمت اور عافیت کی دعا مانگی جائے۔

✣✣ ابراہیم بن ابی طالب نے یہ حدیث نقل کرنے کے بعد یونس بن عبید کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ یونس بن عبید کی سعید بن عبیداللہ بن جبیر بن حیہ سے جو روایت ہے وہ آپ کی ایک زوجہ محترمہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کی ہے۔ یہ حدیث امام بخاری کے معیار کے مطابق صحیح الاسناد ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں مغیرہ کے حوالے سے وہ طویل حدیث ذکر کی ہے۔ جسکی سند معتمر بن سعید بن عبیداللہ پھر زیاد بن جبیر سے ہوتی ہوئی جبیر بن حیہ کے واسطے سے ان تک پہنچتی ہے۔ اور ان احادیث کی شاہد بھی ایک حدیث موجود ہے جو کہ اسماعیل بن مسلم مکی نے ابوزبیر سے روایت کی ہے (شاہد حدیث درج ذیل ہے)۔

1345- اَخْبَرَنَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ الْمَكِّيُّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اسْتَهَلَّ الصَّبِيُّ، وَرِثَ وَصُلِّيَ عَلَيْهِ الشَّيْخَانِ لَمْ يَحْتَجَّا بِاِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب (نومولود) بچہ رو پڑے تو وہ وارث بھی بنے گا اور اس کی نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسماعیل بن مسلم کی روایت نقل نہیں کی۔

1346- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اَيُّوْبَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنْ اَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَيْبَرَ، فَمَاتَ رَجُلٌ مِّنَّا مِنْ اَشْجَعَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوْا عَلَيْهِ فَذَهَبْنَا نَنْظُرُ فَوَجَدْنَا خَرَزًا مِّنْ خَرَزِ يَهُوْدَ، مَا يُسَاوِيْ دِرْهَمَيْنِ، رَوَاهُ النَّاسُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، اَبُوْ عَمْرَةَ هٰذَا رَجُلٌ مِّنْ جُهَيْنَةَ مَعْرُوْفٌ بِالصِّدْقِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ خیبر میں تھے تو ہم میں سے اشجع قبیلے کا

حدیث 1345:

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1508 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء رقم الحديث: 3126 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 6032 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 6358 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6574

ایک آدمی فوت ہوگیا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کی نماز جنازہ پڑھو، ہمیں ان میں چند ایسے "نگ" ملے جو یہودی پہنا کرتے ہیں ان کا وزن دو درہموں کے برابر ہوگا۔

❖❖ یہی حدیث یحییٰ بن سعید سے متعدد لوگوں نے روایت کی ہے۔ اور یہ ابوعمرہ، قبیلہ جہینہ کے ایک شخص ہیں، معروف بالصدق ہیں، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی روایات نقل نہیں کیں۔

1347۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مِهْرَانَ بْنِ خَالِدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: مَاتَ رَجُلٌ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: مَاتَ فُلَانٌ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَمُتْ، ثُمَّ اَتَاهُ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ: مَاتَ فُلَانٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَمُتْ، ثُمَّ اَتَاهُ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ: مَاتَ فُلَانٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ مَاتَ؟ قَالَ: نَحَرَ نَفْسَهُ بِمِشْقَصٍ كَانَ مَعَهُ، فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ایک شخص فوت ہوگیا، ایک آدمی نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور آپ ﷺ کو بتایا کہ فلاں شخص فوت ہوگیا ہے، نبی اکرم ﷺ نے انہیں کہا: وہ فوت نہیں ہوا، وہ دوبارہ آیا اور کہنے لگا: فلاں شخص فوت ہوگیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ فوت نہیں ہوا، وہ تیسری مرتبہ پھر آیا اور کہا: فلاں شخص فوت ہوگیا ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ کیسے فوت ہوا؟ اس نے کہا: اس نے اپنے تیر سے اپنے آپ کو ہلاک کرلیا تو نبی اکرم ﷺ نے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1347أ۔ اِسْرَائِيْلُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، اَنَّ رَجُلًا قَتَلَ نَفْسَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: ایک شخص نے خودکشی کرلی، نبی اکرم ﷺ نے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

حدیث 1346:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 5175 اخرجه ابوبكر الحميدی فی "مسنده" طبع دارالكتب العلميه' مكتبه المتنبی' بيروت' قاهره' رقم الحديث: 815 اخرجه ابوبكر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ' رقم الحديث: 9501

1348- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُرَادِيُّ، حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، وَاَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ الْخُلْدِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِي اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْهَاشِمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ اَبِي قَتَادَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دُعِيَ اِلَى جِنَازَةٍ سَاَلَ عَنْهَا، فَاِنْ اُثْنِيَ عَلَيْهَا خَيْرًا صَلَّى عَلَيْهَا، وَاِنْ اُثْنِيَ عَلَيْهَا غَيْرَ ذٰلِكَ قَالَ لِاَهْلِهَا: شَاْنَكُمْ بِهَا وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهَا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کسی جنازے کے لئے بلایا جاتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بارے میں پوچھتے، اگر لوگ اس کو اچھے لفظوں میں یاد کرتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا جنازہ پڑھا دیتے اور اگر لوگ اس کو برا بھلا کہتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے گھر والوں سے کہہ دیتے کہ اس کا جنازہ تم خود پڑھ لو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا جنازہ نہ پڑھاتے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1349- حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ يُوسُفَ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً، حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَدْ كُنَّا مُقَدَّمَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حُضِرَ مِنَّا الْمَيِّتُ اٰذَنَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَضَرَهُ وَاسْتَغْفَرَ لَهُ حَتّٰى اِذَا قُبِضَ انْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَنْ مَّعَهُ حَتّٰى يُدْفَنَ، وَرُبَّمَا طَالَ حَبْسُ ذٰلِكَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا خَشِينَا مَشَقَّةَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ لِبَعْضٍ: لَوْ كُنَّا لَا نُؤْذِنُ النَّبِيَّ بِاَحَدٍ حَتّٰى يُقْبَضَ، فَاِذَا قُبِضَ اٰذَنَّاهُ، فَلَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ فِي ذٰلِكَ مَشَقَّةٌ وَّلَا حَبْسٌ، فَفَعَلْنَا ذٰلِكَ وَكُنَّا نُؤْذِنُهُ بِالْمَيِّتِ بَعْدَ اَنْ يَّمُوتَ فَيَاْتِيهِ فَيُصَلِّيْ عَلَيْهِ، فَرُبَّمَا انْصَرَفَ، وَرُبَّمَا مَكَثَ حَتّٰى يُدْفَنَ الْمَيِّتُ، فَكُنَّا عَلَى ذٰلِكَ حِينًا، ثُمَّ قُلْنَا لَوْ لَمْ يَشْخَصِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَمَلْنَا جِنَازَتَنَا اِلَيْهِ حَتّٰى يُصَلِّيَ عَلَيْهِ عِنْدَ بَيْتِهِ لَكَانَ ذٰلِكَ اَوْفَقَ بِهِ، فَفَعَلْنَا فَكَانَ ذٰلِكَ الْاَمْرُ اِلَى الْيَوْمِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عِنْدَ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ اَمْلَيْتُهُ فِيمَا مَضٰى مُخْتَصَرًا

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نمائندے ہوتے تھے، چنانچہ جب کسی کا آخری وقت آتا تو ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دیتے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا کر اس کے لئے دعائے مغفرت فرماتے اور جب ہم

حدیث: 1348

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 22608 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 3057

اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث: 196 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحديث: 275

لوگ وہاں پہنچتے تو رسول اللہ ﷺ اور جولوگ آپ کے ہمراہ ہوتے وہ واپس آ رہے ہوتے تھے۔اور اس کو دفن کر دیا جا تا تھا۔اور کئی مرتبہ حضور اکرم ﷺ کو تکفین و تدفین کے سلسلے میں بہت دیر تک انتظار کرنا پڑتا۔ہمیں رسول اللہ ﷺ کی اس مشقت کا بہت احساس ہوا، ہم نے آپس میں مشورہ کیا کہ ہمیں کسی کی روح قبض ہونے سے پہلے رسول پاک ﷺ کو نہیں بلانا چاہئے اور جب روح قبض ہو جائے تب آپ کو بلانا چاہیے تو اس میں آپ کو مشقت نہیں ہوگی اور انتظار بھی نہیں کرنا پڑے گا (اس کے بعد ہم نے یہی طریقہ اپنا لیا کہ) کسی کے فوت ہو جانے کے بعد آپ کو بلاتے تھے، تو آپ تشریف لا کر نماز جنازہ پڑھا دیا کرتے تھے۔پھر کئی مرتبہ آپ (جنازہ پڑھا کر) واپس آجاتے اور کئی مرتبہ تدفین تک وہیں رہتے ،ایک عرصہ تک یہی سلسلہ جاری رہا۔پھر ہم نے مشورہ کیا کہ اگر ہم نبی اکرم ﷺ کو نہ بلائیں بلکہ جنازہ اٹھا کر آپ کے پاس لے جائیں اور آپ اپنے گھر کے قریب ہی اس کا جنازہ پڑھا دیں تو زیادہ بہتر ہوگا پھر ہم نے ایسے ہی کرنا شروع کر دیا اور آج تک اسی پر عمل ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اور میں نے گذشتہ صفحات میں یہ حدیث مختصراً بیان کر دی ہے۔

1350- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُهَاجِرٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، وَهَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ دَعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عُمَيْرِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ حِيْنَ تُوُفِّيَ، فَاَتَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى عَلَيْهِ فِيْ مَنْزِلِهِمْ، فَتَقَدَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ وَرَائَهُ وَاُمُّ سُلَيْمٍ وَّرَاءَ اَبِيْ طَلْحَةَ، وَلَمْ يَكُنْ مَّعَهُمْ غَيْرُهُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَسُنَّةٌ غَرِيْبَةٌ فِيْ اِبَاحَةِ صَلٰوةِ النِّسَاءِ عَلَى الْجَنَائِزِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ابوطلحہ نے رسول اللہ ﷺ کو حضرت عمیر بن ابی طلحہ کے جنازے کے لئے بلایا: تو رسول اللہ ﷺ انکے پاس تشریف لے آئے اور ان کے گھر میں ان کی نماز جنازہ پڑھائی (نماز کے لئے) رسول اللہ ﷺ آگے ہوئے ،ان کے پیچھے ابوطلحہ تھے اور امّ سلیم رضی اللہ عنہا ابوطلحہ کے پیچھے تھیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اور یہ عورتوں کے لئے نماز جنازہ کے جواز میں سنت غریبہ ہے۔

1351- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْعَدْلُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوْحٍ

حدیث: 1350

اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 4727 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6699

الْمَدَائِنِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَقَدْ جُدِعَ وَمُثِّلَ بِهِ، فَقَالَ: لَوْلَا اَنْ تَجِدَ صَفِيَّةُ تَرَكْتُهُ حَتّٰى يَحْشُرَهُ اللّٰهُ مِنْ بُطُوْنِ الطَّيْرِ وَالسِّبَاعِ، فَكَفَّنَهُ فِيْ نَمِرَةٍ اِذَا خُمِّرَ رَاْسُهُ بَدَتْ رِجْلَاهُ، وَاِذَا خُمِّرَتْ رِجْلَاهُ بَدَا رَاْسُهُ، فَخُمِّرَ رَاْسُهُ، وَلَمْ يُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِّنَ الشُّهَدَاءِ غَيْرِهِ، وَقَالَ: اَنَا شَاهِدٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ، وَكَانَ يَجْمَعُ الثَّلَاثَةَ وَالِاثْنَيْنِ فِيْ قَبْرٍ وَّاحِدٍ، وَيَسْاَلُ: اَيُّهُمْ اَكْثَرُ قُرْاٰنًا ؟ فَيُقَدِّمُهُ فِي اللَّحْدِ، وَكَفَّنَ الرَّجُلَيْنِ وَالثَّلَاثَةَ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جنگ احد کے دن (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا) حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے اعضاء کاٹ کر آپ کا مثلہ (چہرہ بگاڑنے کو مثلہ کہتے ہیں) کر دیا گیا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر حضرت صفیہ کی پریشانی کا خیال نہ ہوتا تو میں ان کو اسی طرح چھوڑ دیتا تاکہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان کو پرندوں اور درندوں کے پیٹ سے اٹھاتا، ان کو اُون کی دھاری دھار چادر میں کفن دیا گیا (جو اتنی چھوٹی تھی کہ) جب اُن کا سر ڈھانپا جاتا تو پاؤں ننگے ہو جاتے اور جب پاؤں ڈھانپے جاتے تو سر ننگا ہو جاتا، چنانچہ اُن کے سر کو ڈھانپ دیا گیا اور حضور علیہ السلام نے ان کے علاوہ شہدائے بدر میں سے اور کسی کی نماز جنازہ نہیں پڑھی۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج میں تمہارے اوپر گواہ ہوں۔ اور (اس دن) ایک ایک قبر میں دو دو، تین تین (صحابہ کرام) کو دفن کیا گیا اور حضور علیہ السلام پوچھ لیتے اور ان میں سے جو صحابی قرآن کا زیادہ قاری ہوتا لحد میں اسکو آگے کی طرف لٹایا جاتا اور دو دو، تین تین آدمیوں کو ایک کپڑے میں کفن دیا جاتا۔

1352۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ اَنْبَاَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ اَنْبَاَ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيِّ اَنَّ بْنَ شِهَابٍ حَدَّثَهُ اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ اَنَّ شُهَدَاءَ اُحُدٍ لَمْ يُغَسَّلُوا وَدُفِنُوْا بِدِمَائِهِمْ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدْ اَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ وَحْدَهُ حَدِيْثَ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ لَيْسَ فِيْهِ هٰذِهِ

حدیث 1351:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3136 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1016 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 12322 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6589 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 3568 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 2939

الْأَلْفَاظُ الْمَجْمُوعَةُ الَّتِي تَفَرَّدَ بِهَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِي عَنِ الزُّهْرِيِّ قَدِ اتَّفَقَا جَمِيعًا عَلَى إِخْرَاجِ حَدِيْثِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ يَزِيْدِ بْنِ أَبِي حَبِيْبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلٰى قَتْلٰى أُحُدٍ صَلَاتَهُ عَلَى الْمَيِّتِ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ احد کے شہداء کو غسل نہیں دیا گیا اور انہیں ''خون'' سمیت دفن کیا گیا اور نہ ہی ان کی نماز جنازہ پڑھی گئی تھی۔

✧✧ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے زہری کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک کے واسطے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی۔ اس میں وہ الفاظ موجود نہیں ہیں جس کو زہری سے روایت کرنے میں اسامہ بن زید لیثی منفرد ہیں جب کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے لیس بن سعد کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے یزید بن ابی حبیب کے ذریعے ابوالخیر کے حوالے سے عقبہ بن عامر جہنی کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد کی اسی طرح نماز جنازہ پڑھی جس طرح کسی (عام) میت کی نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے۔

1353۔ حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، إِمْلَاءً فِيْ شَوَّالٍ سَنَةَ خَمْسٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَلِيِّ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الصِّدِّيْقِ النَّاجِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا وَضَعْتُمْ مَوْتَاكُمْ فِيْ قُبُوْرِهِمْ، فَقُوْلُوْا: بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى ثَبْتٌ مَّأْمُوْنٌ إِذَا أَسْنَدَ مِثْلَ هٰذَا الْحَدِيْثِ لَا يُعَلَّلُ بِأَحَدٍ إِذَا أَوْقَفَهُ شُعْبَةُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میت کو قبر میں رکھو تو ''بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى

حدیث 1352:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث:3135

حدیث 1353:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 4812 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 3110 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 10927 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6851 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث:5755

مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰه" پڑھا کرو۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور ہمام بن یحییٰ قابل اعتماد ہیں اور مامون ہیں۔ اس طرح کی کسی حدیث کو جب مسند کر دیا جائے تو اس کو کسی ایسی حدیث کے ساتھ معلل نہیں کر سکتے جس کو شعبہ نے موقوف کیا ہو۔

1354۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الصِّدِّيْقِ النَّاجِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ كَانَ اِذَا وَضَعَ الْمَيِّتَ فِيْ قَبْرِهِ، قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

حَدِيْثُ الْبَيَاضِيِّ وَهُوَ مَشْهُوْرٌ فِي الصَّحَابَةِ شَاهِدٌ لِّحَدِيْثِ هَمَّامٍ، عَنْ قَتَادَةَ مُسْنَدًا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب وہ میت کو قبر میں اتارتے تو "بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰه" پڑھتے۔

✤✤ ہمام نے قتادہ سے جو حدیث مسنداً روایت کی ہے، اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ بیاضی سے مروی ہے اور بیاضی مشہور صحابی رضی اللہ عنہم ہیں۔

1355۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، وَابْنُ بُكَيْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ مَوْلَى الْغِفَارِيِّيْنَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْبَيَاضِيُّ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اِذَا وُضِعَ الْمَيِّتُ فِيْ قَبْرِهِ فَلْيَقُلِ الَّذِيْنَ يَضَعُوْنَهُ حِيْنَ يُوْضَعُ فِي اللَّحْدِ: بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ، وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت بیاضی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب میت کو قبر میں اتارا جائے تو اتارنے والے اتارتے وقت "بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ، وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" پڑھیں۔

1356۔ اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ، وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحِ الْوُحَاظِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِيْ اَنَسُ بْنُ اَبِيْ يَحْيٰى مَوْلَى الْاَسْلَمِيِّيْنَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةٍ عِنْدَ قَبْرٍ فَقَالَ: قَبْرُ مَنْ هٰذَا ؟ فَقَالُوْا: فُلَانٌ الْحَبَشِيُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سِيْقَ مِنْ اَرْضِهِ وَسَمَائِهِ اِلٰى تُرْبَتِهِ الَّتِيْ مِنْهَا خُلِقَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاُنَيْسُ بْنُ اَبِيْ يَحْيَى الْاَسْلَمِيُّ هُوَ عَمُّ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِيْ

يَحْيٰى، وَاُنَيْسٌ ثِقَةٌ مُّعْتَمِدٌ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَوَاهِدُ، وَاَكْثَرُهَا صَحِيْحَةٌ مِّنْهَا

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قبر کے پاس (رکھی ہوئی) ایک میت کے پاس سے گزرے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا، یہ کس کی قبر ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے جواب دیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ فلاں حبشی کی قبر ہے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اللہ کی زمین اور آسمان سے اس کو اس مٹی کی طرف بھیج دیا گیا ہے، جس سے اس کو پیدا کیا گیا ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور انیس بن یحییٰ اسلمی، ابراہیم بن ابی یحییٰ کے چچا ہیں اور انیس ثقہ اور معتمد راوی ہیں۔ اور اس حدیث کی متعدد شواہد حدیثیں موجود ہیں، جن میں سے اکثر صحیح ہیں، جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

1357- مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ بَشَّارٍ الْخَيَّاطُ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ قَبْضَ عَبْدٍ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهٗ فِيْهَا اَوْ بِهَا حَاجَةً وَّمِنْهَا

✧✧ حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کی کسی مخصوص جگہ پر روح قبض کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو وہاں اس کی کوئی ضرورت رکھ دیتا ہے۔

1358- مَا اَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ الْعَدْلُ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمَذْحِجِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَتْ مَنِيَّةُ اَحَدِكُمْ بِاَرْضٍ اُتِيحَتْ لَهُ الْحَاجَةُ، فَيَقْصِدُ اِلَيْهَا فَيَكُوْنُ اَقْصٰى اَثَرٍ مِّنْهُ فَيُقْبَضُ رُوْحُهٗ فِيْهَا، فَتَقُوْلُ الْاَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: رَبِّ هٰذَا مَا اسْتَوْدَعْتَنِيْ وَمِنْهَا

حديث1357:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 2147 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 22034 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 6151 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 927 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 10403 اخرجه ابوداؤد الطيالسى فى "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1325 اخرجه ابوبكر الشيبانى فى "الاحاد والمثانى" طبع دارالراية رياض سعودى عرب 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 1069 اخرجه ابوعبدالله القضاعى فى "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ھ/1986ء رقم الحديث: 1391 اخرجه ابوعبدالله البخارى فى "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه بيروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحديث: 780

✧✧ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کسی ایک کی موت کسی مخصوص جگہ پر لکھی جاتی ہے تو اس کے لئے وہاں پر کوئی ضرورت ڈال دی جاتی ہے، آدمی اس کے ارادے سے وہاں جاتا ہے، جب وہ اپنی منزل پر پہنچ جاتا ہے تو وہاں پر اس کی روح کو قبض کرلیا جاتا ہے، اس لئے قیامت کے دن زمین کہے گی: اے میرے رب! یہ ہے وہ امانت جو تو نے میرے سپرد کی تھی۔

1359۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْبَاشَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ السُّكَّرِيُّ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ مَطَرِ بْنِ عُكَامِسٍ الْعَبْدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا جُعِلَ اَجَلُ رَجُلٍ فِيْ اَرْضٍ اِلَّا جُعِلَتْ لَهُ فِيْهَا حَاجَةٌ وَّمِنْهَا

✧✧ حضرت مطر بن عکامس عبدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ انسان کی موت جس مقام پر لکھتا ہے، اس کے لئے وہاں پر کوئی ضرورت رکھ دیتا ہے۔

1360۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ غَيْرَ مَرَّةٍ، اَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ نَهَارٍ الْعَسْكَرِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيْشِ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ قَبْضَ عَبْدٍ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهُ اِلَيْهَا حَاجَةً

✧✧ حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسی جیسا فرمان منقول ہے۔

1361۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ اَبُوْ جَعْفَرٍ الْحَارِثِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَجُلا كَانَ يَرْفَعُ صَوْتَهُ بِالذِّكْرِ، فَقَالَ رَجُلٌ لَّوْ اَنَّ هٰذَا خَفَضَ مِنْ صَوْتِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنَّهُ اَوَّاهٌ، قَالَ: فَمَاتَ فَرَاٰى رَجُلٌ نَارًا فِيْ قَبْرِهِ، فَاَتَاهُ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ وَهُوَ يَقُوْلُ: هَلُمُّوا اِلٰى صَاحِبِكُمْ، فَاِذَا هُوَ الرَّجُلُ الَّذِيْ كَانَ يَرْفَعُ صَوْتَهُ بِالذِّكْرِ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: ایک شخص بلند آواز سے ذکر کیا کرتا تھا۔ اس کے متعلق ایک آدمی نے کہا: یہ اپنی آواز پست کیوں نہیں کرتا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بہت آہیں بھرنے والا شخص ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب وہ شخص فوت ہوا تو ایک آدمی نے اس کی قبر میں نور دیکھا تو وہ آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی کے بارے میں سوچ رہے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے: چلو اپنے ساتھی کے پاس چلو (جب وہاں جاکر دیکھا) تو یہ اسی شخص کی قبر تھی جو بلند آواز سے ذکر کرتا تھا۔

1362۔ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: رَاَيْتُ نَارًا فِي الْمَقَابِرِ فَاَتَيْتُهُمْ، فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَبْرِ وَهُوَ يَقُوْلُ: نَاوِلُوْنِيْ صَاحِبَكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِإِسْنَادٍ مُعْضَلٍ

❖❖ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے قبرستان میں روشنی دیکھی تو وہاں پر آیا، میں نے وہاں پر دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبر میں تھے اور کہہ رہے تھے: اپنے ساتھی کو پکڑو۔ (یعنی اس کو لحد میں اتار رہے تھے)

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ معضل اسناد کے ہمراہ مروی ہے۔

1363 ـ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، وَاَخْبَرَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ يُوْنُسَ وَهُوَ حَاتِمُ بْنُ اَبِيْ صَغِيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلًا كَانَ بِمَكَّةَ وَكَانَ رُوْمِيًّا، وَفِيْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ اسْمُهُ وَقَّاصٌ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ وَهُوَ يَقُوْلُ: فِيْ دُعَائِهِ اَوَّهْ اَوَّهْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ لَاَوَّاهٌ، قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ: فَخَرَجْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَاِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَقَابِرِ يَدْفِنُ ذٰلِكَ الرَّجُلَ، وَمَعَهُ الْمِصْبَاحُ

❖❖ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص بیت اللہ کا طواف کر رہا تھا، وہ اپنی دعا میں بہت آہیں بھرتا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شخص بہت آہیں بھرنے والا ہے: حضرت ابوذر کہتے ہیں: میں ایک رات باہر نکلا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ وہ قبرستان میں اسی آدمی کو دفن کر رہے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شمع تھی۔

1364 ـ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، قَالُوْا: اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ يَوْمًا، فَذَكَرَ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِهِ قُبِضَ، وَكُفِّنَ فِيْ كَفَنٍ غَيْرِ طَائِلٍ، وَقُبِرَ لَيْلًا، فَزَجَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُقْبَرَ الرَّجُلُ بِاللَّيْلِ حَتّٰى يُصَلّٰى عَلَيْهِ، اِلَّا اَنْ يُضْطَرَّ اِنْسَانٌ اِلٰى ذٰلِكَ، وَقَالَ: اِذَا كَفَّنَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُحْسِنْ كَفَنَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ جَابِرٍ

❖❖ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک ایسے صحابی کا ذکر کیا جو فوت ہو گئے تھے، ان کو انتہائی مختصر کپڑے میں کفن دے کر رات ہی رات میں دفن کر دیا گیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے وقت کسی شخص کو نماز جنازہ پڑھے جانے کے بغیر دفن کرنے سے ڈانٹا، سوائے اس صورت کے جب کوئی انسان اس عمل کے لئے مجبور ہو اور فرمایا: جب کوئی اپنے بھائی کو کفن دے تو اس کو چاہیے کہ اسے اچھا کفن دے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ مذکورہ حدیث کی ایک

شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ وہب بن منبہ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔

1365- اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّنْعَانِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الصَّنْعَانِيُّ اَبُوْ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَقِيْلِ بْنِ مَعْقِلِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِيْهِ عَقِيْلٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، قَالَ: هٰذَا مَا سَاَلْتُ عَنْهُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيَّ فَاَخْبَرَنِيْ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ يَوْمًا فَذَكَرَ رَجُلاً مِّنْ اَصْحَابِهِ قُبِضَ، فَكُفِّنَ فِيْ كَفَنٍ غَيْرِ طَائِلٍ، وَقُبِرَ لَيْلاً، فَزَجَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُقْبَرَ الرَّجُلُ لَيْلاً، وَلَا يُصَلّٰى عَلَيْهِ اِلَّا اَنْ يُضْطَرَّ اِنْسَانٌ اِلٰى ذٰلِكَ، وَقَالَ: اِذَا وَلِيَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُحْسِنْ كَفَنَهُ "

✧✧ حضرت وہب بن منبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ وہ بات ہے جس کے بارے میں، میں نے جابر بن عبداللہ انصاری سے پوچھا تھا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن خطبہ میں اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک ایسے شخص کا ذکر کیا جو فوت ہو گئے تھے اور ان کو مختصر کپڑے میں کفن دیا گیا اور رات میں ہی ان کی تدفین کر دی گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے ڈانٹا کہ کسی شخص کو رات کے وقت دفن کر دیا جائے اور اس کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے سوائے اس کے کہ انسان کو کوئی مجبوری ہو اور فرمایا: جب تم میں سے کوئی آدمی اپنے بھائی کا ذمہ دار ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے بھائی کو اچھا کفن پہنائے۔

1366- أَخْبَرَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمَةَ الْعَنَزِيُّ حَدَّثَنَا مَعَاذُ بْنُ نَجْدَةَ الْقَرَشِيُّ حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَأَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ حَدَّثَنِيْ أَبِيْ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَهُوَ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ ثَابِتٍ أَنَّ عَلِيًّا قَالَ لِأَبِي الْهَيَّاجِ أَبْعَثُكَ عَلٰى مَا بَعَثَنِيْ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَّا تَدَعَ تِمْثَالًا إِلَّا طَمَسْتَهُ وَلَا قَبْرًا مُشْرِفًا إِلَّا سَوَّيْتَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَأَظُنُّهُ لِخِلَافٍ فِيْهِ عَنِ الثَّوْرِيِّ فَإِنَّهُ قَالَ مَرَّةً عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ عَنْ أَبِي الْهَيَّاجِ وَقَدْ صَحَّ سَمَاعُ أَبِيْ وَائِلٍ مِنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

✧✧ حضرت حبیب بن ابی ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابو ہیاج سے کہا: میں تجھے اس بات کی ترغیب دلاتا ہوں جس کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ترغیب دلائی تھی۔ یہ کہ ہم کسی بت کو توڑے بغیر نہیں چھوڑیں گے اور کسی اونچی قبر کو برابر کیے بغیر نہیں چھوڑیں گے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور میرا یہ خیال ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو اس لئے ترک کر دیا ہے کہ اس میں امام ثوری پر اختلاف ہے کیونکہ ایک روایت میں انہوں نے ابووائل کے واسطے سے ابو ہیاج سے روایت کی ہے۔ جبکہ ابووائل کا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت ہے۔

1367- أَخْبَرَنَا أَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ أَحْمَدَ الْجَمَحِيُّ بِمَكَّةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْأَصْبَهَانِيُّ وَأَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى أَنْبَأَ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ

شَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ أَبِي الْهَيَّاجِ قَالَ قَالَ لِي عَلِيٌّ أَلَا أَبْعَثُكَ عَلٰى مَا بَعَثَنِي عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِهِ

✧✧ حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

1368۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ الْخَوْلَانِيُّ، قَالَ: قُرِءَ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ، اَخْبَرَكَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي فُدَيْكٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ هَانِءٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ، فَقُلْتُ: يَا اُمَّاهُ، اكْشِفِي لِي عَنْ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبَيْهِ، فَكَشَفَتْ لِي عَنْ ثَلَاثَةِ قُبُورٍ لَا مُشْرِفَةٍ، وَلَا لَاطِئَةٍ مَبْطُوحَةٍ بِبَطْحَاءِ الْعَرْصَةِ الْحَمْرَاءِ، فَرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقَدَّمًا، وَاَبَا بَكْرٍ رَاْسُهُ بَيْنَ كَتِفَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعُمَرُ رَاْسُهُ عِنْدَ رِجْلَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا اور ان سے کہا: اے اُمّ المومنین! میرے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے دونوں ساتھیوں کی قبر سے پردہ ہٹائیے، تو انہوں نے تینوں قبروں سے میرے لئے پردہ ہٹا دیا۔ وہ تینوں قبریں نہ تو بہت اونچی تھیں اور نہ ہی بہت نیچی تھیں، ان کے اردگرد سرخ رنگ کی کنکریاں بچھی ہوئی تھیں، میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگلی جانب ہیں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا سر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھوں کے برابر ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا سر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں کے پاس ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1369۔ حَدَّثَنَا اَبُو سَعِيدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ جُنَادَةَ بْنِ سَلْمٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ النَّخَعِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ،

حدیث 1369:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 970 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3225 اخرجه ابو عيسى الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1052 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام ' 1406ه' 1986ء' رقم الحديث: 2027 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 14181 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 3165 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ه/ 1991ء' رقم الحديث: 2154 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 6526

عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُبْنٰى عَلَى الْقَبْرِ، اَوْ يُجَصَّصَ، اَوْ يُقْعَدَ عَلَيْهِ، وَنَهٰى اَنْ يُكْتَبَ عَلَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَقَدْ خَرَّجَ بِاِسْنَادِهِ غَيْرَ الْكِتَابَةِ فَاِنَّهَا لَفْظَةٌ صَحِيْحَةٌ غَرِيْبَةٌ، وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر پر عمارت بنانے، اس پر چونا کرنے، لکھنے اور اس پر بیٹھنے سے منع کیا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے، جبکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسی اسناد کے ہمراہ حدیث نقل کی ہے۔ تاہم اس میں ''لکھنے'' کا ذکر موجود نہیں ہے حالانکہ یہ لفظ صحیح ہے، غریب ہے۔ یونہی اس حدیث کو ابومعاویہ نے ابن جریج کے حوالے سے نقل کیا ہے (ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)۔

1370۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تَجْصِيصِ الْقُبُوْرِ، وَالْكِتَابَةِ فِيْهَا، وَالْبِنَاءِ عَلَيْهَا، وَالْجُلُوْسِ عَلَيْهَا هٰذِهِ الْاَسَانِيْدُ صَحِيْحَةٌ، وَلَيْسَ الْعَمَلُ عَلَيْهَا، فَاِنَّ اَئِمَّةَ الْمُسْلِمِيْنَ مِنَ الشَّرْقِ اِلَى الْغَرْبِ مَكْتُوبٌ عَلٰى قُبُوْرِهِمْ، وَهُوَ عَمَلٌ اَخَذَ بِهِ الْخَلَفُ عَنِ السَّلَفِ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں پر چونا کرنے، لکھنے، اس پر عمارت بنانے اور اس پر بیٹھنے سے منع فرمایا ہے۔

❖❖ یہ تمام اسانید صحیح ہیں، لیکن اس پر عمل نہیں ہے کیونکہ مشرق سے مغرب تک (ساری دنیا میں) آئمہ مسلمین کی قبروں پر لکھائی کی ہوئی ہے اور یہی وہ عمل ہے جس کو بعد میں آنے والوں نے اپنے سے پہلوں سے لیا ہے۔

1371۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الصَّلْتِ بْنِ بَهْرَامَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ وَهْبٍ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ اُمَّتِيْ، اَوْ هٰذِهِ الْاُمَّةُ فِيْ مَسَكَةٍ مِّنْ دِيْنِهَا مَا لَمْ يَكِلُوا الْجَنَائِزَ اِلٰى اَهْلِهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ اِنْ كَانَ الصُّنَابِحِيُّ هٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ، فَاِنْ كَانَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُسَيْلَةَ الصُّنَابِحِيُّ، فَاِنَّهُ يَخْتَلِفُ فِيْ سَمَاعِهِ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت صنابحی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت یا (شاید یہ فرمایا) یہ امت اس وقت تک اپنے اصل دین پر قائم رہے گی جب تک یہ جنازہ ان کے گھر والوں کے آسرے پر نہیں چھوڑیں گے۔

❖❖ اس روایت کی سند میں جو صنابحی نامی راوی ہیں، اگر یہی عبداللہ ہیں تو یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ اور اگر یہ عبدالرحمٰن

بن عسیلہ صنابحی ہیں تو ان کے نبی اکرم ﷺ سے سماع میں اختلاف ہے۔لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس روایت کونقل نہیں کیا۔

1372- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوريُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَحِيْرٍ، عَنْ هَانِءٍ مَوْلٰى عُثْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، يَقُوْلُ: مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةٍ عِنْدَ قَبْرٍ وَّصَاحِبُهُ يُدْفَنُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَغْفِرُوْا لِاَخِيكُمْ، وَسَلُوا اللّٰهَ لَهُ التَّثْبِيتَ، فَاِنَّهُ الْآنَ يُسْاَلُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ جنازے کے ہمراہ ایک قبر کے پاس پہنچے، میت کے ساتھی اس کو دفن کر رہے تھے، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اپنے بھائی کے لئے دعائے مغفرت کرو اور اللہ تعالیٰ سے اس کی ثابت قدمی کی دعا مانگو کیونکہ اس سے ابھی سوالات کیے جائیں گے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کونقل نہیں کیا۔

1373- وَقَدْ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَحِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ هَانِئًا مَوْلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، يَقُوْلُ: كَانَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ اِذَا وَقَفَ عَلٰى قَبْرٍ بَكٰى حَتّٰى يَبُلَّ لِحْيَتَهُ، فَيُقَالُ لَهُ قَدْ تَذْكُرُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ فَلَا تَبْكِي، وَتَبْكِي مِنْ هٰذَا، فَيَقُوْلُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْقَبْرَ اَوَّلُ مَنَازِلِ الْاٰخِرَةِ، فَاِنْ نَجَا مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ اَيْسَرُ مِنْهُ، وَاِنْ لَمْ يَنْجُ مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ اَشَدُّ مِنْهُ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَاَيْتُ مَنْظَرًا اِلَّا وَالْقَبْرُ اَفْظَعُ مِنْهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن بحیر رضی اللہ عنہ' عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے غلام ہانی کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ جب عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کسی قبر پر کھڑے ہوتے تو اتنا روتے کہ آپ کی داڑھی مبارک تر ہو جاتی۔ آپ سے کہا جاتا: جنت اور دوزخ کے تذکرے پر تو آپ نہیں روتے اور قبر کے ذکر پر رو رہے ہیں؟ آپ فرماتے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قبر آخرت کی منازل میں سے سب سے پہلی منزل ہے، اگر اس سے نجات پا گیا تو اس کے بعد والی ساری منزلیں اس سے آسان ہیں۔ اور اگر اس سے نجات نہ ملی تو اس کے بعد کی منزلیں بہت دشوار ہیں۔ اور رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے قبر سے بڑھ کر پریشان کن منظر نہیں دیکھا۔

1374- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الضَّبِّيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ يَعْلٰى بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَافَرْتُ مَعَ

حدیث 1374:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبری" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6409

النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ فَمَا رَاَيْتُهُ مَرَّ بِجِيفَةِ اِنْسَانٍ اِلَّا اَمَرَ بِدَفْنِهٖ، لَا يَسْاَلُ اَمُسْلِمٌ هُوَ، اَمْ كَافِرٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ متعدد سفر کیے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی کسی انسان کی نعش دیکھتے تو اس کو دفن کرنے کا حکم دیتے آپ یہ تحقیق نہیں کرتے تھے کہ یہ نعش کسی مسلمان کی ہے یا کافر کی۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1375- اَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ الْحَارِثِ الْعَقَبِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ دَاوُدَ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ اِنْسَانٍ ثَلَاثَةُ اَخِلَّاءَ: اِمَّا خَلِيْلٌ فَيَقُوْلُ مَا اَنْفَقْتَ فَلَكَ، وَمَا اَمْسَكْتَ فَلَيْسَ لَكَ وَذٰلِكَ مَالُهٗ، وَاِمَّا خَلِيْلٌ، فَيَقُوْلُ: اَنَا مَعَكَ، فَاِذَا اَتَيْتَ بَابَ الْمَلِكِ تَرَكْتُكَ وَرَجَعْتُ فَذَاكَ اَهْلُهٗ وَحَشَمُهٗ، وَاِمَّا خَلِيْلٌ، فَيَقُوْلُ: اَنَا مَعَكَ حَيْثُ دَخَلْتَ، وَحَيْثُ خَرَجْتَ فَذَاكَ عَمَلُهٗ، فَيَقُوْلُ: اِنْ كُنْتَ لَاَهْوَنَ الثَّلَاثَةِ عَلَيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا بِتَمَامِهٖ لِانْحِرَافِهِمَا عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ وَلَيْسَ بِالْمَجْرُوْحِ الَّذِيْ يُتْرَكُ حَدِيْثُهٗ، وَقَدِ اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا مَاتَ الْمَيِّتُ تَبِعَهٗ ثَلَاثَةٌ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر انسان کے تین دوست ہوتے ہیں۔ ایک دوست ہوتا ہے جو کہتا ہے: جو تو نے خرچ کیا وہ تیرا ہے اور جو تو نے روک رکھا ہے وہ تیرا نہیں ہے یہ اس کا مال ہے اور ایک دوست وہ ہوتا ہے جو کہتا ہے: میں تیرے ساتھ ہوں لیکن جب تو ملک کے دروازے پر پہنچے گا (یعنی قبر میں جائے گا) تو میں لوٹ آؤں گا۔ یہ اس کے اہل وعیال اور دوست احباب ہیں۔ ایک دوست وہ ہوتا ہے جو کہتا ہے: تو جہاں بھی رہے، میں تیرے ساتھ ہوں، یہ اس کا عمل ہے تو آدمی اس سے کہے گا: تو میرے لئے بہت آسان تھا۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے یہ پوری حدیث نقل نہیں کی۔ کیونکہ یہ دونوں عمران قطان سے انحراف کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ ایسے مجروح نہیں ہیں کہ ان کی احادیث کو چھوڑا جائے۔ جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے سفیان بن عیینہ کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے عبداللہ بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم کے واسطے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی مرجاتا ہے تو تین چیزیں اس کے پیچھے رہ جاتی ہیں۔

1376- اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْحَافِظُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ التَّبُوْذَكِيُّ مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ

بَشِيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الرَّجُلِ وَمَثَلُ الْمَوْتِ كَمَثَلِ رَجُلٍ لَّهُ ثَلَاثَةُ خِلانٍ، فَقَالَ اَحَدُهُمْ: هٰذَا مَالِيْ فَخُذْ مِنْهُ مَا شِئْتَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ: اَنَا مَعَكَ حَيَاتَكَ فَاِذَا مِتَّ تَرَكْتُكَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ: اَنَا مَعَكَ اَدْخُلُ وَاَخْرُجُ مَعَكَ اِنْ مِتَّ، وَاِنْ حَيِيتَ، فَاَمَّا الَّذِيْ قَالَ خُذْ مِنْهُ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ فَاِنَّهُ مَالُهُ، وَاَمَّا الْاٰخَرُ عَشِيْرَتُهُ، وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَهُوَ عَمَلُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی اور موت کی مثال ایسے ہے جیسے کسی شخص کے تین دوست ہوں، ان میں سے ایک کہے: یہ میرا مال ہے، اس میں سے تو جتنا چاہے لے لے، دوسرا کہے: میں ساری زندگی تیرے ساتھ رہوں گا لیکن جب تو مر جائے تو میں تجھے چھوڑ دوں گا اور تیسرا کہے: تو چاہے زندہ رہے یا مر جائے، میں ہر مقام پر ہمیشہ تیرے ساتھ رہوں گا۔ تو ان میں سے جس نے یہ کہا کہ اس میں سے جو چاہے لے لے اور جو چاہے چھوڑ دے یہ اس کا مال ہے اور دوسرا اس کا خاندان ہے اور تیسرا اس کا عمل۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1377۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ سَارَةَ الْمَخْزُوْمِيُّ، اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ وَكَانَ صَدِيقًا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ، قَالَ: لَمَّا نُعِيَ جَعْفَرٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اصْنَعُوْا لِآلِ جَعْفَرٍ طَعَامًا فَقَدْ اَتَاهُمْ اَمْرٌ يَشْغَلُهُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَجَعْفَرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ سَارَةَ مِنْ اَكَابِرِ مَشَايِخِ قُرَيْشٍ، وَهُوَ كَمَا قَالَ شُعْبَةُ: اُكْتُبُوْا عَنِ الْاَشْرَافِ فَاِنَّهُمْ لَا يَكْذِبُوْنَ، وَقَدْ رُوِيَ غَيْرُ هٰذَا الْحَدِيْثِ مُفَسَّرًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی شہادت کی اطلاع آئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جعفر کے بچوں کے لئے کھانا پکاؤ کیونکہ ان کو ایک ایسا معاملہ پیش آ گیا ہے جس نے ان کو مصروف کر رکھا ہے۔

حدیث 1377:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3132 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 998 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1610 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 1751 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 6889 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 6801 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 1472 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبي بيروت قاهره رقم الحديث: 537

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور جعفر بن خالد بن سارہ قریش کے اکابر مشائخ میں سے ہیں۔ اور ان کے متعلق شعبہ کا قول ہے: ان اشراف سے حدیث لکھ لیا کرو کیونکہ یہ جھوٹ نہیں بولتے۔ اس کے علاوہ ایک اور تفصیلی حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے۔)

1378۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيمٍ الْحَنْظَلِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، اَخْبَرَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ سَارَةَ، وَقَدْ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْهُ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ، قَالَ: لَوْ رَاَيْتَنِيْ وَقُثَمَ وَعُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ الْعَبَّاسِ نلعب إذ مر رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى دَابَّةٍ فَقَالَ: احْمِلُوْا هٰذَا اِلَيَّ فَجَعَلَنِيْ اَمَامَهُ، ثُمَّ قَالَ لِقُثَمَ: احْمِلُوْا هٰذَا اِلَيَّ فَجَعَلَهُ وَرَائَهُ مَا اسْتَحْيَا مِنْ عَمِّهِ الْعَبَّاسِ اَنْ حَمَلَ قُثَمَ، وَتَرَكَ عُبَيْدَ اللّٰهِ، ثُمَّ مَسَحَ بِرَاْسِي ثَلَاثًا، فَلَمَّا مَسَحَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اخْلُفْ جَعْفَرًا فِيْ وَلَدِهِ، قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ: مَا فَعَلَ قُثَمُ ؟ قَالَ: اسْتُشْهِدَ، قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ كَانَ اَعْلَمَ بِخَبَرِهِ، قَالَ: اَجَلْ

❖❖ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں، قثم اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کھیل رہے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سواری پر سوار ہمارے پاس سے گزرے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو مجھے پکڑا دو، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے آگے بٹھا لیا پھر "قثم" کے متعلق کہا: اس کو بھی مجھے پکڑاؤ، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنے پیچھے بٹھالیا، آپ کو اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی طرف سے اس بات میں کوئی خدشہ نہیں تھا کہ "قثم" کو سوار کر لیا ہے اور عبیداللہ کو چھوڑ دیا ہے۔ پھر آپ نے میرے سر پر تین مرتبہ ہاتھ پھیرا اور ہر مرتبہ ہاتھ پھیرتے ہوئے، آپ نے یہ دعا دی۔ "یا اللہ! جعفر کی اولاد میں اس کا نائب پیدا فرما"۔ (جریج کہتے ہیں) میں نے عبداللہ بن جعفر سے پوچھا! "قثم" کا کیا ہوا؟ انہوں نے جواب دیا: شہید ہو گئے۔ میں نے عبداللہ سے کہا: اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتا ہے۔ انہوں نے کہا: جی ہاں!

1379۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، اَنَّ رَوْحَ بْنَ عُبَادَةَ، حَدَّثَهُمْ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: مَسَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ عَلٰى رَاْسِي قَالَ: اَظُنُّهُ قَالَ ثَلَاثًا فَلَمَّا مَسَحَ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اخْلُفْ جَعْفَرًا فِيْ وَلَدِهِ قَدْ اَتٰى جَعْفَرُ بْنُ خَالِدٍ بِشَيْئَيْنِ عَزِيْزَيْنِ: اَحَدُهُمَا مَسْحُ رَاْسِ الْيَتِيمِ، وَالْاٰخَرُ تَفَقُّدُ اَهْلِ الْمُصِيبَةِ بِمَا يَتَقَوَّتُوْنَ لَيْلَتَهُمْ، وَفَّقَنَا اللّٰهُ لِاسْتِعْمَالِهِ عَنْهُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سر پر اپنا ہاتھ پھیرا خالد کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ عبداللہ نے کہا تھا: تین مرتبہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا) جب آپ نے ہاتھ پھیرا تو یہ دعا مانگی "اے اللہ!

حدیث: 1381

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 20803 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الآحاد والمثاني" طبع دار الراية، رياض، سعودي عرب: 1411ھ / 1991ء، رقم الحديث: 1651

جعفر کی اولاد میں اس کا نائب پیدا فرما"۔ جعفر بن خالد کو دو پیاری چیزیں عطا ہوئیں۔(۱) یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرنا۔(۲) مصیبت کے عالم میں وہ چیز بھی میسر نہ آنا جس کو کھا کر وہ اپنی رات گزار سکے اللہ تعالیٰ ہمیں ان کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

1380 ...۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ النَّحْوِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ سُمَيْرٍ، حَدَّثَنِيْ بَشِيْرُ بْنُ نَهِيكٍ، حَدَّثَنِيْ بَشِيْرٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اسْمُهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ زَحْمُ بْنُ مَعْبَدٍ، وَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اسْمُكَ ؟ قَالَ: زَحْمُ بْنُ مَعْبَدٍ، فَقَالَ: اَنْتَ بَشِيْرٌ فَكَانَ اسْمَهُ، قَالَ: بَيْنَا اَنَا اُمَاشِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا ابْنَ الْخَصَاصِيَةِ مَا تَنْقِمُ عَلَى اللّٰهِ اَصْبَحْتَ تُمَاشِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: مَا اَنْقِمُ عَلَى اللّٰهِ شَيْئًا كُلُّ خَيْرٍ فَعَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ، فَاَتٰى عَلٰى قُبُوْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ: لَقَدْ سَبَقَ هٰؤُلَاءِ بِخَيْرٍ كَثِيْرٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ اَتٰى عَلٰى قُبُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَقَالَ: لَقَدْ اَدْرَكَ هٰؤُلَاءِ خَيْرًا كَثِيْرًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَبَيْنَمَا هُوَ يَمْشِي اِذْ حَانَتْ مِنْهُ نَظْرَةٌ، فَاِذَا هُوَ بِرَجُلٍ يَّمْشِي بَيْنَ الْقُبُوْرِ عَلَيْهِ نَعْلَانِ، فَقَالَ: يَا صَاحِبَ السِّبْتِيَّتَيْنِ وَيْحَكَ اَلْقِ سِبْتِيَّتَيْكَ فَنَظَرَ، فَلَمَّا عَرَفَ الرَّجُلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَعَ نَعْلَيْهِ فَرَمٰى بِهِمَا

✧✧ حضرت بشیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: ان کا جاہلیت میں نام زحم بن معبد تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے کہا: تمہارا نام کیا ہے؟ انہوں نے کہا: زحم بن معبد۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو بشیر ہے۔ تو اس کے بعد انکا یہی نام ہو گیا۔ بشیر کہتے ہیں: میں ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ چل رہا تھا آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے خصاصیہ کے بیٹے! تم اللہ تعالیٰ کی کس چیز کا انکار کرتے ہو اور رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ چل رہے ہو میں نے کہا: میں اللہ تعالیٰ کی کسی چیز کا انکار نہیں کرتا ہوں ہر بھلائی اللہ کے رسول مجھے عطا فرمادی ہے۔ پھر آپ مشرکوں کی قبروں کے پاس آئے اور فرمایا: ان لوگوں نے بہت ساری بھلائیاں ضائع کر دیں آپ نے تین مرتبہ یہی کہا: پھر آپ مسلمانوں کی قبروں کے پاس آئے اور فرمایا: ان لوگوں نے بہت ساری بھلائیاں پالی ہیں یہ بات تین مرتبہ کہی پھر آپ چل رہے تھے کہ اچانک ایک شخص نظر آیا جو قبرستان میں جوتے پہن کر چل رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: اے جوتیوں والے! تیرے لئے ہلاکت ہو، اپنی جوتیاں اتار دے، اس شخص نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، جب اس نے پہچان لیا کہ یہ رسول اللہ ﷺ ہیں تو اس نے جوتیاں اتار کر پھینک دیں۔

1381- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ شَيْبَانَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سُمَيْرٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيكٍ، عَنْ بَشِيْرٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يَمْشِي فِيْ نَعْلَيْنِ بَيْنَ الْقُبُوْرِ فَقَالَ: يَا صَاحِبَ السِّبْتِيَّتَيْنِ اَلْقِهِمَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فِي النَّوْعِ الَّذِيْ لَا يَشْتَهِرُ الصَّحَابِيُّ اِلَّا بِتَابِعِيَّيْنِ

✧✧ حضرت بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو جوتے پہنے قبرستان میں چلتے دیکھا تو فرمایا:

اے جوتیاں پہننے والے ان کو اتار دے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کو روایت نہیں کیا، اس کا تعلق حدیث کی اس قسم کے ساتھ ہے جس میں صحابی کی شہرت دو تابعین کے ذریعے ہوتی ہے۔

1382۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيْدَ، اَخْبَرَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ سَيْفٍ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَبَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا، فَلَمَّا رَجَعْنَا وَحَاذَيْنَا بَابَهُ اِذْ هُوَ بِامْرَاَةٍ لَا نَظُنُّهُ عَرَفَهَا، فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ مِنْ اَيْنَ جِئْتِ ؟ قَالَتْ: جِئْتُ مِنْ اٰلِ الْمَيِّتِ رَحِمْتُ اِلَيْهِمْ مَيِّتَهُمْ وَعَزَّيْتُهُمْ، قَالَ: فَلَعَلَّكِ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدٰى ؟ قَالَتْ: مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ اَبْلُغَ مَعَهُمُ الْكُدٰى، وَقَدْ سَمِعْتُكَ تَذْكُرُ فِيْهِ مَا تَذْكُرُ، قَالَ: لَوْ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدٰى مَا رَاَيْتِ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَرٰى جَدُّ اَبِيْكِ، وَالْكُدٰى: الْمَقَابِرُ، رَوَاهُ حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ سَيْفٍ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمرو العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک شخص کی تدفین کی، جب ہم وہاں سے واپس لوٹے اور ان کے دروازے پر پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خاتون کو دیکھا، ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس عورت کو نہیں پہچانتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے فاطمہ! تو کہاں سے آرہی ہے؟ اس نے جواب دیا: میں میت کے گھر والوں کے پاس سے آئی ہوں۔ میت کے لئے دعائے مغفرت کرنے اور تعزیت کرنے گئی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شاید کہ تو ان کے ساتھ قبرستان گئی تھی۔ اس نے کہا: میں اللہ کی پناہ مانگتی ہوں کہ ان کے ساتھ قبرستان جاؤں۔ کیونکہ میں نے اس کے متعلق آپ کے ارشادات سن رکھے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو ان کے ساتھ قبرستان جاتی تو اس وقت تک جنت نہ دیکھ سکتی جب تک کہ تیرے باپ کا دادا نہ دیکھ لیتا۔

❖❖ مذکورہ حدیث میں ایک لفظ ''الکدیٰ'' استعمال ہوا ہے، اس کا معنیٰ ''قبرستان'' ہے۔ اسی حدیث کو حیوۃ بن شریح حضرمی نے ربیعہ بن سیف سے نقل کیا ہے۔ (جو کہ درج ذیل ہے)۔

1383۔ حَدَّثَنَاهُ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْدَانَ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، اَخْبَرَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ سَيْفٍ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْصَرَ امْرَاَةً مُنْصَرِفَةً مِنْ جَنَازَةٍ فَسَاَلَهَا: مِنْ اَيْنَ جِئْتِ ؟ فَقَالَتْ: مِنْ تَعْزِيَةِ اَهْلِ هٰذَا الْمَيِّتِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ لَوْ بَلَغْتِ مَعَهُمُ الْكُدٰى مَا رَاَيْتِ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَرَاهَا جَدُّ اَبِيْكِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کو جنازہ سے واپس آتے دیکھا۔

تو اس سے پوچھا: تو کہاں سے آ رہی ہے؟ اس نے جواب دیا: اس میت کے گھر والوں سے تعزیت کر کے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر تو ان کے ساتھ قبرستان چلی جاتی تو اس وقت تک جنت نہ دیکھ سکتی جب تک کہ تیرے باپ کا دادا نہ دیکھ لیتا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1384۔ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَکْرٍ اَحْمَدُ بْنُ کَامِلِ بْنِ خَلَفٍ الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِیْسَی الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ، وَمُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَالَوَیْهِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰی الْعَنْبَرِیُّ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ، وَالْمُتَّخِذِیْنَ عَلَیْهَا الْمَسَاجِدَ وَالسُّرُجَ، قَالَ الْحَاکِمُ: اَبُوْ صَالِحٍ هٰذَا لَیْسَ بِالسَّمَّانِ الْمُحْتَجِّ بِهٖ، اِنَّمَا هُوَ بَاذَانُ، وَلَمْ یَحْتَجَّ بِهِ الشَّیْخَانِ لٰکِنَّهٗ حَدِیْثٌ مُّتَدَاوَلٌ فِیْمَا بَیْنَ الْاَئِمَّةِ، وَوَجَدْتُّ لَهٗ مُتَابِعًا مِّنْ حَدِیْثِ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ فِیْ مَتْنِ الْحَدِیْثِ فَخَرَّجْتُهٗ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے قبروں پر جانیوالی عورتوں پر اور ان کی طرف سجدہ کرنے والوں پر اور ان پر چراغ رکھنے والوں پر لعنت فرمائی ہے۔

❖ امام حاکم فرماتے ہیں یہ ''ابو صالح'' وہ ''سمان'' نہیں ہیں جس کی روایات نقل کی جاتی ہیں۔ بلکہ وہ تو باذان ہیں اور لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی روایات نقل نہیں کیں۔ جبکہ یہ حدیث ائمہ حدیث کے درمیان معروف ہے۔ اور جب مجھے اس حدیث کے متن میں سفیان ثوری کی سند کے ہمراہ ایک متابع حدیث مل گئی۔ جس کو میں نے (ذیل میں) نقل کر دیا ہے۔

1385۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ هَارُوْنَ الْفَقِیْهُ، اِمْلَاءً، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَیْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُثَیْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ بَهْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِیْهِ، قَالَ: لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ زَوَّارَاتِ الْقُبُوْرِ

حدیث 1384:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3236 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 320 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 2043 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 2030 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 3179 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 2170 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6998 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 2733 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر بیروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحدیث: 1500 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 7549

وَهٰذِهِ الْاَحَادِيْثُ الْمَرْوِيَّةُ فِي النَّهْيِ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ مَنْسُوخَةٌ، وَالنَّاسِخُ لَهَا حَدِيْثُ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ كُنْتُ قَدْ نَهَيْتُكُمْ، عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ اَلا فَزُوْرُوْهَا، فَقَدْ اَذِنَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ زِيَارَةِ قَبْرِ اُمِّهِ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ مُخَرَّجٌ فِي الْكِتَابَيْنِ الصَّحِيْحَيْنِ لِلشَّيْخَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

✧✧ حضرت عبدالرحمان بن حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں کی زیارت کے لئے جانیوالی عورتوں پرلعنت کی ہے۔

✧✧ اور یہ احادیث جوکہ زیارتِ قبور سے ممانعت سے متعلق ہیں، یہ منسوخ ہیں۔اوران کی ناسخ حضرت علقمہ بن مرثد کی وہ حدیث ہے جس میں انہوں نے سلیمان بن بریدہ کے واسطے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں قبروں کی زیارت سے روکا کرتا تھا، اب تم ان کی زیارت کیا کرو، بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی والدہ کی قبر کی زیارت کی اجازت دی ہے۔اور یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں نقل کی ہے۔

1386- وَقَدْ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، قَالَ: اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ الْاَنْصَارِيَّ اَخْبَرَهُ، اَنَّ وَاسِعَ بْنَ حِبَّانَ حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُوْلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا، فَاِنَّ فِيْهَا عِبْرَةً، وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ النَّبِيذِ اَلا فَانْتَبِذُوْا وَلَا اُحِلُّ مُسْكِرًا، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُومِ الْاَضَاحِي فَكُلُوْا وَادَّخِرُوْا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: میں تمہیں زیارتِ قبور سے منع کیا کرتا تھا۔اب تم زیارت کیا کرو کیونکہ اس میں عبرت ہے۔میں تمہیں نبیذ سے روکا کرتا تھا، اب تم نبیذ بنالیا کرو۔اور میں نشے کوحلال نہیں کرتا۔میں تمہیں قربانیوں کے گوشت سے منع کیا کرتا تھا۔اب تم (جتنا چاہو) کھاؤ (اور جتنا چاہو) جمع کرو۔

✧✧ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1387- وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ هَانِئٍ، عَنْ مَسْرُوْقِ بْنِ الْاَجْدَعِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنِّيْ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ، وَاَكْلِ لُحُومِ الْاَضَاحِي فَوْقَ ثَلَاثٍ، وَعَنْ

حدیث 1386:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 977 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث:2032

نَبِيذِ الْاَوْعِيَةِ، اَلا فَزُوْرُوا الْقُبُوْرَ فَاِنَّهَا تُزَهِّدُ فِي الدُّنْيَا، وَتُذَكِّرُ الْاٰخِرَةَ، وَكُلُوْا لُحُومَ الْاَضَاحِي، وَابْقُوا مَا شِئْتُمْ فَاِنَّمَا نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ اِذِ الْخَيْرُ قَلِيْلٌ تَوْسِعَةً عَلَى النَّاسِ، اَلا اِنَّ وِعَاءً لا يُحَرِّمُ شَيْئًا، فَاِنَّ كُلَّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

❖❖ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں زیارت قبور سے اور قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ کھانے سے اور نبیذ کے برتنوں سے منع کیا کرتا تھا، خبردار! قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ دنیا میں بے رغبتی پیدا کرتی ہے۔ اور آخرت یاد دلاتی ہے۔ اور قربانی کا گوشت کھاؤ اور جتنا چاہو بچا کر رکھ لو، میں تو اس وقت تمہیں منع کیا کرتا تھا جب مالی حالات کمزور ہوا کرتے تھے تاکہ لوگوں پر وسعت رہے۔ خبردار! برتن کسی چیز کو حرام نہیں کرتے۔ بے شک ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

1388- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ الْبَزَّارُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، حَدَّثَنَا سَلامُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَابِرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا، فَاِنَّهَا تُذَكِّرُكُمُ الْمَوْتُ

❖❖ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں زیارت قبور سے منع کیا کرتا تھا اب تم اس کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ موت کی یاد دلاتی ہیں۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1389- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي الدُّنْيَا، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِمْرَانَ الْاَخْنَسِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: زَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَ اُمِّهِ فِيْ اَلْفِ مُقَنَّعٍ، فَلَمْ يُرَ بَاكِيًا اَكْثَرَ مِنْ يَّوْمَئِذٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

1389- حضرت سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہزار افراد کی معیت میں اپنی والدہ محترمہ کی قبر مبارک کی زیارت کی، اس دن کے علاوہ کبھی بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنا زیادہ روتے ہوئے نہیں دیکھا گیا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اس کو نقل نہیں کیا۔

1390- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، وَاَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، قَالَا:

حديث 1390:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامية' حلب' شام' 1406ھ 1986ء' رقم الحديث: 2034 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" ' طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1572 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 9686 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 3169 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب' 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 6949

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْفَرَّاءُ، اَنْبَاَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُنَيْنٍ يَزِيْدُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: زَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَ اُمِّهٖ فَبَكٰى وَاَبْكٰى مَنْ حَوْلَهٗ، ثُمَّ قَالَ: اسْتَاْذَنْتُ رَبِّيْ اَنْ اَزُوْرَ قَبْرَهَا فَاَذِنَ لِيْ، وَاسْتَاْذَنْتُهٗ اَنْ اَسْتَغْفِرَ لَهَا فَلَمْ يُؤْذَنْ لِيْ فَزُوْرُوا الْقُبُوْرَ، فَاِنَّهَا تُذَكِّرُ الْمَوْتُ وَهٰذَا الْحَدِيْثُ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی تو آپ رو پڑے۔ (اور آپ کے رونے نے) آپ کے اردگرد (سب لوگوں) کو رلا دیا۔ پھر فرمایا: میں نے اپنے رب سے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی اجازت مانگی۔ تو اللہ نے مجھے اجازت دے دی اور میں نے ان کے لئے دعائے مغفرت کی اجازت مانگی تو مجھے اجازت نہیں دی گئی۔ چنانچہ تم قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ موت یاد دلاتی ہیں۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1391- اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا زُبَيْدٌ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرِيبًا مِّنْ اَلْفِ رَاكِبٍ، فَنَزَلَ بِنَا وَصَلّٰى بِنَا رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ، فَقَامَ اِلَيْهِ عُمَرُ فَفَدَاهُ بِالْاُمِّ وَالْاَبِ، يَقُوْلُ: مَا لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: اِنِّيْ اسْتَاْذَنْتُ رَبِّيْ فِي الاسْتِغْفَارِ لاُمِّيْ فَلَمْ يَاْذَنْ لِّيْ، فَدَمَعَ عَيْنَايَ رَحْمَةً لَّهَا، وَاسْتَاْذَنْتُ رَبِّيْ فِيْ زِيَارَتِهَا فَاَذِنَ لِيْ، وَاِنِّيْ كُنْتُ قَدْ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْهَا، وَلْيَزِدْكُمْ زِيَارَتُهَا خَيْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ تقریباً ایک ہزار سوار تھے، ایک جگہ پر آپ ﷺ نے پڑاؤ ڈالا اور ہمیں دو رکعتیں پڑھائیں۔ پھر آپ ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے تو آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپ کی طرف اٹھ کر کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ آپ کو کیا ہوا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے اپنی والدہ کے لئے دعائے مغفرت کی اجازت مانگی، لیکن مجھے اجازت نہ ملی تو والدہ کی محبت میں میری آنکھوں سے آنسو نکل آئے۔ میں نے ان کی زیارت کے لئے اجازت مانگی، تو اس کی مجھے اجازت مل گئی۔ میں تمہیں زیارتِ قبور سے منع کرتا تھا، اب تم ان کی زیارت کیا کرو۔ اور ان کی زیارت سے تمہارے اندر اعمال صالح کا جذبہ بڑھے گا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1392- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا بِسْطَامُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ يَزِيْدَ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

بْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ، اَنَّ عَآئِشَةَ اَقْبَلَتْ ذَاتَ یَوْمٍ مِّنَ الْمَقَابِرِ فَقُلْتُ لَهَا: یَا اُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ، مِنْ اَیْنَ اَقْبَلْتِ ؟ قَالَتْ: مِنْ قَبْرِ اَخِی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَکْرٍ، فَقُلْتُ لَهَا: اَلَیْسَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، کَانَ قَدْ نَهٰی، ثُمَّ اُمِرَ بِزِیَارَتِهَا

✧✧ حضرت عبداللہ بن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا قبرستان سے آ رہی تھیں۔ میں نے ان سے پوچھا: اے اُمّ المومنین! آپ کہاں سے آ رہی ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: اپنے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر کی قبر سے۔ میں نے ان سے کہا: کیا رسول اللہ ﷺ نے زیارتِ قبور سے منع نہیں کیا؟ انہوں نے جواباً کہا: حضور ﷺ پہلے منع کیا کرتے تھے۔ لیکن بعد میں آپ نے اجازت دے دی تھی۔

1393- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِیٍّ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ الْاَهْوَازِیُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِیُّ، حَدَّثَنَا عَامِرُ بْنُ یَسَافٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ یَحْیَی بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ اَلا فَزُوْرُوْهَا، فَاِنَّهَا تُرِقُّ الْقَلْبَ، وَتُدْمِعُ الْعَیْنَ، وَتُذَکِّرُ الْاٰخِرَةَ، وَلَا تَقُوْلُوْا هُجْرًا

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں زیارت قبور سے روکا کرتا تھا، اب تم ان کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ دل کو نرم کرتی ہے اور آنکھوں کو رلاتی ہے اور آخرت کی یاد دلاتی ہے۔

1394- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ یَحْیَی الْمُقْرِءُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عُثْمَانَ الْاَهْوَازِیُّ، حَدَّثَنَا الرَّبِیْعُ بْنُ یَحْیٰی، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، وَحَدَّثَنِیْ یَحْیَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّیْمِیُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ الْاَنْصَارِیِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّیْ کُنْتُ نَهَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ فَمَنْ شَاءَ اَنْ یَّزُوْرَ قَبْرًا فَلْیَزُرْهُ، فَاِنَّهٗ یُرِقُّ الْقَلْبَ، وَیُدْمِعُ الْعَیْنَ، وَیُذَکِّرُ الْاٰخِرَةَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں زیارت قبور سے منع کیا کرتا تھا (لیکن اب) جو قبر کی زیارت کرنا چاہے وہ کرسکتا ہے۔ کیونکہ یہ دل کو نرم کرتی ہے۔ آنکھوں کو رلاتی ہے اور آخرت یاد دلاتی ہے۔

1395- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّیُّ، حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ اَبِیْ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِیِّ، عَنْ عُبَیْدِ بْنِ عُمَیْرٍ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: زُرِ الْقُبُوْرَ تَذَکَّرْ بِهَا الْاٰخِرَةَ، وَاغْسِلِ الْمَوْتٰی فَاِنَّ مُعَالَجَةَ جَسَدِهٖ مَوْعِظَةٌ بَلِیْغَةٌ، وَصَلِّ عَلَی الْجَنَائِزِ لَعَلَّ ذٰلِكَ اَنْ یُّحْزِنَكَ، فَاِنَّ الْحَزِیْنَ فِیْ ظِلِّ اللّٰهِ یَتَعَرَّضُ کُلَّ خَیْرٍ هٰذَا حَدِیْثٌ رُوَاتُهٗ عَنْ اٰخِرِهِمْ ثِقَاتٌ

✧✧ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قبروں کی زیارت کیا کرو جو آخرت یاد دلاتی ہے

اور مردوں کو غسل دیا کرو کیونکہ یہ میت کے جسم کو درست کرنا بہترین نصیحت ہے۔ اور نماز جنازہ پڑھا کرو شاید کہ اس وجہ سے تم غمگین ہو جاؤ کیونکہ غمگین شخص اللہ کے سائے میں ہوتا ہے اور ہر طرح کی بھلائی پاتا ہے۔

❖❖ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

1396۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ حَمِيْدٍ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَامِدٍ الْعَدْلُ بِالطَّابِرَانِ حَدَّثَنَا تَمِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُصْعَبٍ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ تَزُوْرُ قَبْرَ عَمِّهَا حَمْزَةَ كُلَّ جُمُعَةٍ فَتُصَلِّي وَتَبْكِي عِنْدَهُ هٰذَا الْحَدِيْثُ رُوَاتُهُ عَنْ اٰخِرِهِمْ ثِقَاتٌ وَقَدِ اسْتَقْصَيْتُ فِي الْحَثِّ عَلٰى زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ تَحَرِّيًّا لِلْمُشَارَكَةِ فِي التَّرْغِيْبِ وَلِيَعْلَمَ الشَّحِيْحُ بِذَنْبِهِ أَنَّهَا سُنَّةٌ مَسْنُوْنَةٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ أَجْمَعِيْنَ

❖❖ حضرت علی بن حسن رضی اللہ عنہما اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہر جمعہ کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حمزہ کی قبر کی زیارت کے لئے جاتی تھیں، آپ نماز بھی پڑھتی اور آپ کی قبر کے پاس روتی بھی تھیں۔

❖❖ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں: اور میں زیارت قبور کی ترغیب دلانے میں بہت گہرائی میں اترا ہوں ترغیب میں شریک ہونے کی سوچ بچار کرتے ہوئے۔ تاکہ بخیل اپنی غلطی پر آگاہ ہو اور اسے پتہ چل جائے کہ یہ سنت مسنونہ ہے۔

1397۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَلَامٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ مَيْمُوْنٍ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كُنْتُ قَاعِدًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمُرَّ بِجَنَازَةٍ، فَقَالَ: مَا هٰذِهِ ؟ قَالُوْا: جَنَازَةُ فُلَانِيِّ الْفُلَانِ كَانَ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، وَيَعْمَلُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ، وَيَسْعَى فِيْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَجَبَتْ، وَجَبَتْ، وَجَبَتْ وَمُرَّ بِجَنَازَةٍ اُخْرٰى، قَالُوْا: جَنَازَةُ فُلَانِ الْفُلَانِيِّ كَانَ يُبْغِضُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، وَيَعْمَلُ بِمَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَيَسْعَى فِيْهَا، فَقَالَ: وَجَبَتْ، وَجَبَتْ، وَجَبَتْ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَوْلُكَ فِي الْجَنَازَةِ، وَالثَّنَاءِ عَلَيْهَا اُثْنِيَ عَلَى الْاَوَّلِ خَيْرٌ، وَعَلَى الْاٰخَرِ شَرٌّ فَقُلْتَ فِيْهَا وَجَبَتْ، وَجَبَتْ، وَجَبَتْ، فَقَالَ: نَعَمْ يَا اَبَا بَكْرٍ، اِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً تَنْطِقُ عَلٰى اَلْسِنَةِ بَنِيْ اٰدَمَ بِمَا فِي الْمَرْءِ مِنَ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

❖❖ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ بیٹھا ہوا تھا، تو آپ کے پاس سے ایک جنازہ گزرا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بتایا: یہ فلاں شخص کا جنازہ ہے جو کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کیا کرتا تھا اور اللہ تعالیٰ کے احکام کی اطاعت کیا کرتا تھا اور اس میں کوشش کیا کرتا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واجب ہو گئی (اس کے بعد) ایک اور جنازہ گزرا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بتایا کہ یہ فلاں شخص کا جنازہ ہے جو کہ اللہ اور اس کے رسول سے بغض رکھتا تھا اور

بدعمل تھا اور اسی میں کوشش کیا کرتا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: واجب ہوگئی، واجب ہوگئی، واجب ہوگئی۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ آپ کو پہلے جنازہ کے متعلق اچھائی بیان کی گئی تو آپ نے فرمایا "وجبت" (یعنی واجب ہوگئی) اور دوسرے کے متعلق برائی بیان کی گئی تو بھی آپ نے فرمایا "وجبت" (یعنی واجب ہوگئی) اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکر! ہاں، بے شک اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ہیں جو بنی آدم کی زبانوں پر انسان میں پائی جانے والی اچھی یا بری خصلت جاری کر دیتے ہیں۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

1398- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْعَنْبَرِيُّ، وَتَمِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَسْلَمَ الْعَابِدُ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوتُ فَيَشْهَدُ لَهُ أَرْبَعَةٌ مِنْ أَهْلِ أَبْيَاتِ جِيرَانِهِ الْأَدْنَيْنَ أَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ مِنْهُ إِلَّا خَيْرًا، إِلَّا قَالَ اللَّهُ تَعَالَى وَتَبَارَكَ: قَدْ قَبِلْتُ قَوْلَكُمْ، أَوْ قَالَ: شَهَادَتَكُمْ وَغَفَرْتُ لَهُ مَا لَا تَعْلَمُونَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی مسلمان فوت ہو جائے اور اس کے لئے اس کے چار قریبی پڑوسی یہ گواہی دے دیں کہ ہم اس کے متعلق بھلائی کے سوا کچھ نہیں جانتے تو اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے: میں نے تمہاری گواہی قبول کر لی ہے اور میں نے اس کے وہ گناہ بھی معاف کر دیئے ہیں جو تم نہیں جانتے ہو۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1399- أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ قَاسِمُ بْنُ قَاسِمٍ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ حَاتِمٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، أَنْبَأَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، نَبِّئْنِي عَلَى عَمَلٍ إِذَا أَنَا عَمِلْتُ بِهِ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، قَالَ: كُنْ مُحْسِنًا، قَالَ: كَيْفَ أَعْلَمُ أَنِّي مُحْسِنٌ؟ قَالَ: سَلْ جِيرَانَكَ، فَإِنْ قَالُوا: إِنَّكَ مُحْسِنٌ فَأَنْتَ مُحْسِنٌ، وَإِنْ قَالُوا: إِنَّكَ مُسِيءٌ فَأَنْتَ مُسِيءٌ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ:

حديث 1398:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 13565 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 3026 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 3481

صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے جس کو اپنا کر میں جنت کا مستحق ہو جاؤں۔ آپ نے فرمایا: ''محسن'' بن جاؤ۔ اس نے کہا میں مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میں ''محسن'' ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے پڑوسیوں سے پوچھ لو! اگر وہ کہیں کہ تو ''محسن'' ہے۔ تو ''محسن'' ہے اور اگر وہ کہیں کہ تو برا ہے تو سمجھ لینا کہ تو برا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1400- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ الْاَسَدِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ دِيزِيلَ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَهْلُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: مَنْ لَّا يَمُوْتُ حَتّٰى تُمْلَاَ اُذُنَاهُ مِمَّا يُحِبُّ، قِيْلَ: مَنْ اَهْلُ النَّارِ؟ قَالَ: مَنْ لَّا يَمُوْتُ حَتّٰى تُمْلَاَ اُذُنَاهُ مِمَّا يَكْرَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

◇◇ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عرض کیا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جنتی کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی موت سے پہلے لوگ اس کو برے لفظوں میں یاد کرتے ہوں۔ عرض کیا گیا جہنمی کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی موت سے پہلے لوگ اس کو برے لفظوں میں یاد کرتے ہوں۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1401- اَخْبَرَنِيْ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ خَارِجَةَ بْنَ زَيْدٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اُمَّ الْعَلَاءِ امْرَاَةً مِّنَ الْاَنْصَارِ قَدْ بَايَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّهُمُ اقْتَسَمُوا لِلْمُهَاجِرِيْنَ قُرْعَةً فَطَارَ لَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ فَاَنْزَلْنَاهُ فِيْ اَبْيَاتِنَا، فَوَجِعَ وَجَعَهُ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ غُسِّلَ وَكُفِّنَ فِيْ اَثْوَابِهِ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ اَبَا السَّائِبِ فَشَهَادَتِيْ عَلَيْكَ لَقَدْ اَكْرَمَكَ اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا يُدْرِيْكِ اَنَّ اللّٰهَ اَكْرَمَهُ؟ فَقَالَتْ: بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَنْ يُكْرِمُهُ اللّٰهُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا هُوَ فَقَدْ جَاءَهُ الْيَقِيْنُ فَوَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَرْجُوْ لَهُ الْخَيْرَ، وَاللّٰهِ مَا اَدْرِيْ وَاَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَاذَا يُفْعَلُ بِيْ؟ قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا اُزَكِّيْ بَعْدَهُ اَحَدًا اَبَدًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

◇◇ حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اُمّ العلاء ایک انصاریہ خاتون ہیں، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی ہے، آپ فرماتی ہیں: مہاجرین کے لئے قرعہ اندازی کی گئی تو ہمارے حصہ میں عثمان بن مظعون کا نام نکلا، ہم ان کو اپنے گھر لے گئے، ان کو ایسا شدید درد اٹھا کہ اسی میں ان کا انتقال ہو گیا، جب ان کا انتقال ہو گیا تو ہم نے ان کو غسل دیا اور انہی کے کپڑوں میں

ان کوکفن دے دیا۔ (اسی اثنا میں) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے، میں بولی: اے عثمان بن مظعون اے ابوالسائب! اللہ تعالیٰ کی تیرے اوپر رحمت ہو، میری تیرے حق میں یہ گواہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے عزت بخشی ہوگی، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کیا معلوم کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو عزت دی ہے؟ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، اللہ تعالیٰ کس کو عزت دیتا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاں تک اس کا تعلق ہے تو اس کو یقین حاصل ہو چکا ہے، خدا کی قسم! میں اس کے بارے میں صرف خیر ہی کی امید رکھتا ہوں۔ اللہ کی قسم مجھے خود معلوم نہیں ہے کہ میرے ساتھ کیا ہوگا؟ حالانکہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ (یعنی اللہ کے بتائے بغیر تو مجھے بھی کچھ معلوم نہیں ہے) اُمّ العلاء کہتی ہیں: اس کے بعد میں نے کبھی بھی کسی کے بارے میں یقین کے ساتھ کسی کی صفائی پیش کی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1402۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّنْعَانِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبَّادٍ الصَّنْعَانِيُّ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ بَعْدَ التَّشَهُّدِ كَلِمَاتٍ كَانَ يُعَظِّمُهُنَّ جِدًّا، قُلْتُ: فِي الاثْنَتَيْنِ كِلاهُمَا ؟ قَالَ: بَلْ فِي الْمُثَنَّى الأخَرِ بَعْدَ التَّشَهُّدِ، قُلْتُ: مَا هُوَ ؟ قَالَ: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، قَالَ: وَكَانَ يُعَظِّمُهُنَّ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: اَخْبَرَنِيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فِي التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ اَمْلَيْتُ مَا صَحَّ عَلٰى شَرْطِهِمَا فِيْ هٰذَا الْبَابِ مِمَّا لَمْ يُخَرِّجَاهُ فِيْ كِتَابِ الاِيْمَانِ، وَلَمْ اُمْلِ هٰذَا الْحَدِيْثَ

✧✧ حضرت ابن طاوس رضی اللہ عنہ اپنے والد کے متعلق روایت کرتے ہیں کہ وہ تشہد کے بعد کچھ کلمات پڑھا کرتے تھے جنکو بہت عظیم سمجھتے تھے۔ میں نے پوچھا: دونوں قعدوں میں؟ انہوں نے جواب دیا: بلکہ آخری قعدے میں تشہد کے بعد۔ میں نے پوچھا: وہ کون سے کلمات ہیں؟ انہوں نے بتایا: "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ" (میں جہنم کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اور میں عذاب قبر سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اور میں مسیح دجال سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اور میں زندگی وموت کی فتنہ سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں) ابن طاوس کہتے ہیں: وہ ان کلمات کو بہت عظیم سمجھتے تھے۔

❖❖ ابن جریج کا کہنا ہے کہ یہ حدیث مجھے عبداللہ بن طاوس نے اپنے والد کے حوالے سے اُمّ المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے واسطے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔

اور عذاب قبر سے پناہ مانگنے کے موضوع پر یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ہے لیکن

شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا ہے۔

اس باب میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق جو احادیث صحیح تھیں لیکن انہوں نے ان کی تخریج نہیں کی تھی، میں نے وہ باب الایمان میں لکھ دی ہیں۔ البتہ یہ حدیث میں نہیں لکھ سکا تھا۔

